حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے پر دلائل اور اعتراضات کے جوابات

مسئلہ ظلِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تحقیقی نظر

اور

دلائل نفی واثبات کا جائزہ

تحریر

ضیغم اسلام علامہ سید احمد سعید کاظمی امروہوی رحمۃ اللہ علیہ

مسئلہ ظِل نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تحقیقی نظر

اور

دلائل نفی واثبات کا جائزہ

تحریر۔ ضیغم اسلام علامہ سید احمد سعید کاظمی امروہوی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریباً ایک مہینہ ہوگیا (یہ شوال ۱۳۷۹ھ/اپریل ۱۹۶۰ء کی بات ہے) کہ مختلف اور متعدد مقامات سے احباب کے پیغامات آ رہے ہیں کہ ماہنامہ تجلی دیوبند اور ہفت روزہ تنظیم اہل حدیث لاہور وغیرہ رسائل میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس کا سایہ ثابت کرنے کے لئے زوردار مضامین شائع کئے گئے ہیں اور اعلیٰ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے جو ایک رسالہ ''نفی الفی عمن استنار بنورہ کل شئی'' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے پر تحریر فرمایا ہے، اس پر اچھی طرح پھبتیاں کسی گئی ہیں اور اس کا خوب مذاق اڑایا گیا ہے، نہ صرف یہ بلکہ صحیح حدیثوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ثابت کیا گیا ہے جنہیں پڑھ کر عامۃ المسلمین نہایت مضطرب اور متعجب ہیں، اس لئے ان حدیثوں کے جوابات اور اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ مبارکہ کی تائید و توضیح نہایت ضروری ہے تاکہ مسلک اہل سنت بے غبار ہو جائے اور کسی قسم کا خلجان باقی نہ رہے، اس سلسلہ میں ہم سب سے پہلے موصول شدہ خطوط (موصول شدہ خطوط میں ایک خط مولانا ابوداؤد محمد صادق صاحب نگران اخبار ''رضائے مصطفےٰ'' گوجرانوالہ کا ہے اور ایک خط مرزا ریاض احمد صاحب حافظ آبادی کا ہے جو امام اہل سنت حضرت قبلہ علامہ ابوالبرکات صاحب شیخ التفسیر والحدیث دارالعلوم حزب الاحناف کے نام آیا تھا اور دفتر ماہنامہ رضوان لاہور سے فقیر کو موصول ہوا۔ احمد سعید کاظمی) سے منکرین نور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مضامین کا خلاصہ ہدیہ ناظرین کرتے ہیں۔

(۱)۔ماہنامہ تجلی دیوبند نے لکھا ہے!

''بہت سی غلط باتوں کی طرح ایک یہ بات بھی شہرہ پا گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہیں تھا، بعض سادہ فطرت اور جذباتی اسلاف نے تو اس بے اصل خیال کا چرچا کیا ہی تھا لیکن ہندوستان میں اسے پھیلانے کی ذمہ داری قبر پرستوں پر عموماً اور مولانا احمد رضا خان صاحب پر خصوصاً ہے، انہوں نے ''اناہ الفی'' (مستفتی کی اصل تحریر میں اسی طرح ہے) نام سے ایک کتابچہ لکھا تھا جس میں اپنے معروف علم کلام کے ذریعہ سے اس بے اساس عقیدے کو حقیقت ثابتہ منوانے کی کوشش کی تھی، نتیجہ ظاہر ہے ان کے معتقدین نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور بات پھیل گئی''۔

(ماہنامہ تجلی دیوبند، ص ۱۱، بابت فروری ۱۹۵۹ء)

اس کے بعد ماہنامہ تجلی میں لکھتے ہیں !

''دیوبندی مکتبۂ فکر کو اگر ایک عمارت سمجھ لیا جائے تو کون نہیں جانتا کہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی اس کے ایک ستون رہے ہیں ان کا فتوئی ملاحظہ ہو۔ فتاوئی رشیدیہ جلد اول (مطبوعہ کتب خانہ رحیمیہ دہلی) میں عنوان ہے۔ ''حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ زمین پر نہ پڑنے کی حدیث کا موضوع ہونا''، اس کے تحت ایک سائل کے جواب میں مولانا لکھتے ہیں ''سائل نے اسی روایت کا ذکر کیا تھا جو الخصائص الکبریٰ کے واسطہ سے مفتی کا مستدل ہے، یہ روایت کتب صحاح میں نہیں اور نوادر کی روایت کا بندہ کو حال معلوم نہیں کہ کیسی ہے، نوادر الاصول حکیم ترمذی کی ہے نہ کہ ابوعیسیٰ ترمذی کی''۔

(ماہنامہ تجلی دیوبند، شمارہ فروری، مارچ ۱۹۵۹ء، ص ۱۲، کالم ۲)

نیز صفحہ نمبر ۱۳ پر ماہنامہ تجلی میں مرقوم ہے!

''الحاصل اول تو ایک ایسے حامتہ الورود واقعہ میں تمام صحابہ کا سکوت اور صرف ایک حدیث مرسل کا اس میں مذکور ہونا ہی علامت قویہ، روایت کے غیر ثابت و غیر معتبر ہونے کی ہے۔ ثانیاً روایت مرسل ہے۔ ثالثاً اس کا راوی بالکل کاذب واضع حدیث ہے، جس سے اگر حدیث کو موضوع کہہ دیا جائے

تو بعید نہیں"۔

(ماہنامہ تجلی دیوبند، بابت ماہ فروری، مارچ ۱۹۵۹ء، ص ۱۴)

منکرین کے مضامین کا یہ خلاصہ میرزا ریاض احمد صاحب حافظ آبادی کے مکتوب سے لیا گیا ہے۔

(۲) ۔اب مولانا ابوداؤد محمد صادق صاحب نگران "رضائے مصطفےٰ" گوجرانوالہ کے مکتوب گرامی سے ہم ان احادیث کو پیش کرتے ہیں جو مولانا ممدوح نے منکرین کے رسائل و جرائد سے نقل فرمائی ہیں اور منکرین نے ان کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ کے ثبوت میں پیش کیا ہے۔

حدیث نمبر ا۔ مسند امام احمد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے، اس میں ایک گھریلو شکر رنجی کا واقعہ بیان کرنے کے بعد اُم المومنین فرماتی ہیں فبینمایوماً بنصفالنہار اذا انا بظل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقبل ۔پس ایک دن دوپہر کے وقت دفعتہً رسول اللہ تشریف لائے اور میں نے پہلے ان کا سایہ ہی دیکھا۔

حدیث نمبر۲۔ایک حدیث حافظ ابن قیم نے اپنی کتاب "حادی الارواح الی بلاد الافراح" میں بیان کی ہے، اس میں حضور کی زبان مبارک سے "ظلی و ظلکم" (میرا اور تمہارا سایہ) کے الفاظ صادر ہوئے ہیں، یہ روایات نہ مرسل ہیں نہ ان کا کوئی راوی ساقط الاعتبار ہے۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، شمارہ فروری، مارچ ۱۹۵۹ء، ص ۱۸۔ رسالہ "ظل نبی" ص ۶، ۷)

حدیث نمبر۳۔ آٹھویں صدی کے مشہور محدث حافظ نورالدین علی ابن ابی بکر الہیثمی نے اپنی کتاب مجمع الزوائد، جلد چہارم، طبع قاہرہ کے صفحہ ۳۲۳ پر نقل کی ہے اور اس کے تمام راویوں کی توثیق فرمائی ہے، امید ہے آپ اس پر سنجیدگی سے غور فرمائیں گے۔

عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم فى سفر ونحن معهٗ فاعتل بعير لصفية وكان مع زينب فضل فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم ان بعير صفية قد اعتل فلو اعطيتها بعيرا لك قالت انما اعطى هذه اليهودية فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم وهجرها بقية ذى الحجة ومحرم وصفر واتاماً من شهر

ربیع الاول حتی رفعت متاعها وسریرها وظنت انه لا حاجة له فیها فبینما هی ذات یوم قاعدة بنصف النهار اذ رات ظلهقد اقبل فاعادت سریرها ومتاعها۔

(ہفت روزہ ''تنظیم اہل حدیث'' لاہور، شمارہ ۸؍ جنوری ۱۹۶۰ء، ص ۴)

احباب کے خطوط سے منکرین کے دلائل کا جو مواد ہمارے سامنے آیا وہ من وعن ناظرین کرام کی خدمت میں ہم نے پیش کر دیا، منکرین کی تحریروں میں سے صرف ایک رسالہ ''ظل نبی'' منظوم بزبان پنجابی ہماری نظر سے گذرا ہے، ماہنامہ تجلی دیو بند ہمیں نہیں ملا، نہ مجمع الزوائد دستیاب ہو سکی، البتہ مسند امام احمد میں منکرین کی پیش کردہ روایت ہم نے تلاش کر لی، جس کے دیکھنے سے ہمیں پتہ چل گیا کہ مجمع الزوائد، جلد چہارم، ص ۳۲۳ اور مسند امام احمد، جلد ۶، ص ۱۳۲ سے منقولہ دونوں روایتوں کا مضمون واحد ہے اور ان دونوں پیش کردہ روایتوں میں حجۃ الوداع کے سفر میں حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وہی ایک واقعہ مذکور ہے جس کا خلاصہ ترجمہ درج ذیل ہے۔

''حضرت عائشہ سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے اور ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ تھے، راستہ میں (اُم المومنین حضرت) صفیہ کا اونٹ بیمار ہو گیا، (اُم المومنین حضرت) زینب کے پاس فالتو اونٹ تھا، حضور علیہ السلام نے ان سے فرمایا کہ صفیہ کا اونٹ بیمار ہو گیا ہے اور تمہارے پاس زیادہ اونٹ موجود ہے، اگر تم اپنا ایک اونٹ صفیہ کو دے دو تو بہتر ہے، حضرت زینب نے کہا حضور! اس یہودیہ کو میں اپنا اونٹ دے دوں؟ حضور علیہ السلام ناراض ہو گئے اور ان سے بات چیت کرنا چھوڑ دیا (حجۃ الوداع کے سفر میں بماہ ذی الحجہ یہ واقعہ پیش آیا تھا) حضرت زینب کو چھوڑے رکھنے کا زمانہ اتنا طویل ہوا کہ ذی الحجہ کا بقیہ مہینہ گذر گیا محرم اور صفر کے دونوں مہینے گذر گئے اور ماہ ربیع الاول کے چند دن بھی اسی حال میں گذرے، حتیٰ کہ حضرت زینب نے اپنا بستر اور چارپائی وغیرہ سامان بھی اٹھا دیا اور یہ سمجھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اب ان کی کوئی ضرورت نہیں رہی ہے، وہ اسی حال میں ایک دن بیٹھی ہوئی تھیں، دوپہر کا وقت تھا، ناگہاں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ظل کریم کو سامنے سے آتے ہوئے دیکھا تو اسی وقت اپنے بستر وغیرہ کو واپس لوٹا دیا''۔

تنظیم اہل حدیث کا پرچہ بھی ہمیں نہ مل سکا، اور ''حادی الارواح الیٰ بلاد الافراح'' مصنفہ علامہ ابن قیم بھی دستیاب نہ ہوسکی، لیکن رسالہ ''ظل نبی'' سے اس کا مضمون سامنے آگیا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ!

''حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے، اللہ تعالیٰ نے دوزخ و جنت کو حضور کے سامنے کر دیا، حضور علیہ السلام نے صحابہ سے ارشاد فرمایا! پھر میں نے اپنے اور تمہارے درمیان نار کو دیکھا، اور ساتھ فرمایا ''حتیٰ لقد رأیت ظلی و ظلکم'' (یہاں تک کہ میں نے اپنا اور تمہارا ظل دیکھا)۔

(رسالہ ظل نبی، ص ۶)

(مضمون زیر نظر کی ترتیب کے دوران عزیز محترم حضرت مولانا العلام میاں فتح محمد صاحب الحنفی القادری جلالپوری سلمہم اللہ تعالیٰ نے حادی الارواح مصنفہ علامہ ابن قیم کی حدیث نقل کر کے بذریعہ ڈاک بھیج دی، جس پر میں اپنے فاضل ممدوح کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کے حق میں علم و عمل کی ترقی کے لئے دعا کرتا ہوں، وہ پوری حدیث بمعہ ترجمہ ہدیہ ناظرین ہے)۔

عن انس بن مالك رضی اللہ تعالیٰ عنه قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ذات یوم صلوٰۃ الصبح ثم مد یدہٗ ثم اخرھا فلما سلم قیل له یا رسول اللہ لقد صنعت فی صلوٰتك شیئا لم تصنعه فی غیر ھا قال انی رائیت الجنة فرایت فیھا دالیة قطو فھا دانیۃٌ حبھا کالدبا غ فاردتان اتناول منھا فاوحی الی ان استا خر فاستاخرت ثم رایت النار فیما بینی و بینکم حتی لقد رایت ظلی و ظلکم فاومأت الیکم ان استاخروا فاوحی الی اقرھم فانك اسلمت واسلمو وھاجرت وھاجروا وجاھدت وجاھدوا فلم ارلی علیکم فضلاً الا بالنبوۃ انتھی۔

(حادی الارواح، مطبوعہ مصر، ص ۴۲)

ترجمہ۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک صبح کی نماز پڑھائی، پھر حضور نے اپنا مبارک ہاتھ بڑھایا پھر اسے پیچھے ہٹالیا،

سلام پھیرنے کے بعد حضور سے عرض کیا گیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس نماز میں آپ نے وہ کام کیا جو اس کے علاوہ کسی دوسری نماز میں آپ نے کبھی نہیں کیا تھا (یعنی ہاتھ بڑھا کر پیچھے ہٹانا) حضور علیہ السلام نے فرمایا میں نے جنت دیکھی اور اس میں انگور کی بیل کے خوشے دیکھے جو بہت قریب تھے، ان کے دانے کدو کی طرح (بڑے) تھے، میں نے ان سے لینا چاہا تو میری طرف وحی کی گئی کہ محبوب آپ آگے نہ بڑھیں، چنانچہ میں فوراً پیچھے ہٹ گیا، پھر میں نے اپنے اور تمہارے درمیان نار کو دیکھا یہاں تک کہ میں نے اپنے ظل اور تمہارے ظل کو ملاحظہ کیا، (آگ اس قدر قریب تھی کہ) میں نے تمہیں پیچھے ہٹنے کا اشارہ کیا، پھر میری طرف وحی کی گئی کہ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ انہیں ان کی جگہ برقرار رہنے دیں، (آپ کی طرح ان کو بھی اس نار جہنم سے کوئی تکلیف نہیں پہنچ سکتی) کیونکہ آپ بھی اسلام لائے اور یہ بھی اسلام لائے، آپ نے بھی ہجرت کی اور انہوں نے بھی ہجرت کی، آپ نے بھی جہاد کیا اور انہوں نے بھی جہاد کیا، (لہٰذا جس طرح آپ اس نار جہنم کی لپیٹ میں نہیں آسکتے اسی طرح آپ کے طفیل یہ بھی اس کی لپیٹ میں نہیں آسکیں گے)، (صحابہ کرام سے) حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے نبوت کے سوا تمہارے اوپر اپنے لئے اور کوئی فضیلت نہ دیکھی۔ (نبوت کے سوا کسی فضیلت کے نہ دیکھنے کا ارشاد محض تواضعاً ہے ورنہ فضیلت نبوت ایسی چیز ہے کہ تمام فضائل وکمالات اور جملہ محامد ومحاسن کو حاوی ہے۔ مترجم)

علاوہ ازیں رسالہ "ظل نبی" میں قرآن مجید کی تین آیتوں سے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ ثابت کیا گیا ہے جو حسب ذیل ہیں!

۱۔ وللہ یسجد من فی السموت والارض طوعاً وکرھاً وظلھم بالغدو والاصال۔

"اور واسطے اللہ تعالیٰ کے سجدہ کرتا ہے جو کوئی آسمانوں کے اور زمین کے بیچ ہے، خوشی اور ناخوشی سے اور سائے ان کے صبح کو اور شام کو"۔

(رسالہ ظل نبی ص ۳)

۲۔ اولم یرون ماخلق اللہ من شئی یتفیؤظلالہ عن الیمین والشمائل سجدا للہ وھم داخرون۔

''کیا نہیں دیکھا انہوں نے مخلوق خدا میں سے کسی کو بھی کہ اس سامنے دائیں بائیں جھک کر خدا کے سامنے سر بسجود ہیں''۔

(رسالہ ظل نبی، ص۴)

۳۔ وللہ یسجدما فی السموت ومافی الارض من دابۃ والملئکۃ وھم لایستکبرون یخافون ربھم من فوقھم ویفعلون مایؤ مرون۔

''اور اللہ کے واسطے سجدہ کرتے ہیں جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہیں، چلنے والوں سے اور فرشتے اور وہ نہیں تکبر کرتے، ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے اوپر اپنے سے اور کرتے ہیں جو کچھ حکم کیے جاتے ہیں''۔

(رسالہ ظل نبی، ص۵)

تین آیتیں اور تین حدیثیں مثبتین ظل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مزعومہ سرمایہ ہے، مثبتین ظل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ''سرمایہ مزعومہ'' یہی تین آیتیں اور تین حدیثیں ہیں، جنہیں ان کے دعوے سے دور کا بھی واسطہ نہیں اور جن کا ایک لفظ بھی یہ نہیں بتاتا کہ حضور نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس کا سایہ تھا، جیسا کہ ان شاء اللہ العزیز عنقریب ہمارے ناظرین کرام پر واضح ہو جائے گا، اور حقیقت بے نقاب ہو کر سامنے آجائے گی کہ منکرین نورانیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے استدلال کی عمارت **ان اوھن البیوت لبیت العنکبوت** سے بھی گئی گذری ہے۔

رہے وہ رکیک شبہات اور نفی ظل کی حدیث پر اعتراضات جو بحوالہ ماہنامہ ''تجلی'' دیوبند، جناب میرزا ریاض احمد صاحب حافظ آبادی کے مکتوب سے ہم نقل کر چکے ہیں، تو ان سب کا سہارا اور اصل، منکرین کی پیش کردہ آیات و احادیث کا وہی غلط مفہوم ہے جس کو ظل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ثبوت میں پیش کیا گیا، جب ان آیات و احادیث کا مفہوم سامنے آجائے گا، تو وہ سہارا بھی باقی نہ رہے گا اور اہل انصاف بے ساختہ کہہ اٹھیں گے کہ ع

وہ شاخ ہی نہیں ہے اب جس پہ آشیاں تھا

اب رہا منکرین و معترضین کا امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مجدد ملت رحمۃ اللہ علیہ کی شان اقدس میں ناشائستہ کلمات کہنا اور حضرت ممدوح کے رسالہ مبارکہ "**نفی الفی**" پر پھبتیاں اڑانا تو یہ کوئی نئی بات نہیں، یہ لوگ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف جلیلہ پر اپنی لاعلمی کی وجہ سے ہمیشہ مذاق اڑاتے اور منہ کی کھاتے رہے، پچھلے دنوں ہمارے ناظرین کرام "الصدیق، ملتان" کا مضمون اعلیٰ حضرت کے خلاف اور اس کا دندان شکن جواب "السعید" کے صفحات میں پڑھ چکے ہوں گے، اور اس سے اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ العزیز کی جلالت علمی اور منکرین کی بے مائیگی و لاعلمی کا انہیں بخوبی اندازہ ہوگیا ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ اس مضمون کے مطالعہ سے یہ حقیقت آفتاب سے زیادہ روشن ہو جائے گی کہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی وسعت علم کو پانا تو درکنار اس کا سمجھنا اور اندازہ لگانا بھی ان لوگوں کے لئے آسان نہیں۔

ذالك فضل اللّٰہ یؤ تیه من یشاء و اللّٰہ ذوالفضل العظیم

بیان مسئلہ اور منکرین کے استدلال پر کلام کرنے سے پہلے یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ بعض لوگ کم علمی اور ناواقفیت کی وجہ سے ہر مسئلہ شرعیہ پر نصوص قطعیہ اور قرآن و حدیث سے دلائل صریحہ طلب کرتے ہیں اور کہہ دیا کرتے ہیں کہ مطلقاً باب عقائد میں بجز نص قطعی قرآن و حدیث کی صریح عبارت کے کوئی چیز قابل قبول نہیں، حالانکہ ان کا یہ کہنا قطعاً غلط اور بے بنیاد ہے، یاد رکھئے قطعی دلیل اور قرآن و حدیث کی صریح قطعی عبارتیں صرف ان عقائد کے لئے ضروری ہیں جو قطعی ہوں اور جن پر مدار ایمان ہو۔ باقی رہے عقائد ظنیہ تو ان کے لئے ظنی دلیلیں پیش کی جائیں گی، شرح عقائد نسفی میں "تفضیل رسل" پر کلام کرتے ہوئے شارح علامہ فرماتے ہیں **ولا خفاء فی ان هذه المسئلة ظنّیّةٌ یکتفٰی فیها بالادلة الظّنّیّة** ۔(شرح عقائد نسفی ص ۱۲۶)

"اس امر میں کوئی خفا نہیں کہ یہ مسئلہ ظنی ہے، جس میں ظنی دلائل پر اکتفا کر لیا جاتا"، اسی طرح "**نبراس، شرح، شرح عقائد**" میں ص ۲۴ پر عقائد کی دو قسمیں قطعی اور ظنی بیان فرمائیں اور اسی مضمون کو واضح فرمایا، نیز اسی نبراس شرح عقائد کی شرح میں ص ۵۹۸ پر منقولہ بالا عبارت کے تحت بہت تفصیل کے ساتھ فرمایا:

حاصل الجواب ان المسائل الاعتقادیة قسمان احد هما مایکون المطلوب فیه

الیقین کوحدۃ الواجب وصدق النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وثانیھما مایکتفی فیھا بالظن کھذہ المسئلۃ والاکتفاء بالدلیل الظنی انما لا یجوز فی الاول بخلاف الثانی الخ ۔

ترجمہ۔ شارح کے جواب کا ماحصل یہ ہے کہ مسائل اعتقادیہ کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جس میں یقین مطلوب ہو، جیسے واجب تعالیٰ کی وحدت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صدق، دوسری وہ جس میں ظن پر اکتفا کرلیا جائے، جیسے (تفضیل رسل کا) یہی مسئلہ، دلیل ظنی پر جن مسائل میں اکتفا ناجائز ہے وہ صرف پہلی قسم کے مسائل ہیں جن میں یقین مطلوب ہوتا ہے، بخلاف دوسری قسم کے جن میں صرف ظن مطلوب ہو، کہ ان میں دلیل ظنی پر بلاشبہ اکتفا جائز ہے، احکام کا بھی یہی حال ہے کہ حکم جتنا قوی ہوگا اس کی دلیل اتنی ہی قوی ہوگی۔

عقائد واحکام کے بعد فضائل ومناقب کی طرف آیئے تو اس سے بھی تنزل اختیار کرنا پڑے گا، یعنی ضعیف حدیثیں بھی اس باب میں معتبر ہوں گی، جیسا کہ خود محدثین کرام نے جابجا اس کی تصریح فرمائی ہے اور ائمہ فقہاء نے فضائل اعمال میں ضعیف ترین احادیث کو معمول بہا قرار دیا ہے، دیکھئے مسح رقبہ (وضو میں گردن پر مسح کرنے) کی حدیث ایسی ضعیف شدید ہے کہ بعض محدثین نے اسے موضوع تک کہہ دیا، لیکن ائمہ وفقہاء نے اسے بھی معمول بہ مانا اور آج تک اس پر عمل ہوتا چلا آرہا ہے۔

فضائل ومناقب میں ضعاف کا معتبر ہونا متفق علیہ ہے، ابن حجر، ملا علی قاری، شاہ عبدالحق دہلوی وغیرہ ہم علماء کی تصریحات خصوصاً محدثین وفقہاء احناف نے صاف صاف ارقام فرمایا، جس سے کوئی اہل علم بے خبر نہیں، دیکھئے افضل القریٰ ص ...... ، مقدمہ مشکوٰۃ ص ...... موضوعات کبیر ص ۶۳، ۶۴ قفو الاثر ص ...... ، بالخصوص ایسی صورت میں جب کہ حدیث کا مضمون قوی حدیث کے مضمون سے مؤید ہو، لازماً اس حدیث ضعیف کو فضائل ومناقب میں قابل احتجاج سمجھا جائے گا۔

عقائد واعمال سے متعلق ہمارے بے شمار ایسے مسائل ہیں جنھیں ہم جزم ویقین کے مرتبہ میں شمار نہیں کرتے، بلکہ محض فضیلت ومنقبت کے درجہ میں مانتے ہیں، حتیٰ کہ اگر کوئی نیک دل طالب حق محض دلیل نہ ملنے کی

وجہ سے ہمارے اس مسئلہ کو تسلیم نہ کرے، تو ہم اسے بدعقیدہ نہیں کہتے، نہ اس کے حق میں برا بھلا کہنا جائز سمجھتے ہیں، بشرطیکہ اس کا انکار رسول اللہ ﷺ کی عداوت اور بغض وکینہ کی وجہ سے نہ ہو۔

رہا یہ امر کہ اس نیک نیتی اور بغض وعداوت کا امتیاز کیسے ہوگا، تو میں عرض کروں گا کہ یہ امتیاز اس طرح ہوگا کہ جس نے نہ خود کبھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی اور نہ کبھی توہین رسول کرنے والے کو جان بوجھ کر اچھا مانا، نہ اس کے قول وفعل یا حال سے اس کی بدعقیدگی ثابت ہوئی، تو ایسے شخص کے متعلق سمجھا جائے گا کہ یہ شخص نیک دل ہے اور اس کا انکار محض اس وجہ سے ہے کہ ہمارے مسئلہ کی کوئی دلیل اس نے نہیں پائی یا اس کی سمجھ میں نہیں آئی، اور جن لوگوں نے شان رسالت میں گستاخیاں کیں، یا گستاخوں کی گستاخی پر مطلع ہو کر انہیں اچھا جانا اور اپنا مقتدا مانا، یا ان کے کسی قول فعل یا حال سے بارگاہ نبوت میں بداعتقادی ظاہر ہوئی، تو ایسے لوگ جب کسی فضیلت ومنقبت کا انکار کریں گے، تو ان کی بداعتقادی وگستاخی اور گستاخ نوازی اس امر کی روشن دلیل ہوگی کہ ان کا یہ انکار معاذ اللہ محض عداوت اور بغض رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ہے، پہلا انکار تو ایسی زیادہ اہمیت نہیں رکھتا، لیکن دوسرا یقیناً ایسا خوفناک ہے کہ جس کے تصور سے قلب مومن لرز اٹھتا ہے۔

الحاصل نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم اقدس کا سایہ نہ ہونا بھی باب فضائل ومناقب سے ہے، جس پر کفر وایمان کا مدار نہیں، لیکن منکرین کے دل کا بغض وعناد اس بات سے خوب ظاہر ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک فضیلتِ ثابتہ کی نفی کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا، حتیٰ کہ بزعم خود تین حدیثیں معاذ اللہ جسم اقدس کا تاریک سایہ ثابت کرنے کے لئے تلاش بسیار کے بعد نکال لیں، جن سے استدلال مذکور کا تصور آج تک کسی کے ذہن میں نہ آیا تھا، فضائل وکمالات نبوت کو مٹانے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کون سا شرمناک اقدام ہوسکتا ہے۔

منکرین نے تلاشِ بسیار کے بعد جو تین حدیثیں پیش کی ہیں ان کی صحت وحقانیت سے ہمیں بحث نہیں، لیکن ان کے استدلال کی گفتگو جب ہمارے کان سنتے ہیں تو ہمیں نبی اکرم نور مجسم ﷺ کی وہ مبارک حدیث یاد آجاتی ہے جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا تھا:

"سیکون فی اخر اُمتی اناسٌ یحدثو نکم بما لم تسمعوا انتم ولا اٰباؤ کم فایا

کم وایا ھم وفی روایۃٍ یا تو نکم من الاحادیث بما لم تسمعو انتم ولا اباؤ کم فایا
کم وایاھم لا یضلو نکم ولا یفتنو کم ، رواہ مسلم ۔

(مسلم، جلد اوّل ص ۹ ۔ مشکوٰۃ جلد اوّل ص ۲۸)

''حضور سیّد عالم ﷺ نے فرمایا! اخیر زمانہ میں میرے اُمتی (کہلانے والے) تمہیں ایسی حدیثیں (باتیں) سنائیں گے جو نہ تم نے سنی ہونگی نہ تمہارے باپ دادا نے، خبردار! ان سے دُور رہنا، کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کردیں اور کہیں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں''۔

الفاظ حدیث پڑھ کر دل گواہی دیتا ہے کہ آج جو کچھ ہورہا ہے وہ چودہ سو برس پہلے نگاہِ رسالت سے مخفی نہ تھا، پھر قابلِ غور یہ امر ہے کہ ابتداءِ اسلام میں ایک دور گزرا جبکہ جاہل ابناء اور ان کے مشرک آباء کا جاہلانہ وجدان شرک وجاہلیت کا معیار ہونے کی وجہ سے انتہائی نفرت وحقارت اور شدید ترین مذمت کے قابل تھا، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ماوجدنا علیہ اباءَ نَاوغیرہ آیات میں ان کا مقولہ اسی حقیقت کو واضح کرنے کے لئے بیان فرمایا، لیکن اسلام اور بانی اسلام حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کی برکت ملاحظہ فرمایئے کہ اخیر زمانہ کے سچے مسلمانوں اور ان کے آباء مسلمین کے وجدان وسماعت کو حق وصداقت کا معیار بلکہ ہدایت کا وہ چمکتا ہوا مینار بنادیا گیا کہ جو بات ان کے کانوں نے کبھی نہیں سنی وہ کسی مسلمان کے لئے سننے کے قابل ہی نہیں۔

اَب اس بات کا فیصلہ ناظرین خود کریں گے کہ رسول اللہ ﷺ کے جسم اقدس کا معاذ اللہ تاریک سایہ ثابت کرنے کی بات آپ نے یا آپ کے باپ دادا نے سنی تھی؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو سمجھ لیجئے کہ یہ ایسی بات ہے جو آپ کے سننے کے قابل نہیں بلکہ اپنے آقا ومولیٰ حضور نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے بموجب آپ پر لازم ہے کہ ایسے لوگوں سے آپ بچیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ ایسی باتوں میں آکر آپ گمراہی کے گڑھے میں جا پڑیں یا خدا نخواستہ کسی اور فتنہ میں مبتلا ہوجائیں۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ

مخالفین کی پیش کردہ آیات واحادیث پر کلام کرنے سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس مسئلہ میں محل نزاع متعین کردیا جائے تا کہ نفی واثبات کے دونوں پہلو ناظرین کرام پر اچھی طرح واضح ہوجائیں۔ فاقول وباللہ التوفیق

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بشری جسم اقدس کو ایسا لطیف ونظیف اور پاکیزہ ومطہر کردیا تھا کہ اس میں کسی قسم کی عنصری اور مادی کثافت باقی نہ رہی تھی، اس لئے چاند، سورج، چراغ وغیرہ کی روشنی میں جب حضور ﷺ تشریف فرما ہوتے تو جسم اقدس اس روشنی کے لئے حائل نہ ہوتا تھا اور دیگر اجسام کثیفہ کی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جسم پاک کا کوئی تاریک سایہ نہ پڑتا تھا، کیونکہ سایہ اس جگہ کی تاریکی کو کہتے ہیں جہاں جسم کثیف کے حائل وحاجب ہوجانے کی وجہ سے چاند سورج وغیرہ کی روشنی نہ پہنچ سکے، جسم مبارک میں جب کثافت ہی نہ تھی تو وہ نورانی جسم کسی روشن چیز کی روشنی کے لئے کیونکر حائل ہوسکتا تھا؟ اس لئے تاریک سایہ سے حضور علیہ السلام کا جسم مبارک پاک تھا۔

رہا یہ امر کہ بشری جسم کا مادی اور عنصری کثافتوں سے اس طرح پاک ہونا محال ہے کہ وہ روشنی کے لئے حاجب نہ ہوسکے، تو یہ ایک دعویٰ بلا دلیل ہے، بلکہ خدا تعالیٰ کی قدرت کا صریح انکار ہے، جب وہ قادر مطلق نور سے ظلمت اور ظلمت سے نور کو ظاہر کرسکتا ہے اور زندہ سے مردہ اور مردہ سے زندہ کو پیدا کرنے کی قدرت رکھتا ہے، عدم کو وجود اور وجود کو عدم سے بدل دینے پر قادر ہے تو اس کے لئے بشری جسم کو مادی کثافتوں سے پاک کردینا کون سی بڑی بات ہے؟

ہاں اگر آپ یہ سوال کریں کہ یہ امر محال تو نہیں لیکن اس کے وقوع کی کیا دلیل ہے؟ تو میں عرض کروں گا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا حضور ﷺ کو **سراجاً منیرا** (روشن کرنے والا چراغ) قرار دینا اور ان کے حق میں **قد جاء کم من اللہ نور** فرمانا اس وقوع کی چمکتی ہوئی دلیل ہے۔

کیونکہ جس ذات مقدسہ کو "**انما انا بشرٌ مثلکم**" کہنے کا حکم دیا تھا اگر اس کے وجود مبارک سے بشری کثافتوں کو پوری طرح دُور نہ کردیا ہوتا تو اس کے حق میں "**من اللہ نور**" اور "**سراجاً منیرا**" کبھی نہ فرماتا، لہٰذا ثابت ہوگیا کہ حضور نبی کریم ﷺ کو باوجود "**بشر**" فرمانے کے "**نور ومنیر**" محض اس لئے فرمایا گیا کہ جسم اقدس سے ہر قسم کی بشری کثافتیں بالکلیہ دور کردی گئی ہیں، اور جب کثافتیں دور ہوگئیں تو جسم اقدس کا تاریک سایہ بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دور ہوگیا۔ **وللہ الحمد**۔

بعض حضرات **من اللہ نور** اور **سراجاً منیرا** کا یہ جواب دیا کرتے ہیں کہ یہاں "نور" اور "منیر"

سے صرف نورِ ہدایت مراد ہے، حسّی اور جسمانی نور ہرگز مراد نہیں، ان شاء اللہ العزیز ہم اس موضوع پر کسی وقت مستقلاً سیر حاصل بحث کریں گے سر دست اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ جب حضور ﷺ کے جسم اقدس کے لئے جسمانی اور حسّی نورانیت بھی احادیث کی روشنی میں ثابت ہے تو پھر آپ کو کیا حق ہے کہ اس کا انکار کریں، اور دیوبندی مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں کی خدمت میں مزید اتنی گذارش ہے کہ ہماری پیش کردہ اس دلیل کو آپ اس لئے نہیں مانتے کہ یہ ہمارے قلم سے صادر ہوئی ہے، چلئے ہم سے آپ ناراض ہیں آپ کی مرضی! مگر مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے تو کوئی ناراضگی نہیں، لیجئے ان ہی کے منوانے سے مان لیجئے، ہمیں تو آپ کو منوانا مقصود ہے، خواہ کسی طرح آپ مانیں، دیکھئے آپ کے مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی ارقام فرماتے ہیں :

''وازیں جا است کہ حق تعالی در شان حبیب خود ﷺ فرمود کہ آمدہ نزد شما از طرف حق تعالی نور و کتاب مبین ومراد از نور ذاتِ پاک حبیب خدا ﷺ است ونیز او تعالی فرماید کہ اے نبی ﷺ ما شاہد ومبشر ونذیر وداعی الی اللہ وسراج منیر فرستادہ ایم ومنیر روشن کردن از انساناں محال بودے آں ذات پاک ﷺ را ہم ایں امر میسر نیامدے کہ آں ذات پاک ﷺ ہم از جملہ اولاد آدم علیہ السلام اند مگر آنحضرت ﷺ ذات خود را چناں مطہر فرمود کہ نور خالص گشتند وحق تعالی آنجناب سلامہٗ علیہ را نور فرمود وبتواتر ثابت شد کہ آنحضرت عالی سایہ نداشتند وظاہر است کہ بجز نور ہمہ اجسام ظل مے دارند''۔ انتہی۔

(امداد السلوک، مطبوعہ دخانی پریس ساڈھورہ، ص ۸۵، ۸۶، مصنفہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی)

ترجمہ۔ ''اور اسی جگہ سے یہ بات ہے کہ حق تعالی نے اپنے حبیب ﷺ کی شان میں فرمایا کہ'' تمہارے پاس اللہ تعالی کی طرف سے نور آیا اور کتاب مبین آئی'' اور نور سے مراد حبیب خدا ﷺ کی ذات پاک ہے، نیز اللہ تعالی فرماتا ہے کہ'' اے نبی ﷺ ہم نے آپ کو شاہد ومبشر اور نذیر اور داعی الی اللہ تعالی اور سراج منیر بنا کر بھیجا ہے''، اور'' منیر'' روشن کرنے والے اور نور دینے والے کو کہتے ہیں، پس اگر انسانوں میں سے کسی کو روشن کرنا محال ہوتا تو آنحضرت ﷺ کی ذات پاک کے لئے یہ امر میسر نہ ہوتا، کیونکہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی ذات پاک بھی جملہ اولاد آدم علیہ السلام سے ہے

مگر آنحضرت ﷺ نے اپنی ذات پاک کو ایسا مطہر فرمایا کہ نور خالص ہو گئے، اور حق تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نور فرمایا، اور تواتر سے ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ سایہ نہ رکھتے تھے، اور ظاہر ہے کہ نور کے سوا تمام اجسام سایہ رکھتے ہیں"۔

مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی اس عبارت سے مندرجہ ذیل باتیں ثابت ہوئیں۔

۱۔ آیت کریمہ قَدْ جَاءَ كُم مِّنَ اللهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِيْن (سورۃ المائدہ: آیت ۱۵) میں نور سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات پاک مراد ہے۔

۲۔ حضور ﷺ سراج منیر ہیں اور منیر روشن کرنے والے اور نور دینے والے کو کہتے ہیں۔

۳۔ بشری جسم سے عنصری اور مادی کثافتوں کا دُور ہو جانا محال نہیں بلکہ واقع ہے۔

۴۔ حضور ﷺ نے اپنی ذات پاک کو ایسا مطہر فرمایا کہ حضور ﷺ نور خالص ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے حضور کو نور فرمایا۔

۵۔ بشریت اور نورانیت کا جمع ہونا ممکن ہے۔

۶۔ حضور ﷺ کے جسم پاک کا سایہ نہ تھا۔

۷۔ حضور ﷺ کے جسم اقدس کا سایہ نہ ہونا تواتر سے ثابت ہے۔

۸۔ نور کے سوا تمام اجسام سایہ رکھتے ہیں۔

۹۔ لفظ نور اور منیر سے حضور ﷺ کے لئے جو نورانیت مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی نے ثابت کی ہے وہ محض ہدایت کی نورانیت نہیں بلکہ حسّی اور جسمانی نورانیت ہے، کیونکہ حضور کی نورانیت کو مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی نے حضور کے سایہ نہ ہونے کی علت قرار دیا ہے اور صاف صاف لفظوں میں لکھا ہے کہ حضور کا سایہ نہ تھا اور نور کے سوا ہر جسم کا سایہ ہوتا ہے تو جب تک حضور ﷺ کے لئے جسمانی نورانیت ثابت نہ ہو جسم اقدس سے سایہ کی نفی نہیں ہو سکتی، لہٰذا آفتاب سے زیادہ روشن ہو گیا کہ قرآن کریم کی دونوں آیتیں قد جاء کم من اللہ نور اور سراجاً منیرا حضور ﷺ کے جسمانی اور حسّی نور ہونے کی دلیل ہیں، اور یہ دونوں آیتیں بہانگ دہل حضور ﷺ کے جسم اقدس سے تاریک سائے کی نفی کر رہی ہیں۔

اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ساتھ عقیدت رکھنے والے احناف اہل سنت ان دونوں آیتوں سے اپنے مسلک پر استدلال کرنے میں اگر معاذ اللہ گمراہ اور بے دین ہیں تو مولوی رشید احمد گنگوہی اس گمراہی اور بے دینی سے کس طرح بچ سکتے ہیں۔

منکرین پر سخت حیرت ہے کہ جس مسلک کو وہ کفر ضلالت قرار دیتے ہیں اور اس کے قائلین کو جہنم تک پہنچائے بغیر دم نہیں لیتے اگر وہی مسلک ان کے اکابر پیش کردیں تو وہ ان سے کوئی تعرض نہیں کرتے، محض اس لئے کہ وہ ان کے مقتدا اور پیشوا ہیں، میں نہایت اخلاص کے ساتھ ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ خدا کے خوف کو دل میں جگہ دے کر ذرا سوچئے کہ آپ کا یہ طرز عمل **اتخذوا احبار ھم ورھبانھم ارباباً من دون اللّٰہ** کی عملی تفسیر نہیں تو اور کیا ہے؟

ماہنامہ تجلی دیوبند نے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا ایک فتویٰ فتاویٰ رشیدیہ سے نقل کیا ہے جس میں مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی نے حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی حدیث سے لاعلمی کا اظہار فرمایا ہے، اس کی بابت عرض ہے کہ :

اگر آپ اس فتوے کو ہماری پیش کردہ عبارت کے معارض سمجھتے ہیں تو اس حیثیت سے کہ وہ آپ کے مقتدا ہیں، ان کے کلام میں رفعِ تناقض آپ ہی ذمہ ہے، جس طرح چاہیں اس تعارض کو دفع فرمائیں، اظہار لاعلمی کو سوء حافظہ پر مبنی قرار دیں یا **لکی لا یعلم بعد علمٍ شیئاً** پر محمول کریں۔

لیکن اس حقیقت سے آپ انکار نہیں کرسکتے کہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی نے اپنی کتاب ''امداد السلوک'' میں حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کو تواتر سے ثابت مانا ہے، اَب آپ کے لئے دو ہی صورتیں ہیں، مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی کے ہم پایہ مجرم قرار دیں یا مولانا احمد رضا خاں صاحب کو بھی کم از کم اس مسئلہ میں مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی طرح بے گناہ مان لیں ورنہ ظاہر ہے کہ آپ کی حق پسندی کا راز طشت از بام ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

اس تمام بحث وتمحیص کا خلاصہ یہ ہے کہ ہم اپنے آقا ومولیٰ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے جسم اقدس کو ایسا لطیف ونظیف اور نورانی مانتے ہیں کہ اس کا تاریک سایہ زمین پر نہ پڑتا تھا، اس کے برخلاف منکرین کا مسلک یہ

ہے کہ حضور ﷺ کا جسم مبارک عام انسانوں کی طرح معاذ اللہ ایسا کثیف تھا کہ اس کا تاریک سایہ پڑتا تھا۔

محلِ نزاع کی تعین کے بعد ہم چاہتے ہیں کہ اپنے مسلک کی تائید میں ایک جامع بیان پیش کردیں تاکہ ناظرین کرام کو معلوم ہوجائے کہ جس مسلک کو لوگ غلط اور فاسد کہہ رہے ہیں اس کے ساتھ اُمت مسلمہ کے کیسے کیسے جلیل القدر علماء محدثین وفقہائے کرام وابستہ ہیں۔ فاقول وبه التوفيق ، عليه توكلت واليه اُنيب ۔

اہل سنت کا مذہب ہے کہ حضور نبی اکرم نور مجسم ﷺ کا جسم اقدس اتنا لطیف ہے کہ اس میں کسی قسم کی جسمانی، عنصری اور مادی کثافت نہیں، حضور ﷺ نور ہیں جیسا کہ مسلم شریف کی حدیث میں **اللهم اجعلنی نوراً** کے چمکتے ہوئے الفاظ وارد ہیں، ملاحظہ فرمائیے مسلم، جلد اول، ص ۲۶۱ مطبوعہ نول کشور لکھنؤ۔

اس مقام پر یہ شبہ وارد نہیں ہوسکتا کہ اس دُعا سے پہلے حضور کی ذات پاک نور نہ تھی ورنہ دُعا کی حاجت نہ ہوتی کیونکہ دعا کرنے سے یہ ہرگز لازم نہیں آتا کہ دُعا سے پہلے وہ صفت نہ ہو جس کے لئے دُعا کی گئی ہے، دیکھئے حضور ﷺ تمام عمر ہر نماز میں **اهدنا الصراط المستقيم** کی دُعا فرماتے رہے، تو کیا کسی مسلمان کے دل میں یہ شبہ پیدا ہوسکتا ہے کہ معاذ اللہ دُعا سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صراط مستقیم پر نہ تھے، معاذ اللہ ثم معاذ اللہ! بلکہ اس مقام پر یوں کہنا پڑے گا کہ کسی نعمت کے لئے دُعا کرنا بسا اوقات اس کے ثابت و باقی رہنے کے لئے ہوتا ہے یا اس نعمت کی ترقی مقصود ہوتی ہے یا اعتراف عبدیت کے لئے دُعا کی جاتی ہے، اس کے ماسویٰ دُعا کی حکمت تعلیم اُمت بھی ہوسکتی ہے، علاوہ ازیں جن الفاظ میں حضور علیہ السلام نے دُعا فرمائی وہ ایسے بابرکت ہوگئے کہ اُمت جب ان الفاظ میں دُعا کرے گی تو وہ دُعا حضور علیہ السلام کے بولے ہوئے الفاظ کی برکت کے طفیل اقرب الی الاجابت ہوگی اور اُمت کے حق میں وہ دُعا جس رنگ میں قبول ہوسکتی ہے ضرور قبول ہوگی کیونکہ اس کے الفاظ اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ کے بولے ہوئے الفاظ ہیں، انہیں خالی واپس کرنا اللہ تعالیٰ کو گوارا نہ ہوگا۔

حاصل کلام یہ کہ جب حضور علیہ السلام کی دُعا سے حضور کی ذات پاک کا نور ہونا ثابت ہوگیا تو جسم اقدس کا سایہ نہ ہونا بھی لازمی طور پر ثابت ہوگیا، کیونکہ سایہ نہ ہونا لوازم نور سے ہے اور قاعدہ ہے **اذا ثبت الشئی ثبت بجميع لوازمه** ، لہذا نورانیت محمدیہ ﷺ بھی اپنے لازم کے ساتھ ثابت ہوگی اور نورانیت کا لازم "سایہ نہ ہونا ہے" لہذا حضور ﷺ کا نور ہونا حضور کے سایہ نہ ہونے کی روشن دلیل ہے۔

ایک اعتراض اور اس کا جواب

جب بھی حضور ﷺ کی نورانیت کا مسئلہ سامنے آتا ہے تو منکرین صاف کہہ دیتے ہیں کہ یہاں علم وہدایت کا نور مراد ہے، جسمانی نور سے کیا تعلق؟ پھر ان آیات سے معارضہ کرتے ہیں جن میں علم وہدایت، قرآن و تورات اور اسلام وایمان کو نور کہا گیا ہے۔

جواباً عرض ہے کہ علم وہدایت کی نورانیت تو حسب مراتب و درجات ہر اہل علم اور ہدایت یافتہ شخص کو حاصل ہے، حضور ﷺ کی شان اقدس تمام عالم سے بلند و بالا اور افضل و اعلیٰ ہے، اس لئے حضور علیہ السلام کی ذات مقدسہ اور کمالات مبارکہ کو عوام کی ذات وصفات پر قیاس نہیں کیا جاسکتا، حضور علیہ السلام کو جو صفت ملی ہے وہ دوسروں کی نسبت اکمل واتم ہے، اسی طرح عین کا قیاس معنیٰ پر اور وصف کا قیاس ذات پر قیاس مع الفارق ہے، اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ نور از قبیل معانی بھی ہوتا ہے اور از قبیل اعیان بھی۔

اوّل، جیسے قرآن، ایمان، علم، ہدایت وغیرہ امور جو از قبیل معانی ہیں۔

دوم، جیسے چاند، سورج وغیرہ کہ یہ از قبیل اعیان ہیں۔

جو چیزیں ذات اور عین نہیں بلکہ محض معنیٰ اور صفت کے قبیل سے ہیں، ان کے لئے جب لفظ نور بولا جائے گا تو اس کے معنی اس چیز کے حسب حال ہوں گے، یعنی وصفی اور معنوی نورانیت، اور جو چیزیں ''عین اور معنیٰ'' ذات اور صفت سب کی جامع ہوں گی، ان کے لئے جب لفظ نور کا اطلاق ہوگا تو اس سے وہی نورانیت مراد ہوگی جو ان چیزوں کے حسب حال اور شایان شان ہے، یعنی عین اور معنیٰ دونوں قسم کی جامع نورانیت، لہٰذا قرآن وتوراۃ، اسلام وایمان، علم وہدایت، ان سب چیزوں کے لئے جو لفظ نور قرآن وحدیث میں وارد ہوا ہے اس سے وصفی اور معنوی نورانیت کے معنیٰ مراد ہوں گے، کیونکہ یہ سب چیزیں از قبیل اوصاف ومعانی ہیں، اور ظاہر ہے کہ معنیٰ کا عین، اور وصف کا ذات ہونا محال ہے، ہاں! ایسی چیز جو ''ذات و وصف'' دونوں کی حامل اور ''عین ومعنیٰ'' دونوں کی جامع ہو، اس کی نورانیت بھی ہر دو قسم کی نورانیت کی جامع ہوگی۔ **(الا اذا قام الدلیل علی خلافه)**

چونکہ حضور نبی کریم ﷺ ذات اور وصف دونوں کے جامع ہیں، عین اور معنیٰ دونوں چیزیں علیٰ وجہ الکمال حضور ﷺ کی ذات پاک میں پائی جاتی ہیں، اس لئے حضور ﷺ کے جو لفظ قرآن وحدیث میں وارد ہوا ہے، اس

سے مراد وہی نور ہوسکتا ہے جو عینی و معنوی، ذاتی و وصفی ہر قسم کی نورانیت کا جامع ہو، جس کا ماحاصل یہ ہے کہ حضور ﷺ اسلام و ایمان، ہدایت و قرآن، علم و عرفان تمام انوار معانی و اوصاف کے حامل ہیں، اور اس کے علاوہ جملہ انوار اعیان یعنی ذات و عین کے قبیل سے جس قدر نور ہیں ان سب کے بھی حضور جامع ہیں، اس تفصیل کو ذہن نشین کر لینے کے بعد ہر شخص سمجھ جائے گا کہ منکرین کا معارضہ قطعاً باطل ہے۔

یہ جامع نورانیت جو ہم نے حضور ﷺ کے لئے ثابت کی ہے اس کی تائید مزید دیگر احادیث سے بھی ہوتی ہے اور اکابر علماء دین محدثین و محققین کرام کی واضح عبارات بھی حضور ﷺ کے لئے اسی قسم کی جامع نورانیت کی مثبت ہیں جن میں حضور کی جسمانی نورانیت کا روشن بیان ہے، اور یہ تصریح موجود ہے کہ حضور نور تھے اس لئے آپ کا سایہ نہ تھا، علاوہ ازیں منکرین کے پیشواؤں اور مقتداؤں کی تحریریں بھی اس کی مثبت و مؤید ہیں، اس سے ہمیں بحث نہیں کہ ان کا اعتقاد کیا ہے؟ وہ حضور ﷺ کو اپنا جیسا بشر مانتے ہیں یا اس میں کچھ تبدیلی کرنے لگے ہیں، لیکن اس میں شک نہیں کہ ان کی واضح تحریریں ہمارے بیان کی زبردست تائید کرتی ہیں، جیسا کہ امداد السلوک ص ۸۵، ۸۶ سے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا بیان ہم نقل کر چکے ہیں اور ان شاء اللہ آئندہ بھی نشر الطیب وغیرہ کے اقتباسات ہدیۂ ناظرین کریں گے۔

پہلے ہم اِن احادیث کا ذکر کرتے ہیں جن سے حضور ﷺ کی حسی عینی اور جسمانی نورانیت ثابت ہوتی ہے۔

حدیث نمبر ۱۔ عن الحسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال سألت خالی ھند بن ابی ھالۃ (ربیب النبی ﷺ) و کان وصافاً عن حلیۃ النبی ﷺ و انا اشتھی ان یصف لی منھا شیئاً اتعلق بہٖ فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم فخما مفخماً یتلالؤ وجھہٗ تلالؤ القمر لیلۃ البدر۔

(شمائل ترمذی، ص ۲)

ترجمہ۔ سیدنا امام حسن علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے ماموں حضور ﷺ کے ربیب ہند بن ابی ہالہ سے جو حضور ﷺ کے بہترین وصاف تھے، حضور ﷺ کا حلیہ مبارکہ دریافت کیا، میرا دل

چاہتا تھا کہ وہ حلیہ مقدسہ سے کچھ بیان کریں اور میں اس سے پوری طرح متعارف ہو جاؤں، تو انہوں نے فرمایا حضور ﷺ عظیم اور معظم تھے، آپ کا چہرۂ انور ایسا چمکتا اور روشنی دیتا تھا جیسے چودھویں رات میں چاند چمکتا ہے، اسی حدیث میں آگے چل کر فرماتے ہیں "لہٗ نورٌ یعلوہٗ" حضور کی بینی مبارک کا نور بینی مبارک پر یا آپ کی ذات مقدسہ کا نور ذات پاک پر غالب رہتا۔

اسی حدیث کی شرح میں علامہ شیخ ابراہیم بن محمد بیجوری شافعی مصری فرماتے ہیں:

ومعنی یتلالؤ یضیُٔ ویشرق کاللولوءِ وقولہ تلالوءَ القمر لیلۃ البدر اَی مثل تلالؤ القمر لیلۃ البدر (انتہی)

(شرح شمائل، مطبوعہ مصر، ص ۲۲)

ترجمہ۔ یتلالؤ کے معنی روشن ہونے اور چمکنے کے ہیں جیسے موتی چمکتا ہے اور تلالؤ القمر لیلۃ البدر کے معنی یہ ہیں کہ حضور ﷺ کا چہرۂ انور اس طرح چمکتا تھا جیسے چودھویں رات میں چاند چمکتا ہے۔

حدیث نمبر۲۔ عن جابر بن سمرۃ قال رأیت رسول اللہ ﷺ فی لیلۃ اضحیان، وعلیہ حلۃ حمراء فجعلت انظر الیہ والی القمر فلھو عندی احسن من القمر۔

(شمائل ترمذی، ص۲)

ترجمہ۔ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ چاندنی رات میں حضور ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آپ پر سرخ رنگ کا (دھاری دار) حلہ تھا، میں حضور ﷺ کو بھی دیکھتا اور چاند پر بھی نظر کرتا تو حضور ﷺ میرے نزدیک چاند سے زیادہ حسین تھے۔

علامہ شیخ ابراہیم بیجوری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں:

"وفی روایۃ فی عینی بدل عندی والتقیید بالعندیۃ فی الروایۃ الاولی لیس للتخصیص فان ذلک عند کل احدٍ راہ کذالک"۔

(المواھب اللدنیہ علی الشمائل المحمدیہ، مطبوعہ مصر، ص۳۰)

ترجمہ۔ ایک اور روایت میں ''عندی'' کی بجائے ''فی عینی'' آیا ہے اور روایتِ اولیٰ میں ''عندی'' کی قید تخصیص کے لئے نہیں ہے، یعنی یہ مطلب نہیں کہ میرے ہی نزدیک حضور چاند سے زیادہ حسین تھے بلکہ فی الواقع ہر دیکھنے والے کے نزدیک حضور ﷺ چاند سے زیادہ حسین تھے۔

اس کے بعد علامہ بیجوری علیہ الرحمہ اسی حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

" وانما کان ﷺ احسن لان ضوءہٗ یغلب علی ضوء القمر ، بل وعلی ضوء الشمس ، ففی روایۃ لابن المبارک وابن الجوزی لم یکن لہٗ ظل ، ولم یقم مع شمس قط الا غلب ضوؤہ علی ضوء الشمس ، ولم یقم مع سراج قط الا غلب ضوؤہ علی ضوء السراج''۔ انتھی

ترجمہ۔ اور حضور ﷺ چاند سے زیادہ حسین اس لئے تھے کہ حضور ﷺ کی روشنی چاند کی روشنی بلکہ سورج کی روشنی پر غالب رہتی تھی، کیونکہ سیدنا ابن مبارک اور علامہ ابن جوزی محدث کی روایت میں آیا ہے کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا، اور حضور ﷺ سورج کے سامنے کبھی کھڑے نہیں ہوئے مگر حضور کی روشنی سورج کی روشنی پر غالب ہوجاتی تھی، اسی طرح چراغ کے سامنے بھی حضور کبھی کھڑے نہیں ہوئے مگر چراغ کی روشنی پر بھی حضور ﷺ کی روشنی غالب رہتی تھی۔

حدیث نمبر۳۔'' عن ابی اسحاق قال سال رجل البراءَ بن عازب اکان وجہ رسول اللہ ﷺ مثل السیف ؟قال :لا، بل مثل القمر''۔

(بخاری شریف، ج۱،ص۵۰۲۔شمائل ترمذی،ص۳)

ترجمہ۔ ابو اسحاق سے روایت ہے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک شخص نے سوال کیا کہ حضور ﷺ کا چہرہ تلوار کی طرح تھا؟ انہوں نے فرمایا نہیں بلکہ چاند کی طرح تھا۔

اس حدیث کے تحت حضرت شیخ ابراہیم بیجوری فرماتے ہیں :

''قولہ (اکان وجہ رسول اللہ ﷺ مثل السیف) أی :فی الاستنارۃ والاستطالۃ ، فالسؤال عنھما معاً ۔ قولہ :(قال :لا، بل مثل القمر) أی:لیس مثل السیف فی

الاستنارة والاستطالة ، بل مثل القمر المستدير ، الذی ھو أ من السیف‘‘۔

(مواھب اللدنیہ شرح شمائل المحمدیہ، مطبوعہ مصر ، ص۳۰)

ترجمہ۔ یعنی ’’کیا حضور ﷺ کا چہرۂ انور روشنی اور لمبائی میں تلوار کی طرح تھا؟‘‘ اس کلام میں روشنی اور لمبائی دونوں کے متعلق سوال ہے، حضرت براء بن عازب نے دونوں باتوں کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ چہرۂ انور روشنی اور لمبائی میں تلوار کی طرح نہ تھا بلکہ گول چاند کی طرح نورانی تھا جو تلوار سے کہیں زیادہ انور اور روشن ہے۔ انتہٰی۔

حدیث نمبر۴۔’’ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال کان رسول اللہ ﷺ افلج الثنیتین، اذا تکلم روی کالنور یخرج من بین ثنایا ہ‘‘۔

(شمائل ترمذی، ص۲)

ترجمہ۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے مبارک دانتوں کے درمیان کشادگی والے تھے، یعنی دندان مبارک کے درمیان جُھریاں تھیں، جب حضور ﷺ کلام فرماتے تو دندان مبارک کے درمیان جھریوں سے نور یا نور کی مانند کوئی چمکدار چیز نکلتی ہوئی دیکھی جاتی تھی۔ انتہٰی

حضرت شیخ ابراہیم بن محمد بیجوری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں :

’’ أیُ رُئی شی ء لہ صفا ء ، یلمع کالنور ، یخرج من بین ثنایاہ ۔ ویحتمل أن الکاف زائدۃ للتفخیم ویکون الخارج حینئذ نوراً حسیاً معجزۃ لہ ﷺ ‘‘(انتھیٰ)

(مواھب اللد نیہ شرح شمائل المحمدیۃ، ص۳۴)

ترجمہ۔ حدیث کے معنی یہ ہیں کہ نور کی طرح صاف شفاف چیز چمکتی ہوئی دیکھی جاتی تھی جو حضور ﷺ کے نورانی دانتوں کے درمیان سے نکلتی تھی، اور یہاں یہ احتمال بھی ہے ’’کالنور‘‘ میں کاف زائدہ ہو، تفخیم کے لئے بڑھا دیا گیا ہو، اس تقدیر پر نور حسی تھا جو حضور ﷺ کے دندان مبارک کے درمیان سے بطور ظہور معجزہ چمکتا تھا۔ انتہٰی۔

حدیث نمبر ۵۔" عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها انّ رسول الله ﷺ دخل علیها مسرورا تبرق اساریر وجهه"۔

(بخاری شریف، ج، اوّل ص ۵۰۲)

ترجمہ۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ خوش اور مسرور ہوکر میرے پاس تشریف لائے درآنحالیکہ حضور ﷺ کی پیشانی اقدس کے خطوط چمک رہے تھے۔

حدیث نمبر ۶۔" عن کعب بن مالك قال فلما سلمت علیٰ رسول الله ﷺ وهو یبرق وجههٗ من السرور و کان رسول الله ﷺ اذا سُرَّ استنارَ وجههٗ کَاَنَّهٗ قطعةٌ من القمر"۔

(بخاری شریف، ج، اوّل ص ۵۰۲)

ترجمہ۔ کعب بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں نے حضور ﷺ پر سلام عرض کیا تو چہرۂ انور فرحت وسرور سے چمک رہا تھا، اور حضور ﷺ جب خوش ہوتے تھے تو چہرۂ انور ایسا چمکنے لگتا تھا گویا کہ وہ چاند کا ٹکڑا ہے۔

فتح الباری وغیرہ شروح بخاری اُٹھا کر دیکھئے تمام شُراح کرام ان احادیث سے حضور نبی کریم ﷺ کے حقیقی حسّی نور کو ثابت مان رہے ہیں، اور واقعہ یہ ہے کہ ایسی چمکتی ہوئی روشن حدیثوں کے ہوتے ہوئے کوئی ایسا شخص جس کے دل میں نور ایمان کی ادنیٰ جھلک بھی موجود ہے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جسمانیت مقدسہ کے لئے نور حسّی کا انکار نہیں کر سکتا، اور ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ اس نورانیت کا مقتضیٰ سایہ نہ ہونا ہے، اسی محدثین کرام نے حضور ﷺ کے نور ہونے کو حضور کے سایہ نہ ہونے کی دلیل قرار دیا ہے۔

لیجئے حضور کی نورانیت مقدسہ پر چند اور حدیثیں یاد آ گئیں، جن کو سن کر مومنین کے دل انوارِ ایمان سے چمک اُٹھیں گے۔

مواهب اللدنیه میں امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

''وقال ابو هريرة وّاذا ضحك ﷺ يتلأ لأفي الجدر ۔رواه البزار والبيهقی، أی یضیٔ فی الجدر۔ بضم الجیم والدال، جمع جدارٍ وهو الحائط۔ اَیْ يشرق نورہٗ علیها اشراقا کاشراق الشمس علیها''۔ انتھیٰ۔

(مواھب اللدنیہ،جلد اوّل،ص ۲۷۱)

ترجمہ۔ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا! حضور ﷺ جب ہنستے تھے تو حضور کا نور دیواروں پر چمکتا تھا، اس حدیث کو امام بزار اور بیہقی نے روایت کیا، امام قسطلانی حدیث کے معنی بیان فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا نور دیواروں پر ایسا چمکتا اور روشن ہوتا تھا جیسے سورج کی روشنی دیواروں پر پڑتی ہے اور چمکتی ہوئی نظر آتی ہے۔انتہی۔

خصائص کبریٰ میں ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں کپڑا سی رہی تھی، ہاتھ سے سوئی گر پڑی، چراغ گل ہونے کی وجہ سے اندھیرا تھا، اس لئے تلاش کرنے کے باوجود نہ ملی، اتنے میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے آئے، حضور کے چہرۂ انور سے ایسا نور نکلا کہ سوئی ظاہر ہوگئی۔

مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں علامہ ابن سبع سے منقول ہے'' كان النبی ﷺ یضیٔ البیت الظلم من نورہٖ '' تاریک گھر حضور کے نور سے روشن ہوجاتا تھا۔

یہ حدیثیں کتب احادیث وسیر میں اتنی کثرت سے موجود ہیں کہ ان کا احصاء ممکن نہیں، ان کے بعد بھی اگر کوئی شخص حضور کو نور حقیقی نہیں مانتا تو سمجھ لیجئے کہ وہ نور ایمان بالکل خالی ہے۔

ایک شبہ اور اس کا ازالہ

ان روایات میں حضور ﷺ کے لئے جو **برق**، **تلالؤ**، **استنارہ** اور **نور** وغیرہ کے الفاظ وارد ہوئے ہیں ان سے محض رنگ کی صفائی اور حسن وجمال کا بیان مقصود ہے، اسی طرح **قطعةٌ من القمر** یا **مثل القمر** سے بھی محض خوبصورتی کا اظہار مقصود ہے، حسی روشنی اور چمک کے معنی مراد نہیں، شعراء عرب بلکہ ہر زبان کے ادباء اپنے محبوبوں کے حسن وجمال کا تذکرہ اسی قسم کے الفاظ میں کیا کرتے ہیں اور ان کے ظاہری معنی مراد نہیں ہوتے بلکہ وہ الفاظ ازقبیل استعارات مانے جاتے ہیں، اسی قسم کے استعارات ان روایات واحادیث میں بھی وارد ہیں۔

جواباً عرض کروں گا کہ بدعقیدگی اور گمراہی کی اصل بنیاد یہی ہے کہ حضور ﷺ کو عامۃ الناس کے زمرہ میں شمار کرلیا جائے، معاذ اللہ حضور ﷺ کے کمال کی نفی کرنے کے لئے حضور کا قیاس اپنے اوپر کرلینا اہل سنت کے نزدیک بدترین جہالت ہے۔

معمولی سمجھ والا انسان بھی اتنی بات سمجھ سکتا ہے کہ اگر صرف **رَاَیْتُ اَسِدًا** کہا جائے تو لفظ **اسد رجل شجاع** سے استعارہ ہوسکے گا، لیکن جب کوئی **رَاَیْتُ اَسَدًا یفتَرِسُ** کہے تو پھر ''**اسد**'' سے حیوانِ مفترس ہی مراد ہوگا اور اسے بہادر آدمی کے لئے استعارہ قرار دینا درست نہ ہوگا۔

ہماری پیش کردہ احادیث میں بھی ایسے الفاظ موجود ہیں جن کے ہوتے ہوئے معترض کا استعارہ صحیح نہیں ہوتا، دیکھئے:

(۱) دندانہائے مبارک کے درمیان سے نور نکلتا ہوا دیکھا جانا۔

(۲) نبی اقدس کے نور کا چراغ مبارک پر غالب ہوتا ہوا معلوم ہونا۔

(۳) پیشانی کے خطوط کی چمک کا مشاہدہ۔

(۴) نور اقدس سے دیواروں کا روشن ہوجانا ایسے امور ہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس چمک اور نور کے حسی اور جسمانی ہونے کو اس وضاحت کے ساتھ متعین کررہے ہیں جس کے بعد معترض کے استعارہ کا شائبہ تک باقی نہیں رہتا۔

پھر اجلہ شارحین حدیث مثلاً حافظ ابن حجر عسقلانی، امام بدرالدین عینی، امام شہاب الدین قسطلانی، علامہ عبدالباقی زرقانی، شیخ ابراہیم بیجوری علیہم الرحمۃ والرضوان کا ان احادیث کی شرح میں **یضیٔ**، **یشرق**، **یبرق**، **یلمع** جیسے چمکتے ہوئے الفاظ ارقام فرمانا حقیقت کو اور واضح کررہا ہے، اس پر بھی آپ مطمئن نہ ہوں تو امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی خصائص کبریٰ دیکھ لیجئے، انہوں نے اس میں حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کا ایک مستقل باب منعقد کیا اور فرمایا:

اخرج الحکیم الترمذی عن ذکوان ان رسول اللہ ﷺ لم یکن یریٰ لہ ظلٌ فی شمس ولا قمرٍ قال بن سبع من خصائصہ ﷺ اَنَّ ظلہٗ کان لا یقع علی الارض

وانهٗ کان نورا فکان اذا مشیٰ فی الشمس او القمر لا ینظر لہٗ ظلٌ قال بعضھم ویشھد لہٗ حدیث قولہ ﷺ فی دُعائہٖ "واجعلنی نوراً"۔

(خصائص کبریٰ، جدا، ص ۶۸)

ترجمہ۔ حکیم ترمذی نے حضرت ذکوان سے اخراج کیا کہ سورج اور چاند کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کا سایہ نہ دیکھا جاتا تھا، ابن سبع (محدث) نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے خصائص سے یہ بات ہے کہ حضور ﷺ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا، اور یہ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نور تھے، اس لئے جب حضور ﷺ سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تو حضور ﷺ کا سایہ نظر نہ آتا تھا، بعض علماء (محدثین) نے فرمایا کہ حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی شہادت حضور کی یہ حدیث بھی دیتی ہے جس میں حضور ﷺ کی یہ دُعا وارد ہے کہ: "واجعلنی نوراً" یا اللہ مجھے نور کردے۔

دیکھئے محدثین نے حضور ﷺ کی حدیث "واجعلنی نوراً" سے حضور کے نور ہونے پر استدلال کیا، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ایسی نورانیت ثابت کی جو حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی دلیل ہو، اور وہ حدیث ذکوان کے لئے شاہد قرار پائے۔

اسی طرح زرقانی شریف میں ہے

"(ولم یکن لہٗ ﷺ ظلٌ فی شمس ولا قمر) لانہٗ کان نورًا کما قال ابن سبع وقال رزین لغلبۃ انوارہٖ قیل وحکمۃ ذلک صیانتہٗ عن ان یطأ کافرٌ علیٰ ظلّہٖ"۔

ترجمہ۔ اور نہ تھا حضور ﷺ کے لئے سایہ سورج میں اور نہ چاند میں، اس لئے کہ حضور نور تھے جیسا کہ ابن سبع (محدث) نے کہا اور امام رزین نے فرمایا کہ سایہ نہ ہونا حضور کے غلبہ انوار کی وجہ سے تھا، بعض علماء نے کہا کہ اس کی حکمت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس بات سے بچانا ہے کہ کسی کافر کا پاؤں حضور ﷺ کے سایہ پر پڑے"۔

آگے چل کر فرماتے ہیں:

" (رواہ الترمذی الحکیم عن ذکوان) ابی صالح السمان الزیات المدنی اَوْ ابی

عمر المدنی مولیٰ عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما و کل منہما ثقۃٌ من التابعین فہو مرسلٌ لکن روی ابن المبارک و ابن الجوزی عن ابن عباس لم یکن للنبی ﷺ ظلٌ ولم یوم مع الشمس قط الا غلب ضوءہ ضوءَ الشمس ولم یقم مع سراج قط الا غلب ضوءَ السراج (وقال ابن سبع کان ﷺ نورًا فکان اذا مشیٰ فی الشمس او القمر لا یظھر لہٗ ظلٌ) لان النور لا ظل لہ (قال غیرہ ویشہد لہٗ قولہٗ ﷺ فی دعائہٖ) لما سئا ل اللہ تعالیٰ ان یجعل فی جمیع اعضائہٖ و جہاتہٖ ختم بقولہٖ (واجعلنی نورًا) ای والنور لا ظل لہ وبہٖ یتم الاستشہاد"۔انتھی

(زرقانی، مطبوعہ مصر، جلد۴، ص۲۲۰)

ترجمہ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سایہ نہ ہونے کی اس حدیث کو ترمذی حکیم نے ذکوان سے روایت کیا، یہ ذکوان ابو صالح سمان روغن فروش مدنی ہیں یا ابو عمر مدنی جو اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے آزاد کردہ غلام ہیں (ان میں سے کوئی ہو بہرحال) یہ دونوں ثقہ ہیں تابعین سے، لہذا حدیث مرسل ہوگی (کیونکہ اس میں صحابی کا ذکر نہیں) لیکن حضرت ابن مبارک اور علامہ جوزی نے حضرت ابن عباس (صحابی) رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا، اور حضور ﷺ سورج کے سامنے کبھی نہ کھڑے ہوئے لیکن حضور کی روشنی سورج کی روشنی پر غالب ہو جاتی تھی اور حضور ﷺ کبھی چراغ کے سامنے کھڑے نہ ہوتے مگر حضور کی روشنی چراغ کی روشنی پر غالب ہو جاتی تھی، اور ابن سبع (محدث) نے کہا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نور تھے اس لئے حضور جب سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تو حضور کا سایہ ظاہر نہ ہوتا تھا، کیونکہ نور کا سایہ نہیں ہوتا، اور ان کے علاوہ دوسرے علماء محدثین نے فرمایا کہ گواہی دیتا ہے حضور کے سایہ نہ ہونے پر حضور کا وہ قول مبارک جو حضور کی دُعا میں ہے، جب حضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تمام اعضاء میں اور جمیع جہات میں نور کر دے، تو حضور نے اپنی اس دُعا کو اس قول پر ختم فرمایا "وَاجْعَلْنِیْ نُوْرًا" یعنی مجھے بالکل نور کر دے، یہ جملہ حضور ﷺ کے

سایہ نہ ہونے پر اس لئے شہادت دیتا ہے کہ نور کا سایہ نہیں ہوتا اور اسی کے ساتھ یہ استشہاد تمام اور پورا ہو جاتا ہے۔

بالکل یہی عبارت زرقانی، جلد ۵ ص ۲۴۹ پر ہے، اور اس میں اس مضمون کے بعد ابن سبع کی کتاب ''شفاء الصدور'' سے مزید اتنا کلام نقل کیا ''لم یکن فیه قملٌ لانهٗ نورٌ'' یعنی حضور ﷺ کے لباس مبارک میں جوں بھی اس لئے نہ پڑتی تھی کہ حضور نور تھے۔

حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کا یہی مضمون امام قسطلانی شارح صحیح بخاری نے مواھب اللدنیه میں بھی نہایت اہتمام کے ساتھ ارقام فرمایا، ملاحظہ فرمائیے مواھب اللدنیه، جلد ۱ ص ۱۸۰، اور مفردات امام راغب میں ہے :

''وَرُوِیَ اَنَّ النبی ﷺ کان اذا مشیٰ لم یکن لهٗ ظلٌ''۔

(مفردات امام راغب اصفہانی مطبوعہ مصر ص ۳۱۷)

ترجمہ۔ مروی ہے کہ جب حضور ﷺ چلتے تو حضور کا سایہ نہ ہوتا۔

حکیم ترمذی اور ان کی کتاب نوادر الاصول کے متعلق کشف الظنون میں مرقوم ہے :

''نوادر الاصول فی معرفة اخبار الرسول، الابی عبدالله بن محمد بن علی بن حسن بن بشیر المؤذن الحکیم الترمذی المتوفی شهیدا ۲۵۵ھ خمس وخمسین ومائتین...... وهو المقلب بسلوة العارفین وبستان الموحدین''۔

(کشف الظنون جلد ۲، ص ۶۱۵ مطبوعہ مصر)

ترجمہ۔ نوادر الاصول فی معرفۃ اخبار الرسول، ابو عبداللہ بن محمد بن علی بن حسن بن بشیر (بشر) مؤذن حکیم ترمذی کی کتاب ہے جو ۲۵۵ھ میں فوت ہوئے جن کا لقب سلوۃ العارفین اور بستان الموحدین ہے۔

امام المحدثین قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ شفاء شریف میں ارقام فرماتے ہیں :

''وَمَا ذُکِرَ مِنْ اَنَّهٗ لَاظِلَّ لِشَخْصِهٖ فِیْ شَمْسٍ وَلَا قَمَرٍ لِاَنَّهٗ کَانَ نُوراً''

(الشفاء قاضی عیاض، جلد ا، ص ۲۴۲، ۲۴۳)

اس کی شرح میں علامہ شہاب الدین خفاجی، نسیم الریاض میں فرماتے ہیں :

''(و) من دلائل نبوتہٖ ﷺ (ماذُکِرَ) بالبناءِ للمجهول و الذی ذکره ابن سبع (من انهٗ) بیان موصولة (لاظل لشخصهٖ) اَی لجسده الشریف اللطیف اذا کان (فی شمس ولا قمر) مما تری فیه الظلال لحجب الأجسام ضوء النیرین ونحوهما ، وعلل ذلك ابن سبع بقوله ؛ (لأنه) ﷺ ،(کان نورًا) والأنوار شفافة لطیفة لا تحجب غیرها من الانور، فلا ظل لها کما هو مشاهد فی الانوار الحقیقة، وهذا رواه صاحب الوفاء عن ابن عباس ، رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما، قال : لم یکن لرسول اللّٰه ﷺ ، ظل ولم یقم مع شمس الا غلب ضوئوه ضوئها، ولا مع سراج الا غلب ضوئوه ، وقد تقدم هذا والکلام علیه ورباعیتنا فیه وهی :

ما جر لظل أحمد اذیال

فی الارض کرامة کما قد قالوا

هذا عجب وکم به من عجب

والناس بظله جمیعًا قالوا

وقالوا : هذا من القیلولة ، وقد نطق القرآن بأنه النور المبین وکونه بشرًا لا ینافیه کما توهم ، فان فهمت فهو نور علی نور ، فان النور هو بنفسه المظهر لغیره ، وتفصیله فی مشکاة الأنوار للغزالی''۔

(نسیم الریاض، جز ۳، ص ۳۱۹، مطبوعہ مصر)

(نسیم الریاض، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۲۱ھ، ج ۴، ص ۳۳۵)

ترجمہ۔ اور حضور ﷺ کے دلائل نبوت سے جو کچھ ذکر کیا گیا یعنی محدث ابن سبع نے ذکر کیا یہ ہے کہ جب حضور ﷺ سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تھے تو حضور کے شخص کریم یعنی لطیف جسم مبارک

کا سایہ نہ پڑتا تھا، ان سایوں میں سے جو روشنی میں اس وجہ سے دیکھے جاتے ہیں کہ اجسام (کثیفہ) چاند سورج وغیرہ کی روشنی کے لئے حاجب ہو جاتے ہیں اور ابن سبع محدث نے حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی **دلیل** یہ بیان کی کہ حضور ﷺ نور تھے اور شفاف لطیف انوار اپنے غیر کے لئے حاجب نہیں ہوتے اور انوار کا سایہ نہیں ہوتا، جیسا کہ حسی حقیقی انوار میں اس کا مشاہدہ کیا جاتا ہے اور اس کو صاحبِ وفا نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا ہے، انہوں نے فرمایا کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا اور حضور سورج کی روشنی میں کھڑے نہ ہوتے تھے مگر حضور کی روشنی، سورج کی روشنی پر غالب ہو جاتی تھی، نہ کبھی چراغ کے سامنے کھڑے ہوتے تھے مگر اس کی روشنی پر بھی حضور ﷺ کی روشنی غالب ہو جاتی تھی، جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا اور اس پر کلام بھی گزر چکا اور ہماری یہ رباعی بھی مذکور ہو چکی کہ احمد مجتبٰی ﷺ کے سایہ کے دامن حضور کی کرامت وفضیلت کی وجہ سے زمین پر نہ کھینچے گئے (یعنی حضور کا سایہ زمین پر واقع نہ ہوا) جیسا کہ محدثین نے فرمایا ہے، یہ بات تعجب کی ہے اور کس قدر تعجب کی ہے کہ زمین پر ان کا سایہ نہ ہونے کے باوجود سب لوگ ان کے سایہ میں پناہ لیتے اور آرام کرتے ہیں، رباعی کے آخری مصرعہ کا آخری لفظ ''قــــالـــوا'' ''قیلولہ'' سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں دوپہر کو آرام کرنا۔

اور بے شک قرآن پاک ناطق ہے کہ حضور ﷺ ''نور مبین'' ہیں، اور حضور کا بشر ہونا آپ کے نور ہونے کے منافی نہیں جیسا کہ وہم کیا گیا، پس اگر تو سمجھے تو وہ ایسے نور ہیں جو سب نوروں پر غالب ہے، کیونکہ نور اسے کہتے ہیں جو خود ظاہر ہو اور اپنے غیر کو ظاہر کرنے والا ہو، اس کی پوری تفصیل امام غزالی کی کتاب مشکوٰۃ الانوار میں ہے۔

اور سیرت حلبیہ میں ہے :

وانہٗ ﷺ اذا مشی فی الشمس اَو فی القمر لا یکون لہٗ ظِلٌّ لِانہٗ کَانَ نورًا۔

انتہٰی

(سیرت حلبیہ، مطبوعہ مصر، جلد ۲، ص ۴۲۲)

ترجمہ۔ بے شک! حضور ﷺ جب سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تھے تو حضور ﷺ کا سایہ نہ ہوتا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ حضور ﷺ نور تھے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا۔ انتہی

تفسیر مدارک میں ہے :

''وقال عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان اللہ ما اوقع ظلت علی الارض لئلا یقع انسانٌ قدمہٗ علی ذٰلک''۔ انتہیٰ۔

(تفسیر مدارک، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۰۳)

ترجمہ۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا! حضور! اللہ تعالیٰ نے آپ کا سایہ زمین پر نہ گرنے دیا تا کہ کوئی شخص اس پر اپنا پاؤں نہ رکھ دے۔ انتہی۔

تفسیر عزیزی میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

''وسایہ ایشاں برزمین نیفتاد''۔ انتہی۔

(تفسیر عزیزی، پ ۳۰، ص ۲۱۹)

حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :

''وعثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ گفت کہ سایہ شریف تو برزمین نمی افتد کہ مبادا برزمین نجس افتد''۔ انتہی۔

(مدارج النبوۃ، جلد ۲، ص ۱۶۱)

ترجمہ۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے براءۃ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق بارگاہ نبوت میں عرض کیا کہ حضور! آپ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا کہیں ایسا نہ ہو کہ ناپاک زمین پر واقع ہو جائے، جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے سایہ کی اس قدر حفاظت کی تو آپ کے حرم محترم کو ناشائستگی سے کیونکر ملوث ہونے دے گا؟ انتہی۔

یہی شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسی مدارج النبوۃ میں دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں :

''ونبود مر آنحضرت را ﷺ سایہ نہ در آفتاب و نہ در قمر رواہ الحکیم الترمذی عن ذکوان فی نوادر

الاصول، وعجب استازیں بزرگاں کہ ذکر نہ کردند چراغ را نور یکے از اسمائے آنحضرت است ﷺ ونور را سایہ نمی باشد"۔ انتہی۔

(مدارج النبوۃ، جلد اوّل، ص)

ترجمہ۔ اور نہ تھا حضور ﷺ کا سایہ نہ سورج میں نہ چاند میں اس کو حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں حضرت ذکوان سے روایت کیا، اور ان بزرگوں سے تعجب ہے کہ (اس موقعہ پر) انہوں نے چراغ کا ذکر نہ کیا، اور نور حضور ﷺ کے اسمائے مبارکہ سے ہے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا۔

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ "افضل القریٰ" میں فرماتے ہیں :

" ومما یؤید انہٗ ﷺ صار نورا انہ کان اذا مشیٰ فی الشمس و القمر لا یظھر لہٗ ظلٌ لانہ لایظھر الا للکثیف وھو ﷺ قد خلصہُ اللہ من سائر الکثافات الجسمانیۃ وصیرہٗ نورا صرفا لایظھر لہٗ ظلٌ اصلًا "۔ انتھیٰ۔

(افضل القریٰ، مطبوعہ مصر، ص)

ترجمہ۔ اور جو چیز اس بات کی تائید کرتی ہے کہ حضور ﷺ نور خالص ہو گئے یہ ہے کہ حضور علیہ السلام جب سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تھے تو حضور ﷺ کا سایہ ظاہر نہ ہوتا تھا کیونکہ سایہ صرف جسم کثیف کا ظاہر ہوتا ہے، اور حضور ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام جسمانی کثافتوں سے خالص کر کے ایسا نور محض بنالیا تھا جس کا سایہ اصلاً ظاہر نہ ہوتا تھا۔ انتہی۔

مجمع بحار الانوار (علامہ طاہر پٹنی) میں ہے :

"من اسمائہٖ ﷺ النور قیل من خصائصہٖ ﷺ انہ اذا مشیٰ فی الارض فی الشمس و القمر لا یظھر لہٗ ظل "۔ انتھیٰ۔

(مجمع بحار الانوار، مطبوعہ نول کشور لکھنؤ، جلد سوم، ص ۴۰۲)

ترجمہ۔ حضور ﷺ کے اسمائے مبارکہ سے ایک اسم پاک "النور" ہے، کہا گیا ہے کہ حضور ﷺ کے خصائص سے یہ بات تھی کہ حضور ﷺ جب سورج یا چاند کی روشنی میں زمین پر چلتے تھے تو حضور

ﷺ کا سایہ نہ ہوتا تھا۔ انتہی۔

علامہ سلیمان جمل "فتوحات احمدیہ شرح ہمزیہ" میں فرماتے ہیں :

"لم یکن لهٗ ﷺ ظلٌ فی شمس ولا قمر"۔ انتهیٰ۔

(فتوحات احمدیہ شرح ہمزیہ، مطبوعہ مصر ۱۳۰۳ھ، ص ۵)

"حضور ﷺ کا سایہ نہ ہوتا تھا نہ سورج کی روشنی میں نہ چاند کی روشنی میں"۔ انتہی

علامہ حسین بن محمد الدیار البکری کتاب "تاریخ الخمیس" میں فرماتے ہیں :

" لم یقع ظلهٗ علی الارض ولا رؤی لهٗ ظلٌ فی شمسٍ ولا قمرٍ "۔ انتهیٰ۔

(تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس، ج ۱، النوع الرابع، مطبوعہ بیروت، ص ۲۱۸)

ترجمہ۔ حضور ﷺ کا سایہ نہ دھوپ میں پڑتا تھا نہ چاندنی میں۔

یہی عبارت "نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی الاطہار" میں ہے۔

عارف کامل حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس سرہ العزیز مثنوی شریف دفتر پنجم میں فرماتے ہیں :

چوں فناش از فقر پیرایہ شود　　او محمد وار بے سایہ شود

درمصرع ثانی اشارہ بمعجزۂ آں سرور ﷺ است کہ آں سرور را سایہ نمی افتاد۔ انتہی۔

(شرح بحر العلوم)

ترجمہ۔ مصرعہ ثانی میں سرور عالم ﷺ کے معجزہ کی طرف اشارہ ہے کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ پڑتا تھا۔ انتہی۔

حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

"وبکشف صریح معلوم گشتہ است کہ خلقت آں سرور علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات ناشی ازیں امکان است کہ بصفات اضافیہ تعلق دارد، نہ امکانیکہ در سائر ممکنات عالم کائن است، ہر چند بدقت نظر صحیفۂ ممکنات عالم را مطالعہ نمودہ می آید، وجود آں سرور آنجا مشہود نمی گردد، بلکہ منشاء خلقت وامکان او علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام در عالم ممکنات نباشد بلکہ فوق ایں عالم باشد ناچار او را سایہ نبود،

ونیز در عالم شہادت سایہ ہر شخص لطیف تر ست وچوں لطیف ترے ازوی در عالم نباشد اورا سایہ چہ صورت دارد، علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات"۔انتہی۔

(مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، مطبوعہ نولکشور لکھنؤ، ص ۱۸۷)

ترجمہ۔ اور کشف صریح سے معلوم ہوا کہ آں سرور عالم ﷺ کی خلقت اس امکان سے ناشی ہے جو صفات اضافیہ سے تعلق رکھتا ہے، نہ اس امکان سے جو تمام عالم ممکنات میں ہے، جس قدر بھی دقت نظر سے صحیفۂ ممکنات عالم کا مطالعہ کیا جائے آں سرور ﷺ کا وجود مبارک وہاں (امکان ممکنات سے متصف ہوکر) ظاہر نہیں ہوتا (حتیٰ کہ) حضور ﷺ کی خلقت وامکان کا منشأ عالم ممکنات میں بالکل نہیں پایا جاتا، بلکہ منشأ خلقت محمدی اس عالم امکان سے بالاتر ہے لہذا ناچار حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا۔

نیز عالم شہادت میں ہر شخص کا سایہ اس سے لطیف تر ہوتا ہے، جب حضور ﷺ سے لطیف تر عالم میں کوئی چیز ہو نہیں سکتی تو حضور ﷺ کا سایہ کیونکر ہوسکتا ہے۔انتہی۔

اس کے بعد اسی مکتوبات جلد سوم کے مکتوب "صد وبست ودوم" کے آخر میں فرماتے ہیں:

"ع ممکن چہ بود کہ ظل واجب باشد۔ واجب را تعالیٰ چرا ظل بود موہم تولید مثل است ومنبی از شائبہ عدم کمال لطافت اصل! ہرگاہ محمد رسول اللہ ﷺ را از لطافت ظل نبود خدائے محمد را چگونہ ظل باشد"۔انتہی

(مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، ص ۲۳۷)

ترجمہ۔ کیسے ممکن ہے؟ کہ واجب کا سایہ ہو، واجب تعالیٰ کے لئے تو سایہ کا ہونا ممکن ہی نہیں، اس لئے کہ سایہ تولید مثل کا وہم پیدا کرتا ہے اور عدم لطافت اصل کا مُظہر ہے، جب کمال لطافت کی وجہ سے محمد رسول اللہ ﷺ کا سایہ نہ تھا تو خدائے محمد کا سایہ کیونکر ہوسکتا ہے؟۔انتہی۔

حضور سیّد عالم ﷺ کے لئے حسی حقیقی نورانیت کے ثبوت میں ناظرین کرام ہمارے دلائل پڑھ چکے، اَب ایک چھوٹی سی عبارت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کی بھی ملاحظہ فرمائی جائے، ان کے عقیدے سے ہمیں بحث

نہیں سر دست الزاماً علی الخصم "نشر الطیب" کی ایک عبارت ہدیہ ناظرین ہے۔

"جب آپ ہنستے تھے تو دیواروں پر چمک پڑتی تھی"۔

(نشر الطیب، ص ۱۶۰)

ناظرین کرام غور فرمائیں کہ یہ عبارت حضور ﷺ کے لئے حسی حقیقی نورانیت کی مثبت ہے یا نہیں؟ اگر گنجائش ہوئی تو دیوبند کا فتویٰ حضور علیہ السلام کے سایہ نہ ہونے کے بارہ میں فتاویٰ دیوبند سے نقل کیا جائے گا لیکن اہل انصاف کو اَب مزید کسی حوالہ کی ضرورت نہیں رہی الحمدللہ، حق آفتاب سے زیادہ روشن ہو گیا۔ ہم نے اس بیان میں جن علماء اُمت اور مصنفین کے اقوال و روایات پیش کئے ہیں اور جن کتابوں سے عبارات نقل کی ہیں ان کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں۔

علماءِ مصنفین

(۱) حکیم ترمذی۔ (۲) حافظ رزین۔ (۳) ابن مبارک۔ (۴) محدث ابن سبع۔ (۵) علامہ ابراہیم بیجوری۔ (۶) قاضی عیاض۔ (۷) مولانا روم۔ (۸) علامہ حسین بن محمد دیار البکری۔ (۹) محدث ابن جوزی۔ (۱۰) صاحب سیرت شامی۔ (۱۱) صاحب سیرت حلبیہ۔ (۱۲) امام جلال الدین سیوطی۔ (۱۳) امام راغب اصفہانی۔ (۱۴) علامہ شیخ محمد طاہر پٹنی۔ (۱۵) علامہ شہاب الدین خفاجی۔ (۱۶) امام قسطلانی۔ (۱۷) امام زرقانی مالکی۔ (۱۸) شیخ عبدالحق دہلوی۔ (۱۹) حضرت مجدد الف ثانی۔ (۲۰) علامہ بحر العلوم لکھنوی۔ (۲۱) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی۔ (۲۲) امام نسفی۔ (۲۳) علامہ سلیمان جمل۔ (۲۴) علامہ ابن حجر مکی۔

ان کے علاوہ دو مولوی مخالفین کے جن میں ایک مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اور دوسرے مولوی اشرف علی صاحب تھانوی ہیں۔

اور جن کتابوں سے ہم نے اپنے بیان کے دلائل کو اخذ کیا ہے ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱) نوادر الاصول فی بیان اخبار الرسول۔ (۲) سیرۃ حلبیہ۔ (۳) خصائص کبریٰ۔ (۴) مفردات امام راغب۔ (۵) مجمع بحار الانوار۔ (۶) نسیم الریاض۔ (۷) شفاء قاضی عیاض۔ (۸) زرقانی۔ (۹) مدارج النبوۃ۔ (۱۰) مکتوبات امام ربانی۔ (۱۱) تفسیر عزیزی۔ (۱۲) تفسیر مدارک۔ (۱۳) مثنوی شریف۔ (۱۴) شرح بحر العلوم۔

(۱۵) افضل القریٰ۔ (۱۶) مواہب اللدنیہ۔ (۱۷) شمائل ترمذی انموج اللبیب اور ان کے علاوہ دیگر کتب معتبرہ سے روشن دلائل اخذ کر کے ناظرین کے سامنے پیش کر دیئے ہیں۔

لیجئے ایک نظر دیوبند کا فتویٰ بھی دیکھتے چلئے۔

آنحضرت ﷺ کا سایہ نہ تھا۔ سوال نمبر ۱۴۶۴

وہ حدیث کون سی ہے جس میں یہ ہے کہ رسول مقبول ﷺ کا سایہ زمین پر واقع نہیں ہوتا تھا؟

الجواب۔ امام سیوطی نے خصائص کبریٰ میں آنحضرت ﷺ کا سایہ زمین پر واقع نہ ہونے کے بارے میں یہ حدیث نقل فرمائی ہے، **اخرج الحکیم الترمذی عن ذکوان ان رسول اللہ ﷺ لم یکن یری لہٗ ظل فی شمسٍ ولا قمرٍ** الخ اور تواریخ حبیب الٰہ میں مفتی عنایت احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ آپ کا بدن نور تھا اسی وجہ سے آپ کا سایہ نہ تھا، مولوی جامی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کا سایہ نہ ہونے کا خوب نکتہ لکھا ہے اس قطعہ میں۔

پیغمبر ما نداشت سایہ
تا شک بدل یقیں نیفتد
یعنی ہر کس کہ پیرو اوست
پیدا ست کہ پا زمیں نیفتد

(عزیز الفتاویٰ، جلد ہشتم، ص۲۰۲)

ایک شبہ کا جواب

فتاویٰ دیوبند سے فتویٰ منقولہ بالا نقل کرتے وقت ایک دوست نے شبہ وارد کیا کہ میں نے دیوبندی کے کسی مجموعہ فتاویٰ میں اس فتوے کے خلاف فتویٰ دیکھا ہے، فقیر نے جواباً عرض کیا کہ ان حضرات کے فتووں کا اختلاف کوئی نئی بات نہیں، نہ ہمیں اس سے کوئی بحث ہے، ہم تو صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جن لوگوں نے محض اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اس مسئلہ کو منسوب کیا وہ اعلیٰ حضرت پر افتراء کرتے ہیں در اصل ان کے مقتداء بھی ایسے فتوے دیتے چلے آئے اور انہوں نے اس حقیقت کو تسلیم کیا کہ واقعی حضور ﷺ کا بدن مبارک نور تھا، جس کی وجہ

سے حضور ﷺ کا سایہ زمین پر نہ پڑتا تھا اور عارف جامی جیسے حضرات کا بھی یہ مسلک ان کے نزدیک مسلّم ہے، اَب اگر وہ اس کے خلاف لکھیں تو موردِ الزام وہ خود بنتے ہیں، جس کا جواب ان کے اپنے ذمہ ہے کہ جس بات کو وہ اہل حق کا مسلک مان چکے ہیں اس کا انکار کیوں کرتے ہیں ؟

ایک اور اعتراض کا جواب

اس مقام پر ایک یہ اعتراض بھی ہوسکتا ہے کہ اگر واقعی حضور ﷺ کا جسم مبارک نور تھا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس حدیث کے کیا معنی ہوں گے کہ نبی کریم ﷺ میرے حجرۂ مبارکہ میں رات کی نماز پڑھتے تھے چراغ نہ ہونے وجہ سے اندھیرا ہوتا تھا اور حضور علیہ السلام جب سجدہ میں جاتے تو میرے پاؤں کو اپنے مبارک ہاتھ سے دبا دیتے اور میں اپنے پاؤں سکیڑ لیتی تب حضور ﷺ سجدہ فرماتے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث سے یا اس قسم کی بعض دیگر روایات سے نورِ اقدس کے وجود کی نفی ہرگز ثابت نہیں ہوتی، بلکہ غایت مافی الباب نورِ مبارک کے ظہور کی نفی ہوگی اور نفیِ ظہور، نفیِ وجود کو مستلزم نہیں، ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ نور دو قسم کا ہے حسّی اور معنوی، دیکھئے علم و ادراک نورِ معنوی ہے لیکن جب عدمِ التفات کا حال طاری ہوتا ہے تو اس وقت نورِ علم کا ظہور نہیں ہوتا، مگر اس کے وجود کی نفی آپ نہیں کر سکتے، کیونکہ تصدیق اور ایمان بھی علم ہے، جب مومن مصدق پر نیند، بے ہوشی یا اس کے علاوہ کسی قسم کے عدمِ التفات از قبیل ذہول وغیرہ کا غلبہ ہوتا ہے تو ظہورِ علم کی نفی ہوگی، وجود کی نفی نہیں ہوسکتی ورنہ علم کی نفی سے تصدیق کی نفی ہو جائے گی، کیونکہ وہ تصدیق کا مقسم ہے اور تصدیق ہی عین ایمان ہے، تو معاذ اللہ ان سب حالتوں میں مومن کے ایمان کی نفی ہوگی حالانکہ یہ قطعاً باطل ہے، پس جس طرح نورِ معنوی بعض احوال میں ظاہر نہیں ہوتا مگر موجود ہوتا ہے اسی طرح بمقتضائے حکمت ایزدی کسی وقت نورِ حسّی بھی ظاہر نہ ہو تو اس کا وجود منتفی نہ ہوگا، دیکھئے اسی حدیث میں نورِ اقدس کے عدمِ ظہور سے دین کے کئی مسئلے پیدا ہوگئے، مثلاً اگر نمازی پوری طرح مطمئن ہے تو اندھیرے میں نماز کا جواز ثابت ہوا، پھر یہ کہ نمازی کے سامنے عورت کا جانب قبلہ میں معترض ہونا مفسدِ صلوٰۃ نہ رہا، تیسرے یہ کہ نمازی اگر بحالتِ نماز عورت کے جسم کو ہاتھ لگا دے تو وضو اور نماز دونوں صحیح ہیں، اگر اس وقت حضور کا نور بالقوہ نہ ہو جاتا تو یہ مسائل کیسے مدوّن ہوتے؟ یاد رکھئے حضور کی ادائیں دین ہیں، اسی لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لقد کان لکم فی رسول اللہ اُسوۃٌ

حسنۃ الغرض بر بنائے حکمت جیسے نور معنوی کا عدم ظہور جائز ہے اسی طرح حکمت کے پیش نظر نور حسی کا عدم ظہور بھی یقیناً جائز اور ممکن ہے مگر اس سے عدم وجود پر استدلال کرنا بے نوری کی دلیل نہیں تو اور کیا ہے؟

حرف آخر

الحمدللہ! ہم نے نہایت بسط وتفصیل کے ساتھ بیان کر دیا کہ حضور ﷺ کا جسم پاک ایسا نورانی اور لطیف تھا کہ اس کا سایہ زمین پر نہ پڑتا تھا، نفی سایہ کے بیان سے ہم فارغ ہو گئے البتہ حدیث ذکوان کے متعلق ابھی کچھ عرض کرنا باقی ہے۔ فاقول وبه التوفيق

اس میں شک نہیں کہ حدیث ذکوان ضعیف ہے، لیکن ایسی نہیں کہ بالکل ساقط الاعتبار ہو، چہ جائیکہ اسے موضوع کہا جائے، اس لئے اگر یہ حدیث بالکل ساقط الاعتبار یا موضوع ہوتی تو وہ جلیل القدر ائمہ حدیث جن کی عبارات ہم اپنے بیان میں نہایت بسط وتفصیل کے ساتھ نقل کر آئے ہیں ہرگز اس روایت کو حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی تائید میں پیش نہ کرتے۔

اہل علم خوب جانتے ہیں کہ جن احادیثِ ضعیفہ کو محدثین نے مجروح کر کے چھوڑ دیا اور کسی معتبر محدث نے ان سے کوئی استدلال نہیں کیا نہ کسی مسئلہ کی تائید میں انہیں پیش کیا ان سے استدلال کرنا ضرور محلِ نظر ہے، لیکن جن احادیث ضعیفہ سے اہل علم نے استدلال کیا یا انہیں کسی مسئلہ کی تائید میں پیش کیا، انہیں علی الاطلاق ساقط الاعتبار قرار دینا کسی طرح جائز نہیں ہو سکتا کیونکہ ایسی صورت میں وہ تمام محدثین اور علمائے اعلام مورد طعن قرار پائیں گے جنہوں نے ان احادیث کو کسی مسئلہ شرعیہ کی دلیل یا اس کا مؤید قرار دیا ہے اور اگر اس بارے میں کوئی شخص ان تمام اجلہ محدثین کے خلاف اپنے خیال کو صحیح سمجھتا ہے تو یہ اس کی جرأت عظیمہ ہے جو اہل انصاف کے نزدیک کسی طرح مقبول اور پسندیدہ نہیں ہو سکتی۔

علاوہ ازیں ابواب فضائل ومناقب میں ضعاف کا معتبر ہونا ایک حقیقت ثابتہ ہے، جس کا انکار محض تعصب واعتساف ہے۔

اس کے بعد یہ بھی عرض کر دوں کہ رسول اللہ ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی اصل دلیل ہمارے نزدیک وہ آیات قرآنیہ مرقومہ بالا ہیں جن میں حضور ﷺ کو نور فرمایا گیا ہے، نیز وہ احادیث مذکورۃ الصدر ہیں جن سے حضور

ﷺ کے لئے ہم کامل نورانیت ثابت کر چکے ہیں اور سایہ نہ ہونے کی روایات ان آیات واحادیث کے مضمون کی مؤید ہیں، ایسی صورت میں ان کا ضعف کسی حال میں بھی ہمارے لئے مضر نہیں۔

اگر آپ اعتراض کریں کہ جب حضور علیہ السلام کا سایہ ہونا قرآن وحدیث سے ثابت ہے تو اس کا منکر تمہارے نزدیک خارج از اسلام ہونا چاہئے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہماری پیش کردہ نصوص چونکہ دوسرے معنی کی بھی محتمل ہیں اس لئے ان کا یہ حکم قطعی نہیں لہذا منکر کو ہم خارج از اسلام نہیں کہہ سکتے۔

ہاں اس میں شک نہیں کہ دوسرا احتمال چونکہ ضعیف ہے اس لئے وہ ہمارے استدلال سے مانع نہیں ہوسکتا، لہذا باب مناقب میں ان سے ہمارا دعویٰ بھی ثابت ہوجائے گا اور عدم قطعیت کی وجہ سے اس کا منکر کافر بھی نہ ہوگا۔

پھر یہ کہ فقہاء اور اہل علم جس حدیث ضعیف سے کسی مسئلہ پر استدلال کریں یا اسے کسی مسئلہ شرعیہ کا مؤید قرار دیں تو اس میں فی الجملہ قوت پیدا ہوجاتی ہے۔ **کما لا یخفی علی الذکی۔**

چونکہ اس حدیث کو بھی علماء محدثین نے حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی دلیل یا اس کا مؤید قرار دیا ہے اس لئے اس میں ایسی قوت پیدا ہوگئی جس کی وجہ سے اسے بالکلیہ ساقط الاعتبار کہنا درست نہیں۔

علاوہ ازیں یہ حدیث صرف ذکوان سے نہیں بلکہ سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی مروی ہے جیسا کہ زرقانی علی المواہب میں ہے :

"فھو مرسلٌ لکن روی ابن المبارك وابن الجوزی عن ابن عباس لم یکن للنبی ﷺ ظل۔" الحدیث

(زرقانی، جلد رابع، مطبوعہ مصر، ص ۲۲۰)

اور زرقانی علی المواہب کے متعلق آپ کے علامہ شبلی نعمانی "سیرۃ النبی" میں ارقام فرماتے ہیں :

"زرقانی علی المواہب، یہ مواہب اللدنیہ کی شرح ہے اور حقیقت یہ ہے کہ سہیلی (روض الانف) کے بعد کوئی کتاب اس جامعیت اور تحقیق سے نہیں لکھی گئی، آٹھ جلدوں میں ہے اور مصر میں چھپ گئی ہے"۔

(سیرۃ النبی، مؤلفہ شبلی نعمانی، جلد اوّل، طبع پنجم، ص ۳۷)

لہٰذا اس حدیث کو مرسل کہہ کر پیچھا چھڑانا ممکن نہیں، ہاں! بعض رواۃ کی جہت سے اس کا ضعف مسلّم ہے، لیکن یاد رہے کہ اس حدیث کی صرف ایک روایت نہیں بلکہ ایک سے زائد روایتوں سے یہ حدیث مروی ہے جیسا کہ زرقانی کی منقولہ عبارت سے ثابت ہے لیکن تائید مزید کے لئے آپ کے علامہ شبلی نعمانی کی ایک عبارت بھی پیش کئے دیتا ہوں، دیکھئے وہ لکھتے ہیں :

''ضعیف روایتوں میں ہے کہ آنحضرت صلعم کا سایہ نہ تھا، یعنی زمین پر جسم اقدس کا سایہ نہیں پڑتا تھا، لیکن محدثین کے نزدیک یہ روایتیں صحت سے خالی اور ناقابل اعتبار ہیں''۔

(سیرۃ النبی، مؤلفہ شبلی نعمانی، جلد دوم، ص ۱۹۸)

شبلی صاحب نے اس عبارت میں دو جگہ ''ضعیف روایتوں'' اور ''یہ روایتیں'' لکھ کر اس بات کو تسلیم کر لیا کہ حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کا مضمون ایک سے زیادہ کئی روایتوں میں آیا ہے، مانا کہ وہ سب ضعیف ہیں لیکن بہر حال وہ ایک روایت نہیں بلکہ کئی روایتیں ہیں، اس کے باوجود بھی انہیں ناقابل اعتبار کہنا ستم ظریفی نہیں تو کیا ہے؟ فن حدیث سے تھوڑی سی واقفیت رکھنے والا بھی جانتا ہے کہ ضعیف روایت طرق متعددہ سے مروی ہو تو اسے علی الاطلاق ناقابل اعتبار نہیں کہہ سکتے، اور علمائے محدثین کی عبارات تو ہم پہلے ہی نقل کر چکے ہیں جن کو پڑھ کر ہمارے ناظرین کرام کو محدثین کا مسلک معلوم ہو گیا ہو گا۔

ایک معمّہ

عبارت منقولہ بالا میں شبلی صاحب نے حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی روایتوں کی سند کا وجود تو مان لیا، یہ اور بات ہے کہ صحت کی نفی اور ضعف کا اثبات کیا لیکن بہر نوع سند کو ضرور تسلیم کیا کیونکہ صحیح یا ضعیف ہونا دراصل سند ہی کی صفت ہے اگر سند کا وجود نہ ہو تو صحت و ضعف کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

لیکن یہی شبلی صاحب اس سے پہلے ص ۱۹۷ میں ارقام فرما چکے ہیں :

''عام طور سے مشہور ہے کہ آپ کے سایہ نہ تھا لیکن اس کی کوئی سند نہیں''۔

(سیرۃ النبی، مؤلفہ شبلی نعمانی، جلد دوم، ص ۱۹۷)

اَب یہ معمہ شبلی صاحب یاان کے مقلدین ہی حل فرمائیں گے کہ حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی جب کوئی سند ہی نہیں تو آپ کس چیز کو صحت سے خالی اور ضعیف قرار دے رہے ہیں۔

جن مودودیت زدہ لوگوں نے ازراہ تعصب! حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی حدیث کو مرسل اور ضعیف کہہ کر بالکل ساقط الاعتبار قرار دیدیا، نہ تعدد روایات کا لحاظ رکھا نہ اجلۂ فضلائے اُمت کے مسلک کو دیکھا، گویا جلیل القدر محدثین کے مسلک کو قرآن وحدیث کے خلاف سمجھا، ان کی خدمت میں نہایت اخلاص کے ساتھ گزارش ہے کہ اس مقام پر ذرا مودودی صاحب کے ارشادات ہی ملاحظہ فرمالئے ہوتے، آپ کے مودودی صاحب نے ایک مرسل اور ضعیف حدیث سے پردہ کے بارہ میں (باب احکام میں) استدلال کیا مگر استاذ ناصر الدین نے جب ان کی گرفت کی تو مودودی صاحب نے ان کو وہی جوابات دیئے جو ایک زمانہ سے ہم آپ کی خدمت میں پیش کرتے چلے آئے ہیں، خدارا عناد کو چھوڑ کر ذرا انصاف کیجئے شرعی مسائل میں یہ جنبہ داری اچھی نہیں، وہاں تو احکام کا معاملہ ہے اور یہاں محض مناقب کا مسئلہ ہے اگر اَب بھی آپ اپنی ضد پر اڑے رہے تو یہ حق پسندی نہ ہوگی، مودودی صاحب کے بیان سے چند اقتباسات پیش کرتا ہوں انہیں غور سے پڑھ لیجئے، ماننا نہ ماننا آپ کی مرضی پر موقوف ہے، وہ ترجمان القرآن میں فرماتے ہیں:

''اولاً یہ بات اصحاب علم سے پوشیدہ نہیں ہے اور فاضل استاذ سے بھی پوشیدہ نہ ہوگی کہ ایک ضعیف حدیث اگر کسی مضمون کے بیان کرنے میں منفرد ہو تو اس کے ضعف سند کی وجہ سے اس کا حکم بھی ضعیف ہو جاتا ہے، لیکن اگر متعدد ضعیف احادیث ایک مضمون کے بیان کرنے میں متفق ہوں تو چاہے ان میں سے ہر ایک فرداً فرداً بلحاظ اسناد کتنی ہی ضعیف ہو ان کا مشترک مضمون قوی ہو جاتا ہے، استاذ محترم نے میری نقل کردہ ایک حدیث کے ضعف پر کلام کیا ہے مگر اس بات کو نظر انداز کردیا ہے کہ ان ضعیف احادیث کی مجموعی شہادت سے ان کے مشترک مضمون کو قوت حاصل ہوتی ہے یا نہیں۔

ثانیاً حدیث ضعیف کے معنی لازماً یہی نہیں ہے کہ وہ جھوٹ اور موضوع ہے، اس میں صدق اور کذب دونوں کا احتمال ہوتا ہے، کذب کا احتمال یہ تقاضا ضرور کرتا ہے کہ اس حکم کے معاملہ میں

احتیاط برتی جائے جو اس میں بیان کیا گیا ہو پھر جب کہ اسی حکم کا ذکر متعدد دوسری ضعیف احادیث میں بھی ہو تو اس کے احتمالِ صدق کا پہلو زیادہ راجح ہو جاتا ہے، ہم چاہے یہ نہ کہہ سکیں کہ ان احادیث سے فلاں فعل کا واجب یا حرام ہونا ثابت ہوتا ہے لیکن یہ تو ضرور کہہ سکتے ہیں کہ فلاں فعل شرع پسندیدہ ہے یا ناپسندیدہ، اور فلاں فعل کرنا چاہئے یا نہ کرنا چاہئے کم از کم اس سے شریعت کے رجحان کا پتہ ضرور چلتا ہے۔

ثالثاً یہ بات بھی فاضل استاذ سے پوشیدہ نہ ہوگی کہ فقہاء کی تلقی بالقبول احادیث کے ضعف میں نہیں بلکہ اس کی قوت میں اضافہ کرتی ہے"۔

(ماہنامہ ترجمان القرآن، لاہور، شمارہ جنوری ۱۹۶۰ء، ص ۲۴)

اس کے بعد ص ۲۵ پر فرماتے ہیں :

"فاضل استاذ درست کہتے ہیں کہ یہ حدیث مرسل ہے اس لئے ضعیف ہے لیکن صرف مرسل اور ضعیف ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ خبر بالکل جھوٹ اور ساقط الاعتبار ہی ہو"۔

اس کے بعد ص ۲۶ پر فرماتے ہیں :

"جہاں تک قرآن اور سنت صحیحہ کے خلاف دعویٰ ہے اس کے متعلق تو میں بعد میں کچھ عرض کروں گا، لیکن یہاں اتنی بات عرض کئے بغیر میں نہیں رہ سکتا کہ ابن جریر اور قتادہ نہ تو قرآن سے اس قدر ناواقف ہیں کہ ایک چیز اس کے خلاف ہو مگر انہیں اس کا احساس نہ ہو اور نہ وہ ایسے جری ہیں کہ جان بوجھ کر ایک مخالف قرآنی بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر دیں، ایسا دعویٰ کرنے سے پہلے استاذ ناصر الدین کو اپنی جگہ اچھی طرح غور کر لینا چاہئے تھا کہ وہ کیا فرما رہے ہیں"۔

آگے چل کر ص ۳۳ پر فرماتے ہیں کہ :

"اس کے متعلق استاذ موصوف کا پہلا اعتراض یہ ہے کہ یہ مرفوع نہیں بلکہ موقوف ہے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول و فعل نہیں بلکہ ایک صحابیہ کا فعل ہے، اگر استاذ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ آثار صحابہ ناقابل احتجاج ہیں اور ان سے کوئی رہنمائی حاصل نہیں ہوتی، یا ان کا مطلب یہ ہے کہ عورتوں کے معاملہ

میں شریعت کا منشاء معلوم کرنے کے لئے اُمہات المومنین کا عمل کوئی معتبر ذریعہ نہیں"۔

مودودی صاحب کے اس بیان کی روشنی میں حسب ذیل امور واضح ہو گئے :

۱۔ حدیث ذکوان جس میں حضور ﷺ کے جسمانی سایہ کی نفی ہے، باوجود مرسل اور ضعیف ہونے کے فی الجملہ قوت رکھتی ہے اس لئے کہ دیگر روایات اس کے مضمون کی مؤید ہیں، جیسا کہ ہم بالتفصیل عرض کر چکے ہیں۔

۲۔ محض ضعف کی وجہ سے اس حدیث کو جھوٹا اور موضوع کہنا جائز نہیں، اس کی روشنی میں کم از کم شریعت کا یہ رجحان تو ظاہر ہو گیا کہ حضور علیہ السلام کا سایہ نہ تھا۔

۳۔ محدثین کا اس حدیث کو حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کے ثبوت یا اس کی تائید میں پیش کرنا اس کے ساقط الاعتبار ہونے کی تردید کرتا ہے۔

مخلصانہ گزارش

اپنے مخالفین کی خدمت میں ایک دفعہ پھر گزارش کروں گا اور مخلصانہ عرض کروں گا کہ حضور سیّد عالم ﷺ کو نور مان کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جسم اقدس سے سایہ کی نفی کرنے میں حسب ذیل اعلام اُمت ہمارے مقتداء ہیں جن کی چمکتی ہوئی عبارات کتب معتبرہ سے ہم نقل کر چکے ہیں اور بنظر سہولت اکثر کتابوں کے صفحات بھی تحریر کر دیئے ہیں۔

(۱) حکیم ترمذی۔(۲) حافظ رزین ۔(۳) ابن مبارک۔ (۴) ابن جوزی۔ (۵) ابن سبع۔ (۶) قاضی عیاض۔ (۷) جلال الدین سیوطی۔ (۸) علامہ حسین بن محمد دیار بکری۔ (۹) علامہ برہان الدین حلبی۔ (۱۰) عارف رومی۔ (۱۱) شہاب الدین خفاجی۔ (۱۲) امام قسطلانی۔ (۱۳) علامہ زرقانی۔ (۱۴) امام راغب اصفہانی۔ (۱۵) امام نسفی۔ (۱۶) مجدد الف ثانی۔ (۱۷) علامہ ابراہیم بیجوری۔ (۱۸) علامہ بحر العلوم لکھنوی۔ (۱۹) شاہ عبدالحق محدث دہلوی۔ (۲۰) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی۔ علیہم الرحمۃ والرضوان۔

اگر ہمارے خلاف حضور ﷺ کی نورانیت کی نفی اور جسمانی سایہ کے ثبوت میں ایسے ہی محققین اعلام اُمت کے صریح اور واضح اقوال آپ کے پاس ہیں تو از راہ کرم قائلین کے اسماء گرامی کے ساتھ اسی طرح دکھائیں جیسے ہم نے مسلّم بزرگان دین کے ارشادات اور ان کے اسماء گرامی کی فہرست آپ کے سامنے پیش کی ہے۔

اُولٰـئِكَ اٰبَـــائـــی فـجـئـنـــا فـجـاهـم
اذا جـمـعـتـنـــا یـــا جـریـر الـمـجـامـع

ورنہ برائے کرم غور فرمایئے کہ کیا ان اعلام اُمت نے معاذ اللہ! قرآن وحدیث کے خلاف اپنی طرف سے ایک جھوٹی بات حضور ﷺ کی طرف منسوب کردی؟ آپ کے خیال میں یہ حضرات قرآن وحدیث سے ایسے ہی ناواقف تھے کہ ایک خلاف واقعہ امر کو انہوں نے حضور ﷺ کی طرف نہایت شدومد کے ساتھ منسوب کردیا، اور انہیں اس کا احساس تک نہ ہوا۔

مجدد الف ثانی

پھر سب سے زیادہ عجیب یہ بات ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی حضور سید عالم ﷺ کو نور مان کر حضور کے جسم اقدس سے سایہ کی بار بار نفی فرمائی اور نہایت لطیف ونفیس انداز بیان میں اس نورانی مضمون کو ادا فرمایا۔

حضرت مجدد الف ثانی کو تمام دیوبندی اور خصوصاً مودودی قسم کے لوگ بھی مجدد مانتے ہیں اور وہ یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ مجدد کا کام یہ ہے کہ دین میں لوگوں کی پیدا کی ہوئی خرابیوں کا ازالہ کرے، مسلمانوں کے غلط اور فاسد خیالات کی تردید اور عقائد حقہ کی ترویج وتائید مجدد کے فرائض تجدید کا جزو لاینفک ہے، لیکن اس کے باوجود ہمارے ناظرین کرام نے دیکھ لیا کہ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضور اکرم نورِ مجسم ﷺ کی نورانیت کا عقیدہ ظاہر فرمایا اور جسم اقدس کے سایہ کی نفی فرمائی، جو اس امر کی روشن دلیل ہے کہ حضور ﷺ کے نور ہونے کا اعتقاد اور جسم اقدس کے سایہ کی نفی کا مسلک ہی حق ہے اور اس کا انکار کرنا شرعی نقطۂ نظر سے قطعاً غلط اور فاسد ہے۔

الحمدللہ! حدیث ذکوان پر کلام ختم ہوا اور مسئلہ ظل نبی ﷺ کی نفی کے پہلو کا مکمل جائزہ ناظرین کرام کے سامنے آگیا، اَب دلائل اثبات پر کلام شروع کرتا ہوں، علیہ توکلت وبہ استعین۔

حضور ﷺ کے سایہ ہونے کی پہلی دلیل

ایک عامۃ الورود واقعہ میں تمام صحابہ کا سکوت دلیل ہے کہ حضور کا سایہ تھا۔

(ملخص از مکتوب میرزا ریاض احمد صاحب لاہوری، بحوالہ تجلی دیوبند)

جائزہ

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی دلیل قرآن وحدیث کی وہ نصوص ہیں جن سے حضور سیّد عالم ﷺ کی کمال نورانیت اور لطافت ثابت ہوتی ہے، ناظرین کرام پڑھ چکے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے جسمانی نور سے دیواریں روشن ہوجاتی تھیں، تو جب ان آیتوں کی تلاوت شب وروز صحابہ کرام کرتے تھے اور ان حدیثوں کو روایت کرنے والے بھی صحابہ کرام ہی ہیں تو اب ان کا سکوت کہاں رہا؟ ذرا غور فرمائیے کہ صحابہ کرام حضور ﷺ کے لئے حسی حقیقی نورانیت کے قائل ہیں اور حسی حقیقی نورانیت کے لئے سایہ نہ ہونا لازم ہے تو جس نے حضور ﷺ کو نور حسی حقیقی کہا اس نے حضور ﷺ کے جسم اقدس سے سایہ کی نفی کی، یاد رکھئے لوازم ہینہ محتاجِ بیان نہیں ہوا کرتے، ملزوم کا ذکر ہی لازم کا ذکر ہوتا ہے، اگر میں کہوں کہ سورج نکل آیا تو اس یہ مطلب نہیں کہ میں وجودِ نہار سے سکوت اختیار کیا یا میں نے کسی کو بنی آدم کہا تو اس سے یہ نتیجہ نکالنا ہرگز درست نہیں کہ میں اس کے انسان ہونے سے ساکت ہوں، کسی کو صالح کہنا اس کے مومن ہونے سے سکوت اختیار کرنا نہیں بلکہ اس کے ایمان کا اقرار ہے، دیکھئے قرآن وحدیث میں کہیں نہیں آیا کہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے نہ کسی صحابی نے اللہ تعالیٰ کو واجب الوجود کہا، اب اگر کوئی سادہ لوح یہ کہہ دے کہ قرآن وحدیث اور تمام صحابہ کرام اللہ تعالیٰ کے واجب الوجود ہونے سے ساکت ہیں تو یہ اس کی نادانی ہوگی کیونکہ جب قرآن وحدیث میں اللہ تعالیٰ کو سبحان کہا گیا اور تمام صحابہ اللہ تعالیٰ کی سبحانیت کے قائل ہیں تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے واجب الوجود ہونے کا اقرار کررہے ہیں کیونکہ سبحان کے لئے واجب الوجود ہونا لازم ہے، بس اسی طرح حضور ﷺ کے نور حقیقی ہونے کی وجہ سے حضور ﷺ کے لئے سایہ نہ ہونا لازم ہے، اور ملزوم کا اقرار لازم کا اقرار ہوتا ہے، اس لئے صحابہ کرام کو اس مسئلہ میں ساکت کہنا صحیح نہیں۔

رہا یہ امر کہ حضور ﷺ کو بے سایہ دیکھ کر کافر ایمان کیوں نہ لائے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ جو لوگ ایمان لانے والے نہ تھے وہ اس سے بھی بڑے عظیم وجلیل معجزات دیکھ کر ایمان نہیں لائے، کسی کے ایمان نہ لانے سے حضور ﷺ کے کسی کمال یا معجزہ کی نفی نہیں ہوسکتی۔

لوگوں کو حضور علیہ السلام کے سایہ نہ ہونے پر تعجب ہے اور میں عرض کروں گا کہ حضور ﷺ کی نورانیت ثابت ہو جانے کے بعد حضور کا سایہ تعجب کی بات ہے، ہر شخص جانتا ہے کہ کثیف چیز کا سایہ ہرگز تعجب کا باعث نہیں ہوتا، البتہ اگر کسی لطیف نورانی چیز کا سایہ پڑنے لگے تو ہر شخص کو تعجب ہوگا، جب حضور نبی کریم ﷺ کی نورانیت ولطافت اظہر من الشمس تھی تو اب سایہ نہ ہونے پر کیا تعجب رہا ؟

اس کے بعد اتنی بات اور عرض کردوں کہ ہمارے پیش کردہ بیس سے زیادہ ائمہ اعلام نے جب حضور ﷺ کے جسم اقدس سے سایہ کی نفی کردی تو اس کے بعد تمام علمائے اُمت کا سکوت اس امر کی روشن دلیل ہے کہ یہ مسلک حق ہے اور جو استشہاد اس بارے میں کیا گیا ہے صحیح ہے ورنہ ایک غلط استدلال اور باطل عقیدہ کے سامنے آجانے کے بعد کسی اہل حق کے لئے سکوت جائز نہیں ہوسکتا۔

ثبوت ظل کی احادیث

اَب ان احادیث پر کلام کرتا ہوں جنہیں مخالفین نے حضور ﷺ کے جسمانی سایہ کے ثبوت میں پیش کیا ہے، وہ تین حدیثیں ہیں جو ناظرین کرام اس مضمون کے شروع میں پڑھ چکے ہیں، ان میں ایک حدیث مسند امام احمد کی ہے اور دوسری مجمع الزوائد کی، یہ دونوں حدیثیں ایک ہی واقعہ کے بیان میں وارد ہیں، وہ واقعہ ناظرین کرام کے سامنے آچکا ہے جو اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حجۃ الوداع سے واپسی کے وقت اثناء سفر میں اُم المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اونٹ بیمار ہوگیا، اُم المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس ضرورت سے زائد اونٹ تھا، حضور ﷺ نے حضرت زینب سے فرمایا کہ تم ایک اونٹ صفیہ کو دے دو، انہوں نے کہا حضور! اس یہودیہ کو میں اپنا اونٹ دے دوں؟ حضور علیہ السلام اس بات پر حضرت زینب سے ناراض ہوگئے اور ان سے بات چیت چھوڑ دی، یہ واقعہ حجۃ الوداع سے واپسی کے موقعہ پر سفر میں ذی الحجہ کے آخری دنوں میں پیش آیا تھا وہ باقی ایام سب اسی حالت میں گزرے حتیٰ کہ ماہ محرم اور ماہ صفر اور اس کے بعد ربیع الاوّل شریف کے چند دن بھی اسی ناراضگی کے حال میں بسر ہوئے، حضرت زینب فرماتی ہیں میں نے سمجھا کہ حضور ﷺ کو اَب میری کوئی حاجت نہیں رہی، اس لئے میں نے اپنا بستر اور چارپائی وغیرہ سامان اُٹھا دیا، اسی اثناء میں میں ایک دن بیٹھی ہوئی تھی کہ اچانک ٹھیک نصف النہار کے وقت میں نے حضور ﷺ کے ظل مبارک کو اپنی طرف

آتے ہوئے دیکھا۔

مخالفین کے مبلغ علم پر حیرت ہوتی ہے کہ انہیں جہاں لفظ ظل نظر آیا فوراً اس کے معنی جسم کے تاریک سایہ کے سمجھ لئے، ایسی ذہنیت والوں سے تعجب نہیں کہ وہ حدیث مبارک **سبعة يظلهم الله بظله** (سات آدمی ایسے ہوں گے جن پر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنا سایہ ڈالے گا) اور اسی طرح دوسری حدیث **يوم لا ظل الا ظله** (قیامت کے دن اللہ کے سایہ کے سوا کسی کا سایہ نہ ہوگا) پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے لئے بھی جسمانی تاریک سایہ ثابت کردیں۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔

سابقاً عرض کر چکا ہوں کہ مسند امام احمد اور مجمع الزوائد کی دونوں کتابوں میں یہی ایک واقعہ مروی ہے، حادی الارواح کی حدیث کا جوب ان شاء اللہ آخر میں پیش کروں گا، پہلے اسی واقعہ کی دونوں حدیثوں کا جواب عرض کرتا ہوں جس کے چار مقدمے ہیں، ان شاء اللہ ترتیب وار ہر مقدمہ کے دلائل لکھوں گا، جنہیں پڑھ کر ناظرین کرام پر واضح ہو جائے گا کہ مخالفین کا استدلال ان اوھن البیوت لبیت العنکبوت سے بھی گیا گزرا ہے۔

امر اوّل

"ظل" کے معنی کا بیان اور اس بات کا ثبوت کہ لفظ "ظل" لغتِ عرب میں "شخص" اور "جسم" کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔

امر دوم

ظل اور فئی کے معنی میں فرق ہے۔

امر سوم

جس دن حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ٹھیک نصف النہار (دوپہر) کے وقت حضور ﷺ کے ظل کریم کو دیکھا تھا وہ دن گرمی کے موسم میں تھا۔

امر چہارم

موسم گرما میں نصف النہار کے وقت ظل اور فئی کا وجود نہیں ہوتا۔

امر اوّل

ظل کے معنی کا بیان اور ''ظل'' بمعنی شخص اور جسم کا ثبوت

۱۔ منتہی الارب لفظ ظل کے تحت فرماتے ہیں :

(۱) راحت و (۲) نعمت و خیال کہ از دیو و پری و جز آں پید شد۔ و (۳) اسپ مسلمہ بن عبدالملک و (۴) ارجمندی و (۵) استواری، و (۶) ریشہ و پرزہ (۷) جامہ و (۸) شب یا (۹) بہرہ از شب، و (۱۰) کالبد و، (۱۱) شخص ہر چیزے یا (۱۲) پوشش آں، و (۱۳) اوّل جوانی۔

(منتہی الارب، جلد ۳، ص ۷۸)

۲۔ اسی طرح تاج اللغت میں لفظ ظل کے معنی بیان کرتے ہوئے ارقام فرمایا :

و نیز خیالے کہ (۱) دیدہ میشود از جن وجز آں، و نام (۲) اسپ مسلم بن عبدالملک و (۳) عزت و (۴) غلبہ و (۵) ریشہ و (۶) تار جامہ کہ از دوختن دو طرف جامہ ظاہر شود زمخشری گوید هذا ثوبٌ مالهٗ ظل ۔ آگے چل کر فرماتے ہیں ظل کل شئی (۷) شخص آں چیز یا (۸) پردہ آں ۔ انتہی۔

(تاج اللغت، فصل الزاء)

۳۔ القاموس المحیط میں ہے :

الظلّ ، بالكسر :نقيض الضح ، أهو الفيءُ ، أهو بالغداة ، والفيْ بالعشي،جمع ظلالٌ وظلولٌ وأظلالٌ، والجنة ۔ ومنه :(ولا الظلّ ولاالحرور) ، والخيال من الجن وغيره يرىٰ ، وفرس مسلمة بن عبدالملك ، والعز والمنعة ، والزئبرُ، والليل او جنحه ، ومن كل شيء ، :شخصه ، او كنه ، او من الشباب اولهٗ ، ومن القيظ :شدته ، ومن السحاب :ماواری الشمس منه، أسواده، ومن النهار :لو نهاذا غلبته الشمس ، وهو فی ظله: كنفه ۔انتہی۔

(القاموس المحیط جلد رابع ص ۲، فصل الزاء، مطبوعہ فتح الکریم بمبئی)

(طبع موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۲۰۰۵ء، ص ۱۰۲۸)

ترجمہ۔ ظل بالکسر روشنی کی نقیض ہے یا ظل بمعنی فئی (سایہ) ہے یا ظل صبح کو ہوتا ہے اور فئی شام کو ہوتا ہے، جمع ظلال، ظلول اور اظلال ہے اور ظلِ جنت کو بھی ظل کہتے ہیں اور اسی سے ہے ولا الظل ولا الحرور اور ظل جن وغیرہ کے خیال کو بھی کہتے ہیں اور مسلمہ بن عبد الملک کے گھوڑے کو بھی ظل کہتے ہیں، ظل کے معنی عزت بھی ہیں اور ظل کے معنی قوت اور غلبہ کے بھی ہیں اور ظل کپڑے کے تاگے کو بھی کہتے ہیں جو سینے کی وجہ سے دونوں طرف نظر آتا ہے، ظل کے معنی رات بھی ہیں اور ظل رات کی تاریکی کو بھی کہتے ہیں اور ہر چیز کے شخص اور بدن کو بھی ظل کہا جاتا ہے، یا کسی شئے کے پردے اور لباس کو بھی ظل کہتے ہیں، اوّل جوانی کو بھی ظل کہا جاتا ہے اور گرمی کی شدت کو بھی ظل کہتے ہیں اور بادل کے اس حصے کو بھی ظل کہتے ہیں جو سورج کو ڈھانک لے، اور بادل کی سیاہی کو بھی ظل کہا جاتا ہے اور دن کے رنگ کو بھی ظل کہتے ہیں جب سورج اس پر غالب ہو جائے، عرب کا محاورہ ہے وھو فی ظلہ اس کے معنی ہیں فی کنفہ یعنی فلاں شخص کے ظل میں ہے اس کی پناہ اور حفاظت میں ہے۔ انتہیٰ۔

۴۔ اسی طرح اقرب الموارد میں بھی تمام معانی مرقومہ بالا لکھے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی لکھا ہے ومن کل شئی شخصہ ہر چیز کے شخص اور بدن کو بھی ظل کہتے ہیں۔

(اقرب الموارد، جلد دوم، ص ۷۳۱)

۵۔ مجمع بحار الانوار میں علامہ شیخ محمد طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ ص ۳۴۳ پر ظل کے معنی جسم لکھ کر اس کے آگے ص ۳۴۴ پر فرماتے ہیں وظلا لھم شخوصھم یعنی ان کے ظلال سے ان کے اشخاص یعنی اجسام مراد ہیں۔

(مجمع بحار الانوار، جلد ۲، ص ۳۴۳، ۳۴۴، مطبوعہ نولکشور لکھنؤ)

ناظرین کرام کو معلوم ہوگیا کہ کتب لغت میں ظل بمعنی سایہ ہی نہیں بلکہ اس کے اور بھی بہت سے معنی ہیں

اوران معانی میں ظل بمعنی شخص بھی وارد ہے، یعنی شخص اور جسم کو بھی لغت عرب میں ظل کہا جاتا ہے اوران معنی کی تائید میں بعض مفسرین کی عبارات بھی ہدیۂ ناظرین کی جاتی ہیں، دیکھئے تفسیر مظہری میں ہے۔

''ویکن ان یقال المراد بمن فی الموات والارض حقائق من فیھا وارواح الملٰئکة والمومنین وبظلولھم اشخاصھم وقوالبھم کما عبر رسول اللہ ﷺ فی دعائه الظاھر بالسواد والباطن بالخیال حیث قال فی سجودہٖ سجدلك سوادی وخیالی وھذا التاویل اولیٰ مما سبق لان الظلال التی یُری ضح الشمس عبارة عن سواد موضع لم یصل الیه ضوء الشمس لحجاب جثة الشئی وذٰلك امر عدمیٌ لا وجود لھا فکیف یسند الیه السجود''۔

(تفسیر مظہری، جلد ۵، پارہ ۱۳، سورہ رعد، ص ۱۷)

ترجمہ۔ اور ممکن ہے کہ کہا جائے کہ من فی السموات والارض سے وہ حقائق مراد ہیں جو آسمانوں اور زمینوں میں پائے جاتے ہیں اور فرشتوں اور مومنین کی روحیں، اور ان کے ظلال سے ان کے اشخاص اور قوالب مراد ہیں جیسا کہ حضور ﷺ نے اپنی دُعا میں ظاہر کو سواد اور باطن کو خیال سے تعبیر فرمایا، چنانچہ حضور علیہ السلام نے اپنے سجدے میں یہ الفاظ فرمائے سجدك سوادی وخیالی (اے اللہ تیرے لئے میرے سواد اور خیال (ظاہر وباطن) نے سجدہ کیا) اور یہ تاویل یعنی ظلال سے اشخاص اور قوالب مراد لینا پہلی تاویل سے اولی ہے، اس لئے کہ وہ سائے جو سورج کی روشنی میں نظر آتے ہیں وہ عبارت ہیں اس جگہ کی سیاہی سے جہاں کسی جسم کثیف کے حاجب ہونے کی وجہ سے سورج کی روشنی نہیں پہنچتی اور ظاہر ہے کہ یہ سیاہی جسے ہم ظل کہہ رہے ہیں محض ایک امر عدمی ہے جس کے لئے کوئی وجود نہیں، تو ایسی صورت میں اس کی طرف سجدے کی اسناد کیونکر صحیح ہوگی۔ انتہی۔

(تفسیر مظہری)

دیکھئے صاحبِ تفسیر مظہری نے صاف اور واضح لفظوں میں ظل کے معنی شخص اور قالب کے بیان کئے ہیں۔

اسی طرح تفسیر معالم التنزیل میں ہے :

۲۔ وقیل ظلالهم ای اشخاصهم یعنی آیت قرآنیہ یتفیّؤ ظلالهم میں ان کے اجسام مراد ہیں، اور یہاں ظل بمعنی سایہ نہیں بلکہ بمعنی شخص اور بدن ہے۔ انتہی۔

(تفسیر معالم التنزیل، پ۲۳، ص۱۱)

یہی مضمون تفسیر روح المعانی میں ہے، صاحب تفسیر روح المعانی فرماتے ہیں :

۳۔ ومن الناس من فسّر الظلال فی فی قراءۃ العامة بالاشخاص لتکون علیٰ نحو قراءۃ عیسیٰ وانشدوا لاستعمال الظلال فی ذلك قول عبدة

اذا نزلنا نصبنا ظل اخبیة

وفار للقوم باللحم المراجیل

فانه انما تنصب الاخبیة لا الظل الذی هو افئی وقول الاخر، یتبع افیاء الظلال عشیة فانه ارادافیاء الاشخاص۔ انتہی۔

ترجمہ۔ اور عامہ قراء کی قرأت میں جو لفظ ظلال آیا ہے بعض لوگوں نے اس کی تفسیر اشخاص کے ساتھ کی ہے تاکہ یہ قرأت عیسیٰ کی قرأت کے موافق ہو جائے، اور انہوں نے ظلال بمعنی اشخاص کی تائید میں عبدة کا یہ قول پیش کیا ہے۔

جب ہم اُترے تو ہم نے خیموں کے ظل یعنی خیموں کے اشخاص و اجسام کو نصب کیا، اور قوم کے لئے گوشت کی ہانڈیاں پکنے لگیں۔

وجہ استشہاد یہ ہے کہ جو چیز نصب کی جاتی ہے وہ خیمے ہوتے ہیں، ان کا ظل جسے سایہ کہتے ہیں نصب نہیں کیا جاتا، لہذا ثابت ہوا کہ یہاں ظل بمعنی شخص پر انہوں نے استدلال کیا اور وہ قول یہ ہے۔ وہ پیچھے آتا ہے افیاء ظلال کے شام کے وقت، افیاء فئی کی جمع ہے جس کے معنی ہیں سایہ، اب اگر ظلال کے معنی بھی سایہ ہوں تو سایہ سائے کی طرف مضاف ہو جائے گا جو درست نہیں، لہذا ماننا پڑے گا کہ یہاں ظلال بمعنی اشخاص ہے اور مصرعہ کے معنی یہ ہیں کہ وہ شام کے وقت اشخاص و اجسام کے سایوں کے پیچھے آتا ہے۔

اس تقریر سے واضح ہو گیا کہ آیت کریمہ میں ظلال بمعنی اشخاص ہے۔

ایک اعتراض کا جواب

صاحب روح المعانی نے اس مقام پر امام راغب اصفہانی کا تعاقب نقل کیا ہے لہذا یہ استدلال مجروح ہے۔

جواباً عرض کروں گا کہ نظر صحیح سے کام لیا جائے تو امام راغب اصفہانی کا تعاقب صحیح نہیں کیونکہ انہوں نے رَفَعْنَا ظِلَّ اَخبیةٍ کے معنی کئے ہیں رفعنا الاخبیة فرفعنا بہ ظلها اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں لفظ ظل حشوِ محض ہے اور بالکل بے فائدہ ہوکر رہ جاتا ہے، جو تاویل فسادِ کلام کا موجب ہو وہ خود فاسد ہے اس لئے یہ تعاقب درست نہیں، علیٰ ہذا القیاس دوسرے قول میں وہ خاص کی اضافت عام کی طرف بتا رہے ہیں، اہل علم سے مخفی نہیں کہ اضافت کا فائدہ تخصیص و تعریف مضاف ہے یا تخفیف لفظی، اس اضافت میں تخفیف لفظی تو متصور ہی نہیں، رہی تخصیص تو وہ تحصیل حاصل ہوگی اس لئے کہ مضاف اضافت سے پہلے ہی خاص ہے لہذا اضافت بے فائدہ رہی اور یہ بھی فساد کلام ہے، معلوم ہوا کہ امام راغب اصفہانی کا تعاقب صحیح نہیں اور دونوں قولوں میں ظل بمعنی شخص ہی مستعمل ہے جس کی تائید تفسیر مظہری، تفسیر معالم التنزیل، مجمع بحار الانوار اور لغت کی معتبر کتابوں سے ہوتی ہے، جن کی روشن اور واضح عبارات ہم ابھی نقل کر چکے ہیں۔

امر دوم

ظل اور فئی کے معنی میں فرق ہے

مصباح المنیر میں ہے :

(الظل) قال ابن قتیبه یذهب الناس الی ان الظل و الفئی بمعنی واحد ولیس کذلك بل الظل یکون غدوة وعشیة و الفئی لا یکون الا بعد الزوال فلا یقال لما قبل الزوال فئی و انما سمی بعد الزوال فیئاً لا نه ظل فاء من جانب المغرب الیٰ جانب المشرق و الفئی الرجوع وقال ابن السکیت الظل من الطلوع الی الزوال و الفئی من الزوال الی الغروب وقال ثعلب الظل للشجرة وغیرها بالغداة و الفئی بالعشی وقال رؤبة بن العجاج کل ما کانت علیه الشمس فزالت عنه فهو ظل

وفئی ومالم یکن علیہ الشمس فھو ظل ، ومن ھنا قیل الشمس تنسخ الظل والفئی ینسخ الشمس، وجمع الظل ظلال والظلۃ وظلٌ۔

(مصباح المنیر ،مطبوعہ مصر جلد دوم ،ص ۳۶۳)

ترجمہ۔ ابن قتیبہ نے کہا کہ بعض لوگ اس طرف گئے ہیں کہ ظل اور فئی ایک معنی میں ہیں، حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ ظل صبح اور شام دونوں وقت ہوتا ہے اور فئی صرف بعد الزوال ہوتا ہے، لہذا قبل الزوال سایہ کو فئی نہیں کہا جاتا ، اور سایہ بعد الزوال کو اس لئے فئی کہا جاتا ہے کہ فئی کے معنی رجوع کے ہیں اور وہ سایہ (جسے فئی کہا جاتا ہے) وہ مشرق سے مغرب کی جانب ہوتا ہے، ابن سکیت کا قول ہے کہ طلوع سے زوال تک جو سایہ ہوتا ہے اسے ظل کہا جاتا ہے اور زوال کے بعد سے غروب تک فئی ہوتا ہے، اور ثعلب نے کہا کہ ظل درخت وغیرہ کے اس سایہ کو کہتے ہیں جو دوپہر سے پہلے ہوتا ہے اور فئی اسے کہتے ہیں جو دوپہر کے بعد ہوتا ہے اور رؤبہ بن عجاج نے کہا کہ ہر وہ سایہ جو سورج ڈھلنے کے بعد ہو وہ ظل اور فئی ہے اور جو سورج ڈھلنے سے پہلے ہو وہ ظل ہے اور یہی معنیٰ ہے اس قول کا کہ سورج ظل کو منسوخ کر دیتا ہے اور فئی سورج کو یعنی اسے خطِ استواء سے زائل کر دیتا ہے اور ظل کی جمع ظلال اور اظلّہ اور ظلل ہے۔انتہیٰ۔

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ بعض علماء کے نزدیک سایہ قبل الزوال ''ظل '' ہے اور بعد الزوال '' فئی '' ہے اور بعض کا قول ہے کہ قبل الزوال ''ظل'' ہے اور بعد الزوال ''ظل'' اور ''فئی'' ہے ،اور پہلے قول پر ''ظل'' اور ''فئی'' متبائنین ہیں اور دوسرے قول پر ''ظل'' عام اور ''فئی'' خاص !تباین کا قول اکثر علماء نے کیا ہے، چنانچہ تفسیر خازن و معالم جلد ۴، ص ۷۷ اور کتاب التعریفات للسید الشریف الجرجانی ،مطبوعہ مصر، ص ۷۳ اور جمھرۃ اللغۃ، مطبوعہ دائرۃ المعارف ،جلد اوّل حیدر آباد دکن کی عبارت سے واضح ہے۔

ناظرین کرام کو یاد ہوگا کہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور ﷺ کی شکر رنجی کا واقعہ حج الوداع

سے واپسی کے موقعہ پر اثناءِ سفر پیش آیا تھا، چنانچہ مسند امام احمد میں عفان راوی کا قول جزم کے ساتھ موجود ہے کہ ولا اظنیہ الا قال فی حجۃ الوداع ۔(مسند امام احمد، جلد ۶،ص ۱۳۲) اور یہ شکر رنجی ذی الحجہ کے آخری ایام سے لے کر ربیع الاول شریف کے چند دنوں تک رہی، جیسا کہ مسند امام احمد اور مجمع الزوائد کی حدیثوں میں اس کی تصریح موجود ہے اور مجمع الزوائد میں بغیر کسی شک کے ایا ما من شھر ربیع الاول کے الفاظ وارد ہیں، دیکھئے مجمع الزوائد، جلد چہارم، طبع قاہرہ، ص ۳۲۳ (ہفت روزہ تنظیم اہل حدیث لاہور، شمارہ ۸/ جنوری، ۱۹۶۰ء ص ۴) از مکتوب مولانا ابوداؤد محمد صادق صاحب گوجرانوالہ۔

بالآخر ایک دن حضرت زینب نے نصف النہار کے وقت حضور ﷺ کے ظل کریم کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا تو یہ دن یقیناً ربیع الاول ہی کے دنوں میں سے ہے اور کسی پڑھے لکھے مسلمان سے یہ بات پوشیدہ نہیں کہ حجۃ الوداع ۱۰ھ میں ہوا، اور ۱۱ھ میں ۱۲/ ربیع الاول شریف مطابق ۱۱/ جون کو حضور ﷺ کی وفات ہوئی، دیکھئے رحمۃ للعٰلمین مؤلفہ قاضی سلیمان منصور پوری، جلد ۲، ص ۷۲ اور تاریخ اسلام مؤلفہ شوق امرتسری، ص ۳۲۱۔

"حضور ﷺ کی وفات حسرت آیات ۱۲/ ربیع الاول ۱۱ھ بروز دوشنبہ مطابق ۱۱/ جون ۶۳۲ء بوقت چاشت واقع ہوئی، اس وقت آپ کی عمر تریسٹھ برس اور پانچ یوم کی تھی"۔

(تاریخ اسلام، ص ۳۲۱۔ رحمۃ للعٰلمین، جلد ۲، ص ۷۲)

اس حساب سے ثابت ہو گیا کہ جس دن حضرت زینب حضور علیہ السلام کے ظل کریم کو دیکھنے کا واقعہ بیان فرما رہی ہیں وہ جون کے مہینہ کا دن تھا جو خاص گرمی کا موسم ہے۔

ایک شبہ کا ازالہ

اگر اس مقام پر یہ شبہ وارد کیا جائے کہ علامہ شبلی نعمانی کے بیان سے حضور ﷺ کی تاریخ وصال یکم ربیع الاول مطابق ۳۱/ مئی ظاہر ہوتی ہے تو میں جواباً عرض کروں گا کہ اول تو ۳۱/ مئی بھی گرمی کا زمانہ ہے دوسرے یہ کہ اس قول پر مخالفین کی پیش کردہ دونوں حدیثیں ساقط الاعتبار ہو جائیں گی کیونکہ جب یکم ربیع الاول کو حضور ﷺ کا وصال ہو گیا تو اسی ماہ ربیع الاول کے چند دنوں تک شکر رنجی باقی رہنا اور اس کے بعد ایک دن حضرت زینب کا

ظل رسول دیکھنا سب کچھ غلط ہو جائے گا، لہذا علامہ شبلی کا قول کسی طرح پیش کردہ حدیثوں کے مطابق نہیں ہو سکتا، اگر شبلی کے قول کو مانا جائے تو حدیثوں کو چھوڑنا پڑے گا اور حدیثوں کو تسلیم کیا جائے تو شبلی صاحب کے قول سے کنارہ کشی کرنا ہوگی۔

امر چہارم

موسم گرما میں دوپہر کو سایہ نہیں ہوتا

گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت کسی جانب کو انسان کا جھکا ہوا سایہ نہ ہونا ایسا روشن اور ظاہر امر ہے جس پر کسی دلیل کی حاجت نہیں لیکن اس کے باوجود آخری اتمام حجت کے لئے ہم اپنے اس بین دعویٰ پر بھی دلیل قائم کئے دیتے ہیں تاکہ منکرین کے لئے کوئی عذر بارد باقی نہ رہے، دیکھئے منجد میں ہے :

۱۔ **ومشیت علی ظلی او انتعلت ظلی ای مشیت وقد انتصف النہار فلم یکن لی ظل "۔**

(المنجد، طبع قاہرہ، ص ۴۹۹)

ترجمہ۔ "**مشیت علیٰ ظلی**" اور "**انتعلت ظلی**" کے معنی ہیں کہ میں چلا اس حال میں کہ نصف النہار کا وقت ہو گیا تھا، اس لئے میرا سایہ نہیں تھا"۔

۲۔ مصباح اللغات میں ہے :

"**ومشیت علی ظلی او انتعلت ظلی**"

(مصباح اللغات، ص ۵۰۱)

ترجمہ۔ میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہ تھا۔

۳۔ اقرب الموارد میں ہے :

"**(مشیت علی ظلی وانتعلت فی ظلی) اذا مشیت وقد انتصف النہار فی ایقظ فلم یکن لی ظل**"

(اقرب الموارد، جلد ۲، ص ۷۳۱، طبع قاہرہ)

ترجمہ۔ ''مشیت علی ظلی'' اور ''انتعلت فی ظلی'' اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص موسم گرما میں دوپہر کے وقت چلے تو کہتا ہے کہ چونکہ میں دوپہر کے وقت چلا اس لئے میرا سایہ نہ تھا۔انتہی

۴۔ کرمانی شرح بخاری میں ہے :

''قائم الظهيرة ای نصف النهار وهو استواء حالة الشمس وسمی قائما لان الظل لا يظهر حينئذٍ فكانهٗ قائم واقف''۔

(کرمانی حاشیہ بخاری جلد اول ص ۳۱۰ مطبوعہ اصح المطابع)

ترجمہ۔ **قائم الظهيرہ** نصف النہار کو کہتے ہیں اور وہ سورج کے خطِ استواء پر ہونے کی حالت ہے دوپہر کو قائم اس لئے کہتے ہیں کہ اس وقت سایہ ظاہر نہیں ہوتا تو گویا وہ ایک جگہ کھڑا اور ٹھہرا ہوا ہے۔انتہی۔

ناظرین کرام بیان سابق میں پڑھ چکے ہیں کہ سایہ دو قسم کا ہے، ایک ظل اور دوسرا فئی، ظل وہ سایہ ہے جو اوّل نہار میں قبل الزوال ہوتا ہے اور فئی وہ سایہ ہے جو بعد الزوال غروب تک رہتا ہے۔

نصف النہار کا وقت چونکہ درمیان میں ہوتا ہے اس لئے اس وقت نہ ظل ہوتا ہے نہ فئی بلکہ چلنے والے کا سایہ اس وقت اس کے پاؤں میں ہوتا ہے، جسے وہ پامال کرتا ہوا چلتا ہے اور گرمی کے دنوں میں کسی جانب جھکے ہوئے سائے کا وجود نہیں ہوتا، لہٰذا یہ ممکن ہی نہیں کہ کسی آنے والے کے جسم سے پہلے اس کا سایہ نظر آجائے۔

ایسی صورت میں ماہنامہ تجلی، دیوبند کا یہ لکھنا کہ اُم المومنین فرماتی ہیں :

''پس ایک دن دوپہر کے وقت دفعۃً رسول اللہ تشریف لے آئے اور میں نے پہلے ان کا سایہ ہی دیکھا''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، شمارہ بابت فروری، مارچ ۱۹۵۹ء، ص ۱۸، کالم ۲ کے نیچے) از مکتوب میرزا ریاض احمد صاحب حافظ آبادی۔

قطعاً غلط اور باطل محض ہے، بلکہ اس واقعہ کی دونوں روایتوں میں لفظ ظل بمعنی شخص ہے جیسا کہ ہم کتب

لغت وتفاسیر سے ابھی وہ عبارت نقل کر چکے ہیں، اورام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اس قول کے معنی یہ ہیں کہ ''میں ایک دن دوپہر کے وقت بیٹھی ہوئی تھی کہ ناگہاں میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات مقدسہ کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا''۔

الحمدللہ! مسند امام احمد اور مجمع الزوائد کی دونوں حدیثوں پر کلام ختم ہوا اور دلائل کی روشنی میں حق واضح ہوگیا، اہل علم منصف مزاج حضرات سے اُمید ہے کہ وہ ہماری اس تحقیق اور محنت کی قدر کریں گے، اور جن کے دلوں میں زیغ ہے ان سے انصاف کی کوئی اُمید نہیں، حق واضح کر دینا ہمارا فرض تھا جس سے ہم سبکدوش ہوگئے۔ وللہ الحجۃ السامیہ۔

تیسری حدیث ''ظلی وظلکم''

اس کے بعد تیسری حدیث پر کلام کرتا ہوں جو علامہ ابن قیم کی حادی الارواح سے مخالفین نے حضور ﷺ کا تاریک سایہ ثابت کرنے کے لئے پیش کی ہے، حدیث اور اس کا ترجمہ ابتدائے بیان میں ہم واضح طور پر لکھ چکے ہیں، اعادہ کی حاجت نہیں۔

علامہ ابن قیم نے یہ حدیث حضور ﷺ کا سایہ ثابت کرنے کے لئے نہیں لکھی بلکہ دوزخ وجنت کا وجود ثابت کرنے کے لئے ارقام فرمائی ہے، اور یہ بتایا ہے کہ دوزخ وجنت پیدا ہو چکی ہیں جس کی **دلیل** یہ حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کی اس دیوار پر جو قبلہ کی جانب واقع ہوئی ہے فجر کی نماز میں جنت اور دوزخ دونوں کو دیکھا، صرف یہی نہیں بلکہ ان کی اشیاء اور جنتیوں اور دوزخیوں کو بھی ملاحظہ فرمایا، طبرانی میں حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا!

''ما رأیتم من شئی فی الدنیا لہٗ لون ولا نبئتم بہ فی الجنۃ ولا فی النار الا لقد صور لی من قبل ھذا الجد ار منذ صلیت لکم صلوتی ھذہ فنظرت الیہ مصورا فی جدار المسجد''۔ انتہٰی۔

(کنز العمال، جلد ۴، ص ۱۷۸)

ترجمہ۔ تم نے دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس کا کوئی رنگ ہو اور نہ تمہیں جنت ودوزخ میں

کسی چیز کے ہونے کی خبر دی گئی لیکن وہ سب چیزیں اور تمام دوزخی اور جنتی سب اس دیوار قبلہ کی سمت میں ظاہر کردیئے گئے۔جس وقت سے میں نے تمہیں اپنی یہ نماز پڑھائی ہے تو میں نے ہر چیز کی صورت دیوارِ مسجد میں دیکھ لی۔

جب حضور ﷺ نے دوزخ و جنت کی ہر چیز کو دیکھ لیا تو اپنے آپ کو اور صحابہ کرام کو بھی یقیناً دیکھا، کیونکہ حضور اور آپ کے صحابہ کرام بھی تو جنتی ہیں، معلوم ہوا کہ یہاں بھی ظل کے معنی جسم کے تاریک سایہ کے نہیں بلکہ وہی "شخص" اور جسم کے معنی ہیں جو ہم پہلے ثابت کر آئے ہیں، اور رأیت ظلی وظلکم کے معنی یہ ہیں کہ میں نے اپنے آپ کو اور تم سب کو دیکھا اور یہ بات کوئی تعجب انگیز نہیں کہ حضور ﷺ اور آپ کے صحابہ دنیا میں ہوتے ہوئے جنت میں کیسے موجود تھے؟ دیکھئے شب معراج جب حضور ﷺ پہلے آسمان پر پہنچے اور آدم علیہ السلام سے ملاقات کی اور ان کے دائیں بائیں ان کی نیک اور بد اولاد کو دیکھا تو نیکوں میں حضور علیہ السلام نے اپنے آپ کو بھی دیکھا، امام شعرانی فرماتے ہیں :

"ورأی رسول اللہ ﷺ صورتہ ھناك فی اشخاص السعداء فشکر اللہ تعالیٰ وعلم عند ذلك کیف یکون الانسان فی مکانین"۔

(الیواقیت والجواہر، جلد۲، ص۳۴، مطبوعہ مصر)

ترجمہ۔ حضور ﷺ نے نیکوں کی ذاتوں میں اپنی صورت مبارکہ بھی دیکھی اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اس وقت حضور ﷺ نے عین الیقین کے ساتھ جان لیا کہ ایک انسان کس طرح دو جگہوں میں ہوتا ہے۔

لہذا یہ کوئی تعجب کی بات نہیں، جس طرح حضور علیہ السلام آسمان اول پر اشخاص سعداء سے باہر بھی تھے اور ان کے اندر بھی اپنے آپ کو ملاحظہ فرما رہے تھے، اسی طرح اس موقعہ پر بھی حضور اور آپ کے صحابہ جنت سے باہر بھی تھے اور جنت میں بھی حضور اپنے ساتھ اپنے صحابہ کو دیکھ رہے تھے۔

معلوم ہوا کہ "ظلی وظلکم" سے حضور علیہ السلام اور صحابہ کرام کا جسمانی سایہ مراد نہیں بلکہ ذوات قدسیہ مراد ہیں اور حدیث کے معنی وہی ہیں جو ہم ابھی بیان کر چکے ہیں کہ میں نے جنت میں اپنے آپ کو بھی دیکھا

اور تمہیں بھی دیکھا۔

مخالفین کی بے بصری پر حیرت

کمالات رسالت کے منکرین کی بے بصری موجب حیرت ہے، ان لوگوں نے ظلی و ظلکم کی حدیث سے حضور ﷺ کا جسمانی سایہ ثابت کرتے وقت اتنی بات بھی نہ سوچی کہ اگر اس حدیث سے حضور کا سایہ ثابت ہوا تو یا مسجد نبوی میں ہوگا یا دوزخ میں یا جنت میں، کیونکہ یہ واقعہ عین نماز فجر کا ہے۔ جس وقت حضور اور صحابہ کرام مسجد نبوی میں تھے، ذرا غور کرنے سے یہ بات واضح ہوسکتی ہے کہ تینوں جگہوں میں سے ایک جگہ پر بھی اس وقت سایہ کا وجود ممکن نہ تھا، کیونکہ نماز فجر کا وقت آخر شب کی ہلکی سیاہی کا وقت ہوتا ہے، اس وقت کسی سایہ دار چیز کا سایہ ظاہر نہیں ہوتا، اور جنت میں بھی کسی جنتی کا سایہ نہیں ہوسکتا، کیونکہ جنت میں ہروقت ایسا سایہ رہتا ہے جیسے طلوع فجر اور طلوع آفتاب کے درمیانی وقت میں سایہ ہوتا ہے اور سایہ میں کسی کا سایہ نظر نہیں آتا، اس لئے جنت میں بھی سایہ دیکھنا متصور نہیں۔ اب تیسری جگہ دوزخ ہے، تو مجھے اُمید نہیں کہ مخالفین دوزخ میں حضور کا سایہ مانتے ہوں اور اگر خلاف اُمید ان کا مسلک فی الواقع یہی ہے تو انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ سایہ ہمیشہ روشنی میں ہوتا ہے اور دوزخ کی آگ دنیاوی آگ کی طرح روشن نہیں بلکہ وہ سیاہ اور تاریک ہے، دیکھئے ترمذی، جلد ۲، ص ۸۳، مشکوٰۃ، جلد ۲، ص ۵۰۳۔

اور ظاہر ہے کہ سیاہی اور تاریکی میں سایہ نہیں ہوتا، اب مخالفین بتائیں کہ حتی رأیت ظلی و ظلکم کے معنی جو آپ کرتے ہیں کہ "میں نے اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا" یہ معنی کیسے درست ہوسکتے ہیں۔

اگرچہ میرا یہ بیان محتاج دلیل نہیں لیکن ہرقسم کا تردّد زائل کرنے کے لئے دلائل پیش کرتا ہوں، اور ساتھ ہی بعض شکوک وشبہات کے جوابات بھی عرض کروں گا تا کہ اتمام حجت کا حق ادا ہوجائے۔

دنیا والوں کے عرف میں سایہ اسے کہتے ہیں جو سورج کی گرمی اور تکلیف سے بچائے لیکن جنت کے متعلق اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے لا یرون فیھا شمسا ولا زمھریرا نہ اس میں سورج کی گرمی معلوم ہوگی نہ زمہریر کی سردی۔

جب وہاں سورج کی گرمی اور اس کی تکلیف واذیت نہیں تو اس سے بچنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، جس

کے لئے سایہ کی ضرورت ہو۔

ہاں! البتہ اس میں ایسا سایہ ضرور ہے جو ہر طرف پھیلا ہوا ہے، جس میں کسی سایہ دار چیز کا سایہ نظر نہیں آتا، دیکھئے سورہ واقعہ میں "وظل ممدود "یعنی جنتی جنت میں ایسے سایہ میں ہوں گے جو ہر طرف پھیلا ہوا، دائم اور غیر منقطع ہوگا، تفسیر مدارک میں اسی آیت کے تحت ہے :

(وظل ممدود) ممتد منبسط كظل مابين طلوع الفجر وطلوع الشمس۔انتہی ۔

(تفسیر مدارک، جلد۴، ص ۱۶۳، مطبوعہ مصر)

یعنی جنتی جنت کے ایسے سایہ میں ہوں گے جو لمبا اور ہر طرف پھیلا ہوا ہوگا، جیسے صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیانی وقت میں طویل، ہلکا اور چاروں طرف پھیلا ہوا خوشگوار سایہ ہوتا ہے۔

تفسیر نیشا پوری میں ہے :

" (وظل ممدود) ای ممتد منبسط كظل الطلوع والغروب لا يتقلص ويحتمل ان يراد انهٗ دائم باق لا يزول ولا تنسخه الشمس والعرب تقول لكل شئى طويل لا ينقطع انه ممدود"۔انتہی ۔

(تفسیر نیشا پوری، پ ۲۷، ص ۸۹، مطبوعہ مصر)

ترجمہ۔ اور ظل ممدود سے مراد یہ ہے کہ جنت کا سایہ دراز اور ہر طرف پھیلا ہوا ہوگا جیسے طلوع اور غروب کے وقت ہر طرف پھیلا ہوا ہلکا، دراز اور خوشگوار سایہ ہوتا ہے، وہ سایہ ایسا ہوگا کہ نہ سمٹے گا نہ سکڑے گا اور اس امر کا بھی احتمال ہے کہ "ظل ممدود" سے یہ مراد لیا جائے کہ جنت کا سایہ ایسا دائم و باقی ہے جو کبھی زائل نہ ہو، اور سورج بھی اسے منسوخ نہ کرے گا (کیونکہ وہاں سورج کا وجود ہی نہ ہوگا) اور اہل عرب ہر ایسی طویل چیز کو ممدود کہتے ہیں جو کبھی منقطع نہ ہو۔انتہی ۔

قرآن کریم کی ان دونوں آیتوں اور مفسرین کی تصریحات کی روشنی میں ثابت ہوگیا کہ جنت میں ہر طرف طویل و دائم اور غیر منقطع سایہ پھیلا ہوا ہے اور سایہ کی جگہ میں کسی کا سایہ نظر نہیں آتا، لہٰذا اچھی طرح واضح ہوگیا کہ "رأیت ظلی وظلکم" کے یہ معنی ہرگز درست نہیں ہو سکتے کہ "میں نے (جنت میں) اپنا اور تمہارا سایہ

دیکھا"۔

ایک اشکال اور اس کا حل

اس مقام پر ایک اشکال پیدا ہوتا ہے جس کا جواب نہایت ضروری ہے، وہ یہ کہ قرآن وحدیث میں کئی جگہ جنت کے درختوں کا سایہ مذکور ہے اگر سایہ کی جگہ کسی چیز کا سایہ نہیں ہوسکتا تو جنت میں وہاں کے درختوں کا سایہ کیسے ہوگا ؟

اس کا جواب امام فخر الدین رازی، علامہ ابوسعود اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے دیا ہے جو ان ہی کی عبارات میں ہم نقل کرکے ہدیۂ ناظرین کرتے ہیں۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں آیۂ مبارکہ "ودانیة علیھم ظلالھا" کے تحت ارقام فرماتے ہیں :

"(السوال الثانی) الظل انما یوجد حیث توجد الشمس فان کان لا شمس فی الجنة فکیف یحصل الظل ھناك (والجواب) المراد ان اشجار الجنة تکون بحیث لو کان ھناك شمس لکانت تلك الاشجار مظلة منھا"۔انتھیٰ

(تفسیر کبیر، جلد ۸، ص ۳۹۶، مطبوعہ مصر)

ترجمہ۔ آیت میں دوسرا سوال یہ ہے کہ سایہ وہیں پایا جاتا ہے جہاں سورج ہو، جنت میں جب سورج نہیں تو درختوں کا سایہ کیسے ہوگا؟ (الجواب) مراد یہ ہے کہ جنت کے درخت اس حیثیت سے ہوں گے کہ اگر وہاں سورج ہو تو وہ اس کی وجہ سے سایہ دار ہو جائیں۔انتہیٰ۔

۲۔ علامہ ابوسعود اسی آیت کریمہ کے تحت فرماتے ہیں :

"علی معنی انہٗ لو کان ھناك شمس موذیة لکانت اشجارھا مظلة علیھم مع انہٗ لا شمس ثمة ولا قمر"۔انتہیٰ۔

(تفسیر ابوسعود بہامش کبیر، جلد ۸، ص ۳۹۶، مطبوعہ مصر)

ترجمہ۔ ("جنت کے درختوں کے سائے جنتیوں پر جھکے ہوں گے") یہ کلام اس معنی پر محمول ہے کہ اگر وہاں دھوپ کی تکلیف ہو تو وہ درخت جنتیوں پر اپنے سائے ڈالنے لگیں باوجود اس کے کہ

وہاں نہ سورج ہے نہ چاند (جس کی وجہ سے سایہ ہو)۔انتہی۔

۳۔ حافظ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری میں فرماتے ہیں :

" (فی ظلها) ای فی نعیمها و راحها ومنه قولهم "عیش ظلیل" وقیل معنی ظلهانا حیتها واشار بذلك الی امتدادها ومنه قولهم انا فی ظلك ای نا حیتك قال القرطبی والمحوج الی هذا لتاویل ان الظل فی عرف اهل الدنیا مایقی من حر الشمس و اذا ها ولیس فی الجنة شمس ولا اذیٗ"۔انتہی۔

ترجمہ۔ (''حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا، جنت میں ایک درخت ہے جس کے ظل میں کوئی شخص سوار ہوکر سو برس تک چلتا رہے تو اسے قطع نہ کر سکے، اس حدیث میں'')''فی ظلها'' کے معنی ہیں فی نعیمها وراحتها (یعنی اس کی نعمتوں اور راحتوں میں) اور اسی معنی سے اہل عرب کا یہ قول ماخوذ ہے ''عیش ظلیل'' (نعمت وراحت کی زندگانی) اور بعض نے کہا کہ یہاں ''ظل'' ''بمعنی'' ناحیه'' ہے (یعنی گرد و نواح) حضور ﷺ نے اس کے ساتھ اس درخت کی درازی کی طرف اشارہ فرمایا یعنی وہ درخت اتنا بڑا اور لمبا ہوگا کہ اس کے گرد و نواح کی مسافت سو برس تک بھی کسی سوار سے طے نہ ہو سکے گی، اور اسی معنی سے اہل عرب کا یہ قول ماخوذ ہے ''انا فی ظلك'' یعنی میں تیرے گرد و نواح (قرب و جوار، حفظ و امان) میں ہوں، قرطبی نے کہا اس تاویل کی ضرورت اس لئے ہوئی کہ اہل دنیا کے عرف میں ظل وہ ہے جس کے ذریعہ سورج کی گرمی اور اس کی تکلیف سے بچاؤ حاصل کیا جائے، جنت میں نہ سورج ہوگا نہ اس کی تکلیف (اس لئے وہاں اس سے بچاؤ کے لئے کسی چیز کے سایہ کی ضرورت ہی نہیں)۔انتہی

الحمدللہ! جنت میں کسی سایہ دار چیز کا سایہ نہ ہونا آفتاب سے زیادہ روشن ہوگیا، اب ہمارے اس بیان کو بیان سابق سے ملا کر نتیجہ ذہن نشین کر لیجئے کہ حضور ﷺ نے جو ''حتیٰ رأیت ظلی وظلکم'' فرمایا یہ اس واقعہ کا بیان ہے جو مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں عین نماز فجر کے درمیان پیش آیا تھا، جس میں حضور ﷺ کے سامنے حقیقی جنت و دوزخ کا پیش کیا جانا مذکور ہے، اس وقت حضور اور صحابہ مسجد نبوی میں تھے اور دوزخ و جنت حضور کے پیش

نظر تھے، ظاہر ہے کہ اس وقت حضور ﷺ نے جو چیز دیکھی وہ مسجد نبوی میں ہوگی یا دوزخ میں، یا جنت میں، اس کے علاوہ اور کسی جگہ کچھ دیکھنا متصور نہیں، اگر حضور نے اپنا اور صحابہ کا سایہ مسجد نبوی میں دیکھا تو یہ ممکن نہیں، اس لئے کہ وہ فجر کا وقت تھا اس وقت کسی سایہ دار چیز کا سایہ ظاہر نہیں ہوتا۔

اور اگر بفرض محال مان بھی لیا جائے کہ اس وقت سایہ ظاہر تھا تو اسے تمام حاضرین دیکھ رہے ہوں گے حالانکہ یہ دیکھنا حضور ﷺ کے لئے خاص تھا جیسا کہ الفاظ حدیث ''حتیٰ رأیت ظلی و ظلکم '' (یہاں تک کہ میں نے اپنا اور تمہارا ظل دیکھا) میں لفظ حتیٰ (یہاں تک) سے ظاہر ہے، کیونکہ حتیٰ بیان غایت کے لئے آتا ہے اور یہ غایت جنت و دوزخ دیکھنے کی ہے۔ جس طرح مُغیا (جنت و دوزخ کا دیکھنا) حضور کے ساتھ خاص ہے اسی طرح اس کی غایت (ظلی و ظلکم کا دیکھنا) بھی حضور ﷺ کے ساتھ مختص ہوگا، لہذا ثابت ہوگیا کہ نماز فجر کے وقت کسی کا سایہ نہ تھا اور حضور ﷺ نے اپنا اور صحابہ کا ظل مسجد نبوی میں ہرگز نہیں دیکھا۔

اس کے بعد دو چیزیں رہیں دوزخ اور جنت، بیان سابق میں ہم دلائل سے ثابت کر چکے ہیں کہ سایہ روشنی میں ظاہر ہوتا ہے اور جہنم سیاہ اور تاریک ہے اس لئے اس میں بھی سایہ ظاہر نہیں ہوسکتا، اَب رہی جنت تو اس کے متعلق بھی ہم نے آیات قرآنیہ و عبارات مفسرین سے ثابت کر دیا کہ جنت میں کسی سایہ دار چیز کا سایہ ظاہر نہیں ہوتا۔ اَب بتایئے کہ اگر ظلی و ظلکم میں لفظ ظل کے معنی سایہ ہیں تو وہ حضور ﷺ نے کہاں دیکھا؟ لہذا تسلیم کر لیجئے کہ یہاں سایہ کے معنی مراد نہیں بلکہ وہی ''شخص'' کے معنی مراد ہیں جو اس سے قبل دلائل و براہین کی روشنی میں ہم ثابت کر چکے ہیں اور حدیث کے واضح معنی یہ ہیں کہ میں نے دوزخ و جنت کو دیکھا یہاں تک کہ (جنت میں) اپنے اور تمہارے اشخاص کریمہ کو بھی دیکھا، غایت مافی الباب یہ کہ جنت و دوزخ کو ان کے وجود مثالی پر محمول کر دیا جائے تب بھی ''ظلی و ظلکم'' سے اشخاص مثالیہ مراد ہوں گے، جسمانی تاریک سایہ اس تقدیر پر بھی ثابت نہیں ہوسکتا۔ وللہ الحجۃ البالغہ

انصاف کیجئے

یہ تینوں حدیثیں جو مخالفین نے حضور سیّد عالم نور مجسم ﷺ کا جسمانی سایہ ثابت کرنے کے لئے پیش کی ہیں اگر واقعی ان کے دعویٰ کی مثبت ہوتیں تو وہ جلیل القدر علماء محدثین و مفسرین جن کے اسماء گرامی ہم عرض کر چکے

ہیں کس طرح حضور کے سایہ کی نفی کرتے، شاید آپ کہہ دیں کہ یہ حدیثیں ان سے مخفی رہیں، تو میں عرض کروں گا کہ یہ امر ہرگز قابل تسلیم نہیں کہ ایسے ماہرین حدیث ائمہ دین سے آپ کی پیش کردہ حدیثیں مخفی رہی ہوں، دیکھئے آپ کی پیش کردہ حدیث ''حتی رأیت ظلی و ظلکم'' کو امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب خصائص کبریٰ میں لکھا، مگر اس کے باوجود اسی خصائص کبریٰ حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کا باب منعقد کیا اور روایات وعبارات علماء سے اپنے دعویٰ کو ثابت ومؤید کیا اور حضور ﷺ کے جسمانی سایہ سے پاک ہونے کو آفتاب سے زیادہ روشن کر دکھایا۔

معلوم ہوا کہ مخالفین کی پیش کردہ احادیث سے یہ ائمہ حدیث بے خبر نہ تھے۔

پھر یہ کہ آج سے پہلے کسی نے ان حدیثوں سے حضور علیہ السلام کا سایہ ثابت نہیں کیا، حتیٰ کہ علامہ ابن قیم کو بھی یہ جرأت نہ ہوئی، حالانکہ ان سے پہلے اکابر محدثین متقدمین کے وہ تمام ارشادات ان کے سامنے موجود تھے، جن میں حضور ﷺ کے نور خالص ہونے کی وجہ سے حضور کے سایہ نہ ہونے پر استشہاد کیا گیا ہے، جیسے حکیم ترمذی (متوفی ۲۵۵ھ)، عبداللہ بن مبارک (متوفی ۱۸۱ھ)، امام راغب اصفہانی (متوفی ۵۰۲ھ)، حافظ رزین محدث (متوفی ۵۲۰ھ)، علامہ ابن سبع (متوفی)، قاضی عیاض (متوفی ۵۴۴ھ)، علامہ ابن جوزی محدث (متوفی ۵۹۷ھ)، مولانا جلال الدین رومی (متوفی ۶۷۰ھ)، علامہ احمد نسفی صاحب تفسیر مدارک (متوفی ۷۰۱ھ)، یہ سب علماء اعلام علامہ ابن قیم (متوفی ۷۵۲ھ) سے متقدم ہیں اور ان سب نے حضور ﷺ کے جسمانی سایہ کی نفی فرمائی ہے لیکن علامہ ابن قیم نے حدیث ''ظلی و ظلکم'' سے حضور ﷺ کا جسمانی سایہ ثابت کرکے ان حضرات کا رد نہیں کیا۔

علیٰ ہذا القیاس علامہ ابن قیم کے بعد ہونے والے اجلہ محدثین مثلاً امام جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)، امام قسطلانی (متوفی ۹۲۳ھ)، علامہ حسین بن محمد دیار بکری (متوفی ۹۶۶ھ)، امام ابن حجر مکی (متوفی ۹۷۳ھ)، علامہ شہاب الدین خفاجی (متوفی ۱۰۶۹ھ)، امام زرقانی (متوفی ۱۱۲۲ھ)، علامہ سلیمان جمل، علامہ ابراہیم بیجوری، علامہ برہان الدین حلبی وغیرہم نے ابن قیم کی کتاب حادی الارواح میں حدیث ''ظلی و ظلکم'' دیکھنے کے باوجود حضور ﷺ کے جسمانی سایہ کا قول نہیں کیا، اور بدستور حضور ﷺ کو نور اور بے سایہ مانتے رہے، اور اسی

مسلک کا بیان اپنی تصانیف جلیلہ میں کرتے رہے جیسا کہ ہم ان کے بیانات سابقاً نقل کر چکے ہیں، معلوم ہوا کہ یہ تینوں حدیثیں متقدمین ومتاخرین میں سے کسی کے نزدیک بھی حضور سیّد عالم ﷺ کے جسمانی سایہ کی دلیل نہیں۔ والحمدللہ علیٰ احسانہٖ

اس کے بعد قرآن مجید کی ان تینوں آیات پر بھی ایک نظر ڈالتے چلئے، جنہیں معترض نے حضور سیّد عالم ﷺ کے تاریک جسمانی سایہ کے ثبوت میں پیش کیا ہے۔

اِن میں سے تیسری آیت میں تو کوئی لفظ ایسا نہیں جس کا ترجمہ "سایہ" ہو، اس آیت کے معنی صرف یہ ہیں کہ "زمین وآسمان کی ہر چیز اور زمین پر چلنے والی تمام مخلوق اور کل ملائکہ اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کرتے ہیں"۔

غور فرمائیے! دعویٰ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے جسم اقدس کا تاریک سایہ تھا اور دلیل یہ ہے کہ "تمام آسمانوں والے اور زمین پر چلنے والی سب چیزیں اور کل فرشتے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کرتے ہیں" جس کلام کا ایک لفظ بھی دعویٰ پر منطبق نہ ہو اُسے دلیل سمجھنا حماقت نہیں تو اور کیا ہے؟

رہیں پہلی دو آیتیں، تو ان کا مفہوم یہ ہے کہ زمین وآسمان کی سب چیزیں اور ان میں سایہ دار اجسام کے سائے اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کرتے ہیں۔

(یہ معنی اس تقدیر پر ہیں کہ آیت کریمہ میں "ظلال" کے معنی "سائے" کے لئے جائیں اور اگر ظلال کا ترجمہ اشخاص کیا جائے جیسا کہ تفسیر مظہری، جلد ۵، ص ۱۷ سے ہم نقل کر چکے ہیں تو اس صورت میں یقیناً مخالفین کے استدلال کی اصل بنیاد ہی ختم ہو جاتی ہے۔)

دیکھئے تفسیر خازن میں ہے: (یتفیؤ ظلالہٗ) یعنی من جسم قائم لہٗ ظل۔

(تفسیر خازن، جلد رابع، ص ۷۷)

اسی طرح تفسیر معالم التنزیل میں ہے:

(الیٰ ما خلق اللہ من شئی) من جسم قائم لہٗ ظل۔

(تفسیر معالم التنزیل، جلد رابع، ص ۷۷)

اگر حضور ﷺ کا سایہ ہوتا تو یقیناً اس کا سجدہ کرنا بھی ثابت ہو جاتا، لیکن جسم اقدس کے سایہ کے ثبوت سے

آیہ کریمہ کا دُور کا تعلق بھی نہیں۔

اور اگر بفرض محال مان بھی لیا جائے کہ ان آیتوں سے حضور علیہ السلام کے جسم اقدس کا سایہ ثابت ہے تو پھر تمام بے سایہ چیزوں کا سایہ ثابت ہوگا، ملائکہ، حورانِ بہشت، چاند، سورج اور تمام حسی حقیقی انوار کا سایہ ماننا پڑے گا۔

جب یہ بداہۃً باطل ہے تو معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سایہ کا ثبوت بھی اسی طرح باطل محض ہے۔

ہاں اگر یہاں ظل سے ایک عام معنی مراد لے لئے جائیں یعنی اجسام کثیفہ کا تاریک سایہ اور اجسام لطیفہ نورانیہ کی چمک اور شعائیں، تو یہ ہمارے مسلک کے منافی نہیں کیونکہ ہم اس سے قبل احادیث صحیحہ سے حضور سیّد عالم ﷺ کے جسم اقدس کی چمک سے دیواروں کا روشن ہوجانا ثابت کرچکے ہیں، لہٰذا ان آیات سے ہمارے مسلک کی تائید ہوگی، اور یہ آیات حضور ﷺ کے لئے تاریک سایہ کی بجائے روشنی اور نورانیت کی مؤید قرار پائیں گی۔ فالحمد للہ علیٰ ذلك۔

بفضلہٖ تعالیٰ معترضین کے تمام شکوک وشبہات کا تارِ عنکبوت سے زیادہ کمزور ہونا اظہر من الشمس ہوگیا، اور امام اہل سنت، مجدد ملت حضور پرنور اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رسالہ مبارکہ نفی الفئی عمن انار بنورہ کل شئی پر وارد کئے ہوئے جملہ اعتراضات ھباءً منثوراً ہوگئے، اور یہ حقیقت آفتاب سے زیادہ روشن ہوگئی کہ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصانیف جلیلہ کی پھبتیاں اُڑانا اور ان پر اعتراض کرنا گویا سورج کو منہ چڑانا اور چاند پر تھوکنا ہے، جس کا انجام ذلت اور ندامت کے سوا کچھ نہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ ونور عرشہٖ سیّدنا ومولانا محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارك وسلّم تسلیماً کثیرا کثیرا۔

فقیر سیّد احمد سعید کاظمی غفرلہٗ

السعید کے ظل نمبر پر عامر عثمانی صاحب کے تعاقب کا جواب

نگاہ نور کی حامل نہ ہو تو کیا کہئے
فروغ گیر کوئی دل نہ ہو تو کیا کہئے
یہ زندگی، یہ حرارت، یہ معرفت، یہ نگاہ
کسی میں جوہر قابل نہ ہو تو کیا کہئے

حضور سیّد عالم ﷺ کے سایہ کا مسئلہ ضروریات دین سے نہ تھا بلکہ مسائل ظنیہ میں بھی اس کی حیثیت فضائل ومناقب سے زیادہ نہ تھی، ایسے مسائل پر ہنگامہ آرائی اور طول نگاری ایک بے معنی سی بات تھی۔

لیکن ذاتِ انور ﷺ کی نورانیت کے منکروں نے نامعلوم اسباب کی بناء پر حضور کی ذات مقدسہ کے لئے مادی ظلمت وکثافت اور جسمانی نجاست وغلاظت ثابت کرنے اور جسم اقدس کا تاریک سایہ زبردستی منوانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگادیا اور اس موضوع پر متعدد رسائل وجرائد میں پے درپے مضامین آنے شروع ہو گئے۔

فقیر اس غوغہ آرائی سے بالکل بے خبر تھا، اچانک احباب کے کئی خطوط جن میں مخالفین اور منکرین کمالاتِ نبوت کے دلائل ومضامین کے چند مختصر نوٹ درج تھے، چونکہ جواب کے لئے شدید اصرار کیا گیا تھا، اس لئے وہی مختصر نوٹ سامنے رکھ کر جواب لکھا گیا، اور طویل ہوجانے کے باعث "السعید" کے دو پرچوں (بابت ماہ اپریل ومئی ۱۹۶۰ء) کا مجموعہ قرار دے کر اسے اواخر اپریل میں "ظل نمبر" کے نام سے شائع کردیا گیا، اور محض نیک نیتی کی بناء پر ان لوگوں کو خاص طور پر بھیجا گیا جنہوں نے حضور سیّد عالم نور مجسم ﷺ کی نورانیت کا انکار کرکے جسم اقدس کے لئے معاذ اللہ تاریک سایہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی تھی، میرا مقصد یہ تھا کہ نفی واثبات کے تمام دلائل اور اپنا جائزہ ان لوگوں کے سامنے رکھ دیا جائے تاکہ ان پر بھی حق واضح ہوجائے اور شاید وہ اپنی ہٹ دھرمی سے باز آکر حق کے سامنے سرِ تسلیم خم کردیں اور قائلین نورانیت حضور مزید روشنی قلب حاصل کریں، مگر بمصداق یضل بہ کثیرا ویھدی بہ کثیرا، منکرین کی ضلالت میں مزید تاریکی وظلمت پیدا ہوئی اور معتقدین کے قلوب روشن ومنور ہو گئے۔

دیوبند میں کوئی عامر صاحب ہیں، اس سے پہلے کبھی ان کا نام تک سننے میں نہ آیا تھا مگر اس وقت وہ اپنی مخصوص جارحانہ طرزِ نگارش کے آئینہ میں ہمارے سامنے بے حجاب ہو کر آرہے ہیں، اور آہستہ آہستہ ناظرین کے سامنے بھی بے نقاب ہوتے چلے جائیں گے۔

جیسا کہ ابھی عرض کیا جا چکا ہے حقیقت یہ ہے کہ نورانیت نبی اکرم ﷺ کے منکرین اور جسم اقدس کے لئے تاریک سایہ ماننے والوں کا کوئی رسالہ یا اخبار ''رسالہ ظل نبی'' کے سوا فقیر کی نظر سے نہیں گزرا بلکہ احباب کے خطوط میں ان کے بعض اقتباسات سامنے آئے جن کا جواب میں نے لکھا تھا اور آغازِ مضمون میں اس کا اظہار بھی کر دیا تھا ،لیکن عامر صاحب نے بفحوائے ''المرء یقیس علی نفسہ'' اس اظہار حقیقت کو میری بد دیانتی پر محمول کیا، چنانچہ میری عبارت نقل کر کے اس پر تعاقب کرتے ہوئے جون ۱۹۶۰ء کے پرچہ میں رقمطراز ہیں :

''سایہ نہ ہونے کے فتوے پر نقد فروری و مارچ ۱۹۵۹ء کے تجلی میں شائع ہوا تھا، گویا ایک سال سے بھی زیادہ گزرا، اس کے بعد اگر کبھی تجلی میں اس موضوع کا ذکر آیا ہے تو محض ضمناً اور سرسری، اَب سوا سال بعد اپریل و مئی ۶۰ء میں کاظمی صاحب کا یہ ظاہر کرنا کہ احباب نے بس تقریباً ایک ہی مہینے سے توجہ دلائی اس قدر عجیب ہے کہ قیاس و درایت کا کلیجہ منہ کو آتا ہے، اس اظہار سے شاید یہ تاثر دینا مقصود رہے کہ سایہ نہ ہونے کے بارے میں تجلی یا کسی اور نے جو دلائل سامنے رکھے ہیں ان کی کمزوری واضح کرنے میں ہمیں کسی طویل فکر و تلاش کی احتیاج نہیں ہوئی بلکہ ہم تو اطلاع ملتے ہی انہیں اُدھیڑ کر پھینکے دے رہے ہیں اور اپنے عقیدہ و مسلک کے اثبات میں بے شمار دلائل قاطعہ کا انبار چشمِ ذدن میں آگے رکھ رہے ہیں، یہ تاثر ہے شاندار معلوم نہیں فقہا سے گنہ و ثواب کے کس خانہ میں رکھے گی''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۵)

جواباً گذارش ہے کہ آپ نے محض سوءِ ظن کی بنا پر جس تاثر دینے کو میری طرف منسوب کیا ہے اور اس کے لئے فقہ کے گناہ و ثواب کے خانے ٹٹولے ہیں بفضلہٖ تعالیٰ میرے ذہن کے کسی گوشہ میں اس کا تصور تک نہیں البتہ اس بدگمانی کی وجہ سے بمقتضائے ''ان بعض الظن اثم'' کتاب اللہ نے آپ کے اس تاثر کو یقیناً گناہ کے خانے

میں رکھ دیا ہے، اے کاش آپ ٹھنڈے دل سے اس پر غور کرتے تو آپ کا قیاس مع الفارق اور درایت بے بصیرت کا کلیجہ منہ کو نہ آتا، اس کے بعد آپ نے میرے ایک اور فقرے پر طنز کرتے ہوئے لکھا ہے :

''سب جانتے ہیں اعلیٰ حضرت احمد رضا خان صاحب بریلوی کو اپنا مقتدا ماننے والوں کی تعداد ہندو پاک میں آٹے میں نمک کے برابر ہوگی، یا چلئے آٹے میں بھوسی کے برابر کہہ لیجئے'' ۔ الخ

(ماہنامہ تجلی، دیو بند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۵)

جی صحیح فرمایا، اعلیٰ حضرت کو اپنا مقتدیٰ ماننے والوں کی تعداد آٹے میں بھوسی کے برابر سہی، لیکن حضور ﷺ کے جسم اقدس کا تاریک سایہ ماننے والوں کی تعداد تو ساری دنیا میں زیادہ سے زیادہ آٹے میں گھن کے برابر ہوگی یا چلئے آٹے میں چوہوں کی مینگنیوں کے برابر کہہ لیجئے، پھر آپ کی یہ تعلیاں کس بل بوتے پر؟

عامر صاحب خودستائی نہیں بلکہ تحدیثِ نعمت کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ :

''ہمارے نقد نے بفضلہٖ تعالیٰ ایک خلاف واقعہ عقیدے کی بیخ کنی اس مظبوطی کے ساتھ کی تھی کہ کسی غیر جانبدار اور انصاف پسند قاری کے لئے ریب وشک کی گنجائش باقی نہیں رہ گئی تھی'' ۔ الخ

(ماہنامہ تجلی، دیو بند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۳)

جس نقد میں کسی قاری کے لئے ریب وشک کی گنجائش نہ رہ گئی ہو اگر آپ اسے ''لاریب فیہ'' بھی کہہ دیں تو ہم اس کہنے سے بھی اس کو خودستائی نہیں بلکہ تحدیث نعمت پر ہی محمول کر لیتے، لیکن سوال یہ ہے کہ ''ریب وشک'' کیفیات قلبیہ سے ہے اور قلبی کیفیات امور غیبیہ، یہ غیب دانی کا مال غنیمت آپ کو کہاں سے ہاتھ لگ گیا جس پر تحدیث نعمت فرمائی جارہی ہے، مگر نہیں، الفاظ کو چھوڑیئے آپ کہنا یہ چاہتے ہیں کہ ہم نے جو رسول اللہ ﷺ کے جسم اقدس کے لئے مادی کثافتیں ثابت کیں اور حسی نورانیت کی نفی کر کے حضور کا تاریک سایہ ثابت کیا، ہمارا یہ کارنامہ ایک نعمت ہے، جس کا شکر یہ ہم تحدیثِ نعمت کی صورت میں ادا کر رہے ہیں۔

اُف رے بیباکی اور دریدہ دہنی ان گستاخوں کو ابھی تک یہ معلوم نہ ہو سکا کہ ''نعمت اللہ'' خود حضرت محمد ﷺ ہیں جن کی نورانیت لطافت اور پاکیزگی درحقیقت ان کے معجزات، معالم نبوت اور دلائل رسالت ہیں جن کا انکار نعمت اللہ کو بدلنا اور الذین بدلوا نعمۃ اللہ کفرا کا مصداق بنتا ہے۔

عامر صاحب نے اپنی طویل تمہید میں طعن وتشنیع کی بھرمار کرتے ہوئے جس طنز وتمسخر کے ساتھ اپنی ذہنیت کا اظہار کیا ہے ہمیں اس کا شکوہ نہیں۔

دشنام اگر دہد......چارہ نبود بجز شنیدن

ہمیں ان کے اندازِ نگارش سے بخوبی اندازہ ہوگیا کہ تکبر وتعلّی، نخوت وغرور، سب وشتم، طعن وتشنیع ان کی طبیعت ثانیہ ہے۔ ع

''مقتضائے طبیعتش ایں است''

البتہ افسوس اس بات کا ہے کہ انہوں نے اپنی تمہید میں حقائق کو توہمات، ہدایت کو ضلالت، علم وعقل کو جہالت، استدلال کو تک بندی کہہ کر ایک حقیقت کو جھٹلانے کی مذموم کوشش کی ہے اور اہل سنت کے مسلک کے ساتھ شدید تمسخر ہی نہیں بلکہ انتہائی بددیانتی کے ساتھ نہایت مکروہ صورت میں مسخ کر کے پیش کیا ہے اور حضور ﷺ کے جسم اقدس کے تاریک سایہ سے مبرا ماننے والوں کے حق میں نہایت نازیبا الفاظ لکھے ہیں، صرف یہی نہیں بلکہ حضور سیّد عالم ﷺ کی ذات مقدسہ کے لئے عوام کی طرح جسمانی ظلمتوں، نجاستوں اور غلاظتوں کو ثابت کرنے کے لئے پیشاب، پاخانہ، تھوک اور منی کا ذکر انتہائی بے حیائی، بے باکی اور دریدہ دہنی کے ساتھ کیا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کی نورانیت ولطافت اور تاریک سایہ سے جسم اقدس کے مبرا ہونے کے مسئلہ کو اسلامی اور مذہبی نظر سے نہیں بلکہ خالص مادہ پرستی کی آنکھ سے دیکھا ہے۔

انہوں نے ہمارے تعاقب میں بے راہ روی کے باعث ٹھوکریں بھی ایسی کھائی ہیں کہ انشاء اللہ عمر بھر کراہتے رہیں گے۔ (جس کی تفصیل آئندہ آرہی ہے)

ان ٹھوکروں کی اصل وجہ یہ ہے کہ جس مقصد کے لئے قدرت نے جو طریق کار مقرر کیا ہے اس کی خلاف ورزی ہمیشہ ایسے ہی مہلک نتائج پر منتج ہوا کرتی ہے، برائی کی راہوں پر چل کر اچھائی نہیں ملا کرتی، شمال کی طرف رُخ کر کے چلنے والا کبھی مشرق نہیں پہنچ سکتا، اسلامی مسائل کو جاہلیت کے اصول پر نہیں پرکھا جاسکتا، حضور ﷺ کی بشریت مطہرہ کا مادی کثافتوں اور تاریک سایہ سے پاک ہونا خالص دینی اور مذہبی مسئلہ تھا، مگر عامر صاحب نے مذہبیات سے ہٹ کر لامذہبیات کی دنیا میں اس کا جائزہ لیا اور اسلامی مسئلہ کو خالص غیر اسلامی نظر سے دیکھا اس

میدان میں ان کا اندازِ فکر قطعاً لادینی طرز کا ہے۔

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی

کین رہ کہ میروی بہ ترکستان است

حامد صاحب نے اکمل و احسن کائنات ﷺ کا قیاس دیگر ظلماتی مادیات پر کیا، اور اس فاسد بنیاد پر فساد کی عمارت کھڑی کردی، انہوں نے شرعیات و اسلامیات سے منہ پھیر کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سایہ نہ ہونے کے معجزے اور دلیل نبوت کو مادیات وطبعیات کی تاریکیوں میں تلاش کرنا شروع کردیا، دیکھئے وہ لکھتے ہیں :

''ٹھوس اشیاء کا روشنی کے پھیلاؤ میں حائل ہوکر سایہ دینا طبعیات کا مسئلہ ہے، اس سے آیات الٰہیہ کا کوئی رابطہ نہیں''۔

(ماہنامہ تجلی، دیو بند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۵۳)

دیکھا آپ نے! حامد صاحب کے چلتروں نے بیک جنبشِ قلم ایک شرعی مسئلہ کو طبعیاتی مسئلہ بنا دینے اور آیات الٰہیہ سے اس کا ربط توڑ چھوڑ کر رکھ دینے کی کتنی بیباکانہ جسارت کی ہے، حالانکہ قرآن مجید کی کئی آیتوں سے یہی لوگ سایہ ہونے پر دلیل لایا کرتے ہیں، معلوم ہوا کہ وہ استدلال باطل ہے یا وہ قرآنی آیات معاذ اللہ آیات الٰہیہ نہیں، بالفرض اگر آپ کے نزدیک واقعی اس مسئلہ کو آیات الٰہیہ سے کوئی رابطہ نہیں تو پھر ہمارے تعاقب میں آپ کا پوری بائیس آیتیں لکھنا قرآن مجید کے ساتھ تمسخر نہیں تو کیا ہے؟ طبعیاتی مسائل کو سامنے رکھ کر آیات الٰہیہ سے کھیلنا خدا ورسول کے ساتھ مذاق کرنا ہے، کوئی شخص جس کے دل میں ادنیٰ درجہ کا خوف خدا ہو وہ ایسی جرأت نہیں کرسکتا۔

شرعیات کو طبعیات والٰہیات اور اسی طرح ریاضیات کے سانچے میں ڈھالنا ہی وہ اندازِ فکر ہے جس کی بنا پر ملاحدہ نے وجودِ صانع، توحید باری، نبوت ورسالت، ملائکہ کرام، معجزات وخوارق انبیاء علیہم السلام کا انکار کیا اور معاذ اللہ معظماتِ دینیہ کا مذاق اُڑایا۔

نیچریوں نے تمام معجزات وخوارق انبیاء علیہم السلام بالخصوص معراج جسمانی کا انکار ان طبعیات کے ظلمات میں کھوئے جانے کے باعث کیا، مادہ پرستوں نے قیامت، حشر ونشر، جزا وسزا، دوزخ وجنت وغیرہ حقائق

غیبیہ پر ایمان رکھنے کو فرضی مزعومات، باطل وفاسد تو ہمات کہہ دیا، مرزائیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کے آسمانوں پر اُٹھائے جانے اور اَب تک وہاں زندہ رہنے اور قربِ قیامت میں نازل ہونے کے اعتقاد کو اسی طبعیات کی دلدل میں پھنس کر معاذ اللہ لغو اور بیہودہ تخیلات، اوہام پرستی، جہالت وحماقت قرار دے دیا۔

آج اسی طبعیات ومادیات کے سہارے پر بالکل وہی اندازِ فکر لے کر آپ بھی اُٹھے ہیں اور آپ نے اسی طرح مسائل شرعیہ اور کمالات نبویہ کے ساتھ تمسخر شروع کیا ہے جس طرح معتقداتِ اسلامیہ کے ساتھ آپ کے پیش رو جاہلیت اور مادہ پرستی کی تاریکیوں میں مبتلا رہنے کے باعث اَب تک تمسخر کرتے چلے آئے ہیں۔

جاہلی نظریات اور مادہ پرستی کی ظلمت ہی کا نتیجہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے پر قرآن وحدیث کے سورج سے زیادہ چمکتے ہوئے دلائل ائمہ سلف کی واضح عبارات موجود ہوتے ہوئے ملاحدہ کی اتباع میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت اور جسمانیت کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ ہونے کی اٹل دلیل سمجھ لیا گیا، اور دلائل شرعیہ کو یہ کہہ کر پس پشت ڈال دیا گیا کہ "روشنی" میں ٹھوس مادی چیزوں کا سایہ ہونا طبعیاتی مسئلہ ہے آیات الٰہیہ سے اس کا کوئی رابطہ نہیں۔

جو لوگ اپنے سینہ میں ایمان وایقان کے جلوے رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، اس کی قدرت وحکمت پر ان کا ایمان ہے ان کے نزدیک قدرتِ خداوندی سے یہ امر ہرگز بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت اور جسمانیت کو اتنا منور اور لطیف کر دے کہ جسمانی کثافتیں بالکل دُور ہو جائیں، حتیٰ کہ تاریک سایہ بھی باقی نہ رہے۔

افسوس ان لوگوں کا یہ حال ہے کہ معاذ اللہ ظلم وکذب جیسے بدترین عیوب ونقائص کو اللہ تعالیٰ کے لئے ممکن مان کر ان کا تحتِ قدرت ہونا تسلیم کر لیتے ہیں، لیکن جسمانیت وبشریتِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ سے پاک ہونا ان کے نزدیک ایسا امرِ محال ہے جس پر ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ قادر ہی نہیں، معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔ حامر صاحب کی اخلاقی پستی اور کم حوصلگی قابل دید ہے کہ اپنے جس پرچہ میں ہمارے مضمون پر تعاقب کیا تھا، اس کی ایک کاپی تک ہمیں نہ بھیجی حالانکہ ہم نے "ظل نمبر" ان کے پاس دیوبند بھیج دیا تھا، انہوں نے جون کے پرچہ میں ظل نمبر پر تعاقب کیا تھا جس کا ہمیں کچھ علم نہ ہو سکا، حسن اتفاق سے ایک محترم دوست نے بذریعہ خط اطلاع دی کہ السعید کے ظل نمبر پر تعاقب کیا گیا ہے، ساتھ ہی اس خط میں یہ اصرار تھا کہ اس کا جواب السعید ہی کے صفحات پر آنا

چاہئے، تعاقب کی اطلاع پانے کے بعد کئی دن تک وہ پرچہ ہمیں نہ مل سکا بالآخر مرزا ریاض احمد صاحب حافظ آبادی نے لاہور سے وہ رسالہ ہمیں بھیجا۔

جس کے دیکھنے سے اندازہ ہوا کہ عامر صاحب ہمارے تعاقب میں اتنے بے تحاشا دوڑے ہیں کہ ٹھوکریں کھانے، گرنے پڑنے کا بھی انہیں احساس نہ ہوا اور ہانپتے کانپتے ہماری پیش کردہ دو آیتوں میں سے صرف ایک آیت کے جواب میں پورے اٹھارہ صفحے سیاہ کرڈالے ہیں مگر جو لوگ محض طعن و تشنیع اور الفاظ کے اُتار چڑھاؤ سے مرعوب ہونے والے نہیں وہ ان کا مضمون پڑھ کر اندازہ کرسکتے ہیں کہ عامر صاحب نے چند بے تکے سوقیانہ اور طنزیہ فقرے بول کر آفتاب سے زیادہ روشن اور پہاڑ سے زیادہ وزنی حقیقتوں کا منہ چڑایا ہے، جن لوگوں نے ''ظل نمبر'' میں میرے مضمون کو بغور پڑھا ہے وہ خوب سمجھتے کہ عامر صاحب کے تعاقب کا کوئی جز ایسا نہیں جس کا جواب دفع دخل مقدر کے طور پر میرے مضمون میں نہ آگیا ہو اور اسی وجہ سے ان کا تعاقب قطعاً لائق التفات نہ تھا مگر صرف اس لئے اس کی طرف توجہ کی گئی کہ عامر صاحب یا ان کے حواری کہیں اس خوش فہمی میں مبتلا نہ ہوجائیں کہ ہم نے ظلمت و کثافت کی جن بنیادوں پر حضور ﷺ کے لئے سایہ ثابت کیا تھا انہیں کوئی ہلا نہ سکا، اس لئے مجبوراً ہمیں کچھ لکھنا پڑا، اور انشاء اللہ آگے چل کر ناظرین کرام دیکھ لیں گے کہ عامر صاحب کا تعاقب علم و استدلال کے سمندر کی موجوں میں خس و خاشاک سے بھی زیادہ بے وقعت ہے۔

اہم ترین مسائلِ دینیہ میں بحث و تمحیص کے لئے پختہ کاری اور مظبوط علمی قابلیت کی ضرورت ہے، اہل علم سے مخفی نہیں کہ عامر صاحب نے اپنے علم و استدلال اور قابلیت کے بڑے لمبے چوڑے دعوے کئے ہیں، آیئے! اصل مقصد سے پہلے لگے ہاتھوں ذرا ان کی علمی قابلیت کا تھوڑا سا جائزہ لیتے چلیں۔

عامر صاحب ''السعید'' سے میری ایک عبارت نقل کرنے کے بعد اس پر جرح کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں :

'' آپ معمولی سا دعویٰ کریں تو معمولی دلیل بھی چل سکتی ہے، لیکن بہت بڑا دعویٰ کرنے کی صورت میں بہت مضبوط دلیل دینی ہوگی، آپ کہتے ہیں کہ فلاں شخص پر میرا ایک روپیہ قرض ہے تو اس قول کو بہت معمولی سی دلیل پر بھی قبول کیا جاسکتا ہے، لیکن آپ کہیں کہ زید پر میرے بیس ہزار

روپے قرض ہیں تو اس کے لئے معمولی شواہد اور دلائل کافی نہ ہوں گے بلکہ آپ کو صریح و محکم طور پر ثبوت لانا ہوگا اور اگر ذرا سی بھی شک کی گنجائش نکل آئی تو اس کا فائدہ مدعا علیہ کو پہنچے گا اور آپ کا دعویٰ منہ پر مار دیا جائے گا"۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۸)

دعوے کے مطابق دلیل کا ہونا تو مسلمات میں سے ہے، آپ کی اس فضول اور اول جلول جرح سے آپ کا مقصد حاصل ہو سکتا ہے نہ ہمارے مضبوط و مستحکم دلائل میں ضعف آ سکتا ہے، میں نے اپنے مضمون میں نہایت تفصیل کے ساتھ اس مسئلہ کی وضاحت کر دی تھی، اگر کوئی شپرہ چشم نہ دیکھے تو ہمارا کیا گناہ؟ دعوے کے مطابق دلیل نہ ہونے کی جو مثال آپ نے لکھی ہے چشم بدور! وہ آپ کی علمی قابلیت کا قابل دید شاہکار ہے۔

اس کی مثال میں اگر آپ کہہ دیتے کہ مثلاً ایک شخص ضب (گوہ) کی حرمتِ قطعیہ کا دعویٰ کرتا ہے تو اس کی دلیل میں کوئی محتمل اور ظنی دلیل قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ دعویٰ قطعیت کا ہے اس کی دلیل بھی قطعی ہونی چاہئے، مگر آپ نے یہ مثال صرف اس لئے نہیں لکھی کہ میں نے اپنے مضمون میں یہ سب کچھ بیان کر دیا تھا، اور یہ مثال بجائے آپ کے میرے حق میں مفید رہتی، لہذا آپ نے اس قسم کی مثال سے قصداً اعراض کیا اور اس کی بجائے ایک روپیہ اور بیس ہزار روپے کی مثال کے چکر میں پھنس کر لکھ ڈالا کہ:

"آپ کہتے ہیں کہ فلاں شخص پر میرا ایک روپیہ قرض ہے تو اس قول کو بہت معمولی سی دلیل پر بھی قبول کیا جا سکتا ہے، لیکن آپ کہیں کہ کہ زید پر میرے بیس ہزار روپے قرض ہیں تو اس کے لئے معمولی شواہد اور دلائل کافی نہ ہوں گے"۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۸)

عامر صاحب! سبحان اللہ کیا مہاجنی ذہنیت کا اظہار کیا ہے آپ نے اس مثال میں، غالباً آپ فاضل دیوبند تو ہوں گے؟ فقہ پڑھنے والا ایک معمولی طالب علم بھی جانتا ہے کہ حقوقِ مالیہ کے ثبوت میں جو شہادت شرعاً معتبر ہے وہ دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت ہے، مال تھوڑا ہو یا بہت، ایک روپیہ ہو یا بیس ہزار، نصابِ شہادت ہر صورت میں یہی رہے گا، ذرا دارالعلوم کے کتب خانہ سے ہدایہ جلد ثالث نکلوا کر سامنے رکھئے اور تصورِ شیخ

کی نوعیت سے ہمارا تصور کر کے یہ صریح عبارت پڑھئے۔

" وما سوىٰ ذلك من الحقوق يقبل فيها شهادة رجلين او رجلٍ وامرأتين سواء كان الحق مالاً او غير مالٍ مثل النكاح والطلاق والوكالة والوصية ونحو ذلك"۔ انتهى

"اور اس کے سوا باقی حقوق میں دو مردوں کی شہادت قبول کی جاتی ہے، یا ایک مرد اور دو عورتوں کی، برابر ہے کہ حق مال ہو یا غیر مال، جیسے نکاح، طلاق، وکالہ، وصیہ"۔

پھر اسی ہدایہ جلد ثالث میں یہ عبارت بھی دیکھئے:

"ويقبل قوله في القليل و الكثير لا كل ذلك مال فانه اسم لما يتمول به الا انه لا يصدق في اقل من درهم لانه لا بعد مالاً عرفاً"۔ انتهى

"اس کا قول قلیل وکثیر میں مقبول ہوگا، اس لئے کہ یہ سب مال ہے، جس چیز سے تمول کیا جائے، وہی مال ہے، ایک درہم سے کم پر وہ صادق نہ آئے گا، کیونکہ عرفاً وہ مال شمار نہیں کیا جاتا"۔

غور کیجئے، یہ عبارت اس مفہوم کو کس وضاحت کے ساتھ ادا کر رہی ہے کہ جو چیز مال ہو اس کا قلیل وکثیر ہونا شہادت واقرار کی قبولیت وعدم قبولیت میں کوئی فرق پیدا نہیں کرتا، ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ عرفاً مال ہو جیسے ایک روپیہ اور بیس ہزار روپے، یہ دونوں عرفاً مال ہیں، کیا عامر صاحب کتاب وسنت کی روشنی میں مجھے بتا سکتے ہیں کہ وہ کون سی معمولی دلیل ہے جس سے کسی پر ایک روپیہ کے قرضے کا دعویٰ ثابت ہو جائے اور بیس ہزار کا دعویٰ ثابت نہ ہو سکے، شرعیات اور مذہبیات کی روشنی میں تو انشاء اللہ وہ قیامت تک نہ بتا سکیں گے، البتہ موجودہ دور کے لادینی اور بھارت کے مہاجنی طور طریقوں کو پیش نظر رکھ کر ہو سکتا ہے کہ وہ کچھ کہہ بھاگیں، جس پر کوئی مذہبی آدمی کان نہیں دھر سکتا نہ کوئی مسلمان بحیثیت مسلمان ہونے کے اسے قبول کر سکتا ہے۔

عامر صاحب کی اس علمی مثال کے شاہکار کو دیکھ کر ناظرین کرام نے ان کی ٹھوس قابلیت اور علم واستدلال کا پوری طرح جائزہ لے لیا ہوگا اور اس حقیقت کو بھی اچھی طرح سمجھ لیا ہوگا کہ وہ دینی مسائل کو لادینی دلائل سے ثابت کرنے کی تلبیس میں کتنے ماہر ہیں، جس کی طرف اس سے پہلے بھی ہم اپنے ناظرین کرام کو متوجہ کر چکے

ہیں۔

اَب اصل مقصد کی طرف آیئے اور دیکھئے کہ عامر صاحب نے ہمارے تعاقب میں کیسے پاپڑ بیلے ہیں۔
حضور ﷺ کا سایہ نہ ہونے کے عقیدہ کی شرعی حیثیت جو عامر صاحب کے نظریات کی روشنی میں ظاہر ہوئی ہے وہ ان کی حسب ذیل عبارت سے واضح ہے۔

''سایہ ہونا نہ ہونا بظاہر ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا عملی زندگی سے کوئی تعلق نہیں، لیکن عملی زندگی جن داخلی افکار وعقائد کے سہارے آگے بڑھتی ہے ان سے اس مسئلہ کا گہرا ربط ہے، بدعات وخرافات نے توحید ورسالت کے تصور کو جس قدر غبار آلود بنا دیا ہے وہ ایک تاریخی ٹریجڈی ہے جس کی کسک ہر درمند مومن بری طرح محسوس کرتا ہے، دیومالائی انداز کے تصورات عامۃ المسلمین کے ذہنوں پر چھا گئے ہیں، واہی عقائد نے دل ودماغ کی بنیادیں کھوکھلی کر کے رکھ دی ہیں، اور گمراہی وبے دانشی کا ایسا نقشہ فضائے ایمان پر چھا گیا ہے کہ عملی زندگی اور حقائق سے آنکھیں چار کرنے کا یارا ہی باقی نہیں رہ گیا، ایسے عالم میں کسی ایک بھی گمراہ کن عقیدہ کو اکھاڑ پھینکنا اور توحید ورسالت کے عارض سے جتنی بھی گرد ہو سکے جھاڑ دینا ہمارے نزدیک بہت مفید اور نتیجہ خیز ہے، پھر یہ بھی ملحوظ رکھئے کہ سایہ نہ ہونے کے لئے بے بنیاد عقیدہ کی تصدیق آج کے دارالعلوم (دیوبند) نے کی ہے اور دارالعلوم (دیوبند) اپنی مرکزیت کے باعث بڑے دُور رس اثرات رکھتا ہے، جو گمراہی یہاں سے چلے گی وہ آندھی اور طوفان کی طرح پھیلے گی، اسی لئے ہم نے مفتی دارالعلوم کے فتوے پر پہلے ہی سخت گرفت کی تھی، اور اَب بھی ہماری طول نگاری زیادہ تر اسی لئے ہے، آج کے دارالعلوم کی حیثیت عوام الناس پر واضح ہو جائے''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴)

اس کے بعد عامر صاحب اسی سایہ کی بحث کا ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ :
''بہر حال سایہ کی بحث سے ہمیں ایک ضرر رساں عقیدہ کی تردید کے ساتھ ساتھ یہ بھی دکھانا مقصود ہے کہ آج کے مفتی دارالعلوم علم ودیانت کے تقاضوں سے کس درجہ بے نیاز ہیں''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۵)

اِن عبارات سے یہ ترشح ہورہا ہے کہ عامر صاحب معدومیت ظل النبی کی مخالفت کے پردہ میں صرف مفتی دارالعلوم ہی کے نہیں بلکہ ایک اہتمام و انتظام و ارکانِ ادارہ کے اخراج و انقطاعِ اختیارات کے درپے ہیں، اور کسی سوچی سمجھی اسکیم کے تحت دارالعلوم میں کوئی تازہ انقلاب لاکر اپنے اقتدار کا خواب دیکھ رہے ہیں، خیر ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں اس امر کی طرف توجہ کرنا ارکانِ دارالعلوم کا کام ہے۔

چند سطور کے بعد اسی معدومیتِ سایہ کے عقیدہ کے متعلق گلفشانی کرتے ہیں :

''ہم نے پہلے بھی کہا تھا اور اَب بھی اعلانیہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ کا سایہ نہ ہونا ایک بے بنیاد طبع زاد عقیدہ ہے''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۵)

اِن تینوں عبارتوں سے صاف ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ ہونے کا عقیدہ ان کے نزدیک بدعت، خرافات، تصورِ توحید و رسالت پر غبار، صریح گمراہی اور بے دانشی ہے، نہ صرف یہ بلکہ یہ عقیدہ نہایت ضرر رساں بے بنیاد اور طبع زاد ہے۔

اِس مفہوم کو ذہن نشین کرنے کے بعد یہ دیکھئے کہ عامر صاحب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ ہونے کا عقیدہ رکھنے والوں کی شرعی حیثیت کیا بیان کی ہے، وہ رقمطراز ہیں :

''ہمیں پہلے بھی یقین تھا اور اب بھی یقین ہے کہ رسول اللہ کا سایہ نہ ہونے کی بے اساس بات صرف ایسے ذہنوں کو ہضم ہوسکتی ہے جو یا تو طبعاً وہم پرست، مبالغہ کیش اور عجائب پسند ہوں یا پھر جذباتی مغلوبیت نے ایک حادثے اور اُفتاد کے طور پر ان کے قدرتی سسٹم پر کوئی ایسا ہی اثر ڈالا ہو، جیسا بخار آدمی کے نظامِ کام و دہن پر ڈالا کرتا ہے''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۴)

نیز اسی عقیدہ رکھنے والوں کے متعلق آگے چل کر عامر صاحب وضاحت کے ساتھ لکھتے ہیں :

''جو فرد یا گروہ شعر کی زبان میں نہیں بلکہ حقیقی معنی میں اہل سنت ہوگا...... وہ قیامت تک ایسی بے

سروپا اور فتنہ انگیز حرکت نہیں کرے گا کہ جس پیغمبر علیہ السلام کی بشریت کے اثبات میں اللہ جل شانہٗ متعدد صریح ومحکم آیات نازل فرما رہے ہیں اور جس کی بشریت عین مشاہدہ اور تمام عالم کے نزدیک حقیقت ثابتہ ہے اسے حدودِ بشریت سے باہر لاکر مادی وطبعی اوصاف ولوازم سے بالاتر ثابت کرنے کی کوشش کرے وہ سایہ نہ ہونے کی بات سن کر جھومے گا نہیں کہ میرے نبی کی شان بڑھ رہی ہے، بلکہ خطرہ کی آہٹ پاکر چونک پڑے گا کہ یہ تو قصرِ نبوت میں وہی چور دروازہ کھولا جارہا ہے جس کی راہ سے مسیح ابن مریم اللہ کے بیٹے بنائے گئے"۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۶)

ان دونوں عبارتوں کے خط کشیدہ الفاظ سے یہ بات واضح ہے کہ عامر صاحب کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کے سایہ نہ ہونے کا عقیدہ رکھنے والے وہم پرست، مبالغہ کیش، عجائب پسند اور جذباتی مغلوبیت نے ان کے قدرتی سسٹم پر ایسا اثر ڈال دیا ہے، جیسا بخار آدمی کے تمام جسمانی نظام پر اثر ڈال دیتا ہے، نیز ایسا عقیدہ رکھنے والے ان کے نزدیک اہل سنت سے خارج ہیں، اور ان کا یہ عقیدہ فتنہ انگیز اور قرآن کریم کی صریح ومحکم آیات کے خلاف ہے، نہ صرف یہ بلکہ حضور علیہ السلام کے سایہ نہ ہونے کا عقیدہ قصرِ نبوت میں ایک ایسا چور دروازہ ہے جس کی راہ سے مسیح ابن مریم اللہ کے بیٹے بنائے گئے۔

تمام عباراتِ منقولۂ بالا کا مختصر خلاصہ یہ ہے کہ عامر صاحب کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کا سایہ نہ ہونے کا اعتقاد از قبیل بدعات وخرافات، ضلالت وگمراہی، عیسائیت ونصرانیت اور عقیدۂ توحید ورسالت کے منافی بلکہ قصرِ نبوت میں معاذ اللہ حضور کی الوہیت کا ایک چور دروازہ ہے۔

عامر صاحب نے رسول اللہ ﷺ کے سایہ سے پاک ہونے کے عقیدہ کو بدعت، گمراہی اور عیسائیت ونصرانیت قرار دیا، حالانکہ اسلاف کرام اور ائمہ دین میں بھی یہ عقیدہ پایا جاتا ہے، چونکہ عامر صاحب خود مَرے دل اور دبی زبان سے اس حقیقت کا اعتراف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

"ہزاروں ہزار علماء اور ائمہ میں شاید گنے چنے ایسے نکلیں جنہوں نے اپنے خاص احوال یا جذباتی مغلوبیت یا اپنی افتادِ طبع، یا کسی ہنگامی ترغیبِ ذہنی کے تحت رسول اللہ کا سایہ نہ ہونے کو واقعہ گمان

کرلیا ہو"۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۶)

عامر صاحب نے اپنی افتادِ طبع سے مجبور ہو کر یہ بے جا قیود حق گو ائمہ پر لگا ڈالیں مگر اس کے باوجود اس حقیقت کا انہیں اقرار کرنا ہی پڑا کہ علمائے اُمت و ائمہ دین میں ایسے حضرات ضرور پائے جاتے ہیں جن کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ ہونا امرِ واقع ہے، اسی بحث میں ایک اور جگہ رقمطراز ہیں :

"بجا کہ اسلاف میں بعض ایسے بزرگ بھی سایہ نہ ہونے کی بے اصل بات کے فریب میں آگئے ہیں جن کے علم و فضل پر اُنگلی مشکل ہی سے اُٹھائی جا سکتی ہے، جن کے ذہنوں کو فاسد و کاسد کہنا بے جا جسارت ہوگی اور جن کی عام قدر و منزلت شبہ سے بالاتر ہے، لیکن شکر ہے کہ وہ انبیا نہیں تھے، صحابی بھی نہیں تھے، تابعی بھی نہیں تھے، بلکہ ہمارے ہی جیسے اُمتی تھے جو زہد و عبادت کے ذریعہ امام وقطب اور شیخ و مرشد بن سکتے ہیں لیکن خطا و نسیان سے بالاتر نہیں ہو سکتے"۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۴)

اس عبارت میں بھی عامر صاحب نے مُرے دل سے اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ اسلاف کرام میں ایسے بزرگ ہوئے ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کے معتقد تھے، جن کے علم و فضل پر اُنگلی اُٹھانا مشکل ہے اور ان کے ذہنوں کو فاسد و کاسد کہنا جسارت بے جا ہے جن کی قدر و منزلت شبہ سے بالاتر ہے، جو عابد و زاہد، امام وقطب، شیخ و مرشد کا مقام رکھتے تھے، البتہ وہ نبی، صحابی اور تابعی نہ تھے جو خطا و نسیان سے بالاتر ہوں، (ماشاء اللہ کیا توجیہ متکلمانہ ہے)۔

سایہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعتقاد کو معاذ اللہ گمراہی بدعت اور عیسائیت قرار دینے والے عامر صاحب ذرا یہ تو بتائیں کہ اس گمراہی اور نصرانیت میں مبتلا ہونے والے لوگ! اسلاف، بزرگ، اہل علم و دانش، صاحبان فضل وکمال، صحیح الذہن، شبہات سے بالاتر، امام، قطب اور شیخ و مرشد بھی بن سکتے ہیں، یا للعجب

آپ کے انقلابی ذہن کی داد نہیں دی جا سکتی، جو عقیدہ آپ کے نزدیک ضلالت و گمراہی، بدعت و جہالت، عیسائیت و نصرانیت کا حکم رکھتا تھا وہ بیک جنبش قلم خطا و نسیان کی صورت میں تبدیل ہو کر رہ گیا، کیا کہنا

آپ کی جرأت وجسارت کا، مذہبیات میں یہ تغیر و تبدل؟ دین کے ساتھ مذاق نہیں تو اور کیا ہے؟ پھر کیا سادگی سے فرماتے ہیں :

''لیکن شکر ہے کہ وہ انبیاء نہیں تھے، صحابی بھی نہیں تھے، تابعی بھی نہیں تھے جو شیخ و مرشد تو بن سکتے ہیں لیکن خطاونسیان سے بالاتر نہیں ہو سکتے''۔

بولئے! آپ کی یہ عبارت پڑھنے والا کیا سمجھے گا؟ یہی نا کہ آپ نبی، صحابی، تابعی کو خطاونسیان سے بالاتر سمجھتے ہیں، پھر کیا یہ سچ ہے؟ کیا واقعی آپ کا یہی اعتقاد ہے؟ اپنے اسی پرچہ میں وہ اقتباس ہی دیکھ لیا ہوتا جو صفحہ ۶۴ پر ترجمان القرآن سے آپ نے لیا ہے۔

''دراصل کوئی انسان خطاو لغزش سے پاک نہیں''۔

کیوں جناب کیا انبیاء، صحابہ اور تابعین آپ کے نزدیک انسان نہیں ہوتے؟ جب وہ سب انسان ہیں اور کوئی انسان خطا سے پاک نہیں تو کیا اس شکلِ اوّل کا یہ منطقی نتیجہ نہیں نکلا کہ نبی، صحابی، تابعی کوئی خطا سے پاک نہیں، پھر یہ اسلاف اگر معاذ اللہ نبی بھی ہوتے تو کیونکر خطاونسیان سے بالاتر ہو سکتے تھے۔ کیا تلبیس اور مغالطے کی اس سے بڑھ کر کوئی مثال ہو سکتی ہے؟

حامد صاحب! آپ اس اور یجنل افسانہ نگاری کے وقت کس موڈ میں تھے کہ آپ کے اپنے ابن تیمیہ صاحب کا ارشاد بھی بھول گئے، وہ فرماتے ہیں :

''وعمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قل خطأ من علی رضی اللہ عنہ''

(منہاج السنۃ، جلد ۲، ص ۱۵۴)

ترجمہ۔حضرت عمر کی خطائیں حضرت علی سے کم ہیں۔

جب عمر و علی رضی اللہ عنہم جیسے جلیل القدر حضرات صحابی ہو کر خطا سے نہ بچ سکے تو بیچارے اسلاف صحابی ہو کر کیونکر خطا سے بالاتر رہ سکتے تھے؟

ہاں آپ کو مودودی صاحب کا فرمان بھی شاید یاد نہیں رہا، وہ فرما گئے ہیں :

''نبی ہونے سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی ایک بہت بڑا گناہ ہو گیا تھا کہ انہوں نے

ایک انسان کو قتل کردیا تھا"۔

(رسائل ومسائل، ص ۳۱)

موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بہت بڑا گناہ ہوسکتا ہے تو اسلاف کا خطاونسیان سے بالاتر رہنا کیسے ممکن ہوگا؟ شاید آپ کہہ دیں کہ موسیٰ علیہ السلام کا گناہ نبوت سے پہلے ہوا تھا اس لئے اعتراض کی بات نہیں، بحث یہ ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام بڑے گناہ سے نہ بچ سکے تو اسلاف نبی، صحابی یا تابعی ہوکر خطا سے بالاتر کیسے رہ سکتے ہیں؟ آخر موسیٰ علیہ السلام کا مرتبہ نبوت سے قبل صحابہ اور تابعین کے مرتبہ سے تو بہر حال اونچا تھا، جب صحابی اور تابعی سے اونچے درجہ والے کا یہ حال ہے تو اسلاف بیچارے صحابی یا تابعی ہوکر کس گنتی میں رہتے ہیں۔

رہا اصل مسئلہ تو حق واضح کرنے کے لئے مختصراً اتنا عرض کردینا کافی ہوگا کہ اگرچہ متکلمین کا ایک گروہ قبل البعثۃ انبیاء سے صدور ذنب کا قائل ہے لیکن محققین اہل اللہ کا مسلک یہی ہے کہ نبوت سے پہلے اور بعد ہر زمانہ میں انبیاء علیہم السلام عمداً تمام صغائر وکبائر سے پاک ہیں، علامہ بحرالعلوم فرماتے ہیں :

"واما قبل النبوۃ فالتحقیق وعلیہ اھل اللہ من الصوفیۃ الکرام انھم معصومون ایضاً من الکبائر والصغائر عمداً"

(ملتقط از حاشیہ نبراس، ص ۴۵۳)

اور شارح مواقف نے بھی اسی مسلک کی تائید میں حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فعلِ قتل پر وارد کئے ہوئے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے "الجواب انہ قبل النبوۃ" لکھ کر صاف ارقام فرمایا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کا فعلِ قتل بلاقصد بھی ہوسکتا ہے اور انہوں نے اس فعل پر جو اقوال صادر فرمائے وہ سب (معصیت اور گناہ کی بجائے) تواضع اور کسر نفسی پر محمول ہوسکتے ہیں، شرح مواقف کی حسب ذیل عبارت ملاحظہ کیجئے :

"وایضاً جازان یکون قتلہٗ خطاءً وما صدر عنہ من اقوالہٖ محمولاً علی التواضع وھضم النفس" انتہیٰ

(شرح مواقف، جلد ۸، ص ۲۷۱)

عامر صاحب نے حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کے عقیدہ کو جو بزرگان دین وسلف صالحین کا عقیدہ رہا ہے،

مسلمانوں کے ذہن میں بے وقعت اور خفیف کرنے کے لئے لکھ مارا کہ خاص احوال یا جذباتی مغلوبیت یا افتادِ طبع یا کسی ہنگامی ترغیب ذہنی کے تحت بزرگوں کا یہ عقیدہ رہا ہے، ان عقل کے دشمنوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ کوئی نیکی یا بدی جس سے سرزد ہوتی ہے وہ ان ہی چار اسباب وو جود کے تحت سرزد ہوتی ہے، کوئی شخص کسی نیکی یا بدی کو جن احوال میں ادا کرتا ہے۔ یقیناً وہ خاص احوال ہوتے ہیں، اسی طرح کوئی اچھائی یا برائی نیکی اور بدی کے جذبے سے متاثر اور مغلوب ہوئے بغیر واقع نہیں ہوسکتی، نیز ہر شخص کی افتادِ طبع کو اس کے افعال واعمال، عقائد و خیالات میں پورا پورا دخل ہوتا ہے، اور یہ امر بھی واضح ہے کہ وقتی اور ہنگامی طور پر ذہنی ترغیبات انسان کے افعال واعمال، خیالات ومعتقدات کے لئے ضرور موثر ثابت ہوتی ہیں اور ان وجوہ کے تحت کسی عقیدہ یا عمل کا صدور وظہور اس عقیدہ یا عمل کے بےوزن و بے وقعت اور خفیف ہونے کا موجب ہرگز نہیں ہوسکتا، ایسی صورت میں بزرگانِ دین کے اس عقیدہ کو ان وجوہ کے تحت لانے سے کیا فائدہ پہنچا، محض الفاظ کے ہیر پھیر سے پڑھنے والوں کے ذہن میں یہ اثر پیدا کرنا مقصود ہے کہ اسلاف کا یہ عقیدہ کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا کوئی وزن نہیں رکھتا، لیکن یاد رکھئے جس طرح پہاڑ کو تنکہ کہہ دینے سے اس کا وزن کم نہیں ہوسکتا، اسی طرح بزرگانِ دین کے اس عقیدہ کو اس نوعیت سے لکھ دینا اس کو ہلکا اور بےوقعت نہیں بنا سکتا، سلف کے مقدس حضرات اور اپنے مقتداؤں کو جو لاریب منکرین ظل ہیں کہاں چھپا سکتے تھے، لیکن اس سلسلہ میں جو ہاتھ کی صفائی دکھائی گئی ہے وہ ایسی ہے کہ اس کے سامنے اس فن کے بڑے بڑے فن کار بھی مات کھا گئے ہوں گے، حامر صاحب رقمطراز ہیں:

"ہزاروں ہزار علماء اور ائمہ میں شاید گنے چنے ایسے نکلیں جنہوں نے رسول اللہ (ﷺ) کا سایہ نہ ہونے کو واقعہ گمان کرلیا ہو"۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۶)

واہ جناب آپ کی کارستانی قابلِ داد ہے، حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کے معتقد ہزاروں ہزار میں سے گنے چنے چند اور وہ بھی شاید، کیا کہنا ہے آپ کی فنکاری کا، مثل مشہور ہے کہ نکٹی ناک والے کو نکو بتائے، آپ کی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے ظلمت بھرا کالا سایہ ثابت کرنے والا تو ان ائمہ اعلام میں کیا ساری اُمت مسلمہ میں ڈھونڈے سے بھی کوئی نہ ملے گا، اور ہمارے ہم عقیدہ یعنی حضور علیہ السلام کو تاریک سائے سے پاک

ماننے والے علمائے اعلام وائمہ دین متقدمین ومتاخرین اتنی کثیر تعداد میں ہیں کہ آپ ان کی تفصیل پڑھ کر گھبرا جائیں گے، جن حضرات نے ''السعید'' ملتان کا ''ظل نمبر'' نہیں پڑھا ان کی خصوصی رعایت ملحوظ رکھ کر ان حضرات کے اسمائے گرامی کی فہرست پہلے سے زیادہ مکمل کر کے پیش کی جا رہی ہے جو حضور ﷺ کو تاریک سایہ سے پاک مانتے تھے۔

(۱) سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، صحابی (متوفی ۳۵ھ)

(۲) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما، صحابی (متوفی ۶۸ھ)

(۳) حضرت ذکوان، تابعی (متوفی ۱۰۱ھ)

(۴) حضرت ابن المبارک، تابعی (متوفی ۱۸۱ھ)

(۵) حکیم ترمذی، (متوفی ۲۵۵ھ)

(۶) حافظ رزین محدث (متوفی ۶۸۰ھ)

(۷) محدث ابن سبع (متوفی ......)

(۸) محدث ابن جوزی (متوفی ۵۸۷ھ)

(۹) قاضی عیاض امام المحدثین (۵۴۴ھ)

(۱۰) امام راغب اصفہانی (متوفی ۴۵۰ھ)

(۱۱) امام نسفی (متوفی ۷۰۱ھ)

(۱۲) امام قسطلانی (متوفی ۹۲۳ھ)

(۱۳) علامہ امام سبکی (متوفی ۷۵۶ھ)

(۱۴) علامہ حسین بن محمد دیار بکری (متوفی ۹۶۰ھ)

(۱۵) امام زرقانی (متوفی ۱۱۲۲ھ)

(۱۶) امام مناوی (متوفی ۸۹۱ھ)

(۱۷) امام جلال الدین سیوطی (متوفی ۹۱۱ھ)

(۱۸) صاحب سیرۃ شامی (امام محمد بن یوسف صالحی شامی، متوفی ۹۴۲ھ)

(۱۹) علامہ شہاب الدین خفاجی (متوفی ۱۰۶۹ھ)

(۲۰) علامہ ابراہیم بیجوری (۱۲۷۷ھ)

(۲۱) علامہ ملا علی قاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)

(۲۲) علامہ سلیمان جمل (متوفی ۱۲۰۴ھ)

(۲۳) علامہ ابن حجر مکی (متوفی ۹۷۳ھ)

(۲۴) علامہ برہان الدین حلبی (متوفی ۱۰۴۴ھ)

(۲۵) علامہ شیخ محمد طاہر صاحب مجمع بحار الانوار (۹۸۶ھ)

(۲۶) علامہ جلال الدین رومی (متوفی ۶۷۰ھ)

(۲۷) حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ)

(۲۸) مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی (متوفی ۱۰۳۴ھ)

(۲۹) علامہ بحر العلوم لکھنوی (متوفی ۱۲۳۵ھ)

(۳۰) مولانا عبدالرحمٰن جامی (متوفی ۸۹۸ھ)

(۳۱) علامہ اسمٰعیل حقی صاحبِ روح البیان (متوفی ۱۱۳۷ھ)

(۳۲) مفتی عنایت احمد کاکوروی صاحب علم صیغہ (متوفی ۱۲۷۹ھ)

(۳۳) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (متوفی ۱۲۳۹ھ)

ان اسلاف کرام کے علاوہ حامد صاحب کے مقتدا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی، مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اوران کے بعد مفتی عزیز الرحمٰن صاحب دیوبندی کے اسماء بھی قابل ذکر ہیں۔

اَب تفصیل وار ان بزرگانِ سلف کے اس اعتقاد پر کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا تصریحات وعبارات وحوالہ جات ملاحظہ فرمائیے۔

(۱تا۲) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ وامام نسفی رحمۃ اللہ علیہ

تفسیر مدارک التنزیل مؤلفہ امام نسفی، مطبوعہ مصر، جلد ۳، ص ۱۰۳

"وقال عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان اللہ ما اوقع ظلك علی الارض لئلا یضع انسان قدمہٗ علی ذلك"۔ انتھی

"امام نسفی فرماتے ہیں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا حضور اللہ تعالیٰ نے آپ کا سایہ زمین پر نہ ڈالا تا کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی آدمی اپنا پاؤں حضور ﷺ کے سایہ پر رکھ دے"۔

(۳ تا ۱۰) حضرت عبداللہ بن عباس صحابی رضی اللہ عنہما، حضرت ذکوان تابعی رضی اللہ عنہ، حکیم ترمذی، ابن المبارک تابعی، ابن جوزی، ابن سبع، امام زرقانی، حافظ رزین محدث۔

امام زرقانی شرح مواہب، جلد ۴، ص ۲۲۰ پر فرماتے ہیں:

"(ولم یکن لہٗ ﷺ ظل فی شمسٍ ولا قمرٍ) لأ نہٗ کان نوراً، کما قال ابن سبع، وقال رزین: الغلبة أنوارہ، قیل وحکمة ذلك صیانتہٗ عن أن یطأ کافر علی ظلہٖ"۔

"اور نہ تھا حضور ﷺ کے لئے سایہ سورج میں نہ چاند میں اس لئے کہ حضور ﷺ نور تھے جیسا کہ ابن سبع (محدث) نے کہا، اور امام رزین فرماتے ہیں کہ سایہ نہ ہونا حضور کے غلبۂ انوار کی وجہ سے تھا، بعض علماء نے کہا کہ اس کی حکمت حضور علیہ السلام کو اس بات سے بچانا ہے کہ کسی کافر کا پاؤں حضور ﷺ کے سایہ پر نہ پڑے"۔

آگے چل کر یہی امام زرقانی فرماتے ہیں:

"(رواہ الترمذی الحکیم عن ذکوان) ابی صالح السمان، الزیّات المدنی، أو أبی عمر، والمدنی مولیٰ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، وکل منھما ثقة من التابعین، فھو مرسل، لکن روی ابن المبارك، وابن جوزی، عن ابن عباس: لم یکن للنبی ﷺ ظل، ولم یقم مع الشمس قط، الا غلب ضوؤہ ضوء الشمس، ولم یقم مع سراج قط الا غلب ضوء السراج (وقال ابن سبع: کان ﷺ نورا، فکان اذا مشی فی الشمس، أو القمر، لا یظھر لہ ظل) لأ ن النور، لا ظل لہ،

(قال غیرہ :ویشهد له، قوله ﷺ فی دعائه،) لما سأل الله تعالیٰ أن یجعل فی جمیع اعضائه، وجهاته نورا ختم ، بقوله:(واجعلنی نورا،) أی :والنور، لا ظل له، وبه یتم الاستشهاد۔ انتھی

''حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی اس حدیث کو ترمذی حکیم نے ذکوان سے روایت کیا، یہ ذکوان ابوصالح السمان (روغن فروش) مدنی ہیں، یا ابوعمر مدنی جو عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ غلام ہیں (ان میں سے کوئی بھی ہو بہر حال) یہ دونوں ثقہ ہیں تابعین سے، لہٰذا حدیث مرسل ہوگی (چونکہ اس میں صحابہ کا ذکر نہیں) لیکن حضرت ابن المبارک اور علامہ ابن جوزی نے حضرت ابن عباس (صحابی) رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا، اور حضور علیہ السلام سورج کے سامنے کبھی کھڑے نہ ہوئے لیکن حضور کی روشنی سورج کی روشنی پر غالب ہو جاتی تھی اور حضور ﷺ کبھی چراغ کی روشنی کے سامنے کھڑے نہ ہوتے تھے مگر حضور کی روشنی چراغ کی روشنی پر غالب ہو جاتی تھی، اور ابن سبع (محدث) نے کہا کہ حضور علیہ السلام نور ہیں اس لئے جب حضور ﷺ سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تو حضور کا سایہ ظاہر نہ ہوتا تھا کیونکہ نور کا سایہ نہیں ہوتا اور ان کے علاوہ دیگر علماء و محدثین نے فرمایا ہے کہ گواہی دیتا ہے حضور کا سایہ نہ ہونے پر حضور کا وہ قولِ مبارک جو حضور کی دُعا میں ہے، جب حضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے جمیع اعضاء و جہات میں نور کر دے تو آپ نے اپنی دُعا کو اس قول پر ختم فرما دیا (واجعلنی نورا) یعنی نور کا سایہ نہیں ہوتا، اور اسی کے ساتھ یہ استشہاد تمام اور پورا ہو جاتا ہے''۔

(۱۱) ذکوان کی مذکورہ بالا روایت امام جلال الدین سیوطی نے خصائص کبریٰ، جلد۱، صفحہ ۶۸ میں نقل فرمائی۔

(۱۲) مواهب اللدنیه، جلد۱، صفحہ ۲۸۰ پر امام قسطلانی نے یہی مضمون ارقام فرمایا۔

(۱۳) مفردات امام راغب صفحہ ۲۱۷ میں امام راغب اصفہانی فرماتے ہیں :

''روی ان النبی ﷺ کان اذا مشیٰ لم یکن لہٗ ظلٌ''۔

''مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ چلتے تھے تو حضور ﷺ کا سایہ نہ ہوتا تھا''۔

(۱۴) شفاء شریف، جلد ا، صفحہ ۲۴۲، ۲۴۳ میں امام المحدثین قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

''وما ذکر من انه لا ظل لشخصه فی شمس ولا قمر لانه کان نوراً''۔

''اور یہ بات جو مذکور ہوئی کہ حضور ﷺ کے وجود اقدس کا سایہ نہ تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ حضور ﷺ نور تھے''۔

(۱۵) نسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض، جلد ۳، صفحہ ۳۱۹ پر ہے :

''(لا ظل شخصه) ای جسده الشریف اللطیف الخ''

''حضور ﷺ کے جسم شریف کا سایہ نہیں''۔

(۱۶) سیرۃ حلبیہ، جلد ۲، صفحہ ۴۲۲ پر علامہ برہان الدین حلبی فرماتے ہیں :

''وانهٗ ﷺ اذا مشیٰ فی الشمس او فی القمر لا یکون لهٗ ﷺ ظلٌ لا انهٗ کان نوراً''۔الخ

''بے شک حضور ﷺ جب سورج یا چاند کی روشنی میں چلتے تھے تو حضور ﷺ کا سایہ نہ ہوتا تھا اس لئے کہ حضور ﷺ نور تھے''۔

(۱۷) افضل القریٰ، صفحہ ۲۷ پر علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

''ومما یؤیدانهٗ ﷺ صار نوراً انهٗ کان اذا مشیٰ فی الشمس و القمر لا یظهر لهٗ ظل لانهٗ لایظهر للکثیف وهو ﷺ قد خلصه اللہ من سائر الکثافات الجسمانیة وصیرهٗ نوراً صرفاً فلا یظهر لهٗ ظلٌ اصلاً''۔الخ

''حضور ﷺ کے نور ہونے کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ حضور ﷺ نور ہو گئے، بے شک حضور ﷺ جب چاند سورج کی روشنی میں چلتے تھے تو آپ کا سایہ ظاہر نہیں ہوتا مگر کثیف کے لئے اور حضور ﷺ کو تو اللہ تعالیٰ نے تمام جسمانی کثافتوں سے پاک کر دیا تھا اور آپ کو نور خالص بنا دیا تھا، اس لئے حضور ﷺ کا سایہ بالکل ظاہر نہ ہوتا تھا''۔

(۱۸) مجمع بحار الانوار، جلد ۳، صفحہ ۴۰۵ پر علامہ شیخ محمد طاہر پٹنی فرماتے ہیں :

''لا یظھر لہٗ ظلٌ''

''حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا''

(۱۹) فتوحات احمدیہ شرح ہمزیہ، صفحہ ۵ پر علامہ سلیمان جمل فرماتے ہیں :

''لم یکن لہٗ ﷺ ظلٌ فی الشمس ولا قمر''۔ انتہیٰ

''حضور ﷺ کا سایہ نہ سورج کی روشنی میں تھا نہ چاند کی روشنی میں''۔

(۲۰) کتاب تاریخ الخمیس میں علامہ حسین بن محمد دیار البکری فرماتے ہیں :

''لم یقع ظلہٗ علی الارض ولا رویٔ لہٗ فی الشمس ولا قمر''۔ الخ

''حضور ﷺ کا سایہ کبھی زمین پر نہیں پڑا نہ کبھی چاند سورج کی روشنی میں دیکھا گیا''۔

(۲۱) شرح شمائل للمناوی، مطبوعہ مصر، جلد ۱، صفحہ ۴۷ پر امام عبدالرؤف مناوی (متوفی ۱۰۳۱ھ) نے حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی طویل حدیث ارقام فرمائی جس میں یہ الفاظ بھی ہیں :

''لم یکن للنبی ﷺ ظلٌ''

''حضور ﷺ کا سایہ نہ تھا''۔

(۲۲) سیرۃ حلبیہ، جلد ۲، صفحہ ۹۴ پر علامہ امام تقی الدین سبکی کا یہ شعر منقول ہے :

لقد نزہ الرحمن ظلک ان یریٰ

علی الارض ملقی فانطویٰ لمزیۃ

ترجمہ۔ ''رحمٰن نے آپ کے سایہ کو زمین پر پڑا ہوا نظر آنے سے پاک کر دیا اور پامالی سے محفوظ رکھنے کے لئے آپ کی عظمت و فضیلت کی بناء پر اسے لپیٹ دیا''۔

(۲۳) جمع الوسائل بشرح الشمائل، جلد ۱، صفحہ ۱۷۶، مطبوعہ مصر پر ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں :

''عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما لم یکن لہٗ ﷺ ظلٌ''

''حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور سیّد عالم ﷺ کا سایہ نہ تھا''۔

(۲۴) سیرۃ شامی، (سبل الھدیٰ و الرشاد فی سیرۃ خیر العباد) مطبوعہ قاہرہ، صفحہ ۱۲۳، ۱۲۴ پر ارقام فرماتے ہیں ۔

لم یُرَ لرسول اللہ ﷺ ظلٌّ فی شمس و لا قمر

رواہ الحکیم الترمذی ، وقال معناہ لئلا یطأ علیہ کافرٌ فیکون مذلةً لہٗ ۔

وقال ابن سبع رحمة اللہ تعالیٰ :فی خصائصہ:ان ظلہ ﷺ کان لا یقع علی الارض وانہ کان نورا وکان اذا مشی فی الشمس أو القمر لا یظھر لہ ظل۔

(۲۵) تفسیر روح البیان، جلد ۶، صفحہ ۱۲۵ پر صاحب روح البیان، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث منقولہ امام نسفی سے ارقام فرماتے ہیں :

(۲۶) المواھب علی الشمائل، صفحہ ۳۰ پر علامہ ابراہیم بیجوری، علامہ ابن جوزی کی روایت لم یکن لہٗ ظلٌّ نقل فرماتے ہیں۔

(۲۷) مثنوی شریف دفتر پنجم صفحہ پر مولانا جلال الدین رومی فرماتے ہیں :

چون فناش از فقر پیرایہ شود

او محمد دار بے سایہ شود

''جب اس کی فنا پیرایۂ فقر سے ہوگی تو وہ حضرت محمد ﷺ کی طرح بے سایہ ہو جائے گا''۔

(۲۸) شرح مثنوی شریف بحر العلوم میں علامہ بحر العلوم لکھنوی شعرِ سابق کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

'' مصرع ثانی اشارہ معجزہ آں سرور است کہ آں سرور سایہ نمی افتاد ''

''دوسرے مصرع میں آں سرور علیہ السلام کے معجزہ کی طرف اشارہ ہے کہ حضور ﷺ کا سایہ نہ پڑتا

تھا"۔

(۲۹) عزیز الفتاویٰ، جلد ہشتم، صفحہ ۲۰۲ پر مولانا عبدالرحمٰن جامی کے یہ شعر مرقوم ہیں:

پیغمبر ماند اشت سایہ

تا شک بدلِ یقیں نیفتد

یعنی ہر کس پیرو اوست

پیداست کہ پا زمین نیفتد

"ہمارے پیغمبر ﷺ سایہ نہ رکھتے تھے، ہرگز یقین کہ دل میں شک نہ پڑے یعنی جو شخص بھی حضور ﷺ کے قدم بقدم ہے، ظاہر ہے کہ اس کا قدم بھی زمین پر نہیں پڑتا"۔

(۳۰) "تاریخ حبیب الٰہ" صفحہ ۱۳۷ میں مفتی عنایت احمد صاحب کاکوروی صاحب "علم الصیغہ" تحریر فرماتے ہیں کہ:

"آپ کا بدن نور تھا، اسی وجہ سے آپ کا سایہ نہ تھا"۔

(۳۱) مدارج النبوۃ جلد ۱، صفحہ ۱۱۸ پر شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں:

"چوں آنحضرت ﷺ عین نور باشد نور را سایہ نمی باشد"۔

"جب آنحضرت ﷺ عین نور ہیں تو نور کا سایہ نہیں ہوتا"۔

(۳۲) تفسیر عزیزی پارۂ عم، صفحہ ۲۱۹ پر شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

"از خصوصیاتکہ آنحضرت ﷺ را در بدن مبارکش دادہ بودند کہ سایہ ایشاں بر زمین نمی افتاد"۔

"جو خصوصیتیں حضور ﷺ کے بدن مبارک میں عطا کی گئی تھیں ان میں سے ایک یہ تھی کہ حضور ﷺ کا سایہ زمین پر نہ پڑتا تھا"۔

(۳۳) مکتوبات شریف، جلد سوم، صفحہ ۱۸۷، مطبوعہ نول کشور لکھنؤ پر حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

فرماتے ہیں :

''ونیز در عالم شہادت سایہ شخص از شخص لطیف تر است چوں لطیف ترے ازوے در عالم نباشد اورا سایہ چہ صورت دارد''۔

''نیز عالم شہادت میں ہر شخص کا سایہ اس کے جسم سے زیادہ لطیف ہوتا ہے، جب حضور ﷺ سے زیادہ لطیف چیز عالم میں نہیں ہے تو آپ کا سایہ کس صورت سے ہوسکتا ہے؟''۔

حامد صاحب! خدا لگتی کہنا، کیا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے کر حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک مرقومہ بالا تمام صحابہ، تابعین، ائمہ مجتہدین، محدثین، علماء متبحرین اور بزرگان دین کو معاذ اللہ بدعتی، گمراہ تو حید و رسالت کے مخالف عیسائی اور نصرانی سمجھتے ہیں۔

اچھا! ان سب کے بعد اپنے مقتداؤں کی طرف آیئے :

(۱) مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی ''امداد السلوک''، صفحہ ۸۵، ۸۶ پر تحریر فرماتے ہیں :

''ازیں جا است کہ حق تعالیٰ در شان حبیب خود ﷺ فرمود کہ آمدہ نزدِ شما از طرف حق تعالیٰ نور و کتابِ مبین و مراد از نورِ ذات پاک حبیب خدا ﷺ است و نیز اُو تعالیٰ فرماید کہ اے نبی ﷺ ترا شاہد مبشر و نذیر و داعی الی اللہ و سراجِ منیر فرستادہ ایم و منیر روشن کنندہ نور دہندہ را گویند، پس اگر کسے را روشن کردن از انسانان محال بودے آں ذات پاک ﷺ را ہم ایں امر میسر نیامدے کہ آں ذات پاک ﷺ از جملہ اولادِ آدم علیہ السلام آند مگر آنحضرت ﷺ ذات خود را چناں مطہر فرمود کہ نور خالص گشتند و حق تعالیٰ آنجناب سالامہٗ علیہ انور فرمود و بتواتر ثابت شد کہ آنحضرت ﷺ حالی سایہ نداشتند و ظاہر است کہ بجز نور ہمہ اجسام ظل میدارند''۔ انتہی

ترجمہ۔'' اور اسی جگہ سے یہ ثابت ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کی شان میں فرمایا ''ہمارے پاس اللہ کی طرف سے نور آیا اور کتاب مبین آئی، اور نور سے مراد حبیب خدا ﷺ کی ذات پاک ہے، نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے نبی ﷺ ہم نے آپ کو شاہد و مبشر نذیر و داعی الی اللہ تعالیٰ، اور سراج منیر بنا کر بھیجا ہے، اور ''منیر'' روشن کرنے والے اور نور دینے والے کو کہتے ہیں، پس اگر

انسانوں میں سے کسی کو روشن کرنا محال ہوتا تو آنحضرت ﷺ کی ذات پاک کے لئے یہ امر میسر نہ ہوتا کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کی ذات پاک بھی جملہ اولادِ آدم علیہ السلام سے ہے مگر آنحضرت ﷺ نے اپنی ذات کو ایسا مطہر فرمالیا کہ نور خالص ہو گئے اور حق تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کو نور فرمایا اور تواتر سے ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ سایہ نہ رکھتے تھے اور ظاہر ہے کہ نور کے سوا تمام اجسام سایہ رکھتے ہیں“۔

(۲) نیز آپ کے مولوی اشرف علی صاحب تھانوی، میلاد النبی، جلد ۴، الربیع فی الربیع، صفحہ ۵۷۲ پر رقمطراز ہیں :

”یہ جو مشہور ہے کہ سایہ نہ حضور ﷺ کا تو یہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے، گو وہ ضعیف ہیں مگر فضائل میں متمسک بہ ہوسکتی ہیں“۔

(۳) مقتداؤں سے فارغ ہو کر ذرا مفتی اعظم دیوبند مفتی عزیز الرحمٰن صاحب کا فتویٰ بھی ملاحظہ فرماتے جائیے، بعد کو چاہے اس کی تردید کر دیں لیکن سر دست تو ایک نظر دیکھ ہی لیجئے، وہ عزیز الفتاویٰ، جلد ہشتم، صفحہ ۲۰۲ پر تحریر فرماتے ہیں :

آنحضرت ﷺ کا سایہ نہ تھا

سوال ۱۴۶۴

”وہ کون سی حدیث ہے جس میں یہ ہے کہ رسول مقبول ﷺ کا سایہ زمین پر واقع نہیں ہوتا تھا“۔

الجواب۔” امام سیوطی نے خصائص کبریٰ میں آنحضرت ﷺ کا سایہ زمین پر واقع نہ ہونے کے بارے میں یہ حدیث نقل فرمائی ہے، اخرج الحکیم الترمذی عن ذکوان ان رسول اللہ ﷺ لم یکن یُریٰ لہٗ ظل فی الشمس و القمر ۔الخ اور تواریخ حبیب الٰہ میں مفتی عنایت احمد صاحب کاکوروی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ آپ کا بدن نور تھا اسی وجہ سے آپ کا سایہ نہ تھا۔الخ......

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ

کیوں حامد صاحب! کیا کہتے ہیں آپ؟ کیا ان سب کو وہم کی بیماری ہوگئی تھی؟ یا ان کا قدرتی سسٹم بگڑ گیا تھا، یا یہ سب لوگ شدت بخار میں بڑبڑا رہے ہیں۔

ہاں جناب! کچھ پتہ چلا آپ کو؟ آپ کے دونوں پیشواؤں گنگوہی و تھانوی صاحبان نے مل کر آپ کا بیڑا غرق فرما دیا۔

سایہ کے مسئلہ میں آپ نے اپنی بحث کی بنیادیں قائم کرنے کے لئے جو پاپڑ بیلے تھے وہ آپ کو یاد ہی ہوں گے، تو سنئے حضور! آپ کی وہ سب محنت اکارت ہوگئی، آپ کے ان دونوں بزرگوں نے انتہائی بے دردی کے ساتھ آپ کی مستحکم بنیادوں کو اکھاڑ کر پھینک دیا، "ثبوت ظل" کی پوری عمارت کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی، پریشانی میں شاید آپ کو یاد نہیں آرہا ہے، لیجئے میں عرض کرتا ہوں، سایہ کی بحث میں آپ نے جو کچھ لکھا ہے اس کا خلاصہ حسب ذیل چار بنیادی اصولوں پر مشتمل تھا۔

(۱) بشری کثافتوں سے حضور ﷺ پاک نہ تھے۔

(۲) حضور ﷺ کا ایسا نور خالص ہونا جس کا سایہ نہ ہو، باطل ہے، اگر آپ کے لئے کہیں لفظ نور آیا ہے تو وہ بطور استعارہ ہے۔

(۳) حضور ﷺ کا سایہ نہ ہونا غلط افواہ ہے۔

(۴) سایہ نہ ہونے کی حدیثیں جھوٹی ہیں اور قابل تمسک نہیں۔

آپ کے ان اصول اربعہ کے ردّ و ابطال میں جو کچھ ہم عرض کریں گے ان شاء اللہ وہ تو آپ آئندہ صفحات میں ملاحظہ کر ہی لیں گے، سر دست اتنا دیکھتے چلئے کہ آپ کے پہلے تین بنیادی نقطوں کو تو گنگوہی صاحب نے اُڑا دیا اور چوتھے کا صفایا تھانوی صاحب کر گئے۔

گنگوہی صاحب کی منقولہ بالا عبارت میں ابھی آپ نے پڑھا کہ :

(۱) حضور ﷺ تمام کثافتوں سے مطہر ہو کر نور خالص ہو گئے۔

(۲) قرآن کریم میں قد جاء کم من اللہ نورٌ و کتابٌ مبین اور سراجاً منیراً دونوں جگہ نور و منیر سے حضور ﷺ ہی مراد ہیں، اور حضور ﷺ ایسے "نور و منیر" ہیں جس کا سایہ نہ ہو۔

(۴) حضور ﷺ کا سایہ نہ ہونا غلط افواہ نہیں بلکہ تواتر سے ثابت ہے۔

حضرت گنگوہی صاحب کے ان تینوں ارشادات نے آپ کے پہلے تینوں اصول کی پوری طرح بیخ کنی فرمادی اور حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کو تواتر سے ثابت شدہ کہنے کے بعد گنگوہی صاحب کا آخری جملہ ''وظاہر است کہ بجز نور ہمہ اجسام ظل میدارند'' (ظاہر ہے کہ نور کے سوا ہر جسم سایہ رکھتا ہے)۔

استعارہ کی بحث میں حرف آخر ہے، جس نے آپ کی استعارہ والی بحث کی تمام کدو کاوش کو خاک میں ملا رکھ دیا۔

اَب آیئے تھانوی صاحب کی طرف، انہوں نے آپ کے چوتھے بنیادی اصول کا خاتمہ کردیا، وہ فرماتے ہیں کہ :

''حضور کا سایہ نہ ہونا بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے، گو وہ ضعیف ہیں، مگر فضائل میں متمسک بہ ہوسکتی ہیں''۔

کہئے حامد صاحب! تھانوی صاحب نے آپ کا بیڑا غرق فرمانے میں کوئی کسر باقی رکھی، جن روایتوں کو جھوٹی کہتے کہتے آپ کی زبان سوکھ گئی، تھانوی صاحب ان کو متمسک بہ کہہ رہے ہیں۔

کیا فرماتے ہیں آپ؟ آپ سچے یا تھانوی صاحب؟

كذالك العذاب والعذاب الآخرة اكبر لو كانوا يعلمون۔

اَب حامد صاحب کو یہ بات بھی نہ بھولنی چاہئے کہ سایہ کی اس پوری بحث میں جو انہوں نے ہم پر طعن وتشنیع کی بھرمار کی ہے اور بار بار ''منکرینِ ظل'' کہہ کر مذاق اُڑایا ہے، بلکہ بدعتی، گمراہ، یہودی، نصرانی تک کہنے سے نہیں چوکے، یہ سب کچھ انہوں نے ہمیں نہیں کہا، ہم تو محض ناقل ہیں، بلکہ ان اعلامِ اُمت کو کہا ہے جن کی طویل فہرست ہم ابھی پیش کرچکے ہیں، اور ان کے علاوہ اپنے مقتداؤں جناب گنگوہی وتھانوی صاحبان کی تواضع فرمائی ہے، جن کے ارشادات سایہ کے مسئلہ میں حامد صاحب کے خلاف ہم نے ابھی نقل کئے ہیں، آئندہ چل کر سب وشتم کے ہر مرحلہ پر حامد صاحب کو یہ امر پوری طرح ملحوظ رکھنا چاہئے۔

ہاں حامد صاحب! آپ نے فرمایا تھا!

''ہزاروں ہزار علماء وائمہ میں شاید گنے چنے ایسے نکلیں جنہوں نے ..... رسول اللہ کا سایہ نہ ہونے کو واقعہ گمان کرلیا ہو، باقی جملہ اکابرین کے عقیدہ ومسلک کی فہرست اس عقیدہ سے یکسر خالی ہے''۔

جن گنے چنے علماء وائمہ نے رسول اللہ ﷺ کا سایہ نہ ہونا (بقول آپ کے) گمان کرلیا ہو، ہم نے تو ان کی طویل فہرست حوالجات کے ساتھ پیش کردی، اَب باقی جملہ اکابرین کی فہرست جو اس عقیدہ سے یکسر خالی ہے آپ پیش کردیں۔ ھا توا برھانکم ان کنتم صادقین۔

کتاب وسنت اور علم واستدلال کے الفاظ کو نمائشی طور پر استعمال کرنے والو! اگر اپنے دعوے میں اپنے آپ کو سچا سمجھتے ہو تو ایک دلیل پیش کرکے دکھاؤ جس سے رسول اللہ ﷺ کے جسم اقدس کا تاریک سایہ ثابت ہوجائے، یا اکابر اُمت سلف صالحین میں سے کسی ایک کا قول پیش کردو، تو ہم جانیں کہ واقعی تم اپنے زعم میں سچے ہو، لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں ۔

نہ خنجر اُٹھے گا نہ تلوار ان سے یہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں

شاید آپ اس غلط فہمی میں مبتلا ہوں کہ زمین پر سایہ پڑنا کوئی تعجب کی بات نہیں، جسے روایت کیا جانا ضروری ہو، البتہ کسی انسان کا سایہ نہ پڑنا ضرور تعجب کی بات ہے، جس کا روایت کیا جانا ضروری ہے۔

لہذا حضور ﷺ کا سایہ نہ ہونے کی روایت کا نہ ہونا سایہ نہ ہونے کی دلیل نہیں، بلکہ سایہ نہ ہونے کی روایاتِ صحیحہ کا نہ ہونا سایہ ہونے کی دلیل ہے۔

میں عرض کروں گا کہ جب واقعہ میں کسی کے پاس دلیل نہ ہو تو پھر اُسے ایسی دلیلیں سوجھا کرتی ہیں۔

اِن عقل کے اندھوں کو اتنا نہیں سوجھتا کہ ٹوٹے پھوٹے طنزیہ فقروں سے چند حواریوں کو اُلو بنایا جاسکتا ہے مگر ساری دنیا اس طرح بے وقوف نہیں بن سکتی۔

میں پوچھتا ہوں کہ جس طرح ''سایہ'' جسمانی اوصاف سے ہے اسی طرح بیماری تندرستی، بھوک، پیاس، پسینہ، موئے مبارک، قدوقامت، حلیۂ اقدس وغیرہ امور بھی جسمانی لوازم سے ہیں یا نہیں؟ پھر یہ کہ جس طرح سایہ تعجب کا باعث نہیں، ایسے ہی تندرستی بیماری، پسینہ، موئے مبارک، قدوقامت وغیرہ بے شمار اوصاف بھی تعجب کے پہلو سے خالی ہیں یا نہیں؟ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ جسم اقدس کے باقی تمام اوصاف مروی ہوں اور سایہ مروی نہ

ہو۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ایسی صورت میں سایہ مروی نہ ہونے کو سایہ نہ ہونے کی دلیل مان لیا جائے تو بعید از قیاس نہ ہوگا، رہا یہ امر کہ اگر حضور علیہ السلام کا سایہ نہ ہوتا تو اس کا نہ ہونا صحیح روایت کے ساتھ ضرور مروی ہوتا، اس کا جواب یہ ہے کہ صحتِ روایت کی ذمہ داری سایہ نہ ہونے کے واقعہ پر تو کسی طرح عاید نہیں ہو سکتی، اس کا تعلق تو محض روایت سے ہے، ہاں یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ صحتِ روایت کے بغیر سایہ نہ ہونے کا اعتقاد کیسے صحیح ہوگا؟ تو اس کا جواب بارہا عرض کر چکا ہوں، اور تھانوی صاحب بھی ارقام فرما گئے ہیں کہ باب فضائل میں ضعاف بھی متمسک بہ ہیں، لہٰذا صحت کی قید بے معنی ہے۔

مسئلہ زیر بحث کی وضاحت کرتے ہوئے ''اہل سنت'' کا لفظ میں نے لکھ دیا تھا جس پر عامر صاحب بہت بگڑے ہیں اور اپنی عادت کے مطابق طعن وتشنیع کی بھر مار کردی ہے، چنانچہ ہم لوگوں کو اہل بدعت اور اپنے آپ کو حقیقی اہل سنت کہا ہے اور ساتھ ہی اہل حق کا مذاق اُڑاتے ہوئے کئی پھبتیاں کسی ہیں۔

حقائق ومعانی کی دنیا سے دُور، الفاظ کی دنیا میں رہنے والے طنز وتمسخر سے مرعوب اور برافروختہ ہو سکتے ہیں، لیکن مطالب ومعارف سے سروکار رکھنے والے دل ودماغ ایسی اوچھی باتوں سے رعب میں نہیں آیا کرتے۔

عامر صاحب! جن بدعات مزعومہ کی بنا پر آپ ہمیں مطعون کر رہے ہیں، ذرا اپنے اکابر کی کتابیں اُٹھا کر دیکھیں وہ سب کی سب آپ کو وہاں نظر آئیں گی اور ان کے علاوہ ایسے امور بھی ملیں گے جو فی الواقع بدعات مزعومہ ہیں۔

سب سے پہلے تو آپ اپنے حقیقی اہل سنت کے سرگروہ مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور اپنے حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کے پیر ومرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات یعنی شمائم امدادیہ مصدقہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اور فتاویٰ رشیدیہ کو سامنے رکھ لیجئے اور ''چشم بدور دین مردہ پرستی کے ان شہسواروں سے قبوری شریعت'' کے مسائل جانئے، وہ فرماتے ہیں :

۱۔ بزرگوں کی نذر ونیاز جائز ہے۔ (شمائم امدادیہ، صفحہ ۱۳۵)

۲۔ عرس کی تاریخ مقرر کرنا درست ہے۔ (شمائم امدادیہ، صفحہ ۱۳۰)

۳۔ (زاغ معروفہ) مشہور کو اکھانا ثواب ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ جلد دوم، صفحہ ۱۳۰)

۴۔ صحیح بخاری کا ختم پڑھنا جائز ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ، جلد اوّل، صفحہ ۸۴)

یہ تو عملیات کا ایک مختصر نمونہ ہے، اس کے بعد چمنِ اعتقادیات کی سیر کیجئے، اسی شمائم کے صفحہ ۷۱ پر مرقوم ہے:

''جب اس مراقبہ میں ''ہمہ از اوست'' سے اغماض نظر کر کے ''ہمہ اوست'' کو پیش نظر رکھے تو اس استغراق میں فیض باطنی وجذبۂ غیبی مدد فرماتا ہے''۔

کہئے حامد صاحب! کیسی رہی؟ یہ وہی ''ہمہ اوست'' ہے نہ جسے آپ کے مودودی صاحب ''جاہلیت اور اسلام'' کے ص ۲۴ پر مشرکانہ نظریہ لکھ چکے ہیں؟

غالباً اس عبارت میں کوئی بات عقیدۂ توحید ورسالت کے خلاف نہ ہوگی؟

اور لیجئے: آپ کے حضرت مولانا قاسم العلوم والخیرات صاحب ''آب حیات'' میں فرماتے ہیں:

''حیاتِ نبوی بوجہ ذاتیت قابلِ زوال نہیں''۔

(آب حیات، طبع مطبع قدیمی دہلی، ص ۱۰۷)

کیوں جناب؟ یہاں تو کوئی چور دروازہ آپ کو نظر نہ آیا ہوگا۔

اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ، ذرا بندِ قبا دیکھ

حامد صاحب فرماتے ہیں:

''گنے چنے ائمہ وعلمائے دین کے سوا باقی جملہ اکابرین کے عقیدے ومسلک کی فہرست اس عقیدے سے یکسر خالی ہے''۔

گویا حامد صاحب نے تمام اکابر اُمت کے جملہ عقائد اور پورے مسلک کی مکمل فہرست مرتب کر کے ہمارے سامنے رکھ دی ہے اور بڑے فخر وانداز سے کہہ رہے ہیں کہ دیکھئے اس فہرست میں جملہ اکابر کے تمام عقائد درج ہیں، لیکن حضور ﷺ کے سایہ نہ ہونے کا عقیدہ اس میں کہیں موجود نہیں۔

بجا فرمایا! توہمات کی تاریک وادیوں میں گھومنے والے اسی طرح بھٹکتے ہیں اور ایسے ہی لوگوں کی زبان میں تحکم اور ڈھٹائی کو علم واستدلال سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

عامر صاحب! اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ جن علماء نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کا واضح بیان نہیں کیا وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تاریک سایہ مانتے ہیں تو ایسی سمجھ پر آپ کو اپنا سر پیٹ لینا چاہئے، کیونکہ آپ اتنا بھی نہیں سمجھ سکتے کہ دوسری صدی ہجری کے اواخر یا تیسری صدی کے اوائل سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تاریک سایہ سے پاک ہونے کا مسئلہ اکابر علماء محدثین وائمہ دین نے اپنی کتابوں میں لکھنا شروع کیا، جیسے حکیم ترمذی متوفی ۲۵۵ھ اور سند المحدثین علامہ ابن جوزی متوفی ۵۸۷ھ اور ان کے علاوہ ہر دور میں اکابر اُمت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کا عقیدہ اپنی مستند اور مشہور تصانیفِ جلیلہ میں برابر لکھتے چلے آئے ہیں، حتیٰ کہ ہماری اس چودھویں صدی میں اسی نقلِ مسلسل کے ساتھ یہ عقیدہ منقول ہو کر ہم تک پہنچا ہے، جیسا کہ پچھلے صفحات میں عبارات وحوالجات اور مکمل دلائل کے ساتھ اکابر اُمت کی وہ طویل فہرست ہم اپنے ناظرین کرام کے سامنے پیش کر چکے ہیں، ایسی صورت میں کسی دشمنِ دین ودانش کا آنکھیں بند کر کے یہ کہہ دینا کہ رسول اللہ کا سایہ نہ ہونے کا عقیدہ بدعت وگمراہی، توحید ورسالت کے منافی ہے، بلکہ حضور کی الوہیت کے لئے (معاذ اللہ) چور دروازہ کھولنا ہے، کتنی بڑی جسارت اور دین ودیانت کے ساتھ عداوت وبغاوت ہے۔

بفرضِ محال اگر مان بھی لیا جائے کہ یہ عقیدہ (معاذ اللہ) ایسا ہی ہے، جیسا کہ آپ نے بیان کیا تو پھر یہ فرمایئے کہ ایسے جاہلانہ اور مشرکانہ عقیدے کے لئے کسی مسلمان کے دل ودماغ کے کسی گوشہ میں جگہ مل سکتی ہے؟ جب نہیں مل سکتی تو ان تمام اکابرین دین وملت کے دل ودماغ میں یہ عقیدہ اسلامی ہونے کی حیثیت سے کیونکر قائم رہا؟ اگر ان کی غلطی پر محمول کیا جائے تو چودہ سو برس تک کسی کو اس غلطی کا احساس نہ ہوا؟ جن لوگوں کے عقائد کی فہرست عدمِ ظل کے عقیدہ سے یکسر خالی تھی کم از کم ان کا تو فرضِ اولین تھا کہ وہ اس گمراہ کن عقیدہ کو جڑ بنیاد سے اُکھاڑ کر پھینک دیتے اور اسلام میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی الوہیت کے اس چور دروازہ کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند کر جاتے بلکہ پوری قوت کے ساتھ اس عقیدہ کی تردید کر دیتے، جیسا کہ ہمیشہ عقائد باطلہ کا ردّ بلیغ کرتے رہے، اس چودہ سو سال کے طویل عرصہ میں عامر صاحب کے سوا...... آج تک کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سایہ نہ ہونے کے اعتقاد کو

ضلالت وگمراہی نہیں کہا نہ کسی نے اس عقیدے کا ابطال کیا، اس سے ثابت ہوا کہ سکوت اختیار کرنے والے حضرات بھی حضور کے سایہ نہ ہونے کے اعتقاد کو ضلالت وجہالت نہیں سمجھتے تھے بلکہ وہ اسے حق سمجھ کر خاموش رہے ہیں ایسے موقعوں پر اہل حق کی خاموشی بھی دلیلِ رضا ہوتی ہے۔

شاید کوئی بول اُٹھے کہ جب حضور کا سایہ نہ ہونے کی روایتیں موضوع تھیں تو کسی کو بولنے کی ضرورت ہی نہ تھی، تو میں کہوں گا کہ وہ روایتیں جیسی پہلے تھیں آج بھی ویسی ہی ہیں تو عامر صاحب یا ان کے کسی ہم نوا کو اس غوغا آرائی کی کیا ضرورت پیش آگئی؟ اور اس بے وقت کی بے سُری راگنی سے کیا حاصل؟ رہا روایات کا موضوع یا ضعیف ہونا، تو اس کے متعلق تو آپ کے حکیم الامت تھانوی صاحب کا حتمی فیصلہ پہلے ہی نقل کیا جاچکا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ یہ روایات موضوع نہیں، ہاں ضعیف ہیں، مگر باب فضائل میں ان سے استدلال کیا جاسکتا ہے، اگر آپ کو ایسی ہی ضد اور جسم اقدس کی نورانیت سے بغض وعناد ہے تو عثمانی ہوکر سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی روایت کو رد کر دیجئے، حضرت عبداللہ ابن عباس، ذکوان، ابن مبارک، ابن جوزی رحمہم اللہ کی روایتوں کو پسِ پشت ڈال دیجئے۔

لیکن اتنا بتادیجئے کہ دوسری صدی ہجری سے لے کر آج تک اُمت محمدیہ ﷺ نے حضور پرنور کے جسم اقدس کے سایہ نہ ہونے کے مسئلے کو مانا اور تسلیم کیا یا نہیں؟ اگر آپ انکار کریں تو منقولہٗ بالا فہرست آپ پر حجت ہوگی، اور اگر اقرار کرلیں تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ اکابر علماء اُمت کی اہم جماعت نے آنحضرت ﷺ کو سایہ سے اعتقاداً اور قولاً پاک و مبرا مانا ہے اور دوسری جماعت جو خاموش رہی اس کی خاموشی دلیل رضا ہے، **فثبت المدعا بالاتفاق**۔

اَب اگر کسی میں کچھ ہمت ہے تو ایک دلیل ہی پیش کرے جس سے یہ ثابت ہوسکے کہ فلاں موقع پر فلاں مسلمہ فریقین ہستی نے حضور کا سایہ نہ ماننے والوں پر انکار کیا یا خود حضور کے لئے سایہ کا قول کیا؟ جب ایسی کوئی ایک دلیل بھی نہیں پیش کی جاسکتی تو لازم ہے کہ حضور اکرم نور مجسم ﷺ کے جسم انور کا سایہ نہ ہونے کو اُمت محمدیہ کا اجماعی اور اتفاقی مسئلہ تسلیم کرلیں جیسا کہ آپ کے مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی نے حضور کے سایہ نہ ہونے کو تواتر سے ثابت مانا ہے، ورنہ یاد رکھئے عامر صاحب کہ آپ اپنی کور باطنی اور تاریک خیالی کے ظلمت کدہ میں ٹکریں

کھاتے رہیں گے اور اس دائرہ ضلالت سے باہر نکلنے کے لئے کوئی راہ اور روشنی آپ کو نہ مل سکے گی۔ واللہ شـــدید العذاب

حضور نبی کریم ﷺ کے سایہ کے مسئلہ میں تمہید سے فارغ ہو کر عامر صاحب نے محلِ نزاع کرتے ہوئے ارقام فرمایا :

سب سے پہلے ''محلِ نزاع'' کو کاظمی صاحب کے الفاظ میں دیکھ لیجئے :

''اہلسنت'' (؟) کا مسلک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے بشری جسم اقدس کو ایسا لطیف ونظیف اور پاکیزہ ومطہر کر دیا تھا کہ اس میں کسی قسم کی عنصری اور مادی کثافت باقی نہ رہی تھی، اس لئے چاند، سورج، چراغ وغیرہ کی روشنی میں جب حضور ﷺ تشریف فرما ہوتے تھے تو جسم اقدس اس روشنی کے لئے حائل نہ ہوتا تھا، اور دیگر اجسام کثیفہ کی طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جسم پاک کا کوئی تاریک سایہ نہ پڑتا تھا''۔

(ماہنامہ تجلی، دیوبند، بابت جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۷)

اس کے بعد میری اسی منقولہ عبارت پر تعاقب کرتے ہوئے عامر صاحب رقمطراز ہیں کہ :

''سلیم الطبع اور عدل پسند حضرات کے لئے تو اس نام نہاد مسلک کی لغویت کسی لمبی گفتگو کی محتاج نہیں، اِن سالکین سے کوئی پوچھے، بول وبراز، منی، تھوک وغیرہ عنصری اور مادی کثافتیں ہیں یا نورانی لطافتیں؟ کیا آپ یوں بھی کہیں گے کہ رسول اللہ ﷺ حوائج ضروریہ سے مبرا تھے؟ ہرگز یہ نہیں کہہ سکتے، پھر یہ کیا بات ہوئی کہ :

''کسی قسم کی عنصری اور مادی کثافت باقی نہیں رہی تھی''۔

''سلیم الطبع'' کی ترکیب میں اگر آپ نے لفظ ''سلیم'' ''سلمتہ الحیة'' سے اخذ فرمایا ہے یا بطور ''تفاؤل بالسلامة'' لکھا ہے تو بالکل صحیح ہے، یقیناً لدیغ الطبع لوگوں کے نزدیک اس نورانی، پاکیزہ اور مقدس مسلک کی لغویت کسی لمبی گفتگو کی محتاج نہیں، لیکن جو لوگ گمراہی اور بدعقیدگی کے سانپوں کے ڈسے ہوئے نہیں اور ان کے طبائع اس قسم کے ناپاک زہریلے اثرات سے پاک ہیں وہ اسی کو حق سمجھتے ہیں اور ان کا عقیدہ ہے کہ حضور

نبی اکرم نور مجسم ﷺ ہر قسم کی کثافتوں اور نجاستوں سے قطعاً پاک اور مبرا ہیں۔

حامد صاحب نے ہمارے مسلک کو صرف ایک بنیادی نقطہ پر لغو قرار دیا ہے، اور وہ یہ کہ حضور ﷺ مادی کثافتوں اور بشری نجاستوں سے پاک نہ تھے اور اس دعوے کو انہوں نے بول و براز، تھوک و منی وغیرہ سے ثابت کرنے کی ناپاک کوشش کی ہے، اور جس طرح فقیر نے حضور ﷺ کی نورانیت ثابت کر کے سایہ نہ ہونے کو لوازمات سے قرار دیا تھا، اسی طرح حامد صاحب حضور ﷺ کی بشریت مطہرہ کو سامنے رکھ کر سایہ ہونے کو لوازم بشریت سے قرار دے رہے ہیں، لیکن انہیں یہ معلوم نہیں کہ سایہ ہونا مطلق بشریت کے لوازم سے نہیں بلکہ کثیف بشریت کے لوازم سے ہے، حامد صاحب نے حضور ﷺ کی بشریت منورہ کو معاذ اللہ اپنی گندی، کثیف اور غلیظ بشریت پر قیاس کر لیا، حالانکہ حضور ﷺ کی ذات مقدسہ باوجود اتصاف بالبشریہ کے جمیع عیوب ونقائص بشریت اور تمام مادی کثافتوں اور غلاظتوں سے پاک ہے، تاریک سایہ کثافت کے بغیر نہیں ہوتا، جب حضور علیہ السلام کثافت سے پاک ہیں تو تاریک سایہ سے بھی پاک ہیں، رہے حوائج بشریہ وفضلات مقدسہ تو یاد رکھئے حضور ﷺ کی ہر حاجت وضرورت کثافت سے پاک تھی، حتیٰ کہ فضلات شریفہ بھی طیب و طاہر، لطیف ونظیف تھے، اور بدن اقدس اپنی پاکی وطہارت، لطافت ونظافت میں بے مثل و بے نظیر تھا۔

حوائج بشریہ ضروریہ سے ہم حضور سیّد عالم ﷺ کو مستثنیٰ نہیں سمجھتے، مگر اس سے یہ کہاں لازم آیا کہ حضور کی ذات مقدسہ میں عنصری اور مادی کثافتیں بھی موجود تھیں، ہر ایک کے حوائج وضروریات اس کے حسب حال ہوتے ہیں،، کثیف اور غلیظ موجودات کے حوائج وضروریات کثیف وغلیظ ہوں گے اور جس وجود اقدس کو اللہ تعالیٰ نے کثافت وغلاظت سے پاک کر کے لطیف ونظیف بنا دیا ہو اس کے حوائج ضروریہ بھی کثافت وغلاظت سے پاک اور لطیف ونظیف ہوں گے۔

خلقتِ محمدی بے نظیر ہے

چونکہ حضور سیّد عالم ﷺ کی خلقت تمام کائنات میں کسی سے مناسبت نہیں رکھتی اس لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حوائج ضروریات کو بھی کسی کے حوائج وضروریات سے قطعاً کوئی مناسبت نہیں، دیکھئے حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مکتوبات شریف، جلد سوم، مکتوب صدم، مطبوعہ نول کشور لکھنؤ، ص ۱۸۷ میں فرماتے ہیں :

"باید دانست کہ خلق محمدی در رنگ خلق سائر افراد انسانی نیست بلکہ بخلق ہیچ فردے از افراد عالم مناسبت ندارد کہ اوﷺ باوجود نشأۃ عنصری از نور حق جل وعلی مخلوق گشتہ است کما قال علیہ الصلوٰۃ والسلام خلقت من نور اللّٰہ"۔

"جاننا چاہئے کہ پیدائش محمدی دیگر افراد انسانی کے پیدائش کے رنگ میں نہیں ہے بلکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خلقت افراد عالم میں سے کسی فرد کی خلقت کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں رکھتی اس لئے کہ حضورﷺ نے فرمایا "خلقت من نور اللّٰہ" میں اللہ کے نور سے پیدا کیا گیا"۔

حامر صاحب ذرا بتائیں کہ مجدد صاحب کے اس بیان میں کہیں عیسائیت کے لئے کوئی چور دروازہ تو نظر نہیں آتا۔

خلقت محمدی کا لطیف ونظیف ہونا

اے کاش یہ لوگ حضورﷺ کے لئے مادی کثافتیں ثابت کرنے سے پہلے اس حقیقت کو سامنے رکھ لیتے کہ عام انسان نجاست وغلاظت میں لتھڑے ہوئے پیدا ہوتے ہیں اور انہیں پیدائش کے بعد غسل دے کر صاف ستھرا کیا جاتا ہے، مگر حضور نبی کریمﷺ پاک پیدا ہوئے، صرف یہی نہیں بلکہ حضورﷺ پیدائشی طور پر بشریت کی کثافتوں سے پاک تھے، حضورﷺ کی ولادت باسعادت نور وضیاء کے ساتھ ہوئی اور اس روشنی میں شام کے محلات چمکنے لگے، ملا علی قاری شرح شفاء میں فرماتے ہیں :

"وروی عن اُمہ آمنة انها قالت ولدته نظيفا ای نقيا ما به قذر ای وسخ ودرن كذا رواه ابن سعد فی طبقاته وروی انه ولدته أمه بغير دم ولا وجع"۔انتہی

(شرح شفاء لعلی القاری، جلد ا، ص ۱۶۵، مطبوعہ مصر)

"حضور علیہ السلام کی والدہ حضرت آمنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور کو صاف ستھرا اور پاکیزہ جنا، حضور کے ساتھ کوئی گندگی اور میل وغیرہ نہ تھا، اسی طرح اس حدیث کو ابن سعد نے طبقات میں روایت کیا اور یہ بھی مروی ہے کہ حضور کی والدہ نے حضور کو بلا خون اور بغیر کسی درد کے جنا"۔ ۱

۱ (عین وقت ولادت شریفہ کوئی درد نہیں ہوا، البتہ اس سے پہلے (مخاض) دردِ زہ کی نفی اس سے لازم

نہیں آتی ۔)

حقیقت محمدی کی نورانیت

اور فتح الباری میں علامہ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں :

"ومما ظهر من علامات نبوته عند مولده وبعده ما اخرج الطبرانی عن عثمان بن ابی العاص الثقفی عن امه انها حضرت آمنة ام النبی ﷺ فلما ضربها المخاض قالت فجعلت انظر الی النجوم تدلی حتیٰ اقول لتفعن عليّ فلما ولد خرج منها نور اضاء له البيت وقال سمعت رسول الله ﷺ يقول انی عبدالله وخاتم النبيين وان آدم لمنجدل فی طينته وسا خبر کم عن ذلك انی دعوة ابی ابراهيم وبشارة عيسیٰ ورويا امی امتی رأت وكذلك امهات النبيين يرين وام رسول الله ﷺ رأت هين وضعته نوراً اضاءت له قصور الشام اخرجه احمد وصححه ابن حبان والحاكم فی حديث ابی امام عنده احمد نحوه واخرج ابن اسحاق عن ثور ابن يزيد عن خالد بن معدانی عن اصحاب رسول الله ﷺ نحوه وقالت اضاءت له بصری من ارض الشام"۔

(فتح الباری، جلد ۶ ص ۴۵۴، ۴۵۵)

"حضور ﷺ کے وہ علامات نبوت جو ولادت مقدسہ کے وقت اور اس کے بعد ظاہر ہوئے ان میں سے بعض وہ ہیں جن کا اخراج طبرانی نے کیا ہے، عثمان بن ابی العاص ثقفی نے اپنی والدہ سے روایت کیا، وہ فرماتی ہیں کہ عند الولادت میں حضور ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالی عنہا کے پاس حاضر تھی، جب انہیں دردِ زہ لاحق ہوا تو میں نے ستاروں کو دیکھا اس قدر نزدیک ہو گئے کہ گویا مجھ پر گرے پڑتے تھے، جب حضرت آمنہ نے حضور کو جنا تو حضرت آمنہ سے ایک ایسا نور نکلا کہ جس سے سارا گھر منور ہو گیا اور ساری حویلی روشن ہو گئی، اس حدیث کا شاہد حضرت عرباض بن ساریہ کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے سنا میں اس وقت خاتم

النبیین تھا جب آدم علیہ السلام اپنے خمیر میں تھے اور اس کے متعلق میں تمہیں بتاؤں گا (اور وہ یہ ہے) بے شک میں ابراہیم علیہ السلام کی دُعا اور عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں اور اپنی والدہ ماجدہ کی وہ خواب ہوں جو انہوں نے دیکھی تھی اور اس طرح انبیاء علیہم السلام کی ماؤں کو خوابیں دکھائی جاتی ہیں اور حضور ﷺ کی والدہ ماجدہ نے حضور علیہ السلام کو جنتے وقت ایک ایسا نور دیکھا تھا جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے تھے، اس حدیث کا امام احمد نے اخراج کیا اور ابن حبان و حاکم نے اس کو صحیح کہا اور امام احمد کے نزدیک ابو امامہ کی حدیث اسی مانند ہے اور ابو اسحاق نے ثور بن یزید سے بروایت خالد بن معدانی حضور ﷺ کے اصحاب سے بھی اسی کی مانند روایت کیا اور اس روایت میں ہے کہ اس نور کی وجہ سے ارض شام کا شہر بصری روشن ہو گیا"۔

اور ابن کثیر میں اسی واقعہ کی روایت میں یہ مضمون بھی وارد ہوا کہ ولادت باسعادت کے وقت جو نور محمدی چمکا اس کی روشنی میں ملک شام کے شہر بصری کے اونٹوں کی گردنیں چمکنے لگیں۔

چونکہ حضور ﷺ کی خلقت بے نظیر لطیف و نظیف اور نورانی ہے، کسی قسم کی غلاظت و کثافت جسم اقدس میں نہیں پائی جاتی اس لئے حضور علیہ السلام کا پسینۂ مبارک بلکہ تمام جسم اقدس حتیٰ کہ خون مبارک بھی انتہائی خوشبو دار تھا۔

جسم اقدس، پسینہ مبارک اور خون مبارک کا خوشبو دار ہونا

حضور ﷺ کے جسم اقدس کا مادی کثافتوں سے پاک ہونا ان احادیث شریفہ سے بھی روز روشن کی طرح واضح ہے جن میں وارد ہوا کہ حضور کی خوشبو کا مقابلہ دنیا کی کوئی خوشبو نہ کر سکتی تھی، حضرت انس فرماتے ہیں :

(۱) "ماشممت عنبر اقط ولا سکا ولا شیئا اطیب من ریح رسول الله ﷺ"۔

(مسلم شریف، جلد۲، ص ۲۵۷)

"میں نے کوئی مشک و عنبر یا کوئی شے حضور ﷺ کی خوشبو مبارک جیسی خوشبو نہیں سونگھی"۔

(۲) " اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ جب حضور ﷺ مدینہ کی راہوں میں سے کسی راہ سے گزرتے تو اہل مدینہ ان راہوں میں مہکتی ہوئی خوشبو پاتے تھے

اور کہتے تھے کہ اس راستے سے رسول اللہ ﷺ گزرے ہیں، اس حدیث کو ابویعلی اور بزار نے صحیح السند سے روایت کیا"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ا، ص ۲۸۲)

(۳) حضرت جابر بن سمرہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ان کے رخسار کو چھوا تو انہوں نے حضور کے دست اقدس کی ٹھنڈک محسوس کی اور ایسی تیز خوشبو پائی گویا کہ حضور ﷺ نے عطر فروش کے عطر کے کپے سے اپنے مبارک ہاتھ کو نکالا ہے اور ان کے غیر نے کہا کہ حضور ﷺ خوشبو لگائیں یا نہ لگائیں بہر صورت حضور سے مصافحہ کرنے والا اپنے ہاتھ میں تمام دن حضور ﷺ کے دست مبارک کی خوشبو پاتا تھا اور حضور ﷺ کسی بچے کے سر پر اپنا دست مبارک رکھ دیتے تھے تو حضور ﷺ کی خوشبو کی وجہ سے دوسرے بچوں میں پہچان لیا جاتا تھا"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ا، ص ۲۸۳)

(۴) "حضرت انس فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے اور دوپہر کو آرام فرمایا، سوتے میں حضور علیہ السلام کو پسینہ آ رہا تھا، میری والدہ ایک شیشی لے آئیں اور اس میں حضور ﷺ کے پسینہ مبارک کو جمع کیا، حضور ﷺ بیدار ہو گئے اور فرمایا کہ اے اُم سلیم یہ کیا کر رہی ہو؟ میری والدہ نے عرض کیا حضور! یہ آپ کا پسینہ ہے ہم اسے اپنی خوشبو بنا رہے ہیں اور یہ سب خوشبوؤں سے اعلیٰ درجہ کی خوشبو ہے"۔ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا۔

(مواہب الدنیہ، جلد ا، ص ۲۸۳)

(۵) امام قسطلانی شارح بخاری مواہب الدنیہ میں فرماتے ہیں:

"واما طیب ریحہ ﷺ وعرقہ وفضلاتہ فقد کانت الرئحۃ الطیبۃ صفتہ ﷺ وان لم یمس طیبا"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ا، ص ۲۸۳)

ترجمہ۔ "بہر نوع حضور ﷺ کی ریح مبارک، پسینہ مقدس اور حضور کے فضلات شریفہ کی مہکتی

ہوئی خوشبوئیں سب حضور کی ذات مقدسہ کی صفات تھیں، خواہ حضور خوشبو لگائیں یا نہ لگائیں"۔

(۶) "ابو یعلی اور طبرانی نے ایک شخص کا قصہ روایت کیا کہ اس کے پاس کچھ نہ تھا اور اسے اپنی بیٹی کی شادی کرنا تھی، اُس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے استعانت کی، حضور نے اس سے ایک شیشی منگائی اور اس میں اپنا مبارک پسینہ بھر کر اُسے دے دیا اور فرمایا اپنی لڑکی سے کہو کہ وہ اپنے بدن پر میرے پسینہ کو بطور خوشبو استعمال کرے، جب وہ لڑکی حضور کے مبارک پسینہ کو بطور خوشبو استعمال کرتی تو تمام اہل مدینہ اس کی خوشبو سے معطر ہو جاتے تھے اس لئے لوگوں نے اس گھر کا نام بیت المطیبین خوشبو والوں کا گھر رکھ دیا"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ۱، ص ۲۸۲)

(۷) "وروی انه کان یتبرك ببوله ودمه صلی اللہ علیہ وسلم"۔

"روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیشاب اور خون مبارک سے برکت حاصل کی جاتی تھی"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ۱، ص ۲۸۴)

(۸) "وفی کتاب الجوهر المکنون فی ذکر القبائل والبطون :أنه لما شرب ، ای عبدالله ابن الزبیر ، دمه تضوع فمه مسکاً ، وبقیت رائحته موجودة فی فمه الی أن صلب رضی الله عنه"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ۱، ص ۲۸۴)

"کتاب جوہر مکنون میں ہے کہ جب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بدن سے پچھنوں کے ذریعہ نکالا ہوا) خون پیا تو ان کے دہن مبارک سے مشک کی خوشبو مہکی اور وہ خوشبو ان کے منہ سے ہمیشہ مہکتی رہی یہاں تک کہ ان کو سولی دی گئی (رضی اللہ عنہ)"۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بول و براز مبارک جمیع فضلات شریفہ کا طیب و طاہر اور پاک ہونا

"ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اُٹھے ایک برتن میں پیشاب فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یک خادمہ جن کا

نام اُم ایمن یا برکہ ہے وہ فرماتی ہیں کہ مجھے پیاس لگی تو میں نے پانی سمجھ کر حضور ﷺ کا پیشاب مبارک پی لیا، صبح کو حضور ﷺ نے دریافت فرمایا تو میں نے عرض کیا کہ حضور وہ میں نے پی لیا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تجھے کبھی پیٹ کی بیماری نہ ہوگی"۔

(نسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض، جلد ۱، ص ۴۴۸، ۴۴۹)

محدثین کرام ملا علی قاری، علامہ شہاب الدین خفاجی نے فرمایا کہ یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح ہے اور اسی لئے دار قطنی محدث نے امام بخاری اور امام مسلم پر الزام عائد کیا کہ جب یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط کے موافق صحیح تھی تو انہوں نے اس کو اپنی صحیحین میں کیوں درج نہ کیا، اگرچہ یہ الزام صحیح نہیں اس لئے کہ شیخین نے کبھی اس بات کا التزام نہیں کیا کہ جو حدیث ہماری مقرر کی ہوئی شرط پر صحیح ہوگی ہم ضرور اس کو اپنی صحیحین میں لائیں گے، لیکن دار قطنی کے اس الزام سے یہ بات ضرور ثابت ہوگئی کہ یہ حدیث علی شرط الشیخین صحیح ہے"۔

(دیکھئے نسیم الریاض، جلد ۱، ص ۴۴۸ اور شرح شفاء ملا علی قاری، جلد ۱، صفحہ ۱۶۳)

اس حدیث سے اور اسی مضمون کی دیگر احادیثِ صحیحہ سے جلیل القدر ائمہ دین اور اعلام اُمت محدثین کرام اور فقہاء نے حضور ﷺ کے بول مبارک بلکہ جمیع فضلات شریفہ کی طہارت کا قول کیا جیسا کہ بالتفصیل عبارات نقل کی جائیں گی بلکہ بعض روایات حضرات محدثین و شارحین کرام نے اس مضمون میں وارد فرمائی ہیں کہ حضور ﷺ کا بول و براز مبارک مشک و عنبر سے زیادہ خوشبودار تھا چنانچہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح شفاء میں حسب ذیل روایت نقل فرماتے ہیں :

(۱) "وروی ان رجلاً قال رایت النبی ﷺ أبعد فی المذھب فلما خرج نظرت فلم أر شیئاً ورایت فی ذلک الموضوع ثلثة احجار اللاتی استنجی بھن فأخذ تھن فاذا بھن یفوح منھن روائح المسک فکنت اذا جئت یوم الجمعة المسجد اخذتھن فی کمی فتغلب رائحتھن روائح من تطیب وتعطر"۔

(شرح شفاء لعلی القاری، مطبوعہ مصر، جلد ۱، ص ۱۶۲۔ مکتبہ العلمیہ بیروت، ص ۱۷۰)

" (صحابہ کرام میں سے) ایک مرد سے روایت ہے کہ میں نے دیکھا حضور ﷺ ضرورت رفع

فرمانے کے لئے بہت دُور تشریف لے گئے جب واپس تشریف لائے تو میں نے اس جگہ نظر کی کچھ نہ پایا البتہ تین ڈھیلے پڑے تھے جن سے حضور ﷺ نے استنجا فرمایا تھا میں نے انہیں اُٹھالیا، ان ڈھیلوں سے مشک کی خوشبوئیں مہک رہی تھیں، جمعہ کے دن جب مسجد میں آتا تو وہ ڈھیلے آستین میں ڈال کر لاتا ان کی خوشبو ایسی مہکتی کہ تمام عطر اور خوشبو لگانے والوں کے خوشبو پر"۔

(۲) علامہ ابن حجر عسقلانی شارح بخاری، فتح الباری شرح بخاری میں طہارۃ فضلاۃ شریفہ کا مضمون یوں ارقام فرماتے ہیں :

"وقد تکاثرت الادلة علی طھارۃ فضلاۃ وعدالائمة ذلك فی خصائصه فلا یلتفت الی ماوقع فی کتب کثیر من الشافعیه مما یخالف ذلك فقد استقو الامر بین ائمتھم علی القول بالطھارۃ"۔

(فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ۱ ص ۲۱۸)

"بے شک بڑی کثرت سے دلیلیں قائم ہیں حضور ﷺ کے فضلات شریفہ کے طاہر ہونے پر اور ائمہ نے اس کو حضور ﷺ کے خصائص سے شمار کیا ہے لہذا اکثر شافعیہ کی کتابوں میں جو اس کے خلاف واقع ہوا ہے قطعاً قابل التفات نہیں اس لئے کہ ان کے ائمہ کے درمیان پختہ اور مظبوط قول طہارۃ فضلات ہی کا ہے"۔

(۳) اسی طرح علامہ بدرالدین عینی حنفی شارح بخاری عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں حضور ﷺ کے فضلات شریفہ کی طہارۃ کا قول کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

"وقد رودت احادیث کثیرۃ ان جماعة شربوا دم النبی ﷺ منھم ابو طیبة الحجام وغلام من قریش حجم النبی علیه الصلوٰۃ والسلام وعبداللّٰہ ابن الزبیر شرب دم النبی ﷺ رواہ البزار والطبرانی والحاکم والبیھقی وابونعیم فی الحلیة ویروی عن علی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه انه شرب دم النبی علیه الصلوٰۃ والسلام وروی ایضاً ان اُم ایمن شربت بول النبی ﷺ رواہ الحاکم والدارقطنی وابو

نعیم واخرج الطبرانی فی الاوسط فی روایة سلمی امرة ابی رافع انها شربت بعض ماء غسل به رسول اللّٰہ علیه الصلوٰة والسلام فقال لها حرم اللّٰہ یدنك علی النار وقال بعضهم الحق ان حکم النبی علیه الصلوٰة والسلام کحکم جمیع المکلفین فی الاحکام التکلیفیتة الافیما یخص بدلیل قلت یلزم من هذا ان یکون الناس مساویاً للنبی علیه الصلوة والسلام ولا بقول ذلك الاجاهل غبیتیً واین مرتبتهٗ من مراتب الناس والایلزم ان یکون دلیل الخصوص بالنقل دائماً والعقل لهٗ مدخل فی تمیز النبی علیه الصلوٰة والسلام من غیره فی مثل هذا الاشیاء وانا اعتقد انه لا یقاس علیه غیره وان قالوا غیر ذلك فاذنی عنه صهاء ۔ انتہی

(عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری، جلد ا، ص ۷۷۸)

”بے شک بہت سی حدیثیں اس بارہ میں وارد ہوئیں کہ صحابہ کی ایک جماعت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خون مبارک پیا ان میں حضرت ابوطیبہ حجام ہیں اور ایک قریشی لڑکا ہے جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پچھنے لگائے تھے اور حضرت عبداللہ بن زبیر نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خون اقدس پیا، روایت کیا ہے اسے بزار نے اور طبرانی نے اور حاکم نے اور بیہقی نے اور ابونعیم نے حلیہ میں اور حضرت علی مرتضیٰ سے بھی مروی ہے انہوں نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خون اقدس پیا نیز مروی ہے کہ حضرت اُم ایمن نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پیشاب مبارک پیا اس حدیث کو حاکم نے دارقطنی نے اور ابونعیم نے روایت کیا اور طبرانی نے اوسط میں ابورافع کی عورت سلمیٰ کی روایت میں اخراج کیا کہ سلمیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا غسل میں استعمال کیا ہوا پانی پیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس پانی کی وجہ سے تجھ کو دوزخ پر حرام فرمادیا بعض کا قول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم احکام تکلیفیہ میں دیگر مکلفین کی طرح ہیں سوائے اس چیز کے جو دلیل سے خاص ہو، میں کہتا ہوں کہ اس قول سے تو لازم آتا ہے کہ (معاذ اللہ) عام لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مساوی ہو جائیں اور ایسی بات سوائے جاہل غبی کے اور کوئی نہیں کہہ سکتا، بھلا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کو لوگوں کے مرتبہ سے کیا نسبت اور یہ کوئی ضروری نہیں کہ دلیل خصوص ہمیشہ نقل

ہی سے ہو حقیقت یہ ہے کہ ان چیزوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے غیروں سے ممتاز ہونا ایسی بات ہے جس میں عقل کو بھی دخل ہے اور میرا اعتقاد تو یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر غیر کا قیاس نہیں کیا جا سکتا، اور اگر کوئی شخص اس کے خلاف کچھ کہتا ہے تو میرے کان اس کے سننے سے بہرے ہیں"۔

حامد صاحب ذرا اس نورانی بیان کو پڑھیں اور اپنی بدعقیدگی کا علاج فرمائیں۔

(۴) اسی طرح امام قسطلانی شارح صحیح بخاری مواہب الدنیہ شریف میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام فضلات شریفہ کی پاکی اور طہارۃ کا حسب ذیل عبارت میں نورانی بیان فرماتے ہیں:

"وروی انه کان یتبرك ببوله ودمه ﷺ"۔

"مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیشاب اور خون مبارک سے برکت حاصل کی جاتی تھی"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ۱، ص ۲۸۴)

آگے چل کر فرماتے ہیں:

"وفی کتاب الجوهر المکنون فی ذکر القبائل والبطون :أنه لما شرب ، ای عبدالله ابن الزبیر ، دمه تضوع فمه مسکاً ، وبقیت رائحته موجودة فی فمه الی أن صلب رضی الله عنه"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ۱، ص ۲۸۴)

"کتاب جوہر مکنون فی ذکر القبائل والبطون" میں ہے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خون مبارک پیا تو ان کے منہ سے مشک کی خوشبو مہکی اور وہ خوشبو ان کے منہ میں انہیں سولی دیئے جانے تک باقی رہی (رضی اللہ عنہ)"۔

آگے چل کر اسی حدیث کے تحت فرماتے ہیں:

"قال النووی فی شرح المهذب واستدلال من قال بطهارتهما بالحدیثین المعروفین ان ابا طیبة الحجام حجمه ﷺ وشرب دمه ولم ینکر علیه ، وان امرأة شربت بوله ﷺ فلم ینکر علیها ، وحدیث ابی طیبة ضعیف، وحدیث

شرب البول صحيح رواه الدارقطني وقال هو حديث حسن صحيح وذلك كاف في الاحتجاج لكل الفضلات قياساً ، ثم ان القاضي حسيناً قال الاصح القطع بطهارة الجميع انتهیٰ"۔

(مواہب الدنیہ، جلد ا، ص ۲۸۵)

" علامہ نووی نے شرح مہذب میں فرمایا اور استدلال کیا ان لوگوں نے جو حضور ﷺ کے حدیثیں معروفین یعنی بول و براز (پیشاب پاخانہ) کی پاکی اور طہارۃ کے قائل ہیں اس حدیث سے کہ حضرت ابوطیبہ حجام نے حضور ﷺ کے پچھنے لگائے اور حضور علیہ السلام کا (پچھنوں سے نکلا ہوا) خون پی گئے، اور حضور علیہ السلام نے ان پر انکار نہ فرمایا، نیز ایک عورت نے حضور ﷺ کا پیشاب مبارک پی لیا اور اس پر بھی حضور نے انکار نہ فرمایا، ابوطیبہ والی حدیث ضعیف ہے اور بول مبارک پینے کی حدیث صحیح ہے، اسے دار قطنی نے روایت کیا اور کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے، اور یہ حدیثیں ایک کا دوسرے پر قیاس کر کے تمام فضلات شریفہ کی طہارۃ ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں، اس کے بعد علامہ نووی نے فرمایا کہ قاضی حسین کا قول اس مسئلہ میں یہ ہے کہ حضور ﷺ کے تمام فضلات شریفہ کو قطعاً طاہر مانا جائے"۔

اسی طرح نسیم الریاض، جلد ا، صفحہ ۴۴۸، زرقانی شرح مواہب، جلد ۴، ص ۲۳۱، مدارج النبوۃ، ص وغیرہ معتبر کتابوں میں حضور علیہم السلام کے فضلات شریفہ کی طہارۃ منصوص و مرقوم ہے، علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس مسئلہ کو شامی میں ارقام فرمایا:

" وصحیح بعض ائمۃ الشافعیۃ طهارۃ بولہ ﷺ وسائر فضلاتہ وبہ قال ابو حنیفۃ کما نقلہ فی المواہب اللدنیہ عن شرح البخاری للعینی وصرح بہ البیری فی شرح الاشباہ وقال الحافظ ابن الحجر تظافرت الادلۃ علی ذلک وعد الائمۃ ذلک من خصائصہ ﷺ ونقل بعضهم عن شرح مشکوٰۃ لملاعلی القاری انہ قال اختار کثیر من اصحابنا واطال فی تحقیقہ فی شرحہ علی الشمائل فی

باب ماجاء فی تعطرہ علیہ الصلوٰۃ والسلام"۔ انتھی

"اور صحیح قرار دیا بعض ائمہ شافعیہ نے حضور ﷺ کے پیشاب مبارک اور باقی تمام فضلات شریفہ کی طہارۃ اور پاکیزگی کو اور یہی قول ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جیسا کہ مواہب میں عینی شرح بخاری سے نقل کیا ہے اور اس کی تصریح علامہ ببری نے شرح اشباہ میں فرمائی اور حافظ ابن حجر عسقلانی شارح بخاری نے کہا کہ حضور ﷺ کے بول مبارک اور تمام فضلات شریفہ کی پاکی اور طہارۃ پر قوی دلیلیں قائم ہیں اور ائمہ نے اسے حضور ﷺ کے خصائص کریمہ میں شمار کیا ہے اور بعض علماء نے ملا علی قاری کی شرح مشکوٰۃ سے نقل کیا، انہوں نے فرمایا کہ ہمارے اکثر اصحاب حنفیہ کا اس مسئلہ میں پسندیدہ قول یہی ہے کہ حضور ﷺ کے جمیع فضلات شریفہ طیب وطاہر اور پاک ہیں اور ملا علی قاری نے اپنی شرح علی الشمائل باب ماجاء فی تعطرہ ﷺ میں طہارۃ فضلاۃ شریفہ کو ثابت کرنے کے لئے پوری تحقیق کے ساتھ طویل کلام فرمایا ہے"۔ انتہی

طہارتِ فضلات شریفہ کے ثبوت میں جلیل القدر علماء محدثین کی اتنی بے شمار عبارتیں ہیں کہ اگر ان تمام کو جمع کیا جائے تو ایک ضخیم جلد تیار ہو جائے، بخوف طوالت ہم قدرِ ضرورت پر اکتفا کرتے ہیں اور ان تمام دلائل کے بعد اتمام حجۃ کے لئے عامر صاحب کے صرف دو مقتداؤں کی دو مختصر عبارتیں نقل کر کے اس بحث کو آخری نتیجہ پر ختم کرتے ہیں۔

ملاحظہ کیجئے! آپ کے مولوی انور شاہ صاحب کشمیری نے فیض الباری میں ارقام فرمایا جس کا خلاصہ اُردو زبان میں حسب ذیل ہے:

"امام بخاری نے باب استعمال فضل وضوء الناس، منعقد کر کے ماء مستعمل کی طہارۃ کا قول فرمایا، اس قول کے ثبوت میں حضور ﷺ کے ماء مستعمل کی طہارۃ سے استدلال کیا مگر یہ استدلال میرے نزدیک محلِ نظر ہے، اگرچہ فی نفسہٖ مسئلہ درست ہے، استدلال کے صحیح نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ علماء اُمت حضور ﷺ کے فضلات شریفہ کی طہارت کی طرف گئے ہیں، جب حضور ﷺ کے فضلات پاک ہیں تو وضو سے بچا ہوا پانی کیوں پاک نہ ہوگا؟ لہذا حضور علیہ السلام کے ماء مستعمل کے پا

ہونے سے مطلقاً ہر ایک کے مستعمل پر حجت قائم نہیں ہوسکتی''۔الخ

(فیض الباری، جلد اوّل، صفحہ ۲۸۹)

دیکھئے! آپ کے مولوی انور شاہ صاحب کشمیری نے طہارۃ فضلات نبی اکرم ﷺ کو علماء اُمت کا مذہب بتایا۔

اس کے بعد نشر الطیب اُٹھا کر دیکھئے آپ کے مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کیا فرما رہے ہیں، وہ لکھتے ہیں :

'' اور مروی ہے کہ آپ جب بیت الخلاء میں جاتے تھے تو زمین پھٹ جاتی اور آپ کے بول و براز کو نگل جاتی اور اس جگہ نہایت پاکیزہ خوشبو آتی، حضرت عائشہ نے اسی طرح روایت کیا ہے اور اسی لئے علماء آپ کے بول براز کے طاہر ہونے کے قائل ہوئے ہیں، ابوبکر بن سابق مالکی اور ابونصر نے ان کو نقل کیا ہے اور مالک بن سنان یوم اُحد میں آپ کا خون (زخم کا) چوس کر پی گئے، آپ نے فرمایا اس کو کبھی دوزخ کی آگ نہ لگے گی اور عبداللہ بن زبیر نے آپ کا خون جو پچھنے لگانے سے نکلا تھا پی لیا تھا، اور آپ کی خادمہ برکہ اُم ایمن نے آپ کا بول پی لیا تھا سو ان کو ایسا معلوم ہوا جیسا شیریں نفیس پانی ہوتا ہے''۔

(نشر الطیب، صفحہ ۱۶۲، ۱۶۳)

ہاں! جناب حامر صاحب! دیکھا آپ نے؟ آپ کے تھانوی صاحب نے حدیثوں سے ثابت کیا ہے کہ جس جگہ حضور ﷺ نے بول و براز فرمادیا وہاں نہایت پاکیزہ خوشبو آتی تھی اور آپ کے تھانوی صاحب ہی فرمارہے ہیں کہ اُم ایمن نے جب حضور ﷺ کا بول مبارک پیا تو انہیں ایسا محسوس ہوا کہ جیسے شیریں نفیس پانی ہوتا ہے۔

خدا لگتی کہئے ! حضور ﷺ کے فضلات شریفہ کے یہ پاکیزہ اوصاف مادی کثافتیں ہیں یا نورانی لطافتیں ؟

ایک اعتراض کا جواب

اگر اس مقام پر یہ اعتراض کیا جائے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضور ﷺ کے مبارک کپڑے سے حضور کے خشک مادہ منویہ کو کھرچ دیتی تھیں اور تر ہونے کی صورت میں دھودیا کرتی تھیں کہ اگر حضور کی منی پاک ہوتی تو یہ کھرچنا اور دھونا کس لئے تھا، نیز حضور سیّد عالم ﷺ حوائج ضروریہ سے فراغت پا کر وضو اور غسل کیوں فرماتے تھے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حضور ﷺ کا بول و براز اور منی وغیرہ فضلات طیب و طاہر اور پاک ہیں، جیسا کہ ہم بکثرت دلائل و براہین سے اس دعویٰ کو ثابت کر چکے ہیں اس کے باوجود حکمت تعلیم کی بنا پر خود حضور ﷺ کے حق میں وہ فضلاۃ شریفہ نواقض وضو اور موجبات غسل کا حکم رکھتے ہیں، اگر ایسا نہ ہوتا تو اُمت کو غسل و وضو کے مسائل اور لباس و بدن کے پاک کرنے کے طریقے کیسے معلوم ہوتے؟ چنانچہ **فتاوےٰ اسعد یہ فی فقه الحنفیه** میں مفتی الانام علامہ سیّد اسعد المدنی الحسینی انبیاء علیہم السلام کی منی کے پاک ہونے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں۔

الجواب ۔ ”اعلم هداك الله الى اصوب الصواب ان منى نبينا ﷺ و كذلك سائر فضلاته طاهرة عند علمائنا الحنفية كما ستذكره“۔

” جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں راہ صواب کی طرف ہدایت بخشے، ہمارے نبی کریم ﷺ کی منی مبارک اور اس کے علاوہ حضور علیہ السلام کے تمام فضلات شریفہ ہمارے علمائے حنفیہ کے نزدیک طیب و طاہر ہیں جیسا کہ ہم عنقریب ذکر کریں گے“۔

چند سطور کے بعد فرماتے ہیں :

” قولنا بالطهارة ليس هو على اطلاقه بل هو فى حق غيره ﷺ واما فى حق نفسه ﷺ فهو باق على حكمه الاصلى“ ۔ انتهى

” حضور ﷺ کے فضلات شریفہ کی طہارت کا قول اپنے اطلاق پر نہیں بلکہ حضور ﷺ کے غیر حق میں ہے، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حق میں وہ اپنے حکم اصلی پر باقی ہے“۔ انتہی

گویا جو فضلات شریفہ اُمت کے حق طیب و طاہر ہیں ان کا حضور ﷺ کے حق میں حکماً غیر طاہر ہونا

ایسا ہے جیسا حسنات الابرار سیأت المقربین۔

اس کے بعد طہارۃ فضلات شریفہ پر دلیل قائم فرماتے ہوئے ان احادیث کو علامہ اسعد الحسینی نے ارقام فرمایا جو اس سے پہلے ہم پیش کر چکے ہیں، مثلاً ایک قریشی غلام اور مالک بن سنان اور عبداللہ ابن زبیر اور حضرت ابو طیبہ کا مختلف اوقات میں حضور علیہ السلام کا خون مبارک پیا اور حضور کا ان پر انکار نہ فرمانا بلکہ ان کے اس فعل پر انہیں جنت کی خوشخبری سنانا اور بعض کے حق میں دوسرے الفاظ تعریف وستائش ارشاد فرمانا نیز حضرت اُم ایمن اور اُم یوسف کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بول مبارک کو پی لینا اور یہ سن کر حضور کا مسکرانا اور صحت وشفا کی خوشخبری ارشاد فرمانا بیان فرما کر صاحب الفتاوی الاسعدیہ نے فرمایا کہ یہ احادیث حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے تمام فضلات شریفہ کے پاک ہونے کو ثابت کرتی ہیں اور یہی قول ہے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا" ۔انتہی

(فتاوی اسعدیہ، جلد ا، ص ۴)

الحمدللہ فتاوی اسعدیہ کے اس بیان سے ہمارا مسلک اچھی طرح واضح ہو گیا اور جو اعتراض وارد کیا گیا تھا اس کا شافی جواب بھی ناظرین کے سامنے آ گیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک تھوک اور بینی شریف کی ریزش

کوئی کتنا ہی بزرگ اور کیسا ہی محبوب کیوں نہ ہو لیکن طبعی اور فطری طور پر اس کے فضلات بول وبراز، پسینہ، رینٹھ، تھوک وغیرہ موجب نفرت ہی ہوتے ہیں، عقیدت اور چیز ہے، لیکن کثیف اور غلیظ چیزوں سے طبعی طور پر نفرت کا ہونا امر آخر ہے۔

ناظرین کرام پڑھ چکے ہیں کہ صحابہ کرام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضلات شریفہ بول وبراز پسینہ کو کس طرح رغبت اور چاہت کے ساتھ حاصل کرتے تھے اور اس کے استعمال میں انتہائی راحت لذت وسرور پاتے تھے، یہی معاملہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تھوک مبارک اور بینی مبارک کی ریزش کے ساتھ صحابہ کرام کرتے تھے، دیکھئے بخاری شریف میں ہے :

" واللہ ان نخامة الا وقعت فی کف رجل منھم فذلک بھا وجھه وجلده "

(بخاری شریف جلد ا، ص ۳۷۹)

'' خدا کی قسم حضور ﷺ نے بینی مبارک کی کوئی ریزش نہیں پھینکی لیکن وہ کسی صحابی کی ہتھیلی پر پڑی جس کو اس نے اپنے چہرے اور بدن پر مل لیا ''۔

آپ نے دیکھا؟ صحابہ کرام کس رغبت اور شوق کے ساتھ حضور کی ریزش بینی کو اپنے بدن اور چہروں پر ملتے تھے کیا اس کے بعد بھی حضور کے بلغم شریف یا ریزش بینی میں کسی مادی کثافت و غلاظت کا تصور ہو سکتا ہے؟

اسی طرح حضور ﷺ کا تھوک مبارک بھی مادی کثافت و غلاظت سے پاک تھا، بخاری شریف میں ہے کہ غزوۂ خندق کے موقع پر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی دعوت کی اور حضور علیہ السلام ان کے گھر میں تشریف لائے :

'' فاخرجت له عجينا فبسق فيه بارك ثم عمدالى برمتنا فبسق فيه بارك ''

(بخاری شریف جلد ۲ ص ۵۸۹)

'' تو حضرت جابر کی بیوی نے گندھا ہوا آٹا حضور ﷺ کے سامنے پیش کیا حضور ﷺ نے اس میں تھوک دیا اور ساتھ ہی دُعائے برکت بھی عطا فرمائی، حضرت جابر فرماتے ہیں حضور علیہ السلام نے ہماری ہانڈی کی طرف قصد فرمایا اور اس میں بھی تھوک دیا اور برکت فرمائی ''۔

کیوں حامد صاحب! کیسا مزاج ہے؟ کچھ پتہ چلا آپ کو حضور ﷺ کی ناک مبارک کی ریزش اطہر کا اور سینۂ اقدس کا جما ہوا بلغم مبارک اور تھوک مقدس کیسا لطیف و نظیف اور طیب و طاہر ہے اور صحابہ کرام اسے کس طرح اپنے چہرے اور بدن پر ملتے تھے اور اپنے آٹے اور ہانڈی میں تھوک مبارک کو مرغوب و محبوب جان کر کمال رغبت و محبت کے ساتھ اسے کھاتے تھے، اگر حامد صاحب واقعی حضور ﷺ کو اپنے جیسا بشر سمجھتے ہیں اور حضور علیہ السلام کے فضلات شریفہ کو معاذ اللہ اپنے فضلات جیسا مانتے ہیں تو انہیں چاہئے کہ وہ بھی اپنا تھوک بلغم ناک کی ریزش کسی کے بدن پر ڈالیں کسی کے منہ پر ملیں، روٹی ہانڈی میں کبھی اپنا تھوک ڈال دیا کریں اور نہ ہی اپنے ہی گھر میں تجربہ کرلیں ہانڈی میں ذرا سا تھوک کر دیکھیں اگر ان کے سر اقدس پر ہانڈی نہ ماردی جائے تو میں ذمہ دار ہوں، اچھا اگر وہ خود اپنے آپ کو اس قابل نہیں سمجھتے تو اپنے بزرگوں، استادوں اور پیروں مقتداؤں کا تھوک رغبت و محبت کے ساتھ کھالیا کریں، کبھی کسی بزرگ کی ناک کی ریزش بلغم، کھنگار اپنے ہاتھ میں لے کر اپنے منہ پر مل لیا کریں

لیکن مجھے اُمید نہیں کہ وہ بڑے سے بڑے مقدس انسانوں کا تھوک کھانا یا اس کی کھنگار وغیرہ کو اپنے منہ پر ملنا گوارہ فرمائیں، سب جانتے ہیں کہ جو شخص جنتی ہو وہ اللہ تعالٰی کے نزدیک بڑا مقدس اور مطہر ہوتا ہے، عامر صاحب کے نزدیک کتنا مقدس اور بزرگ ہوگا، لیکن میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر یزید بھی عامر صاحب کے منہ پر تھوک دے یا اپنی ناک سنک کر عامر صاحب کے منہ پر رینٹھ پھینک مارے تو عامر صاحب اسے رغبت کے ساتھ کھانے یا منہ پر ملنے کی بجائے انتہائی نفرت وحقارت کے ساتھ اپنے بدن سے دُور کرنے کی کوشش فرمائیں گے، معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کا فضلات شریفہ کا کمال رغبت ومسرت سے پی لینا اور اس کے مزے میں شیرینی، لطافت اور خوشبو محسوس کرنا اس امر کی روشن دلیل ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فضلات مبارکہ بشری کثافتوں اور ہر قسم کی نجاستوں اور غلاظتوں سے قطعاً پاک اور طیب وطاہر تھے۔

عامر صاحب کا بار بار یہ کہنا کہ قرآن کریم میں " قل انما انا بشر مثلکم " وارد ہوا ہے مگر یہ لوگ حضور کی بشریت کے منکر ہیں اور ہم حضور کو نورِ محض مانتے ہیں قطعاً غلط اور ہم پر بہتان وافتراء ہے، ہم نے بارہا کہا کہ حضور ﷺ کی خلقت نور سے ہے لیکن یہ نورانیت بشریت کے منافی نہیں، علامہ شہاب الدین خفاجی حضور ﷺ کی بشریت مطہرہ کا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

" وکونہ مخلوقا من النور ولا ینافیہ کما توھم "

(نسیم الریاض، جلد۲، ص۲۳۸)

" اور نبی کریم ﷺ کا نور سے مخلوق ہونا حضور ﷺ کی بشریت کے منافی نہیں جیسا کہ وہم کیا گیا "۔

البتہ اس میں شک نہیں کہ ہم حضور ﷺ کو ایسا بشر مانتے ہیں جس میں بشریت کے عیوب ونقائص نہ ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالٰی نے ابتدائے آفرینش میں "محمد" پیدا کیا ہے، جس کے معنی ہیں "حمد کیا ہوا" حمد کے معنی ہیں "تعریف وثنا" ظاہر ہے کہ تعریف وثنا حمد وخوبی پر ہی ہوسکتی ہے، عیب سے اس کا کوئی تعلق نہیں، حضور ﷺ چونکہ اپنے مرتبہ اور مقام میں مطلقاً محمد ہیں اس لئے ذاتِ مقدسہ میں کوئی ایسی بات نہیں پائی جاسکتی جو حضور کے حق میں کسی اعتبار سے بھی عیب قرار پائے، لہذا واضح ہوگیا کہ نجاست وغلاظت

کثافت وثقالت ہر عیب سے حضور ﷺ پاک ہیں اور آپ کی بے عیب بشریت محمدیت کی دلیل ہے، رہا یہ امر کہ لفظ ''مثلکم'' سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور ہماری مثل ہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں حصر اضافی ہے یعنی ''بانسبته الی الالوهیته'' اس لئے آیت کے معنی یہ ہیں کہ میں عدم الوہیت میں تمہاری مثل ہوں، یہ مطلب نہیں کہ معاذ اللہ بشری کثافتوں اور مادی غلاظتوں میں بھی تمہارے جیسا ہوں۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ

حاصل کلام یہ ہے کہ ہم نے حضور ﷺ کی ذات مقدسہ کا نور سے مخلوق ہونا اور حضور کی بشریت مقدسہ وجسمانیت مطہرہ کا ہر قسم کی مادی کثافت، بدبو، نجاست اور غلاظت وغیرہ سے پاک ہونا ایسے دلائل کثیرہ و براہین قویہ سے ثابت کر دیا جن کا جواب انشاء اللہ العزیز قیامت تک عامر صاحب کیا؟ ان کی ذریت سے بھی نہ ہو سکے گا۔

کیوں عامر صاحب؟ آپ نے اپنے دلائل بول و براز، منی، تھوک وغیرہ کا حشر دیکھ لیا؟ اب تو آپ پر یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ حضور ﷺ کے فضلات شریفہ مادی کثافتیں نہیں بلکہ نورانی لطافتیں ہیں۔

عامر صاحب تو پہلے ہی اعلان کر چکے ہیں کہ ہم کاظمی کی ایک ایک دلیل کا جواب دیں گے لیکن انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ انشاء اللہ العزیز آپ کا بھی کوئی جواب ایسا نہ ہوگا جسے جواب الجواب کے بعد کوئی شخص جواب کہہ سکے ہمیں اُمید ہے کہ ہمارے ناظرین کرام ہماری طول نگاری سے ملول نہ ہوں گے اس لئے کہ یہاں جس قدر طول ہوگا فضائل و کمالات رسالت سامنے آتے جائیں گے۔

عامر صاحب لکھتے ہیں :

'' حیرت ہے کہ نور کا یہی ایک لازمہ انہیں یاد رہ گیا کہ اس کا سایہ نہیں ہوتا، باقی تمام لوازمات ذہن کے کسی خفیہ گوشے میں جا چھپے...... یہ لوازمات بھی تو پیش نظر رہنے چاہئیں تھے کہ نور حقیقی پاخانہ پیشاب نہیں کرتا، کھانا نہیں کھاتا، شادی کرنے اور باپ بننے سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ہوتا، نہ وہ حیز (اپنے محل وقوع کو) بھرتا ہے'' ۔ الخ

(ماہنامہ تجلی، جون ۱۹۶۰ء، ص ۴۷)

ضلالت کی وادیوں میں بھٹکنے کا نتیجہ حیرت کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے؟ عامر صاحب! اتنا بھی نہیں سمجھ سکتے

کہ نبی کریم ﷺ نور محض نہیں بلکہ بشریت سے بھی متصف ہیں، ہاں اس میں شک نہیں کہ حضور ﷺ کی بشریت معاذ اللہ ہماری طرح کثیف و غلیظ نہیں، بلکہ انتہائی لطیف اور طیب و طاہر ہے، جس میں بشریت کے کسی عیب کا شائبہ تک متصور نہیں ہو سکتا۔

جب نورانیت اور بشریت دونوں کا وجود ہوا تو ہر ایک کے لوازمات بھی موجود ہوں گے، کھانا پینا اور باپ بننا بشریت کے لوازمات سے قرار پائے گا، اور سایہ نہ ہونا نورانیت کے لوازمات سے ہوگا۔

شاید آپ کہیں کہ سایہ بھی لوازماتِ بشریت سے ہے تو میں عرض کروں گا کہ بے شک سایہ لوازماتِ بشریت سے ہے، لیکن اس بشریت کے لوازمات سے جو نورانیت سے بے بہرہ اور بشریتِ محضہ ہو، جس میں کثافت اور غلاظت وغیرہ نقائصِ بشریت پائے جاتے ہیں، نورانی بشریت اور لطیف و پاکیزہ بشریت کے لوازمات سے سایہ نہیں ہے۔

رہا کھانا پینا اور باپ بننا تو ان صفات کو بایں معنی لوازمات بشریت سے کہا جاتا ہے کہ بشریت میں ان کا پایا جانا امر واقعی ہے، اس کا مطلب یہ نہیں کہ جس میں بھی یہ صفات پائے جائیں وہ بشر ہے، دیکھئے بیضاوی شریف میں ہے:

" ولان ابن عباس روی ان من الملائکۃ ضرباً یتوالدون یقال لھم الجن ومنھم ابلیس"۔ انتھی

(بیضاوی، جلد ۱، ص ۶۴)

"(ابلیس ملائکہ سے تھا) اس لئے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ملائکہ کی ایک قسم وہ ہے جس میں توالد و تناسل پایا جاتا ہے (وہ اپنے باپ کے بیٹے ہوتے ہیں اور اپنے بیٹوں کے باپ بنتے ہیں) جنہیں جن کہا جاتا ہے، اور انہیں میں سے ابلیس ہے"۔

اسی مقام پر بیضاوی شریف کے حاشیہ میں ہے:

"قولہ ولمن زعم انہ لم یکن من الملائکۃ ۔ الخ قالہ الحسن وقتادۃ و اشار بلفظ الزعم الی ضعفہ ورجحان الاول (انہٗ من الملائکۃ) لانہ قول علی وابن عباس

وعلیه اکثر المفسرین"۔انتہی

(حاشیہ نمبر ۳ بیضاوی، ص ۴۴، مطبوعہ مجتبائی دہلی)

"(قوله ولمن زعم الخ) حضرت حسن بصری اور قتادہ کا قول یہ ہے کہ ابلیس ملائکہ سے نہ تھا مصنف نے لفظ "زعم" سے اس قول کے ضعف کی طرف اشارہ کیا اور ساتھ ہی قول اوّل کے راجح ہونے کی طرف بھی اسی لفظ زعم سے اشارہ فرمایا، قول اوّل یہ ہے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا، اس قول کے راجح اور قوی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہی قول ہے اور اکثر مفسرین بھی اسی پر متفق ہیں"۔انتہی

ایک شبہ کا ازالہ

یہاں نور و نار کے اختلاف کا سہارا لینا درست نہ ہوگا اس لئے کہ نور و نار کا مادہ ایک ہے، اوصاف زائدہ علی الذات کے اختلاف سے ذاتیات کا مختلف ہونا لازم نہیں آتا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اس روایت سے جہاں بعض فرشتوں کا توالد و تناسل ثابت ہوا وہاں یہ بھی ثابت ہوگیا کہ فرشتوں کے لئے کھانا پینا بھی محال نہیں، بلکہ بعض ملائکہ کے لئے واقع ہوا ہے، جیسا کہ احادیث کثیرہ میں وارد ہے کہ جنات کھاتے ہیں اور بعض اشیاء خاص طور پر اُن کی غذا ہیں، کھانے پینے کے لئے پیشاب پاخانہ بھی لوازمات سے شمار کیا جاتا ہے، اس لئے جب کھانا پینا ان کے لئے ثابت ہوگیا تو پیشاب پاخانہ بھی منکرین کے اصول پر لازماً اُن کے کے لئے ماننا پڑے گا۔

حامد صاحب! آپ نے دیکھا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جنات کو ملائکہ کی ایک قسم قرار دیا ہے، اور ظاہر ہے کہ بعض اوصاف زائدہ علی الذات مثلاً حرارت و برودت کے اختلاف سے قطع نظر کر کے دیکھا جائے تو جن و ملائکہ دونوں کا مادہ ایک ہی ہے، لہٰذا ثابت ہوگیا کہ کھانا، پیشاب، پاخانہ، باپ اور بیٹا بنا بشریت میں منحصر نہیں اور نہ یہ اوصاف نورانیت کے خلاف ہیں، ان اوصاف کو سامنے رکھ کر آپ کس منہ سے نورانیت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ کا انکار کر سکتے ہیں۔

بیضاوی شریف کی روایت منقولہ بالا سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہوگئی کہ جنات ملائکہ کی ایک

قسم ہے، نور و نار دونوں مصدر ہیں جن کا مادہ ایک ہے یعنی نور، فرق صرف اتنا ہے کہ نور کے مقابلہ میں جسے نار کہا جاتا ہے وہ نور کے ساتھ متحد الماھیتہ ہونے کے باوجود کسی ایسی صفت میں مختلف ہے جس کا ذات اور ماہیت میں کوئی دخل نہیں۔

معلوم ہوا کہ جن و ملائکہ ایک ہی نوع کی دو قسمیں ہیں جن میں بشریت کا قطعاً کوئی شائبہ نہیں پایا جاتا، لیکن اس کے باوجود ملائکہ کی ایک قسم "جنات" میں وہ تمام اوصاف پائے جاتے ہیں جنہیں اوصاف اور لوازماتِ بشریت کہہ کر اُن کے موصوف کو بشرِ محض کہا جاتا ہے، اگر فی الواقع اس بات کو صحیح مان لیا جائے تو وہ تمام جنات جنہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ملائکہ کی ایک قسم قرار دیا ہے بشر قرار پائیں گے، جو بالکل غلط اور ظاہر البطلان ہے۔

اس مضمون میں اگر اس بات پر بھی غور کر لیا جائے کہ فرشتوں کی ایک قسم جنات ہے جو کھاتے پیتے اور پیشاب و پاخانہ پھرتے ہیں اور اُن کی شادیاں بھی ہوتی ہیں، اور ازدواجی تعلقات سے ان کی نسل بڑھنے اور اولاد پیدا ہونے کا سبب بنتے ہیں، اور اسی ضمن میں ان کا جوہر حیات جسے نطفہ اور منی سے تعبیر کرنا چاہئے ان کے اجسام سے خارج ہوتا ہے جو توالد و تناسل کی اصل ہے، تو یہ حقیقت آفتاب سے زیادہ روشن ہو کر سامنے آجائے گی کہ منکرین نورانیت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ تمام ہفوات پادر ہوا ہیں جو عامۃ المسلمین کو اپنے دام تزویر میں پھنسانے کے لئے بیان کئے جاتے ہیں کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم بشر محض نہ ہوتے تو وہ کھانا کیوں کھاتے اور اپنے والدین کے گھر کیسے پیدا ہوتے، اور ان کی اولاد کیوں کر ہو سکتی تھی اور معاذ اللہ ان کے ساتھ پیشاب، پاخانہ، منی اور تھوک وغیرہ کیوں کر متعلق ہو سکتے تھے، ان تمام اوصاف اور امور کا پایا جانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت اور معاذ اللہ عنصری کثافت کا بین ثبوت ہے، ایسے لوگ مجھے بتائیں کہ جنات کے یہ تمام اوصاف اور امور کا پایا جانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت اور معاذ اللہ عنصری کثافت کا بین ثبوت ہے؟ ایسے لوگ مجھے بتائیں کہ جنات کے یہ تمام اوصاف بھی بشریت اور عنصری کثافت کی دلیل ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو آپ امور مذکورہ و اوصاف مرقومہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت محضہ کے ثبوت میں پیش کرنے کی کس طرح جرأت کرتے ہیں؟ کیا یہ طرزِ عمل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بین عداوت کا ثبوت نہیں؟ فالی اللہ المشتکی

عامر صاحب کی علمی استعداد اور قرآن دانی کا بہترین نمونہ

عامر صاحب کی عبارت کا اقتباس جو ہم نے ابھی ہدیۂ ناظرین کیا ہے اس میں ہمارے ناظرین کرام نے ملاحظہ فرمالیا ہوگا کہ نور کا ایک لازمہ یہ بھی ہے کہ وہ اپنے حیز (محل وقوع) کو نہیں بھرتا۔

حیز کا ترجمہ ''محل وقوع'' عامر صاحب کی علمی استعداد کا شاندار نمونہ ہے، انہیں اتنا بھی معلوم نہیں کہ حیز متکلمین کی اصطلاح میں وہ فراغ متوہم ہے جس کو کوئی شئے ممتد وغیر ممتد بھرلے۔ (شرح عقاید نسفی، ص)

نیز عامر صاحب نے نور کا یہ لازمہ بیان کرکے اپنے مبلغ علم کا ایک عجیب نمونہ پیش فرمایا ہے، انہیں اتنا بھی پتہ نہیں کہ تمام ملائکہ اجسام نوریہ ہیں، اور ہر جسم خواہ نوری ہو یا غیر نوری محل وقوع کو پُر کئے بغیر نہیں پایا جاتا، کیوں کہ ہر جسم مکان کا محتاج ہوتا ہے، اور مکان حیز سے اخص ہے، اور اخص کا وجود اعم کے بغیر ممکن نہیں، لہذا ہر جسم کے لئے مکان کا ہونا ضروری ہے، اور مکان کا حیز کے بغیر پایا جانا محال ہے، بنابریں ہر جسم نوری ہو یا غیر نوری حیز کے بغیر نہیں ہوسکتا اور حیز کے معنی ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ وہ ایسا فراغ متوہم ہے کہ جسے کوئی شئے ممتد یا غیر ممتد بھرلے، عامر صاحب محل وقوع کے نہ بھرنے کو نور کا لازمہ قرار دیتے ہیں، تو وہ بتائیں کہ اجسام نوریہ اُن کے نزدیک مکان میں ہیں یا لامکان میں؟ کیا وہ کہہ سکیں گے کہ نوری جسم مکان کے بغیر لامکان میں پایا جاتا ہے، نہیں اور ہرگز نہیں، پھر یہ کیا بات ہوئی کہ :

''نور کے لوازمات سے یہ بھی ہے کہ وہ اپنے حیز (محل وقوع) کو نہ بھرے'' ملخصا

دیکھئے جبرئیل علیہ السلام نوری ہیں اور وہ جب اپنی اصلی نوری شکل میں ظاہر ہوئے تو انہوں نے اپنے محل وقوع کو بھرلیا، ہماری بات تو آپ کیا مانیں گے، اپنے چچا جان مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی کی عبارت پڑھ لیجئے، وہ سورۂ النجم کی آیۂ کریمہ **وھو بالافق الا علی** پر حاشیہ نمبر ے میں ارقام فرماتے ہیں :

''نبی کریم ﷺ کو ابتدائے نبوت میں ایک مرتبہ حضرت جبرئیل اپنی صورت میں ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے نظر آئے، اس وقت آسمان ایک کنارہ سے دوسرے کنارے تک اُن کے وجود سے بھرا ہوا معلوم ہوتا تھا''۔

کیوں عامر صاحب! وہ آپ کا لازمہ کہاں گیا، یا آپ جبرئیل علیہ السلام کو نور حقیقی نہیں مانتے، جبرئیل علیہ السلام کے وجود سے آسمان کا ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک بھر جانا آپ کے نزدیک جبرئیل علیہ السلام کی

بشریت کی دلیل ہے یا نورانیت کی؟ یا چچا جان بڑھاپے میں غلط لکھ گئے؟

حقیقت یہ ہے کہ آپ ہمارے تعاقب میں آنکھیں بند کر کے ایسے بے تحاشا دوڑے ہیں کہ قدم قدم پر ٹھوکریں کھائی ہیں اور منہ کے بل گرے، مگر آپ کی جرأت قابل داد ہے کہ حق وصداقت کیخلاف اپنی جدوجہد اور تعاقب سے باز نہیں آئے۔ ع

"آفریں باد بریں ہمت مردانہ تو"

حامد صاحب نے نور کے لوازمات بیان کرتے ہوئے ارقام فرمایا ہے کہ :

"یہ لوازمات بھی تو پیش نظر رہنے چاہیئے تھے کہ نور حقیقی پیشاب پاخانہ نہیں کرتا، کھانا نہیں کھاتا، شادی کرنے اور باپ بننے سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ہوتا"۔

نور کے اکثر افراد کا کھانے پینے، پیشاب پاخانہ کرنے اور توالد و تناسل سے بے تعلق ہونا تو مسلمات سے ہے، لیکن نور کی حقیقت اور اس کی جنس کے لئے مطلقاً ان امور کو لوازمات قرار دینا دلائل شرعیہ کی روشنی میں غلط اور باطل محض ہے، بیان سابق میں ہم اس حقیقت کو واضح کر چکے ہیں کہ ملائکہ نور حقیقی ہیں اور ملائکہ کی ایک قسم میں توالد و تناسل موجود ہے، وہ کھاتے پیتے بھی ہیں اور کھانا پینا پیشاب پاخانہ کو مستلزم ہے، حامد صاحب کو لازم کی تعریف بھی معلوم نہیں، لازم کے معنی ما یمتنع انفکاکہ عن الشئی، اگر یہ امور لوازم نور سے ہوتے تو ان کا انفکاک اس سے محال ہوتا، لیکن ایسا نہیں، تو معلوم ہوا کہ امور مذکورہ کو لوازمات نور کہنا لغو اور بے بنیاد ہے۔

تفسیر بیضاوی سے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت جو اس سے پہلے ہم نقل کر چکے ہیں، ہمارے بیان کی تائید میں کافی ہے جس میں یہ الفاظ موجود ہیں :

"ان من الملائکۃ ضرب اتیوالدون یقال لھم الجن و منھم ابلیس"

"فرشتوں کی ایک قسم وہ ہے جن میں توالد و تناسل ہوتا ہے، یعنی ان کی نسل چلتی ہے اور ان کے اولاد ہوتی ہے، انہیں جن کہا جاتا ہے اور ان ہی میں سے ابلیس ہے"۔

لیکن تفصیل مزید کے لئے ہم اس مسئلہ میں حضرات مفسرین کرام کی تصریحات پیش کرتے ہیں، تا کہ ہر قسم کے شکوک وشبہات کا ازالہ ہو جائے اور مسئلہ کا کوئی پہلو تشنۂ تکمیل نہ رہے۔

بیان سابق میں ہم کہہ چکے ہیں کہ بعض مفسرین جیسے حضرت حسن بصری وغیرہ رضی اللہ عنہم کا یہ مسلک ہے کہ ابلیس ملائکہ سے نہ تھا لیکن یہ قول ضعیف ہے،،جمہور مفسرین حضرات صحابہ کرام وتابعین کا یہی مذہب ہے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا۔

(۱) تفسیر روح المعانی میں ہے :

''واختلف الناس فيه هل هو من الملائكة ام من الجن فذهب الى الثانى جماعة ''

''اس مسئلہ میں لوگوں کا اختلاف ہے کہ ابلیس ملائکہ سے ہے یا جن سے ایک جماعت شق ثانی کی طرف گئی ہے''۔

چند سطر بعد فرماتے ہیں :

''وذهب جمهور العلماء من الصحابة والتابعين الى الاوّل''۔انتہی

(تفسیر روح المعانی، پ۱ص۲۱۰)

''جمہور علماء، صحابہ وتابعین کا مذہب یہ ہے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا''۔

(۲) تفسیر روح البیان میں ہے :

''واكثر المفسرين على ان ابليس من الملائكة لان خطاب السجود كان مع الملائكة قال البغوى وهو الاصح''۔انتہی

(تفسیر روح البیان، جلد۱،ص۱۰۴)

'' اکثر مفسرین اسی پر ہیں کہ ابلیس ملائکہ سے تھا اس لئے کہ سجدہ کا خطاب ملائکہ سے تھا، امام بغوی نے فرمایا یہی اصح ہے''۔

(۳) تفسیر بیضاوی میں ہے :

''والاية تدل على ان ادم عليه السلام افضل من الملائكة المامورين بالسجود له ولو من وجه وان ابليس كان من الملائكة والالم تينا وله امر هم ولم

یصح استثناء ہ منھم''۔

(بیضاوی شریف، جلد ا، مطبوعہ فاروقی، دہلی، ص ۶۴)

''اور آیت کریمہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدم علیہ السلام ان ملائکہ سے افضل ہیں جو آدم علیہ السلام کے لئے سجدہ کرنے پر مامور تھے، اگر چہ یہ فضیلت من وجہ ہو اور آیۂ کریمہ اس بات پر بھی دلالت کرتی ہے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا، ورنہ فرشتوں کا امر اسے شامل نہ ہوتا نہ اس کا استثناء فرشتوں سے صحیح ہوتا''۔

(۴) تفسیر کبیر میں امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

'' (المسئلة الثالثة) اختلفوا فی ان ابلیس هل کان من الملائکة قال بعض المتکلمین و لا سیما المعتزلة انه لم یکن منهم و قال کثیر من الفقهاء انه کان منهم''۔

(تفسیر کبیر، جلد اوّل، ص ۴۲۷)

'' (تیسرا مسئلہ) لوگوں نے اختلاف کیا کہ ابلیس ملائکہ سے تھا یا نہیں، چنانچہ بعض متکلمین خصوصاً معتزلہ اس طرف گئے ہیں کہ وہ ان میں سے نہ تھا، اور اکثر فقہاء نے کہا کہ بے شک وہ اُن ہی میں سے تھا''۔

اس کے بعد امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے علی الترتیب جانبین کے دلائل نقل فرمائے اور آخر میں ارقام فرمایا :

'' فهذا ما عندی فی الجانبین و الله اعلم بحقائق الامور ''۔انتہی

(تفسیر کبیر، جلد اوّل، ص ۴۳۰)

'' جانبین کی طرف سے میرے پاس جو کچھ تھا وہ یہی ہے جو میں نے بیان کر دیا اور حقائق امور کو اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے''۔

(۵) علامہ ابن کثیر تفسیر ابن کثیر میں لکھتے ہیں :

''عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال کان ابلیس من حی من احیاء الملائکة یقال لهم الجن خلقوا من نار السموم من بین الملائکة و کان اسمه الحارث و کان خازنامن خزان الجنة قال و خلقت الملائکة کلهم من نور غیر هذا الحی قال وخلقت الجن الذین ذکروافی القران من مارج من نار الحدیث''۔

(تفسیر ابن کثیر، جلد اوّل، ص ۷۵)

'' حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ابلیس ملائکہ کے قبیلوں میں سے ایک قبیلہ تھا، جسے جن کہا جاتا ہے، جو ملائکہ کے درمیان نار سموم سے پیدا ہوئے ہیں، ان کا نام حارث تھا، اور جنت کے خازنوں میں سے ایک خازن تھا، فرمایا کہ اس قبیلہ کے علاوہ تمام ملائکہ نور سے مخلوق ہوئے ہیں اور ''جنات'' جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے وہ نار کے شعلہ سے پیدا ہوئے ہیں ''۔

اس مقام پر یہ شبہہ کرنا صحیح نہ ہوگا کہ عبارت منقولہ بالا سے فرشتوں کا اپنی ماہیت میں جنات سے مبائن ہونا ثابت ہوتا ہے، کیونکہ فرشتے نور سے مخلوق ہیں اور جنات نار سے، اس لئے کہ عبارت منقولہ میں صاف موجود ہے کہ ابلیس فرشتوں کے قبیلے سے تھا، اور ظاہر ہے کہ کسی قوم کا ایک قبیلہ دوسرے قبائل سے جنسیت اور ماہیت میں مختلف اور مبائن نہیں ہوا کرتا، رہا یہ امر کہ فرشتے نور سے پیدا ہوئے اور جنات نار سے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ نور و نار دونوں میں صرف عوارض کی وجہ سے تفاوت ہے، ورنہ ماہیت دونوں کی متحد ہے، جیسا کہ عنقریب دلائل سے ثابت کیا جائے گا۔

آگے چل کر علامہ ابن کثیر فرماتے ہیں :

''لما فرغ اللہ من خلق ما احب استوی علی العرش فجعل ابلیس علی ملك السماء الدنیا و کان من قبیلة من الملائکة یقال لهم الجن''۔ الخ

(تفسیر ابن کثیر، جلد اوّل، ص ۷۶)

''اللہ تعالیٰ کو جو کچھ پیدا کرنا تھا، جب وہ پیدا کر دیا تو پھر وہ عرش میں مستوی ہوا، اور ابلیس کو آسمان

دنیا کے ملک پر مقرر کر دیا، اور وہ فرشتوں کے ایک قبیلہ سے تھا جسے جن کہا جاتا ہے"۔

(۶) تفسیر "سراج منیر" میں خطیب شربینی نے ارقام فرمایا ہے :

" وخلق الملائکۃ والجن فاسکن الملائکۃ السماء واسکن الجن فی الارض فمکثوا فیھا دھرا طویلا ثم ظھر فیھم الحسد والبغی فافسدوا فیھا فبعث اللہ تعالیٰ الیھم جندا من الملائکۃ یقال لہٗ الجن وھم خزان الجنان اشتق لھم اسم من الجنۃ راسھم ابلیس فکان رئیسھم ومن اشدھم واکثر ھم علماء"۔انتھی

(تفسیر سراج منیر، جلد اوّل، ص ۴۱)

" اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو آسمان میں اور جن کو زمین میں ٹھہرایا تو وہ ایک طویل زمانہ تک زمین میں ٹھہرے رہے، پھر ان میں حسد اور بغاوت کا ظہور ہوا، تو انہوں نے زمین میں فساد کیا، اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف فرشتوں کا ایک لشکر بھیجا جسے جن کہا جاتا تھا اور وہ سب لشکری جنت کے خازن تھے، ان کا نام بھی لفظِ جنت سے مشتق تھا، ان کا بڑا ابلیس تھا جو ان کا سردار تھا، اور سب سے زیادہ قوت والا اور سب سے زیادہ علم والا تھا"۔

اس کے بعد خطیب شربینی اسی تفسیر سراج منیر کے صفحہ ۴۵ پر فرماتے ہیں :

"فان قیل لہٗ ذریۃ والملائکۃ لا ذریۃ لھم اجیب بان ابن عباس رضی اللہ عنھما روی ان من الملائکۃ نوعایتو الدون یقال لھم الجن ومنھم ابلیس"۔

(تفسیر سراج منیر، جلد اوّل، ص ۴۵)

" اگر اعتراض کیا جائے کہ شیطان کی اولاد ہے، حالانکہ ملائکہ کی اولاد نہیں ہوتی تو جواب دیا جائے گا کہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ملائکہ میں ایسی نوع بھی ہے جس کی اولاد ہوتی ہے، انہیں جن کہا جاتا ہے اور ان ہی میں سے ابلیس ہے"۔

(۷) تفسیر ابن جریر میں علامہ ابن جریر فرماتے ہیں :

" عن قتادۃ قولہٗ الا ابلیس کان من الجن قال کان من قبیل الملائکۃ یقال لھم

الجن''۔

(تفسیر ابن جریر، جلد اوّل، ص ۱۷۴)

'' حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے قول الا ابلیس کان من الجن کی تفسیر میں مروی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ابلیس ملائکہ کے قبیل سے تھا، جنہیں جن کہا جاتا ہے''۔

(۸) تفسیر معالم التنزیل میں امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

'' واختلفوا فیہ فقال ابن عباس واکثر المفسرین کان ابلیس من الملائکۃ'۔ انتہی

(تفسیر معالم التنزیل، جلد اوّل، ص ۴۱)

'' ابلیس کے بارے میں اختلاف ہے اکثر مفسرین اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے کہ ابلیس ملائکہ میں سے تھا''۔

(۹) تفسیر خازن میں ہے :

'' قال ابن عباس رضی اللہ عنھما کان ابلیس من الملائکۃ بدلیل انہ استثناء منھم''۔ انتہی

(تفسیر خازن،)

'' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ابلیس ملائکہ سے تھا، جس کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے الا ابلیس فرما کر اسے ملائکہ سے مستثنیٰ فرمایا (اور استثنیٰ میں اصل متصل ہے)''۔

(۱۰) تفسیر مدارک میں امام نسفی مقتدائے احناف فرماتے ہیں :

'' (فسجدوا الا ابلیس) الا استثناء متصل لانہ کان من الملائکۃ کذا قالہ علی وابن عباس وابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنھم ولان الاصل ان یکون الا استثناء من جنس المستثنیٰ منہ''۔ الخ

'' اللہ تعالیٰ کے قول الا ابلیس میں استثناء متصل ہے اس لئے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا یہی قول

حضرت علی مرتضیٰ، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کا ہے اور اس لئے بھی کہ استثناء میں اصل یہ ہے کہ مستثنیٰ منہ کی جنس سے ہو"۔

آگے چل کر فرماتے ہیں :

" وعن الجاحظ ان الجن والملائكة جنس واحد فمن طهر منهم فهو ملك ومن خبث فهو شيطان ومن كان بين بين فهو جن"۔

" جاحظ سے مروی ہے کہ جن اور فرشتے جنس واحد ہیں ان میں جو پاک رہا وہ فرشتہ ہے، اور جو خبیث ہو گیا وہ شیطان ہے، اور جو بین بین رہا یعنی پاکیزگی اور خباثت کے درمیان رہا وہ جن ہے "۔

(تفسیر مدارک، جلد اوّل، ص ۳۴)

ان تمام عبارات ائمہ تفسیر سے اچھی طرح واضح ہو گیا کہ جمہور علماء، صحابہ مثلاً حضرت علی مرتضیٰ، حضرت عبداللہ ابن مسعود، حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم و تابعین و اکثر مفسرین کا قول یہی ہے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا، اور جن و فرشتہ جنسِ واحد سے ہیں، فرشتوں اور جنات کا مادہ اور ان کی حقیقت ایک ہے، ان میں جو پاک رہا فرشتہ کہلایا اور جو خبیث ہو گیا وہ شیطان بنا، اور جو خباثت و پاکیزگی کے درمیان رہا وہ "جن" قرار پایا، شیطان، جن اور فرشتے تینوں کی حقیقت و ماہیت میں کچھ فرق نہیں ہے، صرف عارضی صفات کا فرق ہے اور بس، نیز یہ فرق بھی عبارات منقولہ بالا سے ثابت ہو گیا کہ ملائکہ کی ایک قسم ایسی ہے جس میں توالد و تناسل پایا جاتا ہے، اور وہ کھاتے پیتے ہیں، اور کھانے پینے کی وجہ سے پیشاب اور پاخانہ پھرتے ہیں، اور اگر جمہور علماء صحابہ و تابعین و اکثر مفسرین کے خلاف بھی مان لیا جائے کہ جنات ملائکہ کی قسم نہیں تب بھی ہمارا مدعا ثابت ہے، اس لئے کہ نور و نار متحد المادہ اور ایک جنس سے ہوتے ہیں، اور جنات کا توالد و تناسل اور کھانا پینا بھی حقیقت ثابتہ ہے، لہٰذا نور کے مادہ اور اس کی جنس کے بعض افراد سے توالد و تناسل اور کھانے پینے کا منافی ہونا ثابت نہ ہوا، ایسی صورت میں ان تمام امور کے ہونے کو علی الاطلاق بشریت کے لئے ضروری اور نہ ہونے کو نورانیت کے لئے لازمی قرار دینا جہالت و ضلالت قرار پایا۔

اس کے بعد اس شبہ کا ازالہ بھی ضروری ہے کہ فرشتے نور سے مخلوق ہیں اور جنات نار سے نیز یہ کہ نور کا مقتضیٰ عصمت ہے اور نار کا تقاضا معصیت، اگر جنات کو بھی ملائکہ قرار دے دیا جائے تو ملائکہ کی عصمت باطل ہوگی، کیونکہ جنات میں فسوق وعصیاں پایا جاتا ہے اور ملائکہ کا معصوم ہونا قرآن پاک کی متعدد آیتوں سے ثابت ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ علم صرف اور لغت کی رُو سے نور و نار متحد المادہ ہیں، چنانچہ نور بنور نوراً ونارا اس پر دلیلِ روشن ہے، نور و نار دونوں ایک ہی باب کے مصدر ہیں اور دونوں کا مادہ اور ماہیت ایک ہے، فرق صرف عوارض سے ہے، ذاتیات کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں، اور ملائکہ یقیناً معصوم ہیں، مگر سب نہیں، بلکہ اکثر وبیشتر، اور ان میں بعض افراد غیر معصوم بھی ہیں، قرآن مجید میں جہاں ملائکہ کی عصمت کا بیان ہے وہاں ان کے ایک خاص گروہ کا ذکر ہے، جمیع افرادِ ملائکہ کی عصمت پر کوئی دلیل قائم نہیں، بلکہ بعض کی عدمِ عصمت ثابت ہے، قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ بیضاوی شریف میں فرماتے ہیں :

''وان من الملائکة من لیس بمعصوم وانکان الغالب منهم العصمة کما ان من الانس معصومین و الغالب فیهم عدم العصمة'' ۔انتہی

'' اور آیت کریمہ ''فسجدوا الا ابلیس'' اس بات پر بھی دلالت کرتی ہے کہ ملائکہ کے بعض افراد معصوم نہیں ہیں، اگر چہ ان کا وصف غالب عصمت ہے، جیسا کہ بعض انسان (حضرات انبیائے کرام) یعنی جس طرح انسانوں میں بعض معصوم ہیں اور اکثر غیر معصوم، اسی طرح اس کے برعکس فرشتوں میں بھی بعض غیر معصوم اور اکثر معصوم''۔

قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلہ میں نفیس بحث کرتے ہوئے آگے چل کر فرماتے ہیں :

''لا یقال کیف یصح ذلك و الملائکة خلقت من نور و الجن من نار لما روت عائشه رضی اللہ تعالیٰ عنها انه علیه السلام قال خلقت الملائکة من النور و خلق الجن من مارج من نار لانه کا تمثیل (ا۔حاشیہ) لما ذکر نا فان المراد بالنور الجوهر المضیٔ والنار کذلك غیر ان ضؤ ها مکدر مغمور بالدخان محذور عنه

بسبب ما يصحبه من فرط الحرارة والاحراق فاذا صارت مهذبة مصفاة كانت محض نور''۔الخ

(بیضاوی شریف،جلد اوّل،ص ۶۴)

'' اعتراض نہ کیا جائے کہ جنات کا ازقبیل ملائکہ ہونا کیونکر صحیح ہوسکتا ہے؟ حالانکہ ملائکہ نور سے پیدا ہوئے ہیں،اور جنات آگ کے شعلہ سے،اس لئے کہ ہم جواب دیں گے کہ ملائکہ کے لئے لفظِ نور اور جنات کے لئے لفظِ نار اس چیز کی تمثیل کے طور پر مستعمل ہے جو ہم ذکر کر چکے ہیں(کہ ملائکہ نیک اور پاکیزہ ہیں، اور جنات فاسق اور گنہگار) یعنی ملائکہ کے لئے نور و نار کا لفظ ان کی استعداد خیر و شر کی تمثیل کے لئے ہے،اس کی وجہ یہ ہے کہ لفظ نور سے مراد جوہر مضئ (روشن جوہر) ہے اور نار کے معنی بھی یہی ہیں ،فرق صرف اتنا ہے کہ نار کی روشنی مکدر اور دھوئیں سے مخلوط ہوتی ہے اور اس سے پرہیز کیا جاتا ہے،اس لئے کہ اس میں شدید حرارت اور احراق (جلانا) پایا جاتا ہے، جب وہ صاف اور ستھری ہو جائے تو وہی نار نورِ محض ہو جاتی ہے''۔

(ا۔حاشیہ)

(قوله لانه كالتمثيل ـ الخ) اى تمثيل لحقيقتها ببيان مادتها ما قال بعض القاصرين من انهٔ سلوك بطريق المعتزلة من حمل النصوص على غير ظاهر ها حتى انكر واسوال نكير ومنكر وعذاب القبر والميزان والصراط وغيرها مع ان حمل ماذكر فى خلق الملائكة والجن على التمثيل يقتضى حمل خلق ادم من تراب عليه ايضاً وهو خلاف ظاهر الاية والحديث ففيه انما يدوان لوكان مقصود المصنف رحمة الله تعالىٰ ان الحديث محمول على هذا المعنى بل مقصوده ان ببيان مادتهما رمزا الى ما ذكر فهو بيان لبطن الحديث مع حفظ ظاهره وهو طريقة العلماء العارفين بالله فمعنى قوله خلقت الملائكة من النور انها خلقت من جوهر مضئ غاية الاضاوة سواء كان بذاته كذالك او حاصلاً من النار بعد التصفية وتمثيل لكون الملائكة محض خير مبرأة عن ظلمة الشر اما بذاته او بغيره ومعنى قوله خلقت الجن من

مارج من نار ای من جوھر مضئ مختلط بالدخان یحتمل غلبة کل واحد منھما فھو تمثیل لا ستعداده بالذات للخیر والشر"۔

(حاشیہ بیضاوی جلد اوّل،ص ۶۴)

"یہاں تمثیل سے مراد یہ ہے کہ ان کا مادہ (نور و نار) بیان کرکے ان کی حقیقت کی مثال بیان کردی یعنی نور استعداد خیر کی مثال ہے اور نار استعداد شر کی، اس مقام پر بعض کوتاہ فہم لوگوں نے جو یہ کہا ہے کہ اسے تمثیل قرار دینا معتزلہ کے راستہ پر چلنا ہے کہ انہوں نے نصوص کو ان کے غیر ظاہر معنی پر حمل کردیا، یہاں تک کہ نکرین کے سوال، عذاب قبر، میزان اور پل صراط وغیرہ کا بھی انکار کر بیٹھے، اس کے ساتھ یہ اعتراض بھی وارد ہوتا ہے کہ ملائکہ اور جن کی پیدائش کے ذکر میں نور و نار کو تمثیل پر حمل کرنا اس بات کا مقتضی ہے کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش کے بیان میں جو من تراب کا لفظ آیا ہے، اسے بھی تمثیل پر حمل کردیا جائے، حالانکہ یہ ظاہر آیت اور حدیث کے قطعاً خلاف ہے تو ان کوتاہ فہموں کی بات قابل قبول نہیں، اس لئے کہ یہ مفسر (قاضی بیضاوی علیہ الرحمہ) پر یہ الزام اس وقت صحیح ہوتا ہے جب کہ وہ ملائکہ اور جنات کے نور و نار سے مخلوق ہونے کی حدیث کو محض تمثیلی معنی پر محمول کرتے، مگر مفسر نے ایسا نہیں کیا، بلکہ تمثیل سے ان کا مقصود صرف یہ ہے کہ حدیث شریف میں ملائکہ اور جن کے مادہ نور و نار کو بیان کرکے اس کی استعداد خیر و شر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، یہ معنی ایسے ہیں جن سے بطن حدیث کے معنی بھی بیان ہوگئے اور اس کے ظاہری معنی بھی محفوظ رہے، اور یہ طریقہ علماء عارفین باللہ کا ہے کہ وہ قرآن وحدیث کے ظاہری معنی کو برقرار رکھتے ہوئے باطنی معنی بھی بیان کردیا کرتے ہیں، لہذا خلقت الملائکة من النور کے یہ معنی ہیں کہ فرشتے ایک ایسے روشن جوہر سے مخلوق ہیں جو بہت زیادہ انتہائی روشنی والا ہے، عام اس سے کہ یہ انتہائی روشنی بذاتہ ہو یا صفائی کے بعد نار سے حاصل ہوئی ہو، اور ان کی پیدائش کے بیان میں من النار اس بات کی تمثیل ہے کہ وہ فرشتے بذاتہ یا بغیرہ ظلمت شر سے پاک اور مبرا ہیں، اسی طرح خلقت الجن من مارج من النار کے معنی یہ ہیں کہ جنات کی پیدائش ایسے روشن جوہر سے ہوئی جو دھوئیں سے مخلوط ہو اور اس میں جوہر مضئ ودخان میں سے ہر ایک کے غلبہ کا احتمال پایا جائے، لہذا وہ اس بات کی تمثیل ہے کہ جن بذاتِ خود خیر و شر دونوں کی استعداد رکھتا ہے"۔ (حاشیہ تمام ہوا)

اسی طرح تفسیر روح المعانی میں صاحبِ روح المعانی فرماتے ہیں :

" وکون الملائکة لا یستکبرون وھو قداستکبر لایضرا ما لان الملائکة من لیس بمعصوم وانکان الغالب فیھم العصمة علی العکس منا وفی عقیدة ابی معین ندفی مایوئد ذلك واما لان ابلیس سلبه الله تعالیٰ الصفات الملکیة والبسه ثیاب الصفات الشیطانیة فعصی عند ذلك والملك مادام ملکا لا یعصی الخ "۔

" اور فرشتوں کا متکبر نہ ہونا اور ابلیس کا متکبر ہونا اس دعویٰ کے لئے مضر نہیں کہ شیطان ملائکہ سے تھا، اس لئے کہ ملائکہ میں بعض افراد ایسے بھی ہیں جو معصوم نہیں اگرچہ غالب ان میں عصمت ہی ہے، ہمارے برعکس اور عقیدۂ ابی معین نسفی سے اس کی تائید ہوتی ہے، یا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس سے صفات ملکیہ کو سلب کرکے اسے صفاتِ شیطانیہ کا لباس پہنادیا تھا، اس لئے اس نے عصیاں کیا، اور فرشتہ جب تک لباس ملکیت میں رہے عصیاں نہیں کرتا"۔

اس کے بعد فرماتے ہیں :

" وکونه مخلوقاً من نار وھم مخلوقون من نور غیر ضار ایضا ولا قاح فی ملکیة لان النار والنور متحد المادة بالجنس واختلافھما بالعوارض علی ان مافی اثر عائشه رضی الله تعالیٰ عنھا من خلق الملائکة من النور جار مجری الغالب والاخالفه کثیر من ظواھر الأثار اذفیھا ان الله تعالیٰ خلق ملائکة من نار وملائکة من ثلج وملائکة من ھذا وھذہ الخ "

(تفسیر روح المعانی، پ ۱،ص ۲۱۱)

" نیز ابلیس کا نار سے مخلوق ہونا، حالانکہ ملائکہ نور سے مخلوق ہیں ابلیس کی ملکیت میں ضرر و قدح پیدا نہیں کرتا، اس لئے کہ نار و نور جنس میں متحد المادۃ ہیں، ان کا اختلاف محض عوارض سے ہے، علاوہ ازیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں جو وارد ہوا ہے کہ ملائکہ نور سے مخلوق ہیں، اکثریت کے لحاظ سے ہے ورنہ بہت سے ظواہر آثار اس کے خلاف ہیں، کیونکہ روایات کثیرہ میں

وارد ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بعض فرشتوں کو نار سے پیدا کیا، اور بعض کو برف، اور بعض کو اس چیز سے، اور بعض کو اس چیز سے''۔

اور تفسیر مظہری میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

'' (الا ابلیس) هذا یدل علی ان ابلیس کان من الملائکة لصحة الاستثناء کما مر عن ابن عباس فعلی هذا لا یکون الملائکة کلهم معصومین بل الغالب منهم العصمة کما ان بعضا من الانس معصومون و الغالب منهم عدم العصمة ''۔

(تفسیر مظہری، جلد اوّل، ص ۵۶)

'' آیۂ کریمہ (فسجدوا الا ابلیس) اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ابلیس ملائکہ سے تھا کیونکہ یہاں استثناء (متصل) صحیح ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول گذر چکا ہے، اس تقدیر پر کل ملائکہ معصوم نہیں ہوں گے، بلکہ ہمیں یہ کہنا پڑے گا کہ ان میں غالب عصمت ہے، جیسا کہ بعض انسان (حضرات انبیاء علیہم السلام) معصوم ہیں، اور اکثر و بیشتر انسان غیر معصوم ہیں''۔

اس کے بعد صاحب تفسیر مظہری فرماتے ہیں :

'' او یقال النور و النار حقیقة واحدة و الامتیاز بینهما بالتهذیب و الصفأ وبدونه قوله تعالیٰ وفعلوا بینهٗ وبین الجنة نسباو هو قولهم الملائکة بنات الله دلیل علی اتحاد حقیقتها و الله اعلم بحقیقة الحال ''۔انتہی

(تفسیر مظہری، پ ا، ص ۵۶)

'' یا یہ کہا جائے کہ نور و نار حقیقت واحدہ ہیں اور ان کے درمیان جو امتیاز ہے وہ محض تہذیب وصفا کے ہونے اور نہ ہونے سے ہے، یعنی نور صاف ستھرا مہذب و مصفّٰی ہوتا ہے، اور نار میں وہ پاکیزگی اور صفائی نہیں ہوتی اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ مشرکین نے اللہ تعالیٰ اور جنات کے درمیان نسب قائم کر دیا، اور وہ نسب قائم کرنا یہ ہے کہ مشرکین نے کہا تھا کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں، اس بات

پر روشن دلیل ہے کہ جنات اور ملائکہ کی حقیقت ایک ہے، اور اللہ تعالیٰ ہی حقیقت حال کو خوب جانتا ہے"۔ انتہی

ان تمام عبارات سے وہ تمام شکوک اور شبہات زائل ہو گئے جو ہمارے بیان میں پیدا ہو سکتے تھے، دلائل کی روشنی میں جنات کا از قبیل ملائکہ ہونا اور ان میں توالد و تناسل کا پایا جانا ہم ثابت کر چکے ہیں، اَب ہم اس بات پر دلیل لاتے ہیں کہ جنات (جو دراصل ملائکہ ہیں) کھانا بھی کھاتے ہیں اور ان کے لئے طعام کا ہونا حدیث شریف سے ثابت ہے، بخاری شریف میں ہے :

"عن ابی هریره انه کان یحمل مع النبی ﷺ اداوة لوضوئه وحاجة فبنیها هو یتبعهٔ بها فقال من هذا فقال انا ابو هریرة فقال النبی احجارا استنفض بها ولا تائتنی بعظم ولا بروثة فاتیته باحجار احملها فی طرف ثوبی حتیٰ وضعت الی جنبه ثم انصرفت حتی اذا فرغ مشیت فقلت مابال العظم والروثة قال هما من طعام الجن وانهٔ اتانی وقد جن نصیبین ونعم الجن جسألونی الزد فدعوت الله لهم ان لا یمروا بعظم ولا بروثة الا وجدوا علیها طعاما"۔ انتہی

(بخاری شریف جلد اوّل، ص ۵۴۴)

"حضرت ابوھریرہ سے روایت ہے کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ حضور کی حاجت اور وضو کے لئے پانی کا برتن اُٹھا کر چلا کرتے تھے، اس اثناء میں کہ وہ حضور ﷺ کے پیچھے چل رہے تھے، حضور علیہ السلام نے فرمایا! یہ کون ہے؟ حضرت ابوھریرہ نے کہا حضور! میں ابوھریرہ ہوں، حضور علیہ السلام نے فرمایا! میرے لئے ڈھیلے تلاش کرو جن سے میں استنجا کروں اور ہڈی اور لید نہ لانا، حضرت ابوھریرہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے کپڑے کے کنارے میں ڈھیلے رکھ کر لایا اور حضور کے قریب رکھ کر واپس چلا گیا، جب حضور فارغ ہو گئے تو میں حضور کے ساتھ چلا اور میں نے عرض کیا کہ حضور ہڈی اور لید کا کیا حال ہے کہ حضور نے ان کے لانے سے منع فرمایا فرمایا یہ دونوں چیزیں جنات کا طعام ہیں، میرے پاس (شہر) نصیبین کے جنات کا ایک وفد آیا اور وہ جنات بہت اچھے ہیں، انہوں نے

مجھ سے کھانا مانگا تو میں نے اللہ تعالیٰ سے دُعا کی کہ وہ کسی ہڈی اور لید پر نہ گذریں مگر اس پر طعام پائیں"۔

ظاہر ہے کہ کھانے کے ساتھ پینا اور کھانے پینے کے لئے پیشاب پاخانہ کرنا لوازمات و مسلمات سے ہے، اَب عامر صاحب بتائیں کہ نور کے وہ من گھڑت لوازمات جو انہوں نے بیان کئے ہیں ان کا کیا حال ہے ؟

جو لوگ ملائکہ کی مثال دے کر حضور سرورِ عالم ﷺ کی نورانیت پر حملہ آور ہوتے ہیں اور یہ کہا کرتے ہیں کہ حضور علیہ السلام اگر نور ہوتے تو فرشتوں کی طرح کھانے پینے، شادی کرنے، توالد و تناسل و دیگر اوصافِ بشریت سے لاتعلق ہوتے۔

بر تقدیرِ تسلیم عرض کروں گا کہ انہیں اس حقیقت پر غور کرنا چاہئے کہ فرشتوں کے لئے یہ سب امور محالِ عقلی نہیں بلکہ محال عادی ہیں، جن کا وقوع بطور خرقِ عادت ممکن ہے، دیکھئے جن فرشتوں کے لئے کھانا پینا اور شادی کرنا محال ہے ان کے لئے باقی اوصافِ بشریت سے متصف ہونا بھی محال ہے، لیکن اس کے باوجود ان کا بعض اوصافِ بشریہ سے متصف ہو کر دنیا میں آنا قرآن و حدیث سے ثابت ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس حضرت اسحاق علیہ السلام کی خوشخبری لے کر بوصفِ بشری فرشتے دنیا میں آئے تھے، اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس حضرت عزرائیل (ملک الموت علیہ السلام) جامۂ بشریت میں حاضر ہوئے اور سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے ان کو طمانچہ مارا جس کی وجہ سے ان کی ایک آنکھ پھوٹ گئی، جیسا کہ بخاری و مسلم میں وارد ہوا، یہ ضروری ہے کہ وہ صدمہ ان کی بشریت پر آیا تھا جس سے ان کی ملکیت متاثر نہیں ہوئی، لیکن احوالِ بشریہ کا فرشتوں پر طاری ہونا اور اوصافِ بشریت سے نوری فرشتے کا متصف ہونا بہر حال اس واقعہ سے ثابت ہو گیا۔

حضرت لوط علیہ السلام کے پاس انسانی لباس میں فرشتے آئے، علیٰ ہٰذا حضرت مریم علیہا السلام کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام لباسِ بشریت میں تشریف فرما ہوئے، اور حضور سیّدِ عالم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بصورت حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بعض اوقات اجنبی صورت میں حاضر ہوئے جیسا کہ صحیحین کی روایت میں وارد ہے، اس حدیث میں " شدید سواد الشعر " کے الفاظ بھی موجود ہیں جس کے معنی ہیں سخت سیاہ بالوں والے، ایک بچہ بھی جانتا ہے کہ سیاہی کو ظلمت سے اور سپیدی کو نور سے مناسبت ہے،

جبرئیل علیہ السلام کا لباس نہایت سپید تھا اور بال نہایت کالے تھے، بتایئے جبرئیل علیہ السلام نوری ہیں یا نہیں؟ جب وہ نوری ہیں تو نور میں سیاہی کیسی؟ کیا کوئی عقل مند انسان نور کو سیاہ سمجھ سکتا ہے، ہرگز نہیں بلکہ یہی کہنا پڑے گا کہ نور میں سیاہی محال ہے، اور سیاہ بالوں والا ہونا بشری اوصاف میں سے ہے، مگر اس کے باوجود جبرئیل علیہ السلام اس سے متصف ہوئے اور محال عادی واقع ہوا۔

جب یہ اوصاف بشریہ نورانی مخلوق میں خرق عادت کے طور پر پائے جاسکتے ہیں تو کھانا، پینا، توالد و تناسل، باپ بیٹا ہونا کیوں نہیں پایا جاسکتا؟ آپ کہیں گے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جب فرشتے لباس بشری میں آئے تو ابراہیم علیہ السلام ان کے لئے گائے کا ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آئے، اور کھانے کے لئے ان کے آگے رکھ دیا، جب دیکھا کہ یہ نہیں کھاتے تو ابراہیم علیہ السلام اپنے دل میں خوفزدہ ہوئے، فرشتوں نے کہا آپ خوفزدہ نہ ہوں ہم اللہ تعالیٰ کی طرف سے قوم لوط پر عذاب لے کر آئے ہیں، اگر فرشتوں کے لئے کھانا پینا ممکن تھا تو انہوں نے کیوں نہ کھایا؟

میں عرض کروں گا کہ نہ کھانا اس بات کی دلیل نہیں کہ ان کے لئے کھانا عقلاً محال تھا، عدم وقوع سے عدم امکان ثابت نہیں ہوتا، اگر حکمت ایزدی اور مشیت ایزدی اس کی مقتضی ہوتی تو ضرور اس کا وقوع ہو جاتا، اصل بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہر کام حکمت کے مطابق ہوتا ہے، فرشتے جس کام کے لئے بشری اوصاف لے کر آئے تھے اس کام کو انجام دینے کے لئے اسی قدر اوصاف بشریت کا ہونا مقتضائے حکمت تھا، جو انہیں دیئے گئے تھے اور نبی کریم ﷺ کو جس کام کے لئے بھیجا گیا تھا اس کی انجام دہی کے لئے ان تمام اوصاف بشریت کا ہونا حکمت کے مطابق تھا جو حضور علیہ السلام لے کر تشریف لائے۔

ہر شخص جانتا ہے کہ حضور ﷺ خداوند تعالیٰ کی طرف سے معلم بن کر تشریف لائے، نوع بشر کو اپنی بشریت کے ہر شعبہ میں اور حیات کے ہر مرحلہ پر ایک نمونہ اور اسوہ درکار تھا اس لئے حکمت الٰہیہ اس بات کی مقتضی ہوئی کہ نوع بشر کے ہر شعبہ حیات میں تعلیم دینے کے لئے حضور سیّد عالم ﷺ کو بشریت کے وہ تمام اوصاف دیئے جائیں جو اس حکمت کے پورا ہونے کے لئے ضروری ہیں، اگر فرشتے بھی اسی منصب تبلیغ و تعلیم پر مامور ہو کر آتے تو یقیناً انہیں بھی بشریت کے وہ جملہ اوصاف دیئے جاتے جو حضور نبی کریم ﷺ کو عطا فرمائے گئے، اسی لئے اللہ تعالیٰ

قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے ولو جعلنا ہ ملکا لجعلنا ہ رجلا اگر ہم کسی فرشتے کو نبی بنا کر بھیجتے تو اسے بھی رجل ہی بناتے رجل مرد بالغ کو کہتے ہیں جو نوع بشر کا فرد ہے، معلوم ہوا کہ نوری مخلوق کو حکمت تعلیم کے لئے بشری اوصاف ملنا اس کے نوری ہونے کے منافی و معارض نہیں۔

ایک شبھہ کا ازالہ

رہا یہ شبہ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرشتوں کا علم نہ ہوا اور وہ خوف زدہ ہوئے، اس سے ثابت ہوا کہ انبیاء علیہم السلام (معاذ اللہ) بے علم اور کمزور دل ہوتے ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ لاعلمی نہیں بلکہ بے توجہی ہے، اللہ تعالیٰ کے محبوبوں پر جب کسی خاص حالت کا غلبہ ہوتا ہے تو اُن کا دھیان بعض اوقات کسی امر معلوم کی طرف نہیں ہوتا، ابراہیم علیہ السلام انتہائی کریم النفس اور مہمان نواز تھے، آنے والے فرشتے چونکہ بشکل مہمان آئے تھے، انہیں دیکھتے ہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وصف کریمی اور جذبۂ اکرام ضیف یعنی مہمان نوازی کا ذوق قوت سے فعل میں آگیا اور اس وصف جمیل کا ان کی ذات مقدسہ پر ایسا غلبہ ہوا کہ اس وقت اس غلبۂ حال میں ان کی توجہ آنے والوں کی ملکیت کی طرف مبذول نہ ہوئی اور ظاہر ہے کہ یہ حال اور یہ وصف حال محمود اور وصف جمیل ہے جو موجب تعریف اور باعث مدح ہے اس لئے اس وصف جمیل کا غلبہ ابراہیم علیہ السلام کے حق میں (معاذ اللہ) کسی جرح و قدح کا موجب نہیں ہوسکتا بلکہ مدح و ثناء اور ان کی تعریف کا باعث ہوگا، تعجب اس امر پر ہے کہ جہاں کوئی لفظ لاعلمی پر دلالت نہیں کرتا وہاں ان لوگوں کو لاعلمی نظر آگئی مگر قرآن مجید ہی کے اندر انہیں یہ آیت نظر نہ آئی، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وکذٰلک نری ابرھیم ملکوت السمٰوٰت والارض ولیکون من الموقنین "اور اسی طرح ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو تمام آسمانوں اور زمینوں کے ملک دکھائے تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہوجائیں"۔

یہ لوگ ذرا غور کریں کہ وہ فرشتے جو انسانی لباس میں آئے تھے ملکوت السمٰوٰت والارض میں شامل تھے یا نہیں؟ جب شامل تھے تو ابراہیم علیہ السلام کے احاطۂ رویت سے انہیں کس طرح خارج کیا جاسکتا ہے؟ پھر لطف یہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کا یہی واقعہ جس میں فرشتوں کے آنے کا ذکر ہے اس امر کی روشن دلیل ہے کہ حضرت اسحاق علیہ السلام اور ان کے بعد حضرت یعقوب علیہ السلام کے ارحام میں آنے سے پہلے ہی ان کی

پیدائش کا علم نہ صرف حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بلکہ ان کی اہلیہ محترمہ حضرت سارہ علیہا السلام کو بھی ہو گیا تھا، جو دلیل محبوبان خدا کے کمال کی مشیت ہوئے سے (معاذ اللہ) عیب ثابت کرنے کے لئے پیش کیا جاتا ع

''بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست''

اس عدم التفات کی مفصل بحث انشاء اللہ ہم کسی دوسری فرصت میں کریں گے سر دست اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ مومن بسا اوقات معتقدات دینیہ اور احکام الٰہیہ (جن پر وہ ایمان رکھتا ہے) کی طرف متوجہ نہیں ہوتا، مثلاً کھانے پینے یا دیگر حوائج بشریہ کے پورا کرنے میں مصروف ہے یا نیند کی حالت میں ہے، یا خدانخواستہ کسی رنج والم اور صدمہ و تکلیف کے حال میں مبتلا ہے، اس وقت اس کی توجہ قیامت، حشر و نشر، دوزخ و جنت، جزا و سزا وغیرہ امور کی طرف مبذول نہیں، مگر اس کے باوجود یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس وقت اسے ان چیزوں کا علم بھی نہیں، کیونکہ علم کی نفی تصدیق کی نفی کو مستلزم ہے اور تصدیق کی نفی ایمان کی نفی ہے تو (معاذ اللہ) ایسے حال میں وہ مومن نہ رہیگا؟ بلکہ کافر قرار پائے گا؟ حالانکہ وہ اس وقت بھی مومن ہے، معلوم ہوا کہ کسی حال کے غلبہ کے باعث اگر کسی امر معلوم کی طرف توجہ نہ رہے تو اس سے علم کی نفی لازم نہیں آتی، اسی طرح حضور سیّد عالم ﷺ کو بے شمار واقعات پیش آئے لوگوں نے علم کی نفی سمجھی حالانکہ صرف توجہ اور التفات کی نفی تھی، چونکہ انبیاء علیہم السلام کی توجہ اور عدم توجہ دونوں اللہ تعالیٰ کی خاص حکمتوں سے وابستہ ہیں اس لئے کبھی عدم التفات کا حال جلدی ختم ہو جاتا ہے اور کبھی دیر تک باقی رہتا ہے، کچھ بھی ہو بہ نوع توجہ کی نفی سے علم منفی نہیں ہوتا، یہی حال حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تھا جس کو لوگوں نے نہیں سمجھا اور اپنی لاعلمی کا اقرار کرنے کی بجائے سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کو لاعلم کہہ دیا۔

اَب خوفزدہ ہونے کے پہلو کو سامنے لایئے، بے شک ابراہیم علیہ السلام خوفزدہ ہوئے، مگر یاد رکھئے کہ یہ خوف کسی مخلوق سے نہیں جو کہ کمزور دل ہونے کی دلیل بن جائے بلکہ اس کا منشاء یہ تھا کہ جب سیّدنا ابراہیم علیہ السلام پر یہ امر منکشف ہوا کہ یہ آنے والے فرشتے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر عذاب لے کر آئے ہیں اور عذاب الٰہی اگرچہ نافرمانوں کے لئے تھا لیکن انبیاء علیہم السلام چونکہ قرب و معرفت الٰہی کے اعلیٰ مقام پر ہوتے ہیں اس لئے خوف اور خشیت الٰہی جس قدر انہیں لاحق ہوتا ہے کسی دوسرے کو لاحق نہیں ہوتا، ہمارے آقا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ''انا اعلمکم باللہ واخشاکم منہ'' (بخاری) ''میں تم سب سے زیادہ

اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھنے والا ہوں اور تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں"، اور اسی لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ولمن خاف مقام ربه جنتٰن "جو شخص اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرے اس کے لئے دو جنتیں ہیں، لہٰذا سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا خوف الٰہی سے متاثر ہونا بھی ان کے کمزور دل ہونے کا مثبت نہیں بلکہ ان کے کمال قرب و معرفت کی دلیل ہے۔

خلاصۂ کلام

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ جو فرشتے کھانے پینے، توالد و تناسل سے بے تعلق ہیں اس کی وجہ یہ نہیں کہ نور کے لئے یہ چیزیں عقلاً محال ہیں بلکہ صرف یہ وجہ ہے کہ ان کے لئے ان امور کا ہونا مقتضائے حکمت کے خلاف ہے اور نبی کریم ﷺ کی ذات مقدسہ میں ان امور کا پایا جانا اس بات کی دلیل نہیں کہ حضور ﷺ نورانیت سے خالی ہم جیسے بشر ہیں، بلکہ نور ہونے کے باوجود جملہ اوصاف بشریہ جو مذکور ہوئے منصب نبوت کے مناسب اور حکمت تعلیم و تکمیل دین کے لئے ضروری تھے۔

ایک اشکال اور اس کا حل

شاید آپ کہیں کہ فرشتے کی تعریف یہی ہے کہ وہ ایک ایسا نورانی جوہر ہے جو اشکال مختلفہ میں متشکل ہوتا ہے اور اس میں مذکر و مؤنث نہیں پایا جاتا، اس تعریف سے معلوم ہوا کہ جن امور کو آپ اوصاف بشری اور ملائکہ کے حق میں انہیں محال عادی کہہ رہے ہیں وہ سب اشکال محضہ ہیں جو فرشتوں کے لئے عادت ہیں اور انہیں اوصاف بشریہ قرار دے کر ملائکہ کے حق میں محال عادی کہنا درست نہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ شکل اس ہیئت کو کہتے ہیں جو کسی مقدار کو متناہی کی جہت سے حاصل ہو، اس ہیئت کا حصول ملائکہ کے حق میں قطعاً امر عادی ہے، ہم نے اسے نہ اوصاف بشریہ میں شمار کیا نہ فرشتوں کے لئے محال عادی کہا لیکن ملائکہ کے لئے صرف شکل بشری ہی نہیں بلکہ دیگر اوصاف بشریت بھی ثابت ہیں، صحیحین کی حدیث میں جبرئیل علیہ السلام کے لئے شدید بیاض الثیاب ، شدید سواد الشعر کے الفاظ وارد ہیں جن کے معنی ہیں نہایت سفید کپڑوں والے، سخت سیاہ بالوں والے، اور اس کے بعد اَسْنَدَ رکبتیه الیٰ رکبتیه و وضع کیه علی فخذیه بھی وارد ہے، جس کے معنی ہیں جبرئیل علیہ السلام نے اپنے دونوں گھٹنے حضور ﷺ کے گھٹنوں سے

ملادیئے اور اپنی دونوں ہتھیلیاں حضور علیہ السلام کی یا اپنی رانوں پر رکھ دیں۔

ظاہر ہے کہ نورانیت محضہ ایسی چیز نہیں جس کے لئے کپڑے پہننا، سیاہ بالوں والا ہونا، اور گھٹنے سے گھٹنہ ملانا اور ہتھیلیوں کا رانوں پر رکھنا متصور ہو، بلکہ نورِ محض کے لئے تو سیاہی، بال، گھٹنا، ہتھیلی اور ان کا وجود ہی ممکن نہیں، اسی طرح شکل محض کے بارے میں بھی یہ امور متحقق نہیں ہو سکتے، لہٰذا ثابت ہو گیا کہ جبرئیل علیہ السلام جو نورِ محض ہیں صرف شکل بشری نہیں بلکہ وصف جسمانیت بھی لے کر آئے تھے، علاوہ ازیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لطمہ (طمانچہ) بھی اس امر کی دلیل ہے کہ ملک الموت جو ایک مقرب فرشتہ ہے محض شکل بشری میں نہ تھا، کیونکہ شکل تو ایک ہیئت کا نام ہے اس کو مارنا قطعاً امر غیر معقول ہے، پھر ملک الموت کی آنکھ پھوٹنا بھی اس امر کی قوی دلیل ہے کہ وہ محض شکل بشری میں نہ تھے بلکہ وصفِ بشری تھا، کیونکہ شکل کا پھوٹنا کوئی معنی نہیں رکھتا، لہٰذا ثابت ہو گیا کہ ملائکہ محض شکلِ انسانی نہیں بلکہ اوصافِ بشریہ سے بھی بطور خرق عادت متصف ہو سکتے ہیں۔

ایک سوال اور اس کا جواب

اگر سوال کیا جائے کہ توالد و تناسل، کھانا پینا، بول و براز، خون اور تھوک، صحت و مرض، استقرار فی الارض ایسے امور ہیں جو لوازم و خواص بشریت سے ہیں، انہیں محض مقتضیات و مناسبات یا اوصاف بشریت سے کیوں تعبیر کیا گیا تو میں جواباً عرض کروں گا کہ امور بشریت کے خواص و لوازمات سے نہیں بلکہ محض مقتضیات و مناسبات اور اوصاف بشریت ہی سے ہیں، اس لئے کہ خاصہ کے معنی ہیں ما توجد فیه ولا توجد فی غیرہ حالانکہ یہ امور بشریت کے ساتھ خاص نہیں بلکہ وحوش و بہائم اور دیگر حیوانات میں بھی پائے جاتے ہیں اور ان میں سے اکثر اوصاف جنات میں بھی موجود ہیں، ہر شخص جانتا ہے کہ گائے، بیل، گھوڑا، گدھا، اونٹ، بکری، شیر، ہاتھی، سب جانوروں میں توالد و تناسل، کھانا پینا، بول و براز، خون، تھوک، صحت و مرض، استقرار فی الارض کے اوصاف پائے جاتے ہیں اور جنات میں توالد و تناسل، کھانا، پینا وغیرہ ہم دلائل سے ثابت کر چکے ہیں، اگر یہ امور خواصِ بشریت قرار دیئے جائیں تو جنات و حیوانات میں ان کا پایا جانا کیونکر صحیح ہوگا۔

رہا یہ امر کہ یہ لوازمات کیوں نہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ لازم کی تعریف یہ ہے کہ مایمتنع انفکاکه عن الشئی جس کا کسی شئے سے جدا ہونا محال ہو وہ اس کا لازم ہے، ہزاروں افرادِ انسانی ایسے ہیں جن میں

توالدو تناسل نہیں پایا جاتا اوران میں اس کی صلاحیت بھی مفقود ہوتی ہے، عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش میں کسی مرد کو دخل نہیں، حوا علیہا السلام کے پیدا ہونے میں کسی عورت کا وجود نہیں، آدم علیہ السلام کی خلقت مرد وعورت دونوں سے لاتعلق ہے، عیسیٰ علیہ السلام باوجود بشریت کے عنصری غذا کھانے پینے، بول وبراز، بیماری وآزاری وغیرہ امور سے بری ہیں اوران کا استقرار بھی زمین کی بجائے آسمان پر ہے جہاں عنصری اور مادی آلائشوں سے وہ بالکل لاتعلق ہیں، اگران امورِ مذکور کولوازم بشریت سے مانا جائے تو کوئی فردِ بشران اوصاف میں سے کسی ایک وصف سے بھی کسی وقت خالی نہیں رہ سکتا لیکن یہ خلواورانفکاک ثابت ومتحقق ہے، معلوم ہوا کہ امورِ مذکورہ نہ خواصِ بشریت سے ہیں نہ لوازمات بشریت سے بلکہ مقتضیات اور مناسباتِ بشریت سے ہیں اوربس۔

اوراگرحقائق سے چشم پوشی کرکے امورِ مذکورہ کوخواص اورلوازم مان ہی لیا جائے تو پھر یہ کہنا پڑے گا کہ یہ خواص بشر کے علاوہ جن حیوانات میں پائے جاتے ہیں وہ سب بشر ہیں اورلوازماتِ مذکورہ جن افرادبشر میں نہیں پائے جاتے وہ سب بشریت سے خارج ہیں، اس تقدیر پر جملہ حیوانات بشر ہوجائیں گے اوروہ ہزاروں افرادبشر جن میں یہ اوصاف نہیں پائے جاتے سب بشریت سے خارج متصور ہوں گے، جوصراحۃً باطل ہے۔

اوراگراس ساری بحث سے قطع نظر کرلی جائے تب بھی حضور ﷺ کی نورانیت پرحرف نہیں آتا، کیونکہ ہم بارہا کہہ چکے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے وجود اقدس میں بشریت بھی ہے اورنورانیت بھی، یہ علیحدہ امر ہے کہ بشریت محمدی ہرقسم کی کثافت وغلاظت اور جملہ عیوب نقائص بشریہ سے پاک ہے لیکن بہرنوع وجوداقدس میں نورانیت کے ساتھ بشریت بھی ضرورپائی جاتی ہے قرآن مجید میں حضور ﷺ کے متعلق "**قد جاء کم من اللہ نور**" بھی آیا ہے اور "**قل انما انا بشرٌ مثلکم**" بھی وارد ہے، لہٰذا بشریت کے لئے مناسبات بشریہ کا ہونا عین حکمت کے مطابق ہے، اسی طرح نورانیت کے لئے مناسبات نورانیت کا ہونا بھی ضروری اورلابدی ہے۔

لیکن اس مقام پر یہ امرضرورملحوظ رہے کہ ہرچیز کے مناسبات اس کے لئے عادت کہلاتے ہیں اورجوامور اس کے مناسبات سے نہیں وہ اس کے حق میں خرق عادت قرارپاتے ہیں، کسی چیز میں امورعادیہ کاپایا جانا حیرت کا موجب نہیں ہوتا لیکن خرق عادت کاظہوریقیناً حیرت کا سبب ہوتا ہے، مثلاً گائے بیل کے لئے زمین پر رہنا عادت ہے اورمچھلیوں کے لئے پانی میں رہنا، اسی طرح پرندوں کے لئے ہوا میں اُڑنا عادت ہے اورچیونٹیوں وغیرہ

حشرات الارض کے لئے زمین میں رہنا اور زمین پر چلنا، اَب اگر مثلاً گائے بیل اور مچھلیاں ہوا میں اُڑنے لگیں اور آسمان پر اُڑنے والے پرندے پانی میں دوڑنے لگیں اور چیونٹیاں وغیرہ زمین میں رہنے والے کیڑے پانی میں رہائش اختیار کر لیں یا فضاؤں میں اُڑنے لگیں تو یہ امور ان کے لئے خرق عادت ہونے کی وجہ سے حیرت و استعجاب کا موجب ہوں گے، اور یہ اس بات کی علامت قرار پائیں گے کہ ان چیزوں میں غیر معمولی استعداد موجود ہے جو اپنے عواقب ونتائج کے حسن وخوبی کے اعتبار سے ان کی خوبی اور کمال کی دلیل ہو سکتے ہیں۔

بشریت ونورانیت کے مقتضیات ومناسبات کو بھی اسی نہج پر سمجھنا چاہئے، کھانا پینا، توالد وتناسل، بیماری، تندرستی، بھوک پیاس، زمین پر چلنا، جسم کا زخمی ہونا، بدن سے خون نکلنا، پیشاب وغیرہ دیگر فضلات کا پایا جانا، امور بشریت کے مقتضیات اور اس کے مناسبات ہیں جو بشریت کے حق میں قطعاً امور عادیہ ہیں، اس کے برخلاف کھانے پینے، بیماری تندرستی، بھوک پیاس، توالد وتناسل، زخمی ہونے، خون بہنے اور پیشاب وغیرہ سے لاتعلق ہونا نورانیت کے مناسبات مقتضیات ہیں اور یہ جملہ امور نورانیت کے لئے یقیناً امور عادیہ ہیں، جس طرح بشریت ونورانیت میں سے ہر ایک کے مناسبات اس کے حق میں امور عادیہ ہیں اسی طرح ان میں سے ہر ایک کے مناسبات دوسرے کے لئے غیر عادیہ ہیں، اگر بشریت کے مناسبات نورانیت کے ساتھ پائے جائیں تو وہ اس کے لئے خرق عادت ہوں گے اور اسی طرح نورانیت کے مناسبات بشریت کے ساتھ پائے جائیں تو وہ اس کے لئے خرق عادت قرار پائیں گے۔

جن لوگوں نے حضور سیّد عالم ﷺ کے احوال بشریہ کو دیکھ کر حضور علیہ السلام کو اپنا جیسا سمجھ لیا انہوں نے انتہائی تنگ نظری کا ثبوت دیا، حضور علیہ السلام کی ذات مقدسہ میں جس طرح بشریت پائی جاتی ہے اسی طرح نورانیت بھی پائی جاتی ہے اور جب بشریت ونورانیت دونوں موجود ہیں تو دونوں کے مقتضیات ومناسبات کا پایا جانا بھی ضروری ہے، انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ دونوں کو پیش نظر رکھا جائے لیکن تنگ نظر لوگوں نے حضور ﷺ کے کھانے پینے کو تو دیکھ لیا اور یہ نہ دیکھا کہ ''نہ کھانا پینا'' بھی حضور ﷺ کی صفت ہے، چنانچہ صحیحین کی حدیث میں وارد ہے کہ حضور ﷺ پے در پے نفلی روزے اس طرح رکھتے تھے کہ دن کو بھی روزہ رات کو بھی روزہ اور یہ صوم وصال مسلسل کئی دن تک جاری رہتا تھا اور اس نہ کھانے پینے کی وجہ سے حضور ﷺ کی ذات مقدسہ میں ذرہ برابر

کمزوری اور ضعف کا اثر پیدا نہ ہوتا تھا، بعض صحابہ کرام نے بھی یہ طے کا روزہ رکھنا شروع کیا اور دو تین دن میں ایسے کمزور ہوگئے کہ ضعف کی وجہ سے چلتے چلتے گر جاتے تھے، حضور علیہ السلام نے ان کا یہ حال دیکھ کر ارشاد فرمایا'' ابیت عند ربی وھو یطعمنی ویسقینی ایکم مثلی '' یعنی میں اپنے رب کے پاس رات گزارتا ہوں وہ مجھے (روحانی طور پر) کھلاتا پلاتا ہے، تم میں کون میری مثل ہے، اور بخاری شریف کی ایک حدیث میں اس مقام پر ''ایکم مثلی'' کی بجائے ''لست مثلکم'' وارد ہے، یعنی میں تمہاری مثل نہیں ہوں۔

دیکھئے جس طرح بشریت کی مناسبت سے حضور علیہ السلام کا کھانا پینا ثابت ہے بالکل اسی طرح نورانیت کی مناسبت سے نہ کھانا اور نہ پینا بھی ثابت ہے، اسی طرح حضور علیہ السلام کا تقاضائے بشریت بھوک پیاس کے حال سے متصف ہونا اور بیماری و تندرستی کے ماحول سے گزرنا یقیناً ثابت ہے، لیکن تقاضائے نورانیت حضور ﷺ کے آثار شریفہ سے لوگوں کی بھوک پیاس کا دُور ہو جانا اور بیماریوں کا زائل ہونا بھی ثابت ہے، بلکہ جُبہ مبارکہ کی برکت سے بیماروں کا شفایاب ہونا حقیقت ثابتہ ہے، دیکھئے مسلم شریف میں وارد ہے، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم حضور علیہ السلام کے جبہ سے بیماروں کے لئے شفا حاصل کرتے تھے (مسلم شریف، جلد اوّل ص)، پیشاب فرمانے، پسینہ مبارک آنے اور دیگر فضلات شریفہ کے جسم اقدس میں پائے جانے پر تو نظر رکھی مگر یہ نہ دیکھا کہ پسینہ اقدس فضلات شریفہ ایسے معطر و معنبر اور خوشبودار تھے کہ دنیا کی کوئی خوشبو ان کی خوشبو کا مقابلہ نہ کرسکتی تھی اور فضلات لطیف و نظیف اور طیب و طاہر تھے، حضور علیہ السلام کا تقاضائے بشریت زمین پر چلنا یقیناً حق ہے لیکن تقاضائے نورانیت آسمانوں پر تشریف فرما ہونا بلکہ عرش الٰہی پر خرام ناز فرمانا بھی ثابت ہے، بے شک مناسبات بشریہ کی وجہ سے حضور علیہ السلام توالد و تناسل کی صفت سے متصف ہیں اور آدم علیہ السلام کی اولاد میں یقیناً شامل ہیں لیکن بتقاضائے نورانیت اوّل خلق بھی حضور ہی ہیں، اور آدم علیہ السلام و دیگر تمام انبیاء علیہم السلام سے قبل حضور علیہ السلام کی خلقت واقع ہوئی جیسا کہ حدیث پاک میں وارد ہوا، ''انا اولھم خلقاً'' یعنی میں تمام انبیاء علیہم السلام سے پہلے پیدا ہوا ہوں، ترمذی شریف کی ایک حدیث میں وارد ہے کہ میں اس وقت نبی تھا، جب آدم علیہ لسلام جسم اور روح کے درمیان تھے، گویا بشریت کے اعتبار سے حضور علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کی نسل سے ہیں اور اپنے والد ماجد حضرت عبداللہ اور اپنی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کے بیٹے ہیں، لیکن اپنی نورانیت

کے لحاظ سے آدم واولادِ آدم سب کی اصل ہیں لاریب! حضور ﷺ جہاد کے موقع پر بارہا زخمی ہوئے اور بتقاضائے بشریت بدن مبارک سے خون اقدس کے قطرے بھی ٹپکے، لیکن کئی بار شق صدر مبارک ہوا اور بتقاضائے نورانیت خون کا ایک قطرہ بھی جسم شریف سے نہیں نکلا نہ زخم ہوا نہ تکلیف ہوئی نہ دوا دارو کی حاجت واقع ہوئی۔

علیٰ ہذا القیاس حضور سرورِ عالم ﷺ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ شریفہ میں شب کی نماز پڑھتے تھے، حجرہ مبارکہ میں چراغ نہ ہونے کی وجہ سے اندھیرا ہوتا تھا، حضور علیہ السلام جب سجدہ فرماتے تو حضرت اُم المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جسم اقدس کو اپنے دست مبارک سے ذرا دبا دیتے تو اُم المومنین حضور کے سجدہ کے لئے جگہ چھوڑ دیتیں، ذات مقدسہ میں باوجود نورانیت ہونے کے اُجالا نہ ہونا بشریت کا مقتضا تھا لیکن حضور سیّد عالم شب کی تاریکی میں جب راستہ پر چلتے تو حضور ﷺ کے نور سے دیواریں روشن ہو جاتیں دیکھئے بیہقی شریف کی حدیث میں ہے:

"وقال ابو ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ واذاضحك صلی اللہ علیہ وسلم یتلا لؤ فی الجدر رواہ البزار والبیھقی ای یضیئ فی الجدر بضم الجیم والدال جمع جدارٍ وھو الحائط اَی یشرقُ نورہٗ علیھا اشراقاً کاشراقِ الشمس علیھا انتہٰی"

(مواھب اللدنیہ، جلد اوّل، ص ۲۷۱)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا حضور ﷺ جب ہنستے تھے تو حضور کا نور دیواروں پر چمکتا تھا اس حدیث کو امام بزار اور بیہقی نے روایت کیا، امام قسطلانی حدیث کے معنی بیان فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا نور دیواروں پر ایسا چمکتا اور روشن ہوتا تھا جیسے سورج کی روشنی دیواروں پر پڑتی ہے اور چمکتی ہوئی نظر آتی ہے۔

رات کی تاریکی میں حضور علیہ السلام کے نور سے دیواروں کا روشن ہونا نورانیت کا مقتضا تھا، رہا یہ امر کہ اُم المومنین کے حجرہ میں اُجالا ظاہر نہ ہونے میں کیا حکمت تھی؟ تو میں عرض کروں گا کہ حضور علیہ السلام کے تمام مقتضیات بے شمار حکمتوں پر مبنی ہیں بالخصوص مقتضیات بشریہ میں جو چیز سب سے زیادہ واضح اور روشن ہے، وہ تبلیغ وتعلیم اور تکمیل دین کی حکمت ہے، اُم المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرہ شریفہ میں اگر اُجالا ظاہر ہوتا تو وہ حضور

ﷺ کے سجدہ کے لئے خود بخود جگہ چھوڑ دیتیں اور حضور ﷺ کو بحالت نماز ان کے بدن کو چھونے کی نوبت نہ آتی، جب حجرہ شریفہ میں اُجالا نہ ہوا تو حضور علیہ السلام کے لئے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کے بدن کو مس فرمانے کا موقع بہم پہنچا، اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے اس عمل مبارک سے بادی النظر میں دین کے پانچ مسئلے مکمل ہو گئے اور اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو نہ معلوم اور کتنے مسائل نکلیں گے، وہ مسائل خمسہ حسب ذیل ہیں :

(۱) نماز میں عمل قلیل جائز ہے۔

(۲) عورت کے بدن کو ہاتھ لگنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

(۳) عورت کو چھونا مفسد صلوۃ نہیں۔

(۴) وقت ضرورت اندھیرے میں نماز پڑھنا بلا کراہت جائز ہے۔

(۵) نمازی کے آگے عورت کے ہونے سے نماز میں فتور نہیں آتا۔

شاید کوئی کہے کہ آپ نے جو امور مقتضیات بشریت کے خلاف بیان کئے ہیں وہ سب حضور ﷺ کے معجزات ہیں، تو میں عرض کروں گا کہ بے شک وہ جملہ امور بشریت کے اعتبار سے معجزات ہیں، لیکن جس طرح یہ امور معجزہ ہیں اسی طرح تمام مقتضیات بشریت حضور علیہ السلام کے حق میں معجزہ قرار پائیں گے، کیونکہ ہر وصف خارق عادت نبی کے حق میں معجزہ کی شان رکھتا ہے، اور اس میں شک نہیں کہ اوصاف بشریہ حضور ﷺ کی نورانیت کے لئے یقیناً خارق عادت ہیں، لہذا اچھی طرح واضح ہو گیا کہ جس طرح حضور ﷺ کا عرش پر جانا بشریت کے اعتبار سے معجزہ ہے اسی طرح فرش پر رہنا نورانیت کے لحاظ سے معجزہ ہے، حضور علیہ السلام کا صوم وصال کے وقت مسلسل کئی دن اور کئی راتوں تک کھانے پینے سے لاتعلق رہنا بشریت کی نسبت سے معجزہ ہے اور حکمت تعلیم کے لئے کھانا پینا نورانیت کے اعتبار سے معجزہ ہے، شق صدر مبارک کے اوقات میں حضور ﷺ کے جسم اقدس سے خون مبارک کا نہ نکلنا بشریت کے حق میں معجزہ ہے اور جہاد کے مواقع میں خون اقدس کا نکلنا نورانیت کے لئے معجزہ ہے، پسینہ مبارک و دیگر فضلات شریفہ کا خوشبو دار و معطر ہونا اور جسم اقدس کے جمیع متعلقات شریفہ کا طیب و طاہر ہونا حضور علیہ السلام کی بشریت کا معجزہ ہے اور نفس فضلات شریفہ کا پایا جانا نورانیت کا معجزہ ہے، لعاب دہن مبارک سے لوگوں کی بھوک پیاس کا زائل ہو جانا اور رُخِ مبارک سے بیماروں کا شفایاب ہونا بشریت کی جہت سے

معجزہ ہے اور حضور ﷺ پر خود بھوک پیاس اور بیماری کا عارض ہونا نورانیت کی نسبت سے معجزہ ہے، یہ علیحدہ امر ہے کہ اس عالم میں بشریت مطہرہ کے غلبہ اور ظہور تام کے باعث ان مقتضیات بشریہ کا بلحاظ نورانیت معجزہ ہونا غیر ظاہر ہو، لیکن حقیقت واقعیہ کے پیش نظر حضور ﷺ کے تمام اوصاف بشریہ معجزانہ شان رکھتے ہیں، علیٰ ہذا آدم و اولاد آدم علیہ السلام کی اصل ہونا بشریت کے لئے خرق عادت ہونے کی وجہ سے حسن و جمال ہے اور نسل بنی آدم میں پیدا ہوکر والدین ماجدین کا بیٹا ہونا نورانیت کے باعث خوبی و کمال ہے، مختصر یہ کہ حضور سید عالم ﷺ کے خواص نورانیت بالنسبۃ الی البشریت معجزات و کمالات ہیں اور اوصاف بشریت بالنسبۃ الی النورانیت کمالات و معجزات ہیں اور ذات محمدیہ ﷺ میں جب بشریت اور نورانیت دونوں جمع ہوگئیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مجسم معجزہ اور کمال ہیں۔

ایک شبہ کا ازالہ

فرشتہ نور ہے اور قرآن مجید میں رسول اللہ ﷺ کی ذات مقدسہ سے فرشتہ ہونے کی نفی وارد ہے چنانچہ ارشاد فرمایا" ولا اقول لکم انی ملک "یعنی کہہ دو کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ میں فرشتہ ہوں، جب حضور علیہ السلام سے ملک ہونے کی نفی ہوگئی تو نورانیت کی بھی نفی ہوگئی، اس کا ازالہ یہ ہے کہ ملک اور نور کے مابین تساوی کی نسبت نہیں کہ ایک کی نفی سے دوسرے کی نفی ہو جائے، دوسرے یہ کہ حقیقت قول کی نفی وجود مقول کی نفی کو مستلزم نہیں، تیسرے یہ کہ ملک ایک خاص نوری مخلوق کو کہا جاتا ہے جس میں بشریت نہیں ہوتی، اگر حضور ﷺ کو ملک کہا جائے تو حضور علیہ السلام کی ذات مقدسہ سے حقیقت بشری منتفی ہو جائے گی، حالانکہ حضور علیہ السلام تمام حقائق کائنات کے جامع ہیں، اس لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ملک کہنا جائز نہیں لیکن ملک نہ ہونے سے نور نہ ہونا لازم نہیں آتا، فرشتوں کے علاوہ بے شمار نوری افراد ہیں جو ملک نہیں مگر نور ہیں اسی طرح حضور علیہ السلام بھی ملک نہیں مگر نور ہیں۔

یہ تمام گفتگو حامد صاحب کے من گھڑت لوازمات نور پر تھی، ناظرین کرام نے دیکھ لیا کہ حقائق کی روشنی میں حامد صاحب کے بیان فرمودہ لوازمات میں سے ایک لازمہ بھی صحیح ثابت نہ ہوا، اس سلسلہ میں اگرچہ ہمارا بیان کچھ طویل ہوگیا ہے مگر اس کے ذیل میں ایسے مسائل آگئے ہیں جنہیں پڑھ کر یہ طول باعث ملال نہ ہوگا۔

انسان کے لئے بے خبری اور لاعلمی کی حالت میں مکھی کیا زہر بھی کھالینا ممکن ہے، لیکن دکھانے اور بتانے کے بعد کوئی ہوشمند ایک معمولی سی مضرت رساں چیز کھانا بھی گوارا نہیں کرتا۔

سایۂ رسول ﷺ کے مسئلے میں عامر صاحب نے السعید کا ظل نمبر پڑھنے کے بعد اس کے تعاقب میں جو زہر کی گولیاں چبائیں اور جیتی مکھیاں کھائی ہیں اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ بصیرت و بصارت کی نعمت سے یکسر محروم ہیں، وہ خوش ہیں کہ ہم نے طعن و تشنیع کی بھر مار کر کے اور چند طنزیہ فقروں کی لوٹ پھیر کا چکر چلا کر عوام کے اذہان کو السعید کے پیش کردہ براہین کے وزن سے خالی کر دیا، اور سادہ لوح عوام کو سمجھا دیا کہ السعید کے دلائل کچھ نہیں لیکن جوابِ تعاقب میں ہمارے مضمون کی چار قسطیں پڑھنے کے بعد ناظرین کرام پر واضح ہو گیا ہو گا کہ عامر صاحب کی یہ خوش فہمی کتنی دیرپا ثابت ہوئی، عامر صاحب کو اپنی طرزِ نگارش پر ناز ہے، وہ محض اپنی لفاظی کے بل بوتے پر دلائل و براہین کی ٹھوس حقیقتوں سے ٹکرا جاتے ہیں، اور یہ نہیں سمجھتے کہ لفظِ بے معنی جسمِ بے جان کی طرح بے وقعت اور بیکار ہوتا ہے۔

السعید نے دلائل و براہین کی شمشیر سے عامر صاحب کی ابلہ فریبیوں پر ایسی کاری ضربیں لگائی تھیں جن کی تاب نہ لا کر سسکیاں لئے بغیر ہی ان کا خاتمہ ہو چکا تھا، لیکن عامر صاحب کی جسارت دیکھئے کہ انہیں اپنی لفاظی کا جامہ پہنا کر صرف زندوں کی صف میں نہیں بلکہ بہادر پہلوانوں کے دوش بدوش لا کھڑا کیا اور ان کے سہارے پر ڈھٹائی کے ساتھ خم ٹھونک کر سامنے آ گئے۔ ع

آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ تو

عامر صاحب کو المحن بالحجة (جھگڑالو) ہونے میں جو کمال حاصل ہے، اس کا اعتراف نہ کرنا ایک حقیقت ثابتہ کو جھٹلانا ہے جس کی روشن دلیل ناظرین کرام سامنے موجود ہے کہ انہوں نے اپنی علمی اور استدلالی کمزوریوں اور بے مائگی کو الفاظ کے جامے میں چھپانے کی انتہائی کوشش کی ہے مگر انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ اگر کٹ حجتی حقانیت کی دلیل ہوتی تو ایسے لوگوں کے حق میں زبانِ رسالت سے قطعةٌ من النار کی وعید صادر نہ ہوتی۔

خدا سے ڈریئے! اور خوف خدا کو دل میں جگہ دے کر السعید کے ظل نمبر میں پیش کردہ حقائق پر ایک دفعہ پھر ٹھنڈے دل سے غور فرمایئے اور سوچئے کہ جن بنیادی امور کا آپ سے جواب نہ بن پڑا کس صفائی سے آپ

نے انہیں نظر انداز کر دیا نہیں بلکہ آپ انہیں شیر مادر کی طرح ہضم فرما گئے۔

میرے مظبوط دلائل کے سامنے طنزیہ انداز میں پھپھسے الفاظ آپ نے کہے ہیں اور کمالات رسالت کا انکار کرنے میں جس عناد کا مظاہرہ کیا ہے خوب سمجھ لیجئے کہ وہ زہر کے پیالے ہیں جنہیں آپ نے جان بوجھ کر پیا ہے اور جیتی مکھیاں ہیں جنہیں دیکھ بھال کر آپ نے کھایا ہے۔

آپ نے میری پیش کردہ ایک آیت قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین کے مقابلے میں بائیس آیات قرآنیہ اور اکیس عبارات مختلفہ بالکل بے محل پیش کر کے حق چھپانے کی ناکام کوشش کی اور تقریباً چودہ صفحے کی طول نگاری میں صرف اتنی بات کہی ہے کہ جس طرح دیگر آیات میں لفظ "نور" بطور استعارہ مستعمل ہے، اسی طرح اس آیت میں بھی استعارہ ہے، اور نور سے مراد نور حسی حقیقی نہیں بلکہ علم و ہدایت کا نور ہے۔

انشاء اللہ اگلے صفحات میں آپ کے استعارے پر مفصل گفتگو ہوگی، اور آپ کو معلوم ہوگا کہ اس بحث کو چھیڑ کر آپ کیسی دلدل میں پھنسے ہیں اور آپ کی اُلٹی منطق کنکھجورا بن کر کس طرح آپ کو چمٹی ہے۔

سر دست آپ کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ میرے تعاقب میں آپ نے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا، لیکن جس نکتہ پر میں نے اپنے استدلال کی بنیاد رکھی تھی وہ ایسا سنگ گراں ثابت ہوا کہ آپ کسی طرح اسے نہ ہلا سکے، بلکہ آپ کے مضمون سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ اس کے قریب ہو کر بھی نہیں گزرے۔

حامد صاحب حضور ﷺ کے علم و ہدایت کا نور ہونے میں اختلاف نہیں، وہ کون سا شقی ہے جو ہادیٔ عالم اور اعلم کائنات ﷺ کو علم و ہدایت کا نور نہیں مانتا، اختلاف اس میں ہے کہ نبی کریم ﷺ کی نورانیت فقط علم و ہدایت میں منحصر ہے یا حسی حقیقی نورانیت کو بھی شامل ہے، جسے ضیاء، لمعان روشنی اور چمک کہا جاتا ہے۔

حامد صاحب اگر سچ پوچھیں تو بتا دوں کہ آپ لوگ فی الحقیقت حضور ﷺ کو علم و ہدایت کا نور بھی نہیں مانتے کیونکہ شب و روز آپ حضور ﷺ کے علم کی تنقیص میں لگے رہتے ہیں کہ حضور ﷺ کو برأت صدیقہ کا علم نہ تھا، لیلۃ القدر کا علم نہ تھا، روح کا علم نہ تھا، مغیبات خمسہ کا علم نہ تھا وغیرہ، بے شمار جزئیات اور واقعات کے علم کی آپ لوگ حضور علیہ السلام کی ذات سے نفی کرتے کرتے ہیں، نیز ابو طالب کے ہدایت یافتہ نہ ہونے کو آپ لوگ حضور ﷺ کے ہادی نہ ہونے کی دلیل قرار دیا کرتے ہیں، جب علم و ہدایت دونوں کا انکار ہو گیا تو آپ کس منہ سے کہتے ہیں

کہ ہم حضور کو علم ہدایت کا نور مانتے ہیں۔

بفضلہ تعالیٰ میں نے احادیث صحیحہ اور اقوال مفسرین کی روشنی میں اس حقیقت کو آفتاب سے زیادہ روشن کر کے دکھا دیا تھا کہ حضور ﷺ کا نور ہونا صرف ایک قسم کی نورانی (علم وہدایت) میں منحصر نہیں بلکہ تمام قسم کی نورانیتیں حضور ﷺ کے لئے ثابت ہیں۔

حضور ﷺ کے جسم اقدس کی روشنی سے دیواروں کا روشن اور منور ہو جانا، دندان مبارک سے نورانی شعاعوں کا نظر آنا، چہرۂ انور اور پیشانی مقدسہ سے نور کی شعاعوں کا چمکنا یہ سب کچھ احادیث صحیحہ سے بحوالہ کتب وصفحات ''السعید'' کے ظل نمبر میں لکھ چکا ہوں، اور تشریح مزید کے لئے شارحین ومفسرین وعلماء متبحرین کے واضح اقوال نقل کر چکا ہوں، میرے مضمون میں (تفسیر) روح المعانی کی یہ عبارت بھی آپ نے پڑھی ہوگی جو میری پیش کردہ آیت کریمہ قد جاء کم من اللہ نورٌ و کتاب مبین کے تحت روح المعانی پ ۶ ص ۸۷ پر مرقوم ہے۔

'' (قد جاء کم من اللہ نور) ای نور الانوار والنبی المختار محمد صلی اللہ علیہ وسلم ''۔

یعنی حضور ﷺ صرف نور نہیں بلکہ نور الانوار یعنی سب نوروں کا نور'' ہیں، ''الانوار'' نور کے تمام اقسام وافراد کو شامل ہے اور لفظ نور اس کی طرف مضاف بہ اضافت استغراقیہ ہے، جو مضاف الیہ کے جمیع افراد کو شامل ہے اور اس کا مفاد یہ ہے کہ عالم کا کوئی نور نہیں جس کا نور حضور ﷺ نہ ہوں، حضور صرف نور نہیں بلکہ ''نور الانوار'' ہیں، بتائیے آیہ کریمہ میں لفظ نور ہر قسم کی نورانیت کو شامل ہے یا نہیں؟

حامد صاحب کی افتاد طبع سے بعید نہیں کہ وہ اس تفسیری کلمہ کا معارضہ اصول فقہ کی مشہور کتاب ''نور الانوار'' کے نام سے کر بیٹھیں، تو انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ یہاں یہ لفظ ایک کتاب کے لئے استعمال کیا گیا ہے جو ''انوار'' اس کتاب کے لئے عقل سلیم کی روشنی میں تسلیم کئے جاسکتے ہیں ان سب کا مجموعہ لفظ ''نور الانوار'' سے مراد ہو سکتا ہے، اور صاحب روح المعانی کے کلام میں یہ لفظ ''نور الانوار'' کلام الٰہی کے ایک لفظ ''نور'' کی تفسیر میں وارد ہے جس کا مصداق ذات محمدی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ ہے، اس لئے یہاں وہ تمام حقائق نوریہ مراد لئے جائیں گے جن کا حضور نبی کریم ﷺ کی ذات مقدسہ میں ہونا ممکن اور دلائل شرعیہ سے ثابت ہے، حامد صاحب کا یہ استدلال

بالکل ایسا ہوگا جیسے کوئی احمق کسی صحابی یا غیر صحابی کے متعلق حدیث میں لفظ رسول (بمعنی قاصد) دیکھ لے اور کہنے لگے کہ معاذ اللہ حضرت محمد ﷺ کی طرح یہ بھی رسول ہے کیونکہ قرآن میں " وما محمد الا رسول " آیا ہے اور اس شخص کے لئے بھی یہی لفظ رسول موجود ہے لہذا دونوں کی رسالت یکساں ہے، معاذ اللہ ثم معاذ اللہ، اور اگر حامد صاحب کے لئے اتنی بات کافی نہ ہو تو میں ان سے پوچھوں گا کہ اصول فقہ کی کتاب کا نام بھی نور الانوار ہے، اور رسول اللہ ﷺ بھی "نور الانوار" ہیں، کیا آپ کے نزدیک دونوں کے انوار یکساں ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو سمجھ لیجئے کہ آپ کا معارضہ باطل ہے۔

المرام

خلاصۃ الکلام یہ کہ نبی کریم ﷺ ایسے کامل نور ہیں جس کے دامن میں تمام عالم کے تمام حقائق نوریہ مستور ہیں، حضور ﷺ جہاں علم وحکمت، ایمان وعرفان اور ہدایت واسلام کے نور ہیں وہاں حسی حقیقی نور بھی ہیں، حامد صاحب! آیات قرآنیہ اور عبارات مختلفہ سے حضور علیہ السلام کو نور ہدایت اور نور علم وحکمت ثابت کرنا ہمارے دعویٰ کے خلاف نہیں، ہاں حقیقی حسی نور نہ ہونا یقیناً ہمارے دعویٰ کے منافی ہے لیکن آپ نے اب تک جتنی آیات وعبارات پیش کی ہیں ان میں ایک لفظ بھی ایسا نہیں جس سے حضور ﷺ کے نورِ حسی حقیقی ہونے کی نفی ثابت ہوتی ہو، حامد صاحب نے اس حقیقت کو یکسر نظر انداز کر دیا کہ آیۂ کریمہ کی تفسیر میں علماء نے علم وہدایت کے الفاظ تو ضرور لکھے ہیں لیکن یہ کسی نے نہیں لکھا کہ یہاں لفظ نور علم وہدایت کے معنی میں منحصر ہے اور یہ نور حسی حقیقی نورانیت کے منافی ہے، خوب یاد رکھئے "نور ہدایت" اور "صرف نور ہدایت" ان دونوں میں زمین وآسمان کا فرق ہے، ہم حضور علیہ السلام کو نور ہدایت مانتے ہیں مگر صرف نور ہدایت جس سے حضور علیہ السلام کی حسی حقیقی نورانیت کی نفی ہوتی ہو نہیں مانتے، بائیس آیتیں کیا آپ سارا قرآن پڑھ جائیے آپ کو ایسا ایک لفظ نہ ملے گا جس میں حصر ہو، نہ آج تک کسی مفسر نے حصر کا قول کیا، علیٰ ہذا احادیث کی طرف آئیں تو انشاء اللہ قیامت تک ایک ضعیف سے ضعیف حدیث بھی آپ کو نہ مل سکے گی جس میں نبی اکرم ﷺ کے حسی حقیقی نور ہونے کی اور محض علم وہدایت میں منحصر ہونے کی تصریح ہو، اسی طرح بجز کسی بدعقیدہ مصنف کے کسی عالم دین متقدم یا متاخر کے کلام میں نور حسی کی نفی اور علم وہدایت میں انحصار کا ثبوت نہ مل سکے گا، ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین۔ اس کے برخلاف ہم نے وہ

احادیث واقوال علمائے مفسرین پوری تفصیل وتشریح کے ساتھ پیش کردیئے جن سے حضور علیہ السلام کا نور حسی ہونا بھی ثابت ہے۔

حامد صاحب سے یہ امر بھی بعید نہیں کہ وہ اپنی ترنگ میں آکر اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ پڑھ دیں اور کہہ دیں کہ دیکھئے یہاں بشریت میں حصر موجود ہے تو میں پہلے سے ان کی خدمت میں عرض کردوں کہ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ کے ساتھ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ کو بھی پڑھ لیجئے، اگر وہاں بشریت میں حصر ہے تو یہاں رسالت میں ہے، ظاہر ہے کہ رسالت بشریت کا غیر ہے ورنہ ہر رسول بشر ہوگا جو بداہۃً باطل ہے، کیونکہ فرشتے بشر نہ ہونے کے باوجود رسول ہیں، معلوم ہوا کہ وہاں آپ نے جو حصر سمجھا ہے، وہ درست نہیں، انشاء اللہ حصر کی یہ پوری بحث اپنے وقت پر آئے گی۔

حرف آخر

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ہدایت ہونا حضور علیہ السلام کے نور حسی ہونے کے ہرگز منافی نہیں جیسا کہ چاند سورج کا نور حسی ہونا ان کے (حسب حال) نور ہدایت ہونے کے منافی نہیں، اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ، یہ آیت صاف بتارہی ہے کہ ستارے بھی موجب ہدایت ہیں، علاوہ ازیں اگر چاند سورج کو اس حیثیت سے دیکھا جائے کہ وہ اپنے صانع کی دلیل ہیں تو دینی ہدایت کا بھی وہ سبب قرار پاتے ہیں، لیکن اس کے باوجود هُوَالَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا کی تفسیر میں آج تک کسی مفسر نے نُوْرًا وَّضِيَاءً کے تحت ہدایت کی روشنی کے معنی نہیں لکھے، لیکن اس سے ان کے نور ہدایت ہونے کی نفی نہیں ہوتی، اسی طرح اگر کسی مفسر نے قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللهِ نُوْرٌ کے تحت نور حسی کے معنی نہیں لکھے تو اس کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور حسی ہونے کی بھی نفی نہیں ہوسکتی، پھر غور سے سن لیجئے، آپ کا یہ شبہ ہے کہ آیت کریمہ "قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللهِ نُوْرٌ " کے تحت مفسرین نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور حسی ہونے کی تصریح نہیں فرمائی اور حضور کے نور ہونے کو حضور کے سایہ نہ ہونے کی دلیل نہیں ٹھہرایا، مگر یہ شبہ کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتا کیونکہ مفسرین نے یہ دعویٰ کبھی نہیں کیا کہ ہم قرآن کریم کی آیات وکلمات کے تمام معنی بیان کردیں گے، قرآن کریم کے علوم غیر متناہی ہیں، غیر متناہی کا احصاء کون کرسکتا ہے، مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں لَا تُحْصٰی عَجَائِبُهٗ قرآن کے معانی عجیبہ کبھی ختم نہیں

ہوسکتے۔

علاوہ ازیں علم تجوید وقرأت، علم تصوف، علم کلام اور علم فقہ کے تمام مسائل آج تک کسی مفسر نے اپنی تفسیر میں جمع نہیں کیئے، بلکہ ہر فن کا مسئلہ اسی فن میں آیات واحادیث کی روشنی میں علماء دین بیان کرتے چلے آئے، فقہ وفتاویٰ، علم الاسانید، اسماء الرجال، مسائل کلامیہ مستقل فنون ہیں، اسی طرح حضور علیہ السلام کا سایہ نہ ہونا ابوابِ مناقب سے متعلق ہے اور مناقب ایک مستقل فن ہے، جس کا تعلق علماء کے ایک خاص طبقہ سے ہے جو فضائل وشمائل اور سیرت مقدسہ کے ابواب وفصول کی تدوین وتالیف کا کام انجام دیتا ہے، اور بحمدہٖ تعالیٰ ہم نے کتب فضائل وشمائل اور سیَر کے اتنے بے شمار حوالوں اور عبارتوں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سایہ نہ ہونا ثابت کردیا ہے کہ عامر صاحب کی آنکھیں کھل گئی ہوں گی، اس کے بعد بھی ان کا یہ کہنا کہ قد جاء کم من اللہ نور کی تفسیر میں مفسرین نے سایہ نہ ہونے کا مسئلہ نہیں لکھا ایسا ہے جیسے بے وقوف یہ کہہ دے کہ مبسوط، فتح القدیر، فتاویٰ شامی، عالمگیری، دُرمختار اور قاضی خاں کے جملہ ابواب وفصول چونکہ مفسرین نے نہیں لکھے، اس میں تسلیم نہیں کرتا، یا شرح مواقف، شرح مقاصد اور شرح عقائد وغیرہ کتب علم کلام کے جملہ مسائل مفسرین نے آیات متعلقہ کے تحت ارقام نہیں فرمائے اس لئے وہ غلط ہیں، یا علم تصوف واخلاق کے وہ تمام مسائل جو فتوحات مکیہ، احیاء العلوم، کیمیائے سعادت، طریقہ محمدیہ، حدیقہ ندیہ وغیرہ کتب اخلاق وتصوف میں مرقوم ہیں آج تک کسی مفسر نے اُن آیات کے تحت ارقام نہیں فرمائے جن سے وہ مستنبط ہیں، لہٰذا وہ سب غلط اور نا قابل قبول ہیں۔

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین حضور ﷺ کے جسم اقدس میں نور حسی کا وجود اپنے مشاہدہ سے بیان کررہے ہیں اور صاف الفاظ میں کہہ رہے ہیں کہ حضور ﷺ کے نور سے دیواریں روشن ہوجاتی تھیں تو آپ کو کیا حق پہنچتا ہے کہ محض اپنی اُپج، ہٹ دھرمی اور ضد کو پورا کرنے کے لئے چمکتی ہوئی اور روشن احادیث کو نظر انداز کرکے اتنی بات پر اڑ جائیں کہ اس آیت کی تفسیر میں کسی مفسر نے نور حسی کا لفظ نہیں لکھا اس لئے میں نہیں مانتا، ارے بندۂ خدا کسی مفسر نے نور حسی کا انکار کیا ہے یا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نورانیت کو ایک قسم کی نورانیت میں منحصر مانا ہے، اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو تمہارا ادعائے حصر تمام مفسرین کے خلاف اور تفسیر بالرائے نہیں تو کیا ہے؟

آپ تو دلیلِ حصر کے بغیر حصر مان رہے ہیں اور حضور علیہ السلام کے نور حِسّی کا انکار کر رہے ہیں کہ مفسرین نے آیت قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین کی تفسیر میں نورعلم وہدایت کے سوا نور حِسّی کا ذکر نہیں کیا اور آپ کے مقتداء مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی نے تو آیت کریمہ ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین کی تفسیر میں ختم زمانی کے علاوہ ختم ذاتی اور ختم مکانی کے معنی بھی لکھ دیئے اور اسی لفظ خاتم النبیین کے عموم میں ختم ذاتی اور ختم مکانی کے معنی کو شامل کرلیا، حالانکہ عہد رسالت سے لے کر آج تک کسی مفسر نے اس آیت کی تفسیر میں ختم ذاتی اور مکانی کے معنی نہیں لکھے، "ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین" بلکہ ساری اُمت کا اس بات پر اجماع ہے کہ آیت کریمہ ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین کے معنی ختم زمانی میں منحصر ہیں، دیکھئے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اس اجماع کو اپنی مشہور کتاب شفاء میں نقل کیا، اور مرزائیوں کے مقابلہ میں آپ کے مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی نے اس اجماع علی الحصر کو بڑے زور شور سے پیش فرمایا، ملاحظہ فرمایئے ختم النبوۃ فی الآثار، ص ۱۰۹۔

لیکن اس کے باوجود آپ نے یا آپ کے ہم خیال کسی شخص نے مولوی نانوتوی صاحب کے خلاف قلم نہیں اُٹھایا اور ان سے نہیں پوچھا کہ جناب آیہ کریمہ ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین کی تفسیر میں تو آج تک کسی مفسر نے ختم ذاتی اور مکانی کے معنی نہیں لکھے، نہ آیت کے یہ معنی کسی حدیث میں وارد ہیں بلکہ ان دونوں معنی کی نفی اور صرف ختم زمانی کے معنی پر حصر اجماع سے ثابت ہے، آپ کے ہم خیال تمام علماء نانوتوی صاحب کی اس انوکھی، نرالی اور ان کی اپنی تفسیر کو شیر مادر کی طرح ہضم کر گئے اور قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین کی تفسیر میں باوجودیکہ کسی مفسر نے ادعاء حصر نہیں کیا اور حضور ﷺ کی نورانیت حسیہ کے ثبوت میں روشن احادیث بھی موجود ہیں لیکن عامر صاحب یہی رَٹ لگائے چلے جارہے ہیں کہ اس آیت میں لفظ نور کی تفسیر کرتے ہوئے کسی مفسر نے حضور کے حِسّی نور ہونے کا ذکر نہیں کیا لہٰذا یہ لفظ محض استعارہ ہے حِسّی نورانیت کی دلیل نہیں۔

آخری اتمام حجت کے لئے عرض کردوں کہ علماء نے اسی آیہ کریمہ قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین کی تفسیر میں حضور ﷺ کو نہ صرف نور حِسّی بلکہ نور حِسّی کی اصل مانا ہے، علامہ صاوی مالکی مصری، تفسیر صاوی، جلد اوّل، ص ۲۳۹ میں فرماتے ہیں :

"لانہ صلی اللہ علیہ وسلم اصل کل نور حِسّی ومعنوی"

ترجمہ۔اس لئے کہ حضور ﷺ ہر نور حسی اور معنوی کی اصل ہیں۔

بائیس آیات اور اکیس عبارات

جس طرح مرزائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تَوَفِّی کو موت کے معنی میں ثابت کرنے کے لئے قرآن کریم کی وہ سب آیات نقل کردیں جہاں واقعی لفظ "توفی" بمعنی موت وارد ہے، اور اسی ذیل میں بعض عبارات کو مفید مدعا سمجھ کر نقل کر دیا اور ان تمام دلائل و براہین کی طرف سے آنکھیں بند کرلیں جو حیات مسیح علیہ السلام پر قائم ہیں بالکل اسی طرح حامد صاحب نے وہ سب آیتیں نقل کردیں جن میں نور بمعنی ہدایت یا علم وارد ہوا ہے اور اسی طرح وہ عبارات لکھ ڈالیں جن میں یہ معنی مرقوم ہیں، اور ان تمام دلائل وشواہد سے آنکھوں کو بند کرلیا جن میں حضور نبی اکرم ﷺ کے نور حسی ہونے کا روشن ثبوت موجود ہے۔

ہم نے نہ کبھی یہ کہا کہ لفظ نور علم وہدایت کے لئے نہیں آتا اور نہ یہ کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے لئے (معاذ اللہ) علم وہدایت کا نور ثابت نہیں، پھر ان دونوں باتوں کو ثابت کرنے کے لئے حامد صاحب کا سارا زور لگا دینا لغو اور بے معنی نہیں تو اور کیا ہے؟ ہاں اگر ان میں کچھ ہمت تھی تو وہ یہ ثابت کرتے کہ لفظ نور بجز علم وہدایت کے نور حسی کے معنی میں نہیں آتا، نیز یہ کہ حضور نبی کریم ﷺ کے لئے قرآن وحدیث میں جہاں لفظ نور آیا ہے وہاں صرف علم وہدایت ہی کے معنی میں منحصر ہے، حسی نورانیت کے معنی وہاں منتفی ہیں، جب وہ ثابت نہ کر سکے اور نہ قیامت تک ثابت کر سکتے ہیں تو اپنے گریبان میں خود منہ ڈال کر دیکھیں کہ وہ حق کے مقابلہ میں کس قدر ہٹ دھرمی پر اڑے ہوئے ہیں۔

علاوہ ازیں ایک اور اہم نکتہ حامد صاحب نے نظر انداز کر دیا، اور وہ یہ کہ آیت کریمہ **قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین** کو حضور ﷺ کے نور خالص ہونے، اور نور ہونے کی وجہ سے حضور علیہ السلام کا سایہ نہ ہونے کا تمام مضمون آپ کے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی نے امداد السلوک میں لکھا ہے، ان کی اصل عبارات مع تشریح ظل نمبر میں پیش کر چکا ہوں اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے بیان پر بجز تشریح کے کچھ اضافہ نہیں کیا، لیکن آپ اسے بھی شیر مادر کی طرح ہضم فرما گئے، السعید کے ظل نمبر میں بھی میں نے کہا تھا اور اب پھر کہتا ہوں کہ **قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین** سے حضور ﷺ کا نور خالص ثابت کرنا اور حضور علیہ السلام کے نور خالص

ہونے کو حضور ﷺ کا سایہ نہ ہونے کی دلیل قرار دینا آپ کے مقتداء دیوبندیت کے ستون مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا کارنامہ ہے، اس لئے آپ کے طعن و تشنیع کا نشانہ سب سے پہلے گنگوہی صاحب ہی بنتے ہیں، گمراہی، بے دینی، عیسائیت و نصرانیت اور کفر و شرک کے جتنے فتوے آپ نے اس مسلک والوں پر جڑے ہیں وہ آپ کے گنگوہی صاحب پر ہیں، لہٰذا آپ کا فرض اوّلیں ہے کہ صاف اور واضح الفاظ میں اعلان کر دیں کہ ہمارے نزدیک مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اس مسئلہ میں یکساں مجرم ہیں، کیونکہ دونوں حضور علیہ السلام کو نور خالص مان کر حضور ﷺ کو بے سایہ مانتے ہیں، لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا نہ آپ سے یہ اُمید کی جا سکتی ہے، پھر آپ ہی بتائیں کہ حق پرستی اور دیانت اسی کا نام ہے؟ دین پسندی اور ایمانداری اسی کو کہتے ہیں؟ کیا مولوی رشید احمد صاحب احکام شرع سے مستثنیٰ ہیں؟ خدا کے خوف کو دل میں جگہ دے کر سوچیں کہ آپ کا یہ اغماض اتخذوا احبار هم ورهبانهم اربابًا من دون الله کا مصداق ہے یا نہیں ؟

عامر صاحب فرماتے ہیں :

"حد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خود اپنی ذات کے لئے بھی لفظ نور استعمال فرماتے ہیں تو تمثیل و تشبیہ ہی کے اسلوب میں، نہ کہ طبعیات کے نقطۂ نظر سے، ملاحظہ ہو سورۂ نور، رکوع ۵، پارہ ۱۸
الله نور السمٰوات والارض مثل نوره کمشکوٰة فیها مصباح۔ (الآیہ)"
(ماہنامہ تجلی، بابت ماہ جون ۱۹۶۰ء، ص ۵۲)

اقول : سچ ہے کسی چیز کی محبت ہو یا عداوت، انسان کو اندھا کئے بغیر نہیں چھوڑتی، حضور ﷺ کی نورانیت کی عداوت میں ذاتِ مقدسہ کے لئے معاذ اللہ تاریک سایہ ثابت کرنے کے لئے حضور ﷺ کے متعلق قرآن و حدیث میں وارد شدہ لفظ "نور" کو حقیقت نورانیت کے معنی سے پھیر کر تشبیہ و تمثیل پر محمول کرنے کا عامر صاحب پر ایسا بھوت سوار ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کی بے مثل و بے تشبیہ ذاتِ مقدسہ کے لئے بھی اپنے زعم باطل میں اسی قرآن عظیم سے تشبیہ و تمثیل ثابت کر دی جو بیانگ دہل اعلان فرما رہا ہے لیس کمثله شئی اللہ تعالیٰ مثل و شبہ سے پاک ہے، اس کی کوئی شئی مثل نہیں۔

عامر صاحب ذرا ٹھنڈے دل سے سوچیں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے جو لفظ نور کو وہ تمثیل و تشبیہ پر محمول فرما رہے

ہیں تو کیا اس کے یہ معنی نہیں کہ نور کو وہ اللہ تعالیٰ کی مثل اور اس کے مشابہ قرار دے رہے ہیں، کیا اس کے علاوہ تمثیل وتشبیہ کے کوئی اور معنی بھی ہو سکتے ہیں؟ جب نہیں اور یقیناً نہیں تو نور کو اللہ تعالیٰ کی مثل اور اس کے مشابہ کہہ کر انہوں نے قرآن پاک کی صاف وصریح آیت لیس کمثلہ شئی کی معاذ اللہ تکذیب کی یا نہیں؟

یہ صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ طبعیاتی نور سے پاک ہے لیکن کیا یہ ضروری ہے کہ لفظِ نور سے جہاں طبعیاتی نور مراد نہ ہو وہاں تمثیل وتشبیہ متعین ہو جائے؟ کیا مصدر مبنی للفاعل نہیں ہوا کرتا؟ اور کیا اس طرح نور بمعنی منور نہیں ہو سکتا؟ کیا مجاز اُمرسل کے طور پر لفظِ نور کا استعمال ممکن نہیں؟ افسوس حامر صاحب نے اپنے جنون کے جوش میں خدائے قدوس کی بے مثلی کی شان کو بھی نسیاً منسا کر دیا اور ان کے ذہن میں نور کے صرف ایک طبعیاتی معنی خلش پیدا کر رہے ہیں اور وہ نہیں سمجھتے کہ لفظِ نور کتنے معنی میں مستعمل ہے اور اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ نور کا استعمال تمثیل وتشبیہ سے دُور کا تعلق بھی نہیں رکھتا، آیئے ہم آپ کو بتائیں کہ لفظِ نور کے مندرجہ ذیل معانی کتب وتفاسیر میں مرقوم ہیں

:

(۱) النور فی اللغة الضیاء۔ ''نور لغت میں روشنی کو کہتے ہیں''

(۲) قالت الفلاسفة النور اجسام صغار تنفصل عن المضئی وتتصل بالمستضئی۔

'' فلاسفہ نے کہا ''نور'' ایسے چھوٹے چھوٹے اجسام ہیں جو (کسی) روشن چیز سے جدا ہو کر روشنی حاصل کرنے والے سے متصل ہو جاتے ہیں''۔

(۳) النور عرض من الکیفیات المحسوستة۔

'' نور کیفیاتِ محسوسہ میں سے ایک عرض ہے''۔

(۴) النور غنی عن التعریف کسائر المحسوسات ۔

'' نور باقی محسوسات کی طرح تعریف سے مستغنی ہے''۔

(۵) النور کمال اوّل للشفاف من حیث انہٗ شفاف ۔

''نور کمال اوّل ہے کسی شفاف چیز کے لئے اس حیثیت سے کہ شفاف ہے''۔

(۶) النور کیفیته لا یتوقف الابصار بھا علی الابصار بشئی اٰخر تعریف بما ھو

اخفیٰ۔

"نور ایک ایسی کیفیت ہے جس کا دیکھنا کسی دوسری چیز کے دیکھنے پر موقوف نہیں"۔

(۷) النور نفس ظهور اللون۔

"نور، کسی چیز کے نفس ظہور رنگ کو کہتے ہیں"۔

(۸) النور مغائر النفس ظهور اللون۔

"نور نفسِ ظہور رنگ کے (ساتھ بعض اوصاف میں مشترک ہونے کے باوجود اس کے) مغائر کو کہتے ہیں"۔

(۹) النور الظاهر بذاته والمظهر لغيره۔

"نور ایسی چیز کو کہتے ہیں جو اپنی ذات سے ظاہر ہو اور اپنے غیر کو ظاہر کرنے والی ہو"۔

(۱۰) النور نور عقلی۔

"نور، عقلی روشنی کو بھی کہتے ہیں (علم وہدایت، ایمان وعرفان وغیرہ تمام انوارِ عقلیہ اس میں شامل ہیں)

(۱۱) النور نور نفسی ۔

"نور کے معنی نور نفسی بھی آتے ہیں"۔

(۱۲) النور نور جسمی۔

"نور، جسمی روشنی کو بھی کہا جاتا ہے"۔

(۱۳) النور موجد۔

"نور، موجد (ایجاد کنندہ) کو بھی کہتے ہیں۔

(۱۴) النور الظهور بنفسه والاظهار لغيره ۔

"نور، خود بخود ظاہر ہونے اور اپنے غیر کو ظاہر کرنے کے (لازمی) معنی میں بھی آتا ہے"۔

(۱۵) النور منزه من كل عيب ومن ذلك قولهم امرأة نوار ای برئيته من الريبة

بالفحشاء۔

'' نور کے معنی ''ہر عیب سے منزہ'' اسی سے عرب کا مقولہ ہے ''اِمرأة نوار ''یعنی یہ عورت بے حیائی کے کاموں کے شک وشبہ سے پاک ہے''۔

(۱۶) النور منور۔

''نور کے معنی روشن کرنے والے کے بھی آتے ہیں''۔

(۱۷) نور نوّر فعل ماضی بدلیل والارض بالنصب۔

'' آیت کریمہ'' اللہ نور السمٰوات ''میں نورَّ فعل ماضی ہے جس کے معنی ہیں روشن کردیا، اس کی تائید اسی آیت میں (ایک قرآۃ کے مطابق) '' والارض '' کے نصب سے ہوتی ہے''۔

ان تمام معنی کا ماخذ روح المعانی کے حسب ذیل اقتباسات ہیں :

روح المعانی پ ۱۸، ص ۱۴۴ (مطبوعہ بیروت، ص ۱۵۹) پر'' اللہ نور السمٰوات والارض '' کے تحت مرقوم ہے۔

(۱) النور فی اللغة علی ما قال ابن سکیت الضیاء۔

'' ''نور'' لغت میں ابن سکیت کے قول کے موافق ضیاء (روشنی) ہے''۔

(۲) واعلم ان الفلاسفه اختلفوا فی حقیقة النور فمنهم من زعم انه اجسام صغار تنفصل عن المضئی وتتصل بالمستضئی۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۵)

''جاننا چاہئے کہ فلاسفہ نے نور کی حقیقت میں اختلاف کیا اور ان میں سے بعض نے گمان کیا کہ نور چھوٹے چھوٹے اجسام ہیں جو کسی روشن چیز سے جدا ہو کر روشنی حاصل کرنے والی چیز سے متصل ہو جاتے ہیں''۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۵۔ مطبوعہ بیروت، ص ۱۶۰)

(۳) وذهب بعضهم الى انه عرض من الكيفيات المحسوسة وقالوا هو غنى عن التعريف كسائر المحسوسات وتعريفه بانه كمال اول للشفاف من حيث انه شفاف او بانه كيفية لا يتوقف الابصار بها على الابصار بشي اٰخر تعريف بما هو اخفى وكان المراد به التنبيه على بعض خواصه ومن هؤلاء من قال انه نفس ظهور اللون ومنهم من قال بمغائر تهما۔

(تفسیر روح المعانی،ص ۱۴۵۔مطبوعہ بیروت،ص ۱۶۱)

''بعض فلاسفہ اس طرف گئے کہ نور عرض ہے اور کیفیات محسوسہ میں سے ہے، اور انہوں نے کہا کہ وہ تعریف سے بے نیاز ہے، جیسے باقی محسوسات تعریف سے بے نیاز ہیں، اور اس کی یہ تعریف کہ وہ کمالِ اوّل ہے کسی شفاف چیز کا اس حیثیت سے کہ وہ شفاف ہے یا وہ ایک ایسی کیفیت ہے جس کا دیکھنا کسی دوسری شئے کے دیکھنے پر موقوف نہیں، نور کی یہ تعریف ایسی چیز کے ساتھ ہے جو اس سے زیادہ خفی اور پوشیدہ ہے (حالانکہ تعریف اجلی اور اظہر کے ساتھ ہونی چاہئے) یہ تعریف دراصل تعریف نہیں بلکہ نور کے خواص میں سے اس کی بعض خاصیتوں پر تنبیہ ہے، اور ان ہی لوگوں میں سے بعض نے کہا کہ وہ نور، رنگ کے نفس ظہور کا نام ہے، اور بعض نے اُن دونوں کی مغائرت کا قول کیا''۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۵)

(۴) ولهم فى النور اطلاق اٰخر وهم الظاهر بذاته والمظهر لغيره وقالوا هوا بهٰذا المعنى مسا وللوجود بل نفسهٖ فيكون حقيقته بسيطة كالموجود منقسماً كانقسامه فمنه نور واجب لذاته قاهر على ماسواه ومنه انوار عقلية ونفسية وجسمية والواجب تعالىٰ نور الانوار۔الخ

(تفسیر روح المعانی،ص ۱۴۷۔مطبوعہ بیروت،ص ۱۶۳)

'' اور فلاسفہ کے لئے نور میں ایک اور اطلاق بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ نور ایسی چیز ہے جو خود اپنی

ذات سے ظاہر ہو، اور اپنے غیر کو ظاہر کرنے والی ہو، اور انہوں نے کہا کہ وہ اس معنی میں ''وجود'' کا مساوی ہے بلکہ نفس وجود ہے تو اس صورت میں نورو جود کی طرح حقیقۃ بسیط ہوگا اور وجود کی طرح اس کی بھی تقسیم ہوگی تو اس میں سے ایک نور واجب لذات کا ہے جو اپنے ماسوا پر غالب ہے اور اس میں سے انوار عقلیہ ہیں اور بعض اس میں سے انوار نفسیہ اور جسمیہ ہیں اور واجب تعالیٰ نور الانوار ہے''۔الخ

(تفسیر روح المعانی، ص ۱۴۷)

(۵) اذا علمت هذا فاعلم ان اطلاق النور علی الله سبحانه وتعالیٰ بالمعنی اللغوی والحکمی السابق غیر صحیح لکمال تنزهه جل وعلا عن الجسمية والکيفية ولوازمهما واطلاقه عليه سبحانه بالمعنى المذكور وهوا الظاهر بذاته والمظهر لغيره قد جوزه جماعة منهم حجة الاسلام الغزالی

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸،ص ۱۴۷)

'' جب یہ بات معلوم ہوگئی تو اَب جاننا چاہئے کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ پر لفظ نور کا اطلاق باعتبار معنی لغوی اور حکمی کے جو اس سے پہلے گزر چکے ہیں کسی طرح صحیح نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ جسمیت اور ہر قسم کی کیفیت اور ان کے تمام لوازمات سے کامل طور پر منزہ ہے اور اللہ تعالیٰ پر باعتبار معنی مذکور ''ظاھر بذاته مظهر لغيره'' کے لفظ نور کا اطلاق ایک جماعت نے جائز رکھا ہے ان میں سے حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں''۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸،ص ۱۴۷)

(۶) وجوز بعض المحققين کون المراد من النور فی الاية الموجد كانه قيل الله:موجد السمٰوات والارض ووجه ذٰلك بانه مجاز مرسل باعتبار لازم معنى النور وهوالظهور فی نفسهٖ اظهاره لغيره۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸،ص ۱۴۸۔مطبوعہ بیروت، ص ۱۶۴)

" اور بعض محققین نے آیت کریمہ اللہ نور السمٰوات میں نور سے موجد کا مراد ہونا جائز قرار دیا ہے گویا اس آیت کریمہ میں یہ کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کا موجد ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لفظ مجاز مرسل ہے باعتبار لازم معنی نور کے جو ظہور فی نفسہ اور اظہار لغیرہ ہے (یعنی خود بخود ظاہر ہونا اور اپنے غیر کو ظاہر کرنا)"۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۸)

(۷) وقیل المراد به المنزه من کل عیب و من ذٰلك قولهم امرأة نوار ای برئیة من الریبة بالفحشاء ۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۸۔ مطبوعہ بیروت، ص ۱۶۴)

" ایک قول یہ بھی ہے کہ لفظ نور سے مراد (کبھی) ہر عیب سے منزہ ہوتا ہے، اور اسی سے اہل عرب کا یہ مقولہ ہے" امرأة نوار "یعنی یہ عورت بے حیائی کے کاموں کے شک و شبہ سے پاک ہے"۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۸)

(۸) وقیل نور بمعنی منور وروی ذٰلك عن الحسن و ابی العالیه والضحاك وعلیه جماعة من المفسرین ویؤیده قرأة بعضهم منور وکذا قراة علی کرم الله وجههٗ و ابی جعفر وعبدالعزیز المکی وزید ابن علی وثابت ابن ابی حفصة والقور صی ومسلمة ابن عبد الملك و ابی عبدالرحمن السلمی وعبدالله بن عباس ابن ابی ربیعة نور فعلا ماضیاً والارض بالنصب۔

(روح المعانی، پ ۱۸، ص ۱۴۸)

" آیت کریمہ اللہ نور السمٰوات میں ایک قول یہ ہے کہ یہاں نور بمعنی منور ہے یعنی روشن کرنے والا، یہ مروی ہے حسن بصری سے، ابو العالیہ سے اور ضحاک سے اور اسی قول پر مفسرین کی ایک جماعت ہے اور تائید کرتی ہے اس قول کی اس آیت میں بعض علماء کی قرأت "اللہ منور السمٰوات" اسی طرح اس کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ابو جعفر، عبدالعزیز مکی، زید بن علی، ثابت

بن ابی حفصہ قورصی، مسلمہ بن عبدالملک، ابوعبدالرحمٰن السلمی اور عبداللہ بن عباس ابن ابی ربیعہ نے نَوَّرَ فعل ماضی اور الارض کو نصب (زبر) کے ساتھ پڑھا"۔

(روح المعانی، پ۱۸،ص ۱۴۸)

حامد صاحب ذرا سوچیں کہ قرآن کریم کی جس آیت (اللّٰہ نور السمٰوات، الآیۃ) کے لفظ "نور" کو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے معاذاللہ تمثیل وتشبیہ قرار دے رہے ہیں اس کے سترہ معنی منقولہ میں سے ایک معنی بھی انہیں ایسے نظر نہ آئے جنہیں تمثیل وتشبیہ کے بغیر مراد لیا جا سکے؟ کیا خدائے قدوس کے حق میں تمثیل وتشبیہ کا لفظ استعمال کرتے ہوئے انہیں ذرا بھی خوف خدا محسوس نہیں ہوا، مفسرین کرام کی تصریحات جلیلہ منقولہ بالا میں انہیں یہ نظر نہیں آیا کہ اللہ تعالیٰ سمات حدوث اور صفاتِ مخلوقہ سے منزہ ہے اور مثل وشبہ سے پاک اور تمثیل وتشبیہ سے مقدس ہے۔

شاید حامد صاحب کو بعض تفاسیر میں یہ دیکھ کر مغالطہ ہو گیا کہ (اللّٰہ نور السمٰوات) اللہ تعالیٰ کے نور کی مثَل ہے اس لئے انہوں نے تمثیل وتشبیہ کو اللہ تعالیٰ کے لئے درست سمجھ لیا، اس مغالطہ کو دور کرنے کے لئے انہیں "مفردات امام راغب" کی حسب ذیل عبارت کو غور سے پڑھنا چاہئے جس میں ان کے مغالطہ کو جڑ بنیاد سے اکھاڑ کر پھینک دیا گیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے تمثیل وتشبیہ سے مبرہ ومنزہ ہونے کو آفتاب سے زیادہ روشن کر کے دکھایا گیا ہے، ملاحظہ فرمائیے:

" والتمثال" الشئی المصور ...... والمثل عبارةٌ عن قول فی شئی یشبه قولاً فی شئی آخر بینهما مشابهةٌ لیبین احدهما الاخر ویصوره ...... والمثل یقال علی وجهین احدهما بمعنی المثل نحو شبه وشَبَه ونِقضٍ ونَقضٍ ، قال بعضهم وقد یعبر بهما عن وصف الشئی نحو قوله (مثل الجنة التی وعد المتقون) والثانی: عبارة عن المشابهة لغیره فی معنی من المعانی ای معنی کان وهو اعمر الالفاظ الموضوعة للمشابهة وذٰلك ان النِدّ یقال فیما یشارك فی الجوهر فقط ، والشبه یقال فیما یشارك فی الکیفیة فقط ، والمساوی یقال فیما یشارك فی

الکمیة فقط، و الشکل فیما یشارکه فی القدر و المساحة فقط، و المثل عام فی جمیع ذٰلک ولهذا لما ارادﷲ تعالیٰ نفی التشبیه من کل وهه خصه بالذکر فقال (لیس کمثله شئی)، و اما الجمع بین الکاف و المثل فقد قیل ذٰلک لتاکید النفی تنبیهاً علی انه لا یصح استعمال المثل ولا الکاف فنفی بلیس الامرین جمیعاً وقیل المثل ههنا هو بمعنی الصفة ومعناه لیس کصفته صفة تنبیهاً علی انه وان وصف بکثیر مما یوصف به البشر فلیس تلک الصفات لهٗ علی حسب مایستعمل فی البشر"۔

" تمثال" شئی مصور کو کہتے ہیں" مَثَل "عبارت ہے قول سے کسی شئے میں جو مشابہ ہو قول کے شئی آخر میں کہ ان دونوں کے درمیان مشابہت ہوتا کہ ایک دوسرے کو بیان کردے اور اسے مصور کردے اور" مَثَـل " کا استعمال (مزید) دو طریقوں پر بھی ہوتا ہے، ایک مثل کے معنی میں جیسے شِبْہٌ و شَبْہٌ اور نِقْضٌ و نَقْضٌ، بعض نے کہا ان دونوں کے ساتھ کبھی وصف شئے کو بھی تعبیر کردیا جاتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا قول مثل الجنة التی وعد المتقون، اور دوسرے طریقہ پر اس طرح کہ لفظ مَثَل عبارت ہوتا ہے اپنے غیر کے ساتھ مشابہت سے معانی میں سے کسی معنی میں بھی کیوں نہ ہو، اور وہ مشابہت کے معنی میں ان تمام الفاظ سے اعم ہے جو مشابہت کے معنی کے لئے وضع کئے گئے ہیں مثلاً لفظ نِـــد کا استعمال صرف ان چیزوں میں ہوتا ہے جو فقط جوہر میں باہم شریک ہوں اور" شبہ " کا اطلاق ان اشیاء پر ہوتا ہے جو صرف کیفیت میں باہم مشارک ہوں اور لفظ" مساوی" کا استعمال صرف ان چیزوں میں ہوتا ہے جو فقط مقدار میں شریک ہوں، اور" شکل" کا لفظ وہاں بولا جاتا ہے جہاں دو چیزیں صرف اندازے اور پیائش میں مشارک ہوں، اور لفظ" مِثل "ان سب میں عام ہے، یہی وجہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے (اپنی ذات مقدسہ سے) من کل وجه (ہر طرح سے تشبیہ) کی نفی کا ارادہ فرمایا تو اسی لفظ" مِثل "کو ذکر کے ساتھ خاص کیا اور فرمایا لیس کمثله شئی، رہا یہ سوال کہ اللہ تعالیٰ نے یہاں مثل کے ساتھ کاف تشبیہ کو کیوں جمع فرمایا تو

بعض نے اس کا جواب دیا کہ تاکیدِ نفی کے لئے ایسا کیا، گویا اس بات پر تنبیہ فرمائی کہ اللہ تعالیٰ تمثیل وتشبیہ سے ایسا پاک ہے کہ اس کے حق میں لفظِ مثل کا استعمال جائز ہے نہ کہ کافِ تشبیہ کا، لہٰذا لیس کے ساتھ کافِ تشبیہ اور مثل دونوں کی نفی فرمادی اور ایک قول یہ بھی ہے کہ لفظ مثل یہاں صفت کے معنی میں ہے اور آیت کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی صفت کی طرح کوئی صفت نہیں اور اس کا مقصد اس بات پر تنبیہ کرنا ہے کہ اگرچہ (قرآن مجید میں) اللہ تعالیٰ ان چیزوں سے بکثرت موصوف کیا گیا ہے جن سے بشر موصوف کئے جاتے ہیں (جیسے سمع، بصر، علم، رحم، ید، وجہ وغیرہا) لیکن اس کے باوجود اللہ تعالیٰ کے لئے ان صفات کا استعمال ایسا نہیں جیسے بشر کے حق میں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ تمثیل وتشبیہ سے مطلقاً پاک ہے اور اس ذات وصفات کی مثل کوئی شئی اور کسی کی صفت نہیں ہوسکتی"۔

(مفردات امام راغب اصفہانی، ص ۴۷۸)

اقتباسات وعبارات مرقومہ بالا سے عامر صاحب کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں اور ان پر یہ امر واضح ہوجانا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ تمثیل وتشبیہ سے پاک ہے اور مَثَلُ نُورِہٖ میں لفظ مَثَل سے صفت مراد ہے اور بس۔

عامر صاحب تو اپنے آپ کو عالم دین تصور کرتے ہیں، میرے نزدیک تو کوئی ادنیٰ درجہ کا معمولی پڑھا لکھا مسلمان بھی آیت کریمہ سے اللہ تعالیٰ کے لئے تمثیل وتشبیہ کے معنی نہیں سمجھ سکتا۔

اس کے بعد عامر صاحب کی علمی قابلیت کا ایک ایسا بے مثل و بے نظیر نمونہ ناظرین کرام کو ہم دکھاتے ہیں جو ان کے خصوصیات سے ہے اور وہ یہ کہ ایک طرف تو لفظ نور کو وہ اللہ تعالیٰ کے لئے تمثیل وتشبیہ کے اسلوب پر قرار دیتے ہیں جیسا کہ ابھی تفصیل سے گزر چکا ہے اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ کو خود حقیقی اور واقعی نور تسلیم کرتے ہیں، چنانچہ وہ اسی بیان میں آیت کریمہ " وَاَشْرَقَتِ الاَرضُ بِنُورِ رَبِّهَا " الآیۃ لکھ کر رقم فرماتے ہیں:

" یہاں اللہ جل شانہ نے خود اپنے نورِ مقدس کا ذکر فرمایا ہے وہ چونکہ واقعی بہمہ وجوہ وہ نور ہی نور ہیں اس لئے لفظ کو اس کے حقیقی ووضعی معنی پر محمول کرنے میں کوئی دقت نہ ہوگی"۔

(ماہنامہ تجلی، بابت ماہ جون ۱۹۶۰ء، ص ۵۳)

اقول: دروغ گورا حافظہ نہ باشد، ابھی تو لفظِ نور کو اللہ تعالیٰ کے لئے بطور تمثیل وتشبیہ مانا تھا اور ابھی

اتنی جلدی اللہ تعالیٰ کو واقعی اور حقیقی نور کہہ کر ذاتِ باری تعالیٰ کے لئے اسی لفظِ نور کو حقیقی اور وضعی معنی میں تسلیم کرلیا، حامد صاحب کی اس تضاد بیانی پر سخت حیرت اور تعجب ہے، انہیں اتنا بھی معلوم نہیں کہ کوئی لفظ اپنے حقیقی اور وضعی معنی میں تمثیل وتشبیہ کے طور پر استعمال نہیں کیا جاتا، مثلاً لفظ اسد کے حقیقی وضعی معنی شیر اور حیوان مفترس کے ہیں تو اس لفظ کو شیر کے معنی میں تمثیل وتشبیہ کے طور پر استعمال کرنا جائز نہیں کیونکہ تمثیل وتشبیہ غیر ماوضع لہٗ میں ہرگز تمثیل وتشبیہ کے لئے استعمال نہیں ہوا کرتا، لیکن حامد صاحب نے کمال کر دکھایا کہ وہ ایک ہی لفظ نور کو اللہ تعالیٰ کے لئے تمثیل وتشبیہ کے طور پر بھی قرار دیتے ہیں اور اسی کو ماوضع لہٗ میں بھی مستعمل مانتے ہیں۔ ع

ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہئے

حامد صاحب نے رسول اللہ ﷺ کی ذات مقدسہ سے حسّی نورانیت کی نفی کے جوش میں قرآن کریم کی بکثرت آیات نقل فرمادیں، میں نہیں سمجھ سکتا کہ اس سے انہیں کیا فائدہ پہنچا، بجز اس کے کہ انہوں نے اپنے خیال میں یہ سمجھ لیا کہ اور کچھ نہ سہی مگر پڑھنے والا اتنا تو ضرور اثر لے گا کہ کاظمی کے پیش کردہ دلائل کثیرہ کے جواب میں حامد صاحب نے اتنی آیات قرآنیہ سے حضور ﷺ کا تاریک سایہ ثابت کردیا۔

رہا یہ امر کہ شرع (نہیں بلکہ فقہ) ان کے اس کارنامہ کو عذاب وثواب کے کس خانہ میں رکھے گی؟ تو ہمیں اس سے سروکار نہیں، ہم تو صرف یہ بتانا چاہتے ہیں کہ حامد صاحب نے اس مقام میں دین ودیانت اور علم وعقل سے یکسو ہوکر محض اپنی ملاہٹ کا مظاہرہ فرمایا ہے۔

اس کا کون منکر ہے کہ عربی محاورات اور قرآن وحدیث میں استعارات مستعمل نہیں ہوتے، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ایک لفظ اگر کسی جگہ بطور استعارہ استعمال ہوا ہے تو وہ ہر جگہ استعارہ ہی قرار پائے، حامد صاحب نے لفظِ نور کو استعارہ ثابت کرنے کے لئے جتنی آیات پیش کی ہیں ان میں بعض وہ آیات بھی نقل کردیں جن میں لفظِ نور استعارہ نہیں بلکہ حسّی اور حقیقی روشنی کے معنی میں مستعمل ہے۔

دیکھئے حامد صاحب نے اپنی منقولہ آیات کے ذیل میں مندرجہ ذیل دو آیتیں تحریر فرمائی ہیں اور دعویٰ کیا ہے کہ اس میں لفظِ نور استعارہ ہے، حالانکہ ان کا یہ دعویٰ قطعاً غلط اور بے بنیاد ہے، جیسا کہ ہم اس کا ثبوت پیش کریں گے، پہلی آیت اور اس کے متعلق حامد صاحب کا دعویٰ ملاحظہ فرمائیے:

''يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعٰى نُوْرُهُم بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ'' پ ۲۷

''جس دن تو دیکھے گا مومن مرد وزن کو اس حال میں کہ دوڑتی ہوئی چل رہی ان کے آگے اور دائیں بائیں روشنی خوشخبری تم کو آج کے دن باغوں کی کہ ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں سدا رہو اُن میں، یہی تو ہے عظیم کامیابی''۔

یہاں بھی ''نور'' کو استعارہ ہی ماننا پڑے گا۔

(تجلی، ماہ جون ۱۹۶۰ء، ص ۵۲)

اقول : اگر آپ زبردستی منوانا چاہتے ہیں تو آپ کی بات وہی مانے گا جس پر آپ کی زبردستی چل سکے، اور اگر دلیل سے ماننے کی بات ہو تو پھر ہماری بات آپ کو ماننا پڑے گی کہ لفظ ''نور'' یہاں استعارہ نہیں بلکہ اپنی حقیقت پر ہے، دیکھئے تفسیر روح المعانی میں اسی آیت کے تحت ارقام فرماتے ہیں :

'' (یو م تر ی المومنین والمومنات) والرؤية بصرية''

'' (جس دن تو دیکھے گا ایمان والے مرد وزن کو) اور یہ رویت بصریہ ہے یعنی آنکھ سے دیکھنا مراد ہے''۔

اس کے بعد صاحب روح المعانی فرماتے ہیں :

''(یسعیٰ نورھم) حال من مفعول (تری) والمراد بالنور حقيقة على ماظهر من شموس الاخبار واليه ذهب الجمهور والمعنى يسعى نور هم اذاسعوا '' ۔انتہی

(روح المعانی، پ ۲۷، ص ۲۵۱)

'' (دوڑتی ہوئی جارہی ہے ان کے آگے دائیں بائیں روشنی) یہ جملہ حال ہے مفعول سے اور ''نور'' (استعارہ نہیں بلکہ) اس کی حقیقت مراد ہے، جیسا کہ روایات واخبار کے چمکتے ہوئے سورجوں سے یہ بات ظاہر اور اسی کی طرف جمہور گئے ہیں اور معنی یہ ہیں کہ مومنین ومومنات جب دوڑیں گے تو ان کی روشنی ان کے آگے اور دائیں بائیں دوڑتی ہوگی''۔انتہی

(روح المعانی، پ ۲۷، ص ۲۵۱)

کس قدر واضح الفاظ میں صاحب روح المعانی نے روایات واخبار کے چمکتے ہوئے سورجوں کی روشنی میں فرمایا ہے کہ یہاں لفظِ نور استعارہ نہیں بلکہ اپنی حقیقت پر ہے اور اس نور سے حسی روشنی مراد ہے۔

عامر صاحب! خدا لگتی کہئے، اس آیت میں اب بھی استعارہ منوائیں گے؟

دوسری آیت عامر صاحب نے اس طرح لکھی :

يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُورًا (پ ۲۷، آیت ۱۳)

"جس دن کہیں گے منافق مرد وزن مومنوں سے کہ ہمارا انتظار کرو ہم بھی تمہارے نور سے روشنی لیں گے، کہا جائے گا کہ لوٹ جاؤ پیچھے پھر ڈھونڈ لو روشنی"۔

اس کے بعد چند آیات لکھ کر تمام منقولہ آیات میں استعارہ کی رَٹ لگاتے ہوئے عامر صاحب لکھتے ہیں :

"جب قرآن کی اتنی بہت سی نظریں آپ کے سامنے آگئیں تو انصاف کیجئے کہ ایک آیت سے نور کے معنی محمد رسول اللہ لینا اور پھر تعبیر واستعارہ کے حدود پھلانگ کر پورے قرآن سے آنکھیں پھیر کر زبان وادب کے معلوم ومعروف تقاضے نظر انداز کرکے جسدِ رسول کا سایہ غائب کر دینا للعب القرآن اور دھاندلی نہیں تو اور کیا ہے؟"۔

(تجلی، جون ۱۹۶۰ء، ص ۵۳)

اقول : عامر صاحب! مسائل کے لئے پہلے دلائل درکار ہیں، اس کے بعد نظائر پیش کئے جاسکتے ہیں، مگر آپ نے دلائل سے اعراض فرما کر محض نظائر سے اپنا دعویٰ ثابت کرنے کی سعی ناتمام کی ہے، پھر اس میں بھی آپ کو خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی، جن آیات میں لفظ "نور" استعارہ نہ تھا انہیں بھی آپ نے استعارہ قرار دے دیا، پہلی آیت پر کلام کر چکا ہوں، اس دوسری آیت کی تفسیر بھی روح المعانی میں ملاحظہ فرمالیجئے اور دیکھئے کہ یہاں لفظِ نور استعارہ ہے یا حسی حقیقی نور کے معنی میں مستعمل ہے، دیکھئے صاحب روح المعانی اس دوسری آیت کے تحت ارقام فرماتے ہیں :

''لانهم اذا نظروا اليهم استقبلوهم بوجوههم والنور بين ايديهم فيستضيئون به''۔

(تفسیر روح المعانی، پ ۲۷، ص ۲۵۲)

''مومن جب منافقین کی طرف دیکھیں گے تو مومنین کے آگے نور ہوگا جس کی روشنی سے منافق روشن ہو جائیں''۔

کیوں حامد صاحب! مومنین کی جس روشنی سے منافقین ضیاء حاصل کریں گے وہ حسی حقیقی نور نہ ہوگا تو منافقین کا اس سے ضیاء حاصل کرنا اور روشن ہونا کیا معنی رکھتا ہے؟ ثابت ہوا کہ اس آیت میں نور سے حقیقی حسی نور مراد ہے استعارہ نہیں۔

رہا یہ امر کہ آپ نے آیت کریمہ قد جاء کم من اللہ نور میں لفظ ''نور'' سے حضور ﷺ کو مراد لینا اور حضور علیہ السلام کی نورانیت کو حضور علیہ السلام کے بے سایہ ہونے کی دلیل سمجھنا تلعب بالقرآن قرار دیا ہے اور اسے دھاندلی کہا ہے تو آپ کا یہ فتویٰ عبداللہ بن عباس سے لے کر جلال الدین سیوطی تک تمام اعلام اُمت پر چسپاں ہوتا ہے، نہ صرف یہ بلکہ آپ کے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی متعلب بالقرآن اور دھاندلی کرنے والے قرار پاتے ہیں جیسا کہ ہم ان کی مفصل عبارت سے پہلے نقل کر چکے ہیں۔

اَب استعارہ کی اس بحث میں حرف آخر کے طور پر آپ کے مسلم علماء مفسرین میں سے حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی ایک عبارت تفسیر مظہری سے پیش کرتا ہوں۔

قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ آپ کی منقولہ آیت کریمہ ''اللہ نور السمٰوات'' میں مثل نورہ کمشکوٰۃ کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''قال کعب ھذا مثل ضربه اللہ لنبیه ﷺ''

''حضرت کعب نے فرمایا ''مثل نورہ کمشکوٰۃ'' میں اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی مثل بیان فرمائی ہے''۔

(تفسیر مظہری، جلد ۶، ص ۵۲۴)

آگے چل کر اسی آیت کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے حضور سید عالم ﷺ کے چہرۂ انور کی حسی حقیقی روشنی کا بیان فرماتے ہیں، سنئے :

''وفی شمائل محمدیه قالت حلیمه ماکنا نحتاج الیٰ سراج من یوم اخذ ناه لان نور وجهه کان انور من السراج فاذا احتجنا الی اسراج فی مکان جئنابه فتنورث الا مکنه ببرکة ﷺ ''۔انتہی

(تفسیر مظہری، جلد ۶، ص ۵۲۸)

'' اور شمائل محمدیہ میں ہے حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، جس دن سے ہم نے حضور ﷺ کو لیا اس دن سے ہمیں چراغ کی حاجت نہ رہی اس لئے کہ حضور ﷺ کے چہرۂ انور کا نور چراغ سے زیادہ روشن تھا، چنانچہ جب کسی جگہ ہمیں چراغ کی ضرورت ہوتی تو وہاں ہم حضور ﷺ کو لے آتے اور اس مکان کی ہر جگہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی برکت سے روشن و منور ہو جاتی''۔

آپ تفسیر مظہری کے حوالے بہت دیا کرتے ہیں، ذرا یہ عبارت بھی اسی تفسیر مظہری میں ملاحظہ فرما لیتے تو آپ کو معلوم ہو جاتا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مثل نور فرما کر جو لفظ نور اپنے حبیب ﷺ کے لئے ارشاد فرمایا ہے وہ استعارہ نہیں، بلکہ اس سے مراد حسی اور حقیقی نور ہے جس کے ہوتے چراغ کی حاجت نہ رہے۔

آپ نے حضور ﷺ کے حق میں لفظ نور کو محض استعارہ قرار دینے کے لئے جتنے پاپڑ بیلے تھے تفسیر مظہری کی اس عبارت نے ان سب پر پانی پھیر دیا، اور اس حقیقت کو آفتاب سے زیادہ روشن کر دیا کہ حضور ﷺ کی نورانیت صرف علم وہدایت میں منحصر نہیں بلکہ حسی حقیقی روشنی کو بھی شامل ہے۔

اے کاش حامد صاحب ٹھنڈے دل سے غور فرماتے کہ ان جلیل القدر مفسرین کی روشن تصریحات کے ہوتے ہوئے حضور ﷺ کی نورانیت کا انکار قرآن واسلام اور فضائل و مناقب مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ استہزا اور ہٹ دھرمی نہیں تو اور کیا ہے۔

السعید کے ظل نمبر میں دلائل کے انبار نے منکرین کی ایسی کمر توڑی کہ انہیں سیدھا ہونے کی ہمت نہ ہو سکی۔

حامد صاحب ازراہِ عناد کچھ بھی کہیں لیکن بالآخر انہیں ہمارے دلائل کے وزن کا اعتراف کرنا ہی پڑا۔

انہوں نے اس حقیقت کو اچھی طرح محسوس کرلیا کہ نفی الظل کے دلائل نے ان کی ساری محنت برباد کردی اور بزعم خویش نفی الظل کے عقیدہ کی جو بیخ کنی انہوں نے کی تھی وہ سب اکارت ہوگئی، چنانچہ وہ خود تجلی میں ارقام فرماتے ہیں :

''ہمارا دل نہیں مانتا کہ دلائل کا جو انبار منکرین ظل نے جمع کردیا ہے اسے یوں ہی چھوڑ دیں، اگر یوں ہی چھوڑ دیا تو بیخ کنی کا وہ عمل جو ہمارے گزشتہ اجمالی نقد نے انجام دیا تھا بیکار چلا جائے گا''۔

(تجلی، دیوبند، بابت جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۲۶)

اَب دیکھنا یہ ہے کہ ہمارے دلائل کے انبار کو حامد صاحب نے ہاتھ لگایا ہے یا محض جھنجھلا کر چند طنزیہ فقرے کس دیئے اور جواب کے میدان سے دامن بچا کر چلتے نظر آئے۔

ناظرین کرام پر ظاہر ہے کہ نفی الظل کے دلائل کے انبار کو ہاتھ لگانا تو درکنار، حامد صاحب اس کے قریب سے ہوکر بھی نہیں گزرے، بلکہ اسی گزشتہ اجمالی نقد کو نقل کرکے وہی پرانا راگ دوبارہ الاپتے ہوئے اس حقیقت کو تسلیم کرلیا کہ :

''بیخ کنی کا وہ عمل جو ہمارے گزشتہ اجمالی نقد نے انجام دیا تھا بیکار چلا گیا''

قسط اوّل میں تفسیروں کے اکیس، بائیس حوالوں پر حامد صاحب کو بہت ناز ہے، ناظرین کرام نے ان کی حقیقت ہمارے جواب کی گزشتہ قسطوں میں بخوبی معلوم کرلی ہوگی جن میں حامد صاحب کی خوش فہمیوں اور تعلیوں کو پوری طرح بے نقاب کردیا گیا ہے۔

حضور سیّد عالم ﷺ کے سایہ نہ ہونے کی بحث میں حامد صاحب شرک و توحید اور افراط و غلو کے الفاظ بار بار لاتے ہیں، جس سے قارئین کے اذہان میں وہ یہ تاثر پیدا کرنے کے درپے ہیں کہ حضور سیّد عالم ﷺ کے جسمانی سایہ کو تسلیم نہ کرنا شرک و غلو اور افراط ہے اور اسے مان لینا خالص توحید، لیکن وہ یہ نہیں سمجھتے کہ اس مسلک کو شرک اور افراط و غلو قرار دینے سے خود ان کے اکابر و اسلاف حتیٰ کہ حضرت مجدد الف ثانی اور مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی بھی اس کی زد میں آجاتے ہیں جن کی مفصل عبارت مکتوبات امام ربانی، جلد سوم، ص ۱۸۷ اور امداد

السلوک ص ۸۶،۸۵ سے ہم السعید کے صفحات میں نقل کر چکے ہیں، اور حامد صاحب ج تک اس کے جواب سے ساکت و صامت ہیں۔

پھر تعجب ہے کہ حضور ﷺ کو جسمانی سایہ سے معریٰ تسلیم کرنا حامد صاحب کے نزدیک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عیسیٰ علیہ السلام کی طرح بڑھانے چڑھانے کے مساوی کیونکر قرار پا گیا، عیسائی تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو معاذ اللہ ابن اللہ اور الٰہ مانتے تھے، کیا جسمانی سایہ نہ ہونا بھی حامد صاحب کے نزدیک الوہیت ہے، اگر اس کو الوہیت مان لیا جائے تو وہ تمام خلائق لطیفہ معاذ اللہ وصف الوہیت سے متصف قرار پائیں گی جو سایہ نہیں رکھتیں، کیا کسی مومن وموحد کے ذہن میں یہ بات آسکتی ہے؟

رہا یہ امر کہ ''جھوٹی حدیثیں جو عقل کے نزدیک بھی قابل قبول نہ ہوں کسی طرح لائق احتجاج نہیں ہوسکتیں اور ایسی خلاف عقل وضعی روایات کو مان لینا محبت رسول نہیں بلکہ جہالت وغلو ہے''، یقیناً درست اور صحیح ہے اور ہم بھی اسے تسلیم کرتے ہیں، لیکن غیر موضوع کو موضوع کہنا، سچ کو جھوٹ بتانا اور معقول کو غیر معقول کہہ دینا بھی انتہائی جہالت اور پرلے درجے کی نامعقولیت ہے، کج فہمی کو عقل سمجھ لینا نادانی اور کم عقلی نہیں تو اور کیا ہے؟

حضور ﷺ کے فضائل ومحامد کے دلائل کو کذب محض اور خلاف عقل کہہ دینا کس قدر جرأت اور بے باکی ہے۔ (العاذ باللہ)

کتب صحاح سے ہماری پیش کردہ احادیث (جن سے رسول اللہ ﷺ کی حسی اور حقیقی نورانیت روز روشن کی طرح واضح ہوتی ہے) کے جواب سے عاجز ہو کر حامد صاحب نے ہتھیار ڈال دیئے اور تسلیم کرلیا کہ حضور ﷺ حسی اور ظاہری نور سے خالی نہ تھے، دیکھئے وہ تجلی میں لکھتے ہیں :

> ''اس تمہید کے بعد یہ خوب ذہن نشین رکھئے کہ اختلاف کیا ہے، ہم نے کبھی یہ نہیں کہا کہ حضور ﷺ ہر قسم کے نور حسی وظاہری سے بالکل خالی تھے، آپ کے چہرے پر جس حسن وجمال اور طلعت وتابانی کا تذکرہ محدثین کرتے ہیں اس سے انکار کی کسے اور کیوں مجال ہے؟ یہ بھی ہم مانتے ہیں کہ بعض مرتبہ بعض حضرات نے آپ کے کسی عضو یا چند اعضاء سے ایک ایسی روشنی خارج ہوتے دیکھی جو ان کے خیال میں حسی اور مرئی تھی، یہ بھی ناممکن نہیں کہ باطنی علوم ومعارف اور اعلیٰ درجہ کی نبوت

منورہ کے نتیجے میں آپ کے جسدِ مطہر سے غیر معمولی نور و طلعت کا مشاہدہ کیا گیا ہو"۔

(تجلی، دیوبند، بابت جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۲۷)

حامد صاحب نے اس عبارت میں ہمارے مسلک کو بے چون و چرا تسلیم کر لیا، یہ اور بات ہے کہ آگے چل کر وہ اس پر قائم رہیں یا نہ رہیں، لیکن ان کے رسالے کے پیش نظر اقتباس میں صاف مذکور ہے کہ حضور ﷺ کے وجودِ اقدس میں نور حسی و ظاہری موجود تھا، لیجئے کہ باطنی علوم و معارف و انوارِ نبوت حسی و ظاہری نور کی صورت میں جسمِ اقدس سے محسوس و مشاہد ہوئے اور اعضاء مقدسہ سے اس کی روشنی کا نکلنا دیکھا گیا۔

اَب اس کے بعد ایک یا چند اعضاء کی تخصیص اور بقیہ کی نفی اپنی بات کی اینچ نہیں تو کیا ہے؟ باوجودیکہ وہ اس نور حسی کو باطنی علوم و معارف اور نبوت منورہ کی روشنی مان رہے ہیں اور ظاہر ہے کہ حضور ﷺ کو پوری ذات مقدسہ وصف نبوت کے ساتھ متصف ہے، کوئی نہیں کہہ سکتا کہ معاذ اللہ حضور ﷺ کا ایک عضو یا چند اعضاء میں نبوت کی صفت پائی جاتی تھی، باقی اعضاء مقدسہ اور وجود مبارک میں نبوت نہ تھی، پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ بعض اعضاء میں وہ نور چمکے اور بعض بالکل بے نور رہیں، کیا حامد صاحب کے نزدیک یہ بھی نوامیس فطرت کا مقتضا ہے؟

نیز اسی عبارت میں اس حقیقت کو بھی تسلیم کر لیا کہ جسم اقدس اتنا مصفیٰ اور شفاف تھا کہ اندرونی انوار اس سے باہر آتے اور دیکھنے والوں کو محسوس ہوتے تھے، کیونکہ غیر شفاف اور کثیف جسم سے اندرونی روشنی باہر نہیں آسکتی، لالٹین کی روشنی سے مکان اسی وقت منور ہو سکتا ہے کہ اس میں صاف شیشے کی چمنی رکھی جائے اور اگر چمکتے ہوئے چراغ پر مٹی کا گھڑا اوندھا دیا جائے تو اس کی روشنی اس حال میں اسی طرح محسوس و مشاہد نہیں ہو سکتی۔

حامد صاحب یہ سب کچھ ہمارے دلائل سے مجبور ہو کر تسلیم کیا ہے ورنہ میں پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہ ۱۹۶۰ء سے پہلے کسی اپنی تحریر کے حوالے سے بھی یہ ثابت نہیں کر سکتے کہ انہوں نے حضور ﷺ کے لئے اس قسم کی حسی اور ظاہری نورانیت کو مانا ہے جس کی روشنی جسم اقدس سے چمکتی ہوئی نظر آتی ہو۔

ہمارا مسلک

ہم نے آج سے پہلے بارہا کہا کہ ہم حضور سید عالم ﷺ کی ذات مقدسہ کو نور ماننے کے باوجود حضور علیہ السلام کی بشریت مطہرہ پر ایمان رکھتے ہیں، السعید کے صفحات اور ہماری دیگر تصنیفات اس دعویٰ پر شاہد و عادل

ہیں کہ ہم لوگ سیّد عالم ﷺ کو نورانیت اور بشریت دونوں سے متصف مانتے ہیں، ہمارے نزدیک حضور ﷺ کی بشریت ونورانیت مطہرہ عناصر اربعہ آگ، پانی، ہوا، مٹی سے مرکب ہے لیکن خمیر جسد مبارک جو میاہِ جنت، کوثر وتسنیم اور سلسبیل کے پانی سے گوندھ کر تیار کیا گیا تھا، اتنا لطیف اور پاکیزہ تھا کہ تمام عنصری کثافتوں سے پاک اور صاف ہوکر اتنا شفاف ہوگیا تھا کہ نورِ محمدی کی شعائیں اس جسم اقدس سے چمکتی تھیں، جسے عامر صاحب نے بھی واضح طور پر پیش کردہ اقتباس میں تسلیم کرلیا ہے، اور ظاہر ہے کہ جسم شفاف میں جب نور چمک رہا ہو تو اس جسم کا سایہ نہیں پڑتا خواہ وہ جسم عنصری ہی کیوں نہ ہو، دیکھئے لالٹین کی چمنی، بجلی، گیس کا شیشہ بالکل مادی اور عنصری جسم ہے لیکن جب ان میں روشنی چمکتی ہے تو ان اجسام عنصری کے شفاف شیشوں کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا، عامر صاحب نے جب حضور ﷺ کے اندرونی انوار کی روشنی کو جسم اقدس سے چمکتا ہوا محسوس ومشاہد تسلیم کرلیا تو اب سایہ نہ ہونے کو تسلیم نہ کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟ یہ سب کچھ مان کر یہ کہنا کہ :

" گفتگو اس نکتہ میں ہے کہ منکرین ظل کہتے ہیں کہ رسول اللہ کا پورا جسم مبارک طبعی وحقیقی معنوں میں نور مستقل تھا"۔

(تجلی، دیوبند، بابت جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۲۷)

خلط مبحث اور حق پوشی کی اس سے واضح مثال شاید کہیں نہ مل سکے، ہم نے کب کہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا جسم مبارک طبعی اور حقیقی معنوں میں نور مستقل تھا، (اور اس میں عنصریت اور مادیت کا کوئی شائبہ نہیں پایا جاتا تھا) **ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین۔**

اقتباس بالا کو غور سے پڑھئے اور دیکھئے کہ عامر صاحب سب کچھ مان کر بھی اپنے دلی عناد کے اظہار سے باز نہ رہ سکے، لکھتے ہیں :

" آپ کے چہرے پر جس حسن وجمال اور طلعت وتابش کا تذکرہ محدثین کرتے ہیں اس سے انکار کی کسے اور کیوں مجال ہے"۔

صحیح بخاری اور ترمذی کی احادیث صحیحہ کو محض تذکرہ محدثین کے لفظ سے تعبیر کردینا کتنی جرأت اور دیدہ دلیری ہے، گویا پڑھنے والوں کے ذہن میں یہ تاثر پیدا کرنا مقصود ہے کہ جسم اقدس سے تابش نور کا مضمون صرف

محدثین کی ذکر کی ہوئی بات ہے اور بس، حق کو چھپانے اور اس پر پردہ ڈالنے کی اس سے زیادہ اور کیا کوشش کی جا سکتی ہے، اور سنئے! فرماتے ہیں :

> ''یہ بھی ہم مانتے ہیں کہ بعض مرتبہ بعض حضرات نے آپ کے کسی عضو یا چند اعضاء سے ایک ایسی روشنی خارج ہوتے ہوئے دیکھی جو ان کے خیال میں حسی اور مرئی تھی''۔

جب آپ یہ مان چکے کہ بعض حضرات نے حضور کے اعضاء سے روشنی خارج ہوتے ہوئے دیکھی تو اس کے بعد یہ کہنا کہ جو ان کے خیال میں حسی اور مرئی تھی، کیا معنی رکھتا ہے؟ دیکھی ہوئی چیز کا دیکھنے والے کے خیال میں مرئی ہونا عجیب بات ہے، مرئی کہہ کر پھر اسے خیال میں مرئی قرار دینا علاوہ مہمل اور لغو ہونے کے پڑھنے والوں کے لئے ایک زبردست مغالطہ بھی ہے اور وہ یہ کہ اس عبارت کو پڑھنے والا اس دھوکے میں مبتلا ہو سکتا ہے کہ شاید وہ روشنی دیکھنے والے کے صرف خیال میں مرئی ہو اور حقیقت میں مرئی نہ ہو، عامر صاحب کا مطلب بھی یہی معلوم ہوتا ہے۔

حیرت ہے کہ دیکھنے والوں کے نزدیک وہ روشنی حقیقی مرئی ہو اور نہ دیکھنے والوں کے نزدیک محض خیالی مرئی، کیا اس سے بڑھ کر بھی قلبی عناد کا مظاہرہ ہو سکتا ہے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن و جمال کے بارے میں صحابۂ کرام کے تاثرات کی بحث میں عامر صاحب لکھتے ہیں :

> ''ذرا اندازہ کیجئے، اہل کفر کو بھی اس تاثر میں شامل کر لیا گیا جو خالص ایمان کا ثمرہ تھا، ظالمو اگر یہی حقیقت ہوتی تو تمام ہی لوگ اہل ایمان کی طرح مومن نہ ہو گئے ہوتے''۔

طرز کلام ملاحظہ فرمائیے! معلوم ہوتا ہے کہ کمالات رسالت کے خلاف عناد کا ایک طوفان ہے جو اُمڈا چلا آ رہا ہے، جس نے عقل و خرد، ہوش و حواس سب پر پردے ڈال دیئے ہیں، دانشمندو! اتنا نہیں سوچتے کہ یہ نورانیت محمدیہ اگر پائی جائے تو آیات الٰہیہ میں سے ایک آیت ہوگی، جن کے دلوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگا دی ہے وہ روشن سے روشن ترین آیات اور معجزات کو دیکھ کر بھی ایمان نہیں لائے، موسیٰ علیہ السلام کا ید بیضاء، عیسیٰ علیہ السلام کے مشہور معجزات احیائے موتیٰ وغیرہ، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ شق القمر دیکھ کر بھی اگر کفار ایمان نہیں لائے اور اللہ تعالیٰ کی روشن آیات و معجزات کو جادو کہہ کر انکار کر دیا تو نورانیت محمدیہ کو دیکھ کر ایمان نہ لانا کون سے تعجب کی بات

ہے، ظالمو قرآن کی یہ آیت بھی بھول گئے ہو :

وَاِنْ یَّرَوْا اٰیَةً یُّعْرِضُوْا وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ

''اور اگر کافر خدا کی قدرت کا کوئی نشان دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں یہ تو ایک ایسا جادو ہے جو ہمیشہ سے چلا آرہا ہے''۔

عامر صاحب نے ہمارے مسلک پر یہ اعتراض بھی کیا ہے :

''اگر حضور کا سورج اور چاند سے زیادہ روشن ہونا ظاہری اور طبعی معنی میں درست ہے تو پھر یہ لازماً ہونا چاہئے تھا کہ پورا عرب نہ سہی، مکہ یا مدینہ سہی، یہ بھی نہ سہی تو وہ راستے اور مکان سہی جن میں حضور موجود ہوتے تھے اس طرح روشن رہا کرتے جس طرح دن میں ہوتے ہیں''۔

(تجلی دیوبند، بابت ماہ جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۲۸، ۲۹)

اس کا جواب ظل نمبر کے صفحات پر نہایت تفصیل اور پوری تحقیق کے ساتھ دیا جا چکا ہے جسے عامر صاحب سمجھ نہیں سکے یا جان بوجھ کر اس کے جواب میں لایعنی باتوں کا ایک طومار باندھ دیا، ہم نے جواباً عرض کیا تھا کہ نفی ظہور نفی وجود کو مستلزم نہیں، ظہور دو طرح سے ہوتا ہے، نفسِ ظہور اور ظہور عند الناظر، دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے، مگر عامر صاحب اس کو نہیں سمجھ سکے، انہوں نے اپنے مخصوص انداز میں بچکانہ اور بے مغز باتیں کہی ہیں جو قطعاً لائق التفات نہیں، لیکن ہم ان کے زعم باطل کو توڑنے کے لئے عرض کرتے ہیں کہ اگر حضور ﷺ کے ظاہری معنی میں نور ہونے کے لئے یہ لازماً ہونا چاہئے تھا کہ پورا عرب یا مکہ اور مدینہ یا وہ راستے اور مکان جن میں حضور موجود ہوتے تھے سب روشن ہو جاتے تو ملائکہ کرام خصوصاً ملائکہ مقربین جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل علیہم السلام (جن کے ظاہری اور حقیقی نور ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں) کے نور حقیقی ہونے کے لئے لازماً یہ چاہئے تھا کہ زمین سے آسمان تک تمام جہان ظلمت اور تاریکی کے موقع پر اور رات کے وقت بھی دن کی طرح روشن رہتا، کیونکہ ہر انسان کے ساتھ فرشتے موجود رہتے ہیں، نیز زمین سے آسمان تک شب و روز فرشتوں کی آمد و رفت حقیقت ثابتہ اور مسلم بین الفریقین ہے لیکن ایسا نہیں ہوتا تو کیا ملائکہ کے نور یا اس کے فی نفسہٖ ظہور کا انکار کیا جا سکتا ہے؟ ہاں یہ ضرور کہا جائے گا کہ ملائکہ کے نور ہونے اور اس کے فی نفسہٖ ظہور کے باوجود دیکھنے والوں پر بھی اس کا

ظہور ہمیشہ نہیں ہوتا البتہ اللہ تعالیٰ بعض اوقات دیکھنے والوں پر بھی فرشتوں کے نور کو ظاہر فرما دیتا ہے جیسا کہ بخاری شریف میں صریح حدیث وارد ہے کہ حضرت اسید بن حضیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کے وقت سورہ بقرہ کی تلاوت فرما رہے تھے کہ اچانک ان کا گھوڑا بدکنے لگا قریب تھا ان کے بیٹے یحییٰ کو پامال کردے، اچانک ان کی نظر آسمان کی طرف اُٹھی، بادل کی طرح ایک سائبان نظر آیا جس میں بے شمار چراغ روشن دکھائی دیئے، صبح کو رسول اللہ ﷺ سے اس واقعہ کا ذکر کیا، حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اے اسید بن حضیر! تم جانتے ہو کہ یہ چراغ کیسے تھے؟ عرض کیا حضور مجھے معلوم نہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا! یہ ملائکہ تھے جو قرآن سننے کے لئے قریب ہو گئے تھے، اگر تم پڑھتے رہتے تو فرشتے غائب نہ ہوتے اور دوسرے لوگ بھی صبح کو انہیں اسی طرح دیکھ لیتے۔

(دیکھئے بخاری شریف، جلد ثانی، ص ۷۵۰)

اس حدیث سے صاف ظاہر ہے کہ ملائکہ کی نورانیت کا ظہور دیکھنے والوں کے لئے ایک وقت خاص میں ہوا، حالانکہ ملائکہ قطعاً نوری مخلوق ہیں اور ان کی نورانیت ہر وقت ظاہر ہے، ثابت ہوا کہ ظہور بنفسہٖ کے لئے ظہور للناظر ضروری نہیں، اسی طرح حضور ﷺ کے شفاف اور لطیف جسم اقدس سے نورانیت کا نفس ظہور ہر وقت متحقق ہے لیکن ناظرین کے لئے اس کا ظہور اوقات مخصوصہ میں ہوا جو نفسِ ظہور کے منافی نہیں، حضور کا سایہ نہ ہونے کے لئے نورانیت محمدیہ کا نفسِ ظہور کافی ہے، ظہور للناظر ضروری نہیں، اگر عامر صاحب کے دماغ میں فکر صحیح کی ادنیٰ صلاحیت بھی موجود ہے تو ہمارے اس بیان کو سمجھنے میں انہیں کوئی دقت واقع نہ ہوگی اور اگر وہ اَب بھی نہ سمجھے تو ہم سمجھ لیں گے کہ وہ فکر سلیم اور طبع مستقیم سے بالکل عاری ہیں۔

ہمارے اس بیان کی روشنی میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اس حدیث کا مفہوم بھی واضح ہوگیا کہ لم یقم مع الشمس الا غلب ضوءہ ضوءھا، الحدیث یعنی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما یہ نہیں فرمارہے ہے کہ حضور ﷺ کی نورانی روشنی دیکھنے والوں کی نظر میں سورج کی روشنی پر غالب ہوگئی بلکہ نفسِ واقعہ بیان فرمارہے ہیں، بایں نور کہ اگر غلبہ نورِ محمدی کا ظہور دیکھنے والوں کے لئے ہو تو وہ یہی دیکھیں گے کہ نور محمدی کی روشنی سورج اور چراغ کی روشنی پر غالب ہے کیونکہ اصل واقعہ یہی ہے، یہ اور بات ہے کہ کسی کو دیکھنا میسر نہ ہو، ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت کے مطابق جب چاہتا ہے اور جس کے لئے چاہتا

ہے اس پر غلبہ نور کے ظہور کو مرئی فرما دیتا ہے۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت فرشتوں کی نورانیت سے بدرجہا افضل و اعلیٰ اور برتر و بالا ہے، جس طرح ان کی نورانیت باوجود ظاہر ہونے کے ہر ایک کو ہر وقت محسوس نہیں ہوتی اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت بھی باوجود ظاہر ہونے ہر شخص کو ہر جگہ اور ہر وقت محسوس نہیں ہوتی، لیکن جس طرح یہ عدم احساس فرشتوں کی نورانیت اور ان کے ظہور کے منافی نہیں اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانیت اور اس کے نفس ظہور کے منافی نہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور مبارک کے فی نفسہٖ ظہور کا ناظرین کے لئے محسوس نہ ہونا اور اس کے باوجود اس کا تسلیم کرنا اس حدیث سے بھی واضح ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تاریکی میں اس طرح دیکھتے تھے جس طرح اُجالے میں دیکھتے تھے، یہ حدیث حسن ہے اور اسے بیہقی نے روایت کیا، دیکھئے زرقانی، جلد ۴، ص ۸۴۔

نیز صحاح کی اس حدیث سے بھی یہ حقیقت واضح ہوتی ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے ارشاد فرمایا ”واللہ انی لا راکم من وراء ظھری“ الحدیث، یعنی خدا کی قسم میں تمہیں پیچھے سے اسی طرح دیکھتا ہوں جیسے آگے سے دیکھتا ہوں، جماعت متقدمین سے تو یہاں تک منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر طرف دیکھتے تھے۔

(زرقانی شرح مواھب جلد ۴، ص ۸۴)

ظاہر ہے کہ یہ رؤیت نور کے بغیر ناممکن ہے اور ہر طرف سے رویت کا ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام جسم اقدس میں نور موجود تھا، جس کی وجہ سے حضور ہر طرف دیکھتے تھے لیکن ناظرین کے لئے یہ نور محسوس نہ تھا باوجود اس کے انہوں نے اس کو تسلیم کیا۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک کو ہم اس معنی میں ہرگز نور نہیں سمجھتے کہ جسم اقدس بشریت اور عنصریت سے خالی تھا بلکہ ہمارا مسلک یہ ہے کہ جسم اقدس عناصر اربعہ سے مرکب ہونے کے باوجود عنصریت اور مادیت کے تمام نقائص اور بشریت کے جملہ عیوب سے مبرہ اور منزہ تھا، اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس کو اتنا صاف اور شفاف تخلیق فرمایا تھا کہ ذات مقدسہ کے باطنی نور کی چمک بدن مبارک سے ظاہر ہوتی تھی لیکن خارج میں اس کے ظہور کا احساس حکمت و مشیت ایزدی کے مطابق ہی ہوتا تھا۔

عامر صاحب نے میری پیش کردہ احادیث پر کلام کرتے ہوئے عجیب متضاد باتیں کی ہیں، ایک طرف تو

وہ یہ مانتے ہیں کہ حضور ﷺ کا جسم مبارک نور حسی اور ظاہری سے بالکل خالی نہ تھا، دوسری طرف وہ تشبیہ کی آڑ لے کر اپنی تکذیب آپ فرمارہے ہیں اور اتنا نہیں سمجھتے کہ طلعت رسالت کو نور حسی مان کر پھر اسی طلعت کو نور حسی سے تشبیہ دینا کس قدر لغو اور بے معنی ہے، پھر انہوں نے دیدہ و دانستہ دھوکا دینے کے لئے بعض شارحین مثلاً قسطلانی و زرقانی کے کلام سے تشبیہات کا لفظ بالکل بے محل نقل کر دیا، جن حدیثوں میں حضور ﷺ کے چہرہ انور کے متعلق ''کان الشمس تجری فی وجه رسول الله ﷺ'' اور ''کانه قطعه من القمر'' جیسے الفاظ میں تشبیہات وارد ہوتی ہیں، ان کی شرح کرتے ہوئے شارحین نے ان تشبیہات واردہ پر کلام فرمایا ہے جس کا ہمارے متدل سے کوئی واسطہ نہیں، ہمارا استدلال تو ان احادیث سے ہے جنہیں دیکھ کر عامر صاحب کو بھی کہنا پڑا کہ ہم حضور ﷺ کے جسم مبارک کو حسی اور ظاہری نور سے خالی نہیں مانتے۔

پھر لطف یہ کہ عامر صاحب نے حافظ ابن حجر کی ایک عبارت نقل کر کے عجیب نکتہ آفرینی فرمائی ہے، کہتے ہیں :

''حضور کو جب چاند سے تشبیہ دی جاتی ہے تو وجہ شبہ صرف روشنی ہوتی ہے نہ کہ چاند کے دیگر خواص واوصاف''۔

(تجلی دیوبند، بابت جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۳۲)

دانشمند سے کوئی پوچھے کہ جب تم خود مان رہے ہو کہ چاند سے ''حضور کی تشبیہ میں وجہ شبہ صرف روشنی ہوتی ہے'' تو حضور ﷺ کے لئے روشنی ثابت ہوئی یا نہیں؟ کیا تم اتنا بھی نہیں جانتے کہ وجہ شبہ مشبہ اور مشبہ بہ دونوں میں مشترک ہوتی ہے اور جب روشنی یعنی نور حسی کو وجہ شبہ مان لیا گیا تو حضور ﷺ کے جسم اقدس میں اس کا پایا جانا ایسا ضروری ہو گیا جیسا کہ چاند میں ضروری ہے۔

حضور ﷺ کے جسمانی سایہ کے ثبوت میں عامر صاحب کی ایک اور گلفشانی ملاحظہ ہو، بخاری شریف کی طویل حدیث کا ایک جملہ نقل کیا ہے اور ساتھ ہی اس کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے جو حسب ذیل ہے :

''فلما قيل ان رسول الله ﷺ قد اظل قادما زاح عنى الباطل وعرفت انى لن اخرج منه ابداً بشئى فيه كذب''۔

"پس جب خبر ملی کہ حضور مدینہ سے اس قدر قریب آ چکے ہیں کہ ان کا سایہ ارض مدینہ پر پڑ سکتا ہے تو معاً میرے دل سے غلط سلط بہانے بازی کا خیال کافور ہو گیا اور میں نے یقین کر لیا کہ حیلے بہانے مجھے میری موجودہ پوزیشن سے ہرگز عہدہ برآنہ کر سکیں گے"۔

(تجلی دیوبند، جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۳۴)

عامر صاحب نے اظل قادما کا ترجمہ کیا ہے کہ "ان کا سایہ ارض مدینہ پر پڑ سکتا ہے" اور اسی فقرہ سے وہ حضور ﷺ کا سایہ ثابت کر رہے ہیں، مگر لطف یہ ہے کہ اس کے بعد متصلاً خود ہی لکھتے ہیں :

"ہم خوب جانتے ہیں کہ اظل قادما ایک اصطلاحی فقرہ ہے جس کے معنی فی الحقیقت یہ نہیں ہوتے کہ سچ مچ آنے والی شئے کا سایہ پڑ رہا ہے بلکہ یہ بہت قریب آ جانے کے معنی میں بولا جاتا ہے"۔

(تجلی دیوبند، جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۳۴)

عامر صاحب کی ان دونوں عبارتوں کو ملایئے اور سر دھنئے

ع ناطقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہئے

اس کے بعد عامر صاحب چھچھوندر چھوڑنا کہ "جب منکرین ظل نے یہ اندھیر مچا رکھا ہے..... تو کیوں نہ ہمیں بھی اجازت ہو کہ تمثیل کو حقیقی معنی میں لے لیں"۔ گو زشتر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا! اگر آپ کے زعم باطل میں منکرین ظل دوزخ کی طرف جا رہے ہوں تو کیا آپ بھی جہنم کے گڑھے میں گرنے کی اجازت طلب کریں گے ؟

حضور ﷺ کی نورانیت کے منکرین کا پرانا ہتھکنڈا یہ ہے کہ جہاں کسی آیت یا حدیث میں حضور ﷺ کی ذات مقدسہ کے لئے لفظِ نور دیکھا، بلا تامل محض ہدایت کے معنی پر محمول کر دیا اور لفظِ نور کو ہدایتِ محضہ قرار دے دیا۔

السعید کے ظل نمبر میں منکرین کے اس پرانے ہتھکنڈے کا صفایا کیا گیا تھا اور نہایت تفصیل سے اس موضوع پر سیر حاصل بحث کی گئی تھی، جس کا خلاصہ یہ تھا کہ استعارہ کے معنی تو یہ ہیں کہ مشبہ بہ بول کر علاقۂ تشبیہ کی بنا پر مشبہ مراد لیا جائے۔

اس میں شک نہیں لفظِ نور قرآن وحدیث میں استعارہ کے طور پر کئی جگہ استعمال ہوا ہے، مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ حقیقی معنی میں کسی جگہ وارد نہ ہوا ہو۔

استعارہ وہیں ہوسکتا ہے جہاں اس لفظ سے مشبہ مراد لینا ممکن ہو لیکن جہاں اس لفظ کے ساتھ مشبہ بہ کے ایسے اوصاف مذکور ہوں جن کے ہوتے ہوئے تشبیہ مراد لے کر مشبہ پر حمل ناممکن ہو تو ایسی صورت میں وہ لفظ استعارہ نہیں ہوسکتا! اس مفہوم کو واضح کرنے کے لئے کہا گیا تھا کہ اگر کوئی شخص رَاَیْتُ اَسَدًا کہے تو اسے استعارہ قرار دینا ممکن ہے لیکن جب کسی نے رَاَیْتُ اَسَدًا یَفْتَرِسُ کہا تو آپ اسے استعارہ نہیں کہہ سکتے۔

حامد صاحب کی ذکاوت طبع ملاحظہ کیجئے! دانشمند نے پورے مضمون سے آنکھ چرا کر صرف لفظ یَفْتَرِسُ کو مدنظر رکھ لیا اور یہ نہ سمجھا کہ اس سے وہ صفات مراد ہیں جو حقیقی وصفِ افتراس کو متعین کردیں جس کے بعد حیوانِ مفترس کے سوا کسی دوسرے پر اس لفظ کا حمل ممکن نہ ہو، اس غلط فہمی کی بنیاد پر کئی غلط مثالیں لکھ گئے! لیکن بالآخر اس کا انجام کیا ہوا؟ وہی جو ہونا چاہئے تھا: یعنی

وہی کہنا پڑا آخر انہیں بھی ہم جو کہتے تھے
ہماری بات کی اول بڑی تردید ہوتی تھی

چنانچہ اسی استعارہ کی بحث میں "نور" سے نورِ حسی مراد لینے کے لئے السعید میں جو دلائل پیش کئے گئے تھے ان کے جواب سے عاجز ہو کر حامد صاحب کو حضور ﷺ کے جسم اقدس میں نورِ حسی ماننا پڑا، اور یہ کہ انہوں نے حضور ﷺ کے بعض اعضاء مبارکہ میں بعض اوقات اس نورِ حسی کا تسلیم کیا، اسی استعارہ کی بحث میں "السعید" کی پیش کردہ روایات کے جواب میں فرماتے ہیں:

"دانتوں کی ریخوں سے نکلنے والا نور یا ناک کا نور یا انبساط کے وقت پیشانی کے خطوط کی چمک یا وہ نور جس کی جھلک کبھی دیوار پر دیکھی گئی اگر یہ استعارہ نہیں بلکہ حسی طور پر ہی نور ہو تو اس سے پورے جسد اطہر کا مستقل طور پر ایسا نور حقیقی کیونکر ثابت ہوسکتا ہے کہ اس کا سایہ بھی نہ پڑتا ہو"۔

چند سطر بعد لکھتے ہیں:

"لیکن روایات تو خود ہی بتا رہی ہیں کہ سراپا نور کا ذکر نہیں بلکہ ایک انسان کا تذکرہ ہے جس کے

بعض اعضاء جسم سے خاص اوقات میں اخراج (۱) نور کا مشاہدہ کیا گیا"۔

(تجلی دیو بند، جولائی ۱۹۶۰ء، ص ۳۹)

(۱) (خروج کی بجائے اخراج لاعلمی نہیں محض اختلال حواس کی وجہ سے ہے۔)

ناظرین کرام غور فرمائیں "کوہ کندن وکاہ بر آوردن" اور کسے کہتے ہیں، جب ہماری پیش کردہ روایات کے بعد آپ مان چکے کہ حضور ﷺ کا جسم اقدس نور حسی سے بالکل خالی نہیں (جیسا کہ اس سے پہلے تجلی کا اقتباس ہدیۂ ناظرین ہو چکا ہے) اور اَب استعارہ کی بحث میں بھی آپ کا آخری فیصلہ یہ بھی ہے کہ حضور ﷺ کے اعضاءِ جسم اقدس سے نور کے نکلنے کا مشاہدہ کیا گیا، تو اَب یہ کہنا کہ "اگر یہ استعارہ نہیں" الخ کس قدر بے معنی اور دوراز کار ہے، نور حسی مان کر "اگر" "مگر" کرنا عامر صاحب کی شکست خوردہ ذہنیت کا مظاہرہ یہ اور بات ہے کہ وہ صاف لفظوں میں اس کا اقرار نہ کریں اور ضد پر اَڑے رہیں۔

اَب اتنی گفتگو باقی رہی کہ حضور ﷺ کا پورا جسم اقدس نورانی تھا یا صرف بعض اعضاء مبارکہ! تو اس کے متعلق سابقاً لکھ چکا ہوں، سر دست اتنا اور عرض کروں گا کہ عامر صاحب جو بار بار فطرت کو سامنے لا کر حضور ﷺ کے کمالات نورانیت کا انکار کرتے ہیں، ذرا بتائیں کہ وہ کون سے قانون فطرت کی رو سے اپنے اس مسلّمے کو ثابت کریں گے کہ علوم و معارف کا نور معنوی "حسی نور" کی صورت میں تبدیل ہو سکتا ہے، پھر اس تبدیلی کے بعد عالم و عارف کے بعض اعضاء سے اس کا ظہور ہو اور بعض سے نہ ہو سکے جب کہ تمام اعضاء اور پورا جسم ایک ہی نوعیت کا ہو۔

لامحالہ آپ یہی کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے بطور خرق عادت اس نور معنوی کو حسی حقیقی نور کی صورت میں تبدیل فرما دیا، جو حضور ﷺ کے جسم مبارک سے چمکا، جب بعض اعضاء مبارکہ سے اس کا چمکنا خرق عادت کے طور پر ثابت ہو گا تو کل اعضاء مقدسہ سے اس کے ثبوت میں کون سا امر مانع ہے جب کہ لفظ نور حضور ﷺ کے پورے وجود اقدس کے لئے دلائل شرعیہ اور کلام اکابر میں وارد ہوا۔

رہا یہ امر کہ جن روایات میں ظہور نور کا بیان ہے ان میں بعض اعضاء ہی کا ذکر ہے، تمام اعضاء مبارکہ مذکور نہیں، مثلاً چہرۂ انور، دندان مبارک، بنی! پیشانی مقدسہ! لہٰذا ان اعضاء کے سوا دیگر اعضاء کا منور ہونا منفی رہے گا،

تو عجیب مضحکہ خیز بات ہے، اگر کوئی شخص اپنے محبوب کا حسن بیان کرنے کے لئے یہ کہہ دے کہ میرے محبوب کا چہرہ چاند کی طرح چمکتا ہے تو کیا اس چہرہ کا لفظ آجانے کی وجہ سے کوئی کہہ سکے گا کہ چہرے کے سوا باقی تمام جسم کالا سیاہ ہے، اگر عام انسانوں کے لئے چہرہ کا ذکر باقی اعضاء کے حسن کی نفی نہیں کرتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کا ذکر جمیل حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے باقی اعضاء مقدسہ کے نور کی نفی کس طرح کر سکتا ہے؟ بالخصوص ایسی صورت میں جب کہ دیگر اعضاء مقدسہ ذکر بھی احادیث میں صراحۃً وارد ہے۔

یہ مکمل مضمون ماہنامہ ''السعید'' ملتان کے درج ذیل شماروں میں شائع ہوا۔

(۱) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ اپریل مئی ۱۹۶۰ء (۲) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ جولائی ۱۹۶۰ء (۳) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ اگست، ستمبر ۱۹۶۰ء (۴) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ اکتوبر ۱۹۶۰ء (۵) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ نومبر ۱۹۶۰ء (۶) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ دسمبر ۱۹۶۰ء (۷) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ جنوری ۱۹۶۱ء (۸) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ مارچ، اپریل ۱۹۶۱ء (۹) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ مئی ۱۹۶۱ء (۱۰) ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ نومبر ۱۹۶۱ء۔ (خلیل احمد رانا)